دوشنبہ جو کوئی اس نقش کو روز دوشنبہ دیکھے اُس روز بلاہائے گوناگون سے محفوظ
خدا میں رہے اور شر سلاطین اور دشمن اور سب موذیات سے امان خدا میں رہے
اور نظر مردم میں محبوب ہو اور تمام امور حاجت روا ہوں

نصر من الله	وفتح قریب	وبشّر المؤمنین	فالله خیر حافظا	وهو ارحم الراحمین
۱	۱۸۱	۸	۷۰	۱۵
۸	ع	۷	۱۴۳	۵ کسہ
۶	ع۱	۱۴۲	۷	۸۶
۲۶	۱۸	ع ۳	۷	ع ۱۷
لا اله	الا الله	محمّد	رسول	الله

دعائے روز سہ شنبہ از صحیفۂ کاملہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ
لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ حَقُّهُ كَمَا يَسْتَحِقُّهُ حَمْدًا كَثِيْرًا وَاَعُوْذُ بِهٖ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ اِنَّ النَّفْسَ
لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ وَاَعُوْذُ بِهٖ مِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ
الَّذِيْ يَزِيْدُنِيْ ذَنْبًا اِلٰى ذَنْبِيْ وَاَحْتَرِزُ بِهٖ مِنْ كُلِّ جَبَّارٍ فَاجِرٍ
وَسُلْطَانٍ جَائِرٍ وَعَدُوٍّ قَاهِرٍ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنْ جُنْدِكَ فَاِنَّ
جُنْدَكَ هُمُ الْغَالِبُوْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ حِزْبِكَ فَاِنَّ حِزْبَكَ هُمُ
الْمُفْلِحُوْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ اَوْلِيَآئِكَ فَاِنَّ اَوْلِيَآءَكَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ
وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيْ فَاِنَّهٗ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ
لِيْ اٰخِرَتِيْ فَاِنَّهَا دَارُ مَقَرِّيْ وَاِلَيْهَا مِنْ مُجَاوَرَةِ اللِّئَامِ مَفَرِّيْ
وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَّالْوَفَاةَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ
شَرٍّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَتَمَامِ عِدَّةِ الْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى
اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ الْمُنْتَجَبِيْنَ وَهَبْ لِيْ فِي الثُّلَاثَآءِ ثَلٰثًا لَا تَدَعْ
لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا غَمًّا اِلَّا اَذْهَبْتَهٗ وَلَا عَدُوًّا اِلَّا دَفَعْتَهٗ
بِبِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ اَسْتَدْفِعُ
كُلَّ مَكْرُوْهٍ اَوَّلُهٗ سَخَطُهٗ
وَاَسْتَجْلِبُ كُلَّ مَحْبُوْبٍ اَوَّلُهٗ
رِضَاهُ فَاخْتِمْ لِيْ مِنْكَ
بِالْغُفْرَانِ يَا وَلِيَّ الْاِحْسَانِ

نقش روز سہ شنبہ جو کوئی اس نقش کو
روز سہ شنبہ ویسے لکھ کے پاس رکھے آفات و
بلیات سے محفوظ رہے

یا نور کل نور	یا منور	النور	یا خالق	المنور
۹۱	۱۱	۹۷۱	۸	۹ع
۵۵۳	۸	۲ع	۰۷	۲۳
۲۲	۳۲	۳	۳	۵ع۳
۲۹	۵۵	ع ۱	ع ۷	۳ع۵
لَآ اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ	اللّٰهِ

اور عقوبت معاصی صغیرہ وکبیرہ سے اُس روز امان حق تعالیٰ میں رہے اور رضا جنتین
دونوں جہان کی برآوے

دعائے روز چہارشنبہ از صحیفۂ کاملہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ اللَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ
نُشُوْرًا لَّكَ الْحَمْدُ اَنْ بَعَثْتَنِيْ مِنْ مَّرْقَدِيْ وَلَوْ شِئْتَ جَعَلْتَهٗ
سَرْمَدًا حَمْدًا دَآئِمًا لَّا يَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّلَا يُحْصِيْ لَهُ الْخَلَآئِقُ
عَدَدًا اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْ خَلَقْتَ فَسَوَّيْتَ وَقَدَّرْتَ وَقَضَيْتَ
وَاَمَتَّ وَاَحْيَيْتَ وَاَمْرَضْتَ وَشَفَيْتَ وَعَافَيْتَ وَاَبْلَيْتَ وَ
عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَيْتَ وَعَلَى الْمُلْكِ احْتَوَيْتَ اَدْعُوْكَ دُعَآءَ مَنْ
ضَعُفَتْ وَسِيْلَتُهٗ وَانْقَطَعَتْ حِيْلَتُهٗ وَاقْتَرَبَ اَجَلُهٗ وَتَدَانٰى فِي الدُّنْيَا
اَمَلُهٗ وَاشْتَدَّتْ اِلٰى رَحْمَتِكَ فَاقَتُهٗ وَعَظُمَتْ لِتَفْرِيْطِهٖ حَسْرَتُهٗ
وَكَثُرَتْ زَلَّتُهٗ وَعَثْرَتُهٗ وَخَلَصَتْ لِوَجْهِكَ تَوْبَتُهٗ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَارْزُقْنِيْ شَفَاعَةَ
مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَلَا تَحْرِمْنِيْ صُحْبَتَهٗ اِنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ
الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اقْضِ لِيْ فِي
الْاَرْبِعَآءِ اَرْبَعًا اجْعَلْ قُوَّتِيْ
فِيْ طَاعَتِكَ وَنَشَاطِيْ فِيْ عِبَادَتِكَ
وَرَغْبَتِيْ فِيْ ثَوَابِكَ وَزُهْدِيْ
فِيْمَا يُوْجِبُ لِيْ اَلِيْمَ عِقَابِكَ اِنَّكَ
لَطِيْفٌ لِّمَا تَشَآءُ ۝ نقش روز چہارشنبہ
جو کوئی اس نقش کو روز چہارشنبہ دیکھے

یا اللہ	یا فتاح	یا آدلہ	یا قدوس	یا رزاق
۱	۱۸۱	۸۱۸۸	۱۱۸	۹۸
۹	۱۸	۷	۱۳	۱۳
ع	ع	۲۱	۲۹۲	۳۰
۱عـ	۹عـ	ع	۵۰۰ط	۵۲۱۵
۱	۸۱	۱۱	۲۹	۳۰

آج بروز تمام بلیات و آفات سے امان خدا میں رہتا اور نیز ایسا ہی حاجت روا ہو

دعا ہے بہت مجرب انشاء اللہ تعالیٰ برآوے

دعائے روز پنجشنبہ از صحیفہ کاملہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ
لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ اللَّیْلَ مُظْلِمًا بِقُدْرَتِہٖ وَجَآءَ بِالنَّھَارِ مُبْصِرًا
بِرَحْمَتِہٖ وَکَسَانِیْ ضِیَآءَہٗ وَاَنَا فِیْ نِعْمَتِہٖ اَللّٰھُمَّ فَکَمَا اَبْقَیْتَنِیْ لَہٗ فَاَبْقِنِیْ
لِاَمْثَالِہٖ وَصَلِّ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَلَا تَفْجَعْنِیْ فِیْہِ وَفِیْ غَیْرِہٖ
مِنَ اللَّیَالِیْ وَالْاَیَّامِ بِارْتِکَابِ الْمَحَارِمِ وَاکْتِسَابِ الْمَاٰثِمِ وَارْزُقْنِیْ
خَیْرَہٗ وَخَیْرَ مَا فِیْہِ وَخَیْرَ مَا بَعْدَہٗ وَاصْرِفْ عَنِّیْ شَرَّہٗ وَشَرَّ مَا فِیْہِ
وَشَرَّ مَا بَعْدَہٗ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ بِذِمَّۃِ الْاِسْلَامِ اَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ وَبِحُرْمَۃِ
الْقُرْاٰنِ اَعْتَمِدُ عَلَیْکَ وَبِمُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ اَسْتَشْفِعُ
لَدَیْکَ فَاعْرِفِ اللّٰھُمَّ ذِمَّتِیَ الَّتِیْ رَجَوْتُ بِھَا قَضَآءَ حَاجَتِیْ یَآ اَرْحَمَ
الرّٰحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اقْضِ لِیْ فِی الْخَمِیْسِ خَمْسًا لَا یَتَّسِعُ لَھَآ اِلَّا کَرَمُکَ وَ
لَا یُطِیْقُھَآ اِلَّا نِعَمُکَ سَلَامَۃً اَقْوٰی بِھَا عَلٰی طَاعَتِکَ وَعِبَادَۃً
اَسْتَحِقُّ بِھَا جَزِیْلَ مَثُوْبَتِکَ وَسَعَۃً فِی الْحَالِ مِنَ الرِّزْقِ الْحَلَالِ
وَاَنْ تُؤْمِنَنِیْ فِیْ مَوَاقِفِ الْخَوْفِ بِاَمْنِکَ وَتَجْعَلَنِیْ مِنْ طَوَارِقِ
الْھُمُوْمِ وَالْغُمُوْمِ فِیْ حِصْنِکَ
فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
وَاجْعَلْ تَوَسُّلِیْ بِہٖ شَافِعًا
یَّوْمَ الْقِیٰمَۃِ نَافِعًا اِنَّکَ
اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۞ جو
کوئی اس نقش کو بروز پنجشنبہ لکھ

یا شافع	یا ودود	یا اللہ	یا فتاح	یا سبوح
۱	۳۱	۱۵۵	۰۷	۲۰۲
۱۲	۷	۱۳	۳	۲
ھ	ع	۹	۹	۱۹
۲	۹	۱۲۹	ع	۱۹۹
۶۹	۸	۱۳۱	۳۰	۲

اس روز نظر خلائق میں عزیز و محترم ہو اور دولت پاوے اور کل آفات و بلیات سے امان خدا
میں رہے اور کام روائی دنیا و آخرت کی ہو۔

دعاے روز جمعہ از صحیفۂ کاملہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝

الحمد لله الاول قبل الانشاء والاحياء والآخر بعد فناء الاشياء العليم
الذي لا ينسى من ذكره ولا ينقص من شكره ولا يخيب من دعاه ولا
يقطع رجاء من رجاه اللهم اني اشهدك وكفى بك شهيدا و
اشهد جميع ملائكتك وسكان سمواتك وحملة عرشك ومن
بعثت من انبيائك ورسلك وانشأت من اصناف خلقك اني
اشهد انك انت الله لا اله الا انت وحدك لا شريك لك ولا عديل
ولا خلف لقولك ولا تبديل وان محمدا صلى الله عليه وآله عبدك و
رسولك ادى ما حملته الى العباد وجاهد في الله عز وجل حق
الجهاد وانه بشر بما هو حق من الثواب وانذر بما هو
صدق من العقاب اللهم ثبتني على دينك ما احييتني ولا
تزغ قلبي بعد اذ هديتني وهب لي من لدنك رحمة انك
انت الوهاب صل على محمد وآل محمد واجعلني من اتباعه و
شيعته واحشرني في زمرته ووفقني لاداء فرض الجمعات وما
اوجبت علي فيها من الطاعات وقسمت لاهلها من العطاء
في يوم الجزاء انك انت العزيز الحكيم ۝

نقش روز جمعہ جو کوئی اس نقش کو روز جمعہ دیکھے اس روز دشمن اسکا دوست
ہو اور مراد اپنی حسب دلخواہ دیکھے اور نظر خلائق میں عزیز و مکرم ہو اور تمام بلیات
سے محفوظ رہے نقش روز جمعہ یہ ہے۔

تملیخا	مسلیخا	انت تعلو	ما فی قلوبهم	مسلیخا
۱	ع۱	۱۲	ع	۱۸
ع	۵۹ع۵	۵۵۷۸	۱۲	۱۳
۲۲	ع	۱۲	ع۵	۱۳
۵۲۵	ع	۱۲ع۱	ع۹۱	۳ی
لا اله	الا الله	محمد	رسول	الله

دعائے روز شنبه از صحیفۂ سجادیہ بسم الله الرحمن الرحیم ۰

بسم الله کلمة المعتصمین ومقالة المتحرزین واعوذ بالله تعالی من جور الجائرین وکید الحاسدین وبغی الظالمین واحمده فوق حمد الحامدین اللهم انت الواحد بلا شریک والملک بلا تملیک لا تضاد فی حکمک ولا تنازع فی ملکک اسألک ان تصلی علی محمد عبدک ورسولک وان توزعنی من شکر نعماک ما تبلغ بی غایة رضاک وان تعیننی علی طاعتک ولزوم عبادتک واستحقاق مثوبتک بلطف عنایتک وترحمنی بصدی عن معاصیک ما احییتنی وتوفقنی لما ینفعنی ما ابقیتنی وان تشرح بکتابک صدری وتحط بتلاوته وزری وتمنحنی السلامة فی دینی ونفسی ولا توحش بی اهل انسی وتتم احسانک فیما بقی من عمری کما احسنت فیما مضی منه یا ارحم الراحمین ۰

نقش روز شنبه جو کوئی اس نقش کو دیکھے روز شنبه کو بس جمیع بلیات و آفات سے تا شنبه دیگر امان خدا میں رہے اور آگے بادشاہ اور امراء دولت کے با ہیبت ہو اور جو کوئی اسکو دیکھے محب اسکا ہو اور مرگ مفاجات سے امن ہو۔

وَاُفَوِّضُ	اَمْرِیْ	اِلَی اللّٰہِ	اِنَّ اللّٰہَ	بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ
محمد علی	۵۳	۷۶	۱۳۰۲	۷
۱۳۲	—	۱۲	ع	۱۷
۶	۷۰۹	۸۱۷۵۰	۱۹	۱۷
۱۸	۱۷	۹۶	ع	۱۰۷۱
لَا	اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ	اللّٰہِ

مناجات من تصانیف حضرت مولانا امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام روایت کی ہے ابو علی ابن الحسین بن الفضل الطبرسی نے ساتھ اسناد متصل یحییٰ بن عمر بن ثوبہ سے جعفر صادق سے کہ کہا راوی مذکور نے کہا امام علیہ السلام نے کہ آگاہ رہ کہ دلالت کرتا ہوں میں تجکو اوپر ذخیرہ کبریٰ اور گنج فاخرہ کے کہ اہلبیت علیہم السلام دعا کرتے تھے ساتھ اسکے وقت نزول بلیات و حدوث مہمات کے طرف خداوند لیل و نہار کے قسم خدا کی کہ نہ پڑھا اسکو کسی شخص نے مگر یہ کہ پہونچا اوپر مراد و مطلب اپنے کے اور آرزو اپنی پر پہونچا عرض کی میں نے وہ کیا ہے فرمایا کہ نامہ لکھا ہوا ہے کہ مداومت کرتے تھے ساتھ اسکے اگلے اطہار اور ہر ایک نے بعد اپنے دوسرے کو وصیت کی اور کسی کو نہ سکھلایا سوائے اپنے مخصوصوں میں سے ہیں جس کسی کو کوئی امر درپیش آوے یا کوئی حاجت ہو پس پڑھے اسکو خدا تعالیٰ دعا اسکی قبول فرماتا ہے اور مایوس نہیں کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس شخص کو کہ اعتماد کرے اوپر اسکے اور امام زین العابدین ع دعا فرماتے تھے ساتھ اسکے ہر شب میں اور اعتقاد رکھتے تھے اور یہ مناجات منسوب ہے جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالب ع چنانچہ مناجات کا ترجمہ کرکے ذیل میں تحریر کی جاتی ہے

اللّٰھم یا سامع الدعاء
ای اللہ سننے والے دعاؤں کے
ویا دائم البقاء
اور ای ہمیشہ باقی رہنے والے
ویا فاطر السماء
اور ای پیدا کرنے والے آسمانوں کے
ویا واسع العطاء
اور ای وسیع کرنے والے بخشش کے
لذی الفاقۃ العدیم
واسطے اس شخص کے کہ جو صاحب فاقہ اور بے چیز ہی

ویا عالم الغیوب
اور ای جاننے والے غیبوں کے
ویا غافر الذنوب
اور ای بخشنے والے گناہوں کے
ویا ساتر العیوب
اور ای چھپانے والے عیبوں کے
ویا کاشف الکروب
اور ای کھولنے والے سختیوں کے
عن المؤمن الکظیم
اس آدمی سے کہ سختی کی ہو اور غصہ کھانیوالا ہے

ویا ثابت الصفات
اور ای ثابت ہیں جسکی سب صفات
ویا مخرج النبات
اور ای نکالنیوالے سبزہ کے
ویا جامع الشتات
اور ای جمع کرنے والے منتشروں کے
ویا منشی الرفات
اور ای پیدا کرنیوالے ریزہ ریزہ کو قیامت کو
من الاعظم الرمیم
ان ہڈیوں سے کہ ٹوٹی پھوٹی ہوئی ہیں

ویا منزل الغیاث
اور ای نازل کرنیوالے باران رحمت کے
علی الحزن والدماث
اوپر زمین کے بسبب اس کے باران کے
من الدلح الحثاث
واسطے اسکے کہ مثل ڈول خالی کے ہو
الی الجوع الغراث
طرف بھوکے نفس اور زمین کے
من المزن الرزوم
بادل برسنے والے پانی گرجنے سے

ویا خالق البروج
اور ای پیدا کرنے والے برجوں کے
مع اللیل ذی الولوج
ساتھ رات صاحب اندھیروں کے
سماء بلا فروج
اور آسمان کے بے شگاف یعنی جسم کو کوئی شگاف نہیں ہے
علی الضوء ذی البلوج
اور بر روشنی کے کہ وہ نمایاں صبح کی ہو
تغشی سنا النجوم
چھپانے والے روشنی تاروں کے

وَيا فالِقَ الصَّباحِ
اور اے سفید کرنے والے صبح کے
وَيا مُرْسِلَ الرِّياحِ
اور اے بھیجنے والے ہوا کے
بُكُوراً مَعَ الرَّواحِ
وقت صبح کے بیچ رات کے
يَجُلْنَ فِي النَّواحِي
ہلاتی ہے ڈالیوں کو
فَيُنْشِئْنَ بِالْغُيُومِ
پس پیدا کرتے ہیں وہ بادلوں کو

وَيا مُرْسِيَ الشَّوامِخِ
اور اے پیدا کرنے والے پہاڑوں کے
فِي أَرْضِهِ السَّواسِخِ
بیچ زمین اپنی کے کہ ٹھہرے رہیں
أَطْوادُها الْبَواذِخُ
پہاڑ اُس زمین کے کہ بہت بلند ہیں
أَوْتادُها الرَّواسِخُ
میخیں اُس زمین کی مضبوط ہیں
مِنْ صُنْعِهِ الْمَقادِيرُ
قدرت اُسکی سے کہ ہمیشہ ہے

وَيا هادِيَ الرَّشادِ
اور اے ہدایت کرنے والے راہ راست کے
وَيا مُلْهِمَ السَّدادِ
اور اے الہام کرنے والے راہ مستقیم کے
وَيا رازِقَ الْعِبادِ
اور اے رزق دینے والے بندوں کے
وَيا مُحْيِيَ الْبِلادِ
اور اے زندہ کرنے والے شہروں کے یعنی بستی
وَيا فارِجَ الْغُمُومِ
اور اے کھولنے والے غموں کے

وَيا مَنْ بِهِ أَعُوذُ
اور اے وہ کہ ساتھ اُسکے پناہ مانگتا ہوں
وَمَنْ حُكْمُهُ النُّفُوذُ
اور اے وہ شخص کہ جسکا حکم نافذ ہے
وَيا مَنْ بِهِ أَلُوذُ
اور اے وہ کہ ساتھ مہربانی اُسکی کے پناہ لیتا ہوں
فَما عَنْهُ لِي شُذُوذٌ
پس اُسکی طرف سے میرے لیے نہیں پھرنا
لَكَ الْحَمْدُ يا حَكِيمُ
تیرے ہی لیے حمد ہے اے دانا

وَيا مُطْلِقَ الأَسِيرِ
اور اے چھوڑنے والے قیدی کے
وَيا جابِرَ الْكَسِيرِ
اور اے دور کرنے والے شکستگی کے
وَيا مُغْنِيَ الْفَقِيرِ
اور اے غنی کرنے والے فقیر کے
وَيا غاذِيَ الصَّغِيرِ
اور اے غذا دینے والے بچے کے شکم میں
وَيا شافِيَ السَّقِيمِ
اور اے شفا دینے والے بیمار کے

وَيَا مَنْ بِهِ اعْتِزَازٌ
اور اے وہ کہ ساتھ اسکے عزت پاتی ہیں سب
مِنَ الْمَذَلِّ وَالْخَسَاسِ
ذلت اور خواری سے
وَمِنْ جِنَّةٍ وَإِنْسٍ
اور پناہ دے مجکو جنوں اور انسوں سے
وَبِالْقَلْبِ فِيهِ مَسٌّ
اور اس دل سے کہ جس میں ...
وَيَا مُنْزِلَ الْمَعَايِشِ
اور اے نازل کرنیوالے معاش کے
وَالْأَفْرَاخِ فِي الْعِشَاشِ
اور بچوں کے ... آشیانوں میں
وَيَا مَالِكَ النَّوَاصِي
اور اے مالک پیشانیوں کے ...
فَمَا عَنْهُ مِنْ مَنَاصٍ
پس نہیں ہے اس سے کوئی جگہ بھاگنے کی
وَيَا عَالِمًا بِمُسْتَقَاصٍ
اور اے جاننے ... پہنچانے والے
فَمَا هُوَ عَلَيْهِ قَاضٍ
پس کرنیوالا ہے وہ جو چاہے اور اسکے حکم

وَيَا مَنْ بِهِ اسْتِعَاذٌ
اور اے وہ کہ ساتھ اسکے پرہیز و چارہ ہے
وَالْآفَاتِ وَالْمَضَرَّاتِ
اور آفتوں اور عذاب و رنج سے
لِذِكْرِ الْمَعَادِ مُنْسٍ
کہ وہ واسطے ذکر عاقبت کے بھلانیوالا ہے
وَمِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ
اور شر ہر نفس سے
عَلَى النَّاسِ وَالْمَوَاشِي
اوپر آدمیوں اور بہائم کے
مِنَ الْمَطْعَمِ وَالرِّيَاشِ
کھانے اور جامہ فاخرہ سے
مِنْ سَائِمٍ وَعَاصٍ
بندگی کرنے والے اور گنہگار سے
لِعَبْدٍ وَلَا خَلَاصٍ
واسطے بندہ کے اور نہ آزادگی
لِمَحْضِ الْيَقِينِ رَاضٍ
واسطے محض یقین کے راضی
مِنْ أَحْكَامِهِ الْمَوَاضِي
حکموں اپنے سے جاری ہونیوالے ہیں

أَعِذْنِي مِنَ الْهُمُومِ
پناہ دے مجکو رنجوں سے
وَشَيْطَانِهَا الرَّجِيمِ
اور شیطان رجیم سے
تَقَدَّسْتَ يَا رَحِيمُ
مہربان ہے تو اے رحم کرنے والے
لِمَاضٍ وَلَا مُقِيمٍ
مسافر کو اور نہ مقیم کو
تَقَدَّسْتَ يَا كَرِيمُ
پاک ہے تو اے کریم

ويا من بنا محيط

اور اے وہ کہ سایہ ہمارے سب پر محیط ہے [illegible]

ومن ملكه البسيط

اور اے وہ کہ ملک اسکا پھیلا ہوا ہے

ويا رازق الشيء [illegible]

اور اے [illegible]

ويا قاسم الحظوظ

اور اے تقسیم کرنے والے نصیبوں کے

ويا من هو السميع

اور اے وہ کہ سننے والا ہے

ومن خلقه البديع

اور اے وہ کہ آفرینش اسکی نادر ہے

يا من ستره منيع

اور اے وہ کہ [illegible]

ويا من كما [illegible]

اور اے وہ کہ [illegible]

ويا ملجأ الضعيف

اور اے پناہ ضعیف کے

[illegible]

[illegible]

وقمنا الأذى [illegible]

اور [illegible] کو دور کرنے والا ہے

ومن [illegible]

اور اے وہ کہ [illegible]

ويا [illegible]

اور [illegible]

[illegible]

[illegible]

ومن [illegible]

اور اے وہ کہ عرش [illegible]

ومن [illegible]

اور [illegible]

[illegible]

[illegible]

ويا [illegible]

اور اے [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ویا من قضی بحق علی نفس کل خلق

اور اے وہ کہ حکم کیا ساتھ حق کے اوپر ذات سب خلق کے من الموت والحتوم

وفاة بکل افق فما ینفع التوقی موت اور واجب کرنے کام سے

مرنے کا دیکر ساتھ ہر طرف کے پس نہیں نفع دیتا ہے بچاو الغرض کسی شخص کو

ترانی ولا اراک ولا رب لی سواک

دیکھتا ہے تو مجکو اور نہیں دیکھتا ہوں میں تجکو نہیں ہے پروردگار مجکو سوا تیرے بتوفیقک العصوم

فقدنی الی رضاک ولا تخشنی بذاک ساتھ توفیق اپنی کے کہ نگاہ رکھنے والی ہے گناہوں سے

پس کھینچ مجکو طرف رضامندی اپنی کے اور نہ ڈرا تو مجھ اپنے عذاب سے

ویا رب ذا الجلال وذا العز والکمال

اور اے پروردگار صاحب بزرگی کے اور صاحب عزت وکمال کے تعالیت من حکیم

وذا المجد والمعالی وذا الکید والمحال بزرگ ہے حکیم

اور صاحب بزرگی وبرتری کے اور اے صاحب کید وحیلہ

اعذنی من الجحیم ومن حرها الالیم

بچا مجکو دوزخ سے اور گرمی اسکی سے کہ رنج دینے والی ہے اغثنی من الحمیم

ومن عیشها الذمیم ومن خزیها المقیم فریاد کو میری پہونچ آب گرم سے

اور زندگی اسکی بری سے اور خواری اسکی سے کہ ہمیشہ رہے

واصحبنی القرآن واسکنی الجنان

اور دوست کر میرا قرآن کو اور جگہ دے مجکو بہشت میں الی جنة النعیم

وزوجنی الحسان وناولنی الامان طرف بہشت صاحب نعمت کے

اور جفت کر میرا حوروں کو اور بخش مجکو امن وامان

إلى نعمةٍ ولهوٍ	بغير استماع لغوٍ	
طرف نعمت اور کھیل کے	بغیر سننے بیہودہ بات کے	سفيهٍ ولا كليمٍ
ولا بإذكار لحوٍ	ولا بأعتاب شكوٍ	نہ بیمار اور نہ زخمی
اور بغیر یاد کرنے رنج کے	اور بلا عذر چاہنے شکوہ کے	
إلى المنظر النزيه	إذ اللغو ليس فيه	
طرف جگہ دیکھنے پاک کے	اسواسطے کہ نہیں ہے لغو بیچ اسکے	ذي المدخل الكريم
هنيئاً لساكنيه	قطوفٌ لنا ميه	جگہ آنے اچھے آدمیوں کی
آرام ہو واسطے رہنے والوں اسکے کے	یعنی خوشے میوے آباد کرنے والوں اسکے کو یعنی جنت والوں کو	
إلى منزلٍ تعالى	تناهى به الجلالا	
طرف مکان برتر کے	کہ ملاقات ہوئی بیچ اسکے اللہ سے	من ثمار النسيم
بالحسن قد تعالى	بالنور قد تلالا	پیدا کرنے والے خوشبو سے بہشت ہیں
ساتھ نیکیوں کے کہ بڑی برتری ہے	ساتھ نور کے کہ تحقیق روشن ہے	
إلى المفرش الوطي	إلى الملبس البهي	
طرف فرش کے کہ بہت نرم ہے	طرف پوشش زیبا کے	بإعطائه الكريم
إلى المطعم الشهي	إلى المشرب الروي	ساتھ بخشش اسکی کے کہ بزرگ ہے
طرف کھانے اچھے کے	طرف پانی میٹھے کے	

مناجات من تصنیف مؤلف رسالہ ھذا

چونکہ تو دو تمام کے پڑھنے کا حدیث میں زیادہ ثواب ہے لہذا تو دو تمام کو اس گنہگار محمد تقی مؤلف رسالہ ہذا نے مناجات میں حسب ذیل نظم کر دیا ہے

ٹھکانا دوسرا تیرے سوا میرا کہاں یارب	کہاں یہ چھوڑ کر جاؤں میں تیرا آستاں یارب
جو کچھ ہے مدعا میرا وہ تجھ پر ہے عیاں یارب	نہیں کچھ حاجت تصریح تفسیر بیاں یارب

سبھی جن و ملک انسان سے زمین و آسمان تیرا — توہی پیدا کنندہ ہے توہی رب جہان یا رب
توہی ہے قوی توہی وارث تو قادر جواد اک تو — توہی قدوس توہی منان الٰہ کون و مکان یا رب
سلام و مومن و سلطان و حکیم و جبار و جلیل و حق — عفو و مہربان تو اور رؤف مومنان یا رب
علی و حی قیوم توہی غفور رحیم و باقی تو — وکیل پاک توہی توہی باشکیبان یا رب
توہی ہے نور توہی تواب توہی واسع و وارث — توہی فتاح و رزاق ہمہ جانداران یا رب
توہی جبار المتکبر ودود توہی توہی — پناہ بے پناہان اور تو مجیب عاجزان یا رب
قوی تو متعال و مجید توہی — شکور اور توہی شاکران یا رب
توہی ہے قاضی الحاجات و رحمٰن و اکرم تو — توہی کافی توہی شافی دردمندون کا یا رب
توہی ناصر توہی ہے کاشف توہی فتاح توہی باطن — توہی ہے سامع و بینا زبان و بی زبان یا رب
قہار ذوالجلال توہی تو قدیر کل شی کل — توہی لا یموت و صمد و خورد و کلان یا رب
شہید ہر مقام اور بخششوں کا ہے مہیمن تو — قریب جزو و کل توہی قدیم و جاودان یا رب
ولی توہی احد توہی حلیم الحق حسیب الحق — متین اے کبریا توہی مستعان تو نگہبان یا رب
محیط کل شی توہی ترا ہی نام ہے مؤمن — توہی ہے کبریا اور تو لطیف مکین و مکان یا رب
توہی خلاق توہی فالق توہی دیان و منان ہے — توہی وہاب اور ہادی ہے راہ گمرہان یا رب
مجید و ظاہر و صادق توہی صانع کفیل توہی — عزیز و غالب اک تو عدل تو منعم شہان یا رب
علیم اک تو عظیم اک تو کریم اک تو مصور تو — توہی تواب تو رقیب ہر نگاہ و دیدبان یا رب
توہی اول توہی آخر توہی بادی توہی باعث — قوی توہی کافی توہی ترا سچ ہے بیان یا رب
توہی رافع توہی ہادی توہی قابض توہی باسط — توہی اعلیٰ توہی قاہر برائے دشمنان یا رب
لطیف و خبیر توہی حفیظ بے بدل توہی — بدیع عقدہ و حل توہی ہر اک مشکل میں ہان یا رب
تری تعریف میں عاجز ہے ہر کام و دہان یا رب — عطا کر دعا تو بہر ختم مرسلان یا رب
بحق مرتضیٰ مشکل کشا سے انبیان یا رب — بحق فاطمہ زہرا شفیع عاصیان یا رب

پئے شبیر و شبر قاسم نار جنان یا رب
بحق جعفر و کاظم امام انس و جان یا رب
پئے حضرت تقی و النقی معجز بیان یا رب
مرادیں دل کی بر لا اور زبان سے بھی جو مانگوں
تو اپنی حفظ میں رکھنا مجھے کر شیاطین سے
اہانت سے حقارت سے خجالت سے ضلالت سے
سبک سر مجکو رکھنا آفتیں کیسی و نکبت سے
کبھی کرنا نہ محتاج سوال غیر تو مجکو
تو مالک ہے غنی ہی کر دے مستغنی زمانہ سے
برا سے چار دہ معصوم میری آبرو رکھنا
ہمیشہ دشمنوں کو تو مرے مغلوب ہی رکھنا
حسد سے بغض سے حاسد کے مجکو بچا لینا
جو ہیں حاسد مرے وہ جلکے نار رشک میں ہر دم
سوا ان جاہلین کے غم کے نہ دینا کوئی غم مجکو
نہیں اندیشہ گو سارا زمانہ مجھ سے پھر جائے
رہے دل میں ولا سے خامس آل عبا ہر دم
حقوق غیر کا غاصب نہوں اس دار فانی میں
بچا لینا مجھے آفات ارضی و سماوی سے
رکھا اپنے رحم و بخشش کو مرے احوال کے شامل
رہوں ثابت قدم ہر منزل تصدیق و ایقان میں
نکیرین آکے مرقد میں مقابل ہوں سے جب ہیبت

بحق عابد و باقر امام دو جہان یا رب
پئے شاہ رضا و تقی کفیل مردمان یا رب
پئے حضرت نقی دستگیر عاجزان یا رب
بحق عسکری و مہدی شاہ زمان یا رب
ہمیشہ تو دکھانا مجکو راہ راستان یا رب
حفاظت سے مجھے رکھنا تو امن و امان یا رب
نہیں میرے جان جبتک ہوں میں [illegible] یا رب
نہ دنیا اور عقبی میں رہوں ذلت کشان یا رب
سوا اس ایک تجھ سے ہے سوال اے ذیشان یا رب
بجا لانا شکر اس کا ہے تو مجکو مہربان یا رب
خوشی سے ہر دم عطا کرنا برا سے دوستان یا رب
توانا و قوی تو ہے ہوں زار و ناتوان یا رب
رہیں بغض و حسد سے سر پہ خاکستر فشان یا رب
اسی غم میں رہے تر میری چشم خون فشان یا رب
مجھے پھر خوف کس کا ہے جو ہو تو مہربان یا رب
انہیں کے عشق میں گذرے مری عمر رواں یا رب
نہ دامنگیر تا ہووے کوئی [illegible] یا رب
مطیع حکم ہیں تیرے زمین و آسمان یا رب
دعا یہ ہے نہ وقت نزع ہو مجھ پر گران یا رب
ذرا تشویش دل کو ہو نہ وقت امتحان یا رب
تو کرنا پردہ بخشش کو حائل درمیان یا رب

خراسان میں نجف میں کربلا میں جلد پہونچا دے
رہا جاتا ہوں اک محروم میں حج و زیارت سے
مشرف کر زیارت اور حج سے مجھکو تو جلدی
جمال پر روضۂ حیدر مجھے بھی دکھلا دے آخر

یونہیں جاتی ہی یہان پر عمر میری رائگان یارب
روان ہوتے ہیں وان ہر سال ہان کاروان یارب
دعا مقبول کر میری بحق پنجتن یارب
کہ ہے یہ عاشق صادق علی کا بیکسان یارب

التماس کاتب

یہہ تحریر اوعیۂ ماثورہ الف سے کول میں آیا کہ فضیلت و ثواب خواندن قرآن و خواص سورہ ہائے قرآنی رسالہ مشکوۃ الانوار و دیگر کتاب ہائے معتبرہ سے و احکام طہارات و نجاسات و بیان اغسال و ترکیب و فضائل خواندن نماز پنجگانہ و اعمال سال و نیز دیگر احکام خمس و زکوۃ و غیرہ احکام حج و تکفین و تجہیز بہ فتاوی مجتہدین حق کے لکھے جاوین کہ جس سے تا زیست عام لوگون کو ہو اور لکھنے مین بھی داخل ثواب ہو لہذا انکو دو سو چونسٹھ فصلون پر منقسم کیا۔

فصل (۱) بیان فضیلت قرآن

جناب پیغمبر خدا صلعم سے منقول ہی کہ قرآن ہادی ہی ضلالت مین اور بیان کرنیوالا کوری جہالت مین اور بہانے والا لغزشون مین اور روشنی تاریکیون مین اور ظاہر کرنیوالا بدعتون کا اور بچانے والا ہلاکت سے اور بیان کرنے والا فتنون کا اور پہونچانے والا دنیا سے آخرت مین اور کمال تمہارے دین کا قرآن مین ہی اور کسی نے اُس سے عدول نہین کیا مگر طرف آگ کے اور فرمایا آنحضرت نے کہ مین تم مین سے جاتا ہون اور دو چیز عظیم تم مین چھوڑتا ہون ایک کتاب خدا جو لٹکتی ہوئی رسی آسمان سے ہی زمین تک دوسرے اہلبیت میرے دیکھتے ہین کہ انسے کیا سلوک کروگے حرمت مین اور انکو کیونکر رکھو گے۔

فصل (۲) دربیان فضیلت حامل قرآن

بسند معتبر آنحضرت سے منقول ہی فرمایا کہ قرآن کو یاد کرو بدرستی کہ وہ قیامت مین آئیگا پاس اپنے عامل کے بصورت جوان خوشرو تر اور کہیگا کہ مین وہ قرآن ہون کہ میرے سبب سے

راتون مین تو جاگتا تھا اور دنون کو روزہ مین اپنے آپ کو پیاسا رکھتا تھا اور میری تلاوت
کی کثرت سے منھ تیرا سوکھ جاتا تھا اور آنسو جاری ہوتے تھے آج مین تیرے ساتھ ہون جہان
جائیگا اور جسنے کوئی تجارت کی ہے وہ آج اپنی تجارت کے پیچھے ہے اور مین سب تاجرون کی
تجارت کا عوض ہون تجھکو بشارت ہو کہ جلد کرامت الٰہی پہونچتی ہے پس ایک تاج لاوینگے اور
اسکے سر پر رکھینگے اور نامۂ امان از عذاب سیدھے ہاتھ مین اور نامۂ ہمیشہ بہشت مین رہنے کا
بائین ہاتھ مین دینگے اور دو حلّے اسکو پہنا دینگے اور کہینگے کہ قرآن پڑھ اور اوپر چل اور ایک درجہ
ہر آیہ بلند درجہ مین لیجاینگے اور اسکے مان باپ کو دو حلّے پہنا دینگے اگر مومن ہون اور انسے
کہینگے کہ یہ اسواسطے ہے کہ تمنے اپنے فرزند کو قرآن سکھلایا اور حضرت علی بن الحسین نے فرمایا
کہ تمکو چاہیے قرآن پڑھنا بدرستیکہ اللہ نے ایک بہشت پیدا کیا ہے سرخ یاقوت سے اور ایک جانب اسکی
پیدا کی ہے مٹی کی جگہ مشک خوشبو دار اور گھاس کی جگہ زعفران اور سنگریزہ کی جگہ مروارید اور یاقوت انمین مقرر
کیے ہین اور درجے اسکے بعدد آیات قرآن کے ہین پس جسنے قرآن پڑھا ہوگا اُس سے
کہیگا کہ پڑھ اور اوپر چلا جا اور کسی کا درجہ بہشت مین اُس سے بہتر نہین مگر پیغمبرون
یا صدیقون کا اور آنحضرت صلعم سے منقول ہے کہ اشراف و بزرگان امت حامل قرآن ہین
اور وہ لوگ جو شب کو عبادت کرتے ہین اور دوسری حدیث مین فرمایا کہ حاملان قرآن
بزرگان اہل بہشت ہین اور فرمایا کہ خدا عذاب نہین فرماتا اُس دل کو جو قرآن یاد کرے

فصل (۲) مین بیان صفات قاریان اور قسمین آنکی

جان تو کہ حامل قرآن کئی معنی پر بولا جاتا ہے اور کئی قسمین اسکی ہین اول وہ کہ لفظ قرآن کو
صحیح یاد کرے اور یہ اول مراتب اسکا ہے اور اسمین بزرگی ایک کی دوسرے پر ساتھ زیادتی علم
قرآن کے ہے اور جاننا آداب اور محسنات قرأت کا ہوتا ہے اور زیادتی یاد کرنا اور خاطر مین رکھنا
سورتون اور آیات کا۔ دوسرے جاننا معانی قرآن کا ہے اور اگلے وقت مین ایسا مقرر تھا کہ
قاری معنی تعلیم کرتے تھے اور یہ مرتبہ لفظ کے جاننے سے بہتر ہے اور فضل ان مرتبون مین ساتھ زیادتی ٥

اور نقصان سمجھنے معنی قرآن کے ظاہر و باطن سے ہوتا ہے تفسیر سے عمل احکام قرآن پر اور متخلق
ہونا ان اخلاق سے کہ قرآن انکی مدح پر دلالت رکھتا ہے اور بچنا ان صفات سے جنکی مذمت
پر قرآن دلالت کرتا ہے پس حامل حقیقی قرآن وہ ہے کہ حامل الفاظ اور معانی قرآن ہو اور صفات
حسنہ سے اپنے آپ کو آراستہ کرے اور جان تو کہ قرآن خوان مہمان معنوی خداوند رحمن کا ہے۔

فصل (۴) دربیان آداب پڑھنے قرآن کے

اول ترتیل قرآن ہے جیسا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے ورتل القرآن ترتیلا ۔ ترتیل کہ قرأت
قرآن جو حق ترتیل کا ہے اور ترتیل کسی قدر واجب ہے اور کسی قدر مستحب ترتیل واجب یہ ہے جیسا مشہور
وہ ہے کہ حروف کو مخارج سے نکالے اور حفظ احکام وقف اور وصل کا کرے تاکہ دو کلموں کو متصل
یک دیگر پڑھے اور فاصلہ بیچ میں ساتھ قطع نفس یا سکوت طول کے نہ کرے کلمہ اول کو ساکن
پڑھے بلکہ اسکے آخر کو اول کلمہ لاحق سے وصل کرے کلمے پر وقف ساتھ حرکت کے نکرے جیسا منقول ہے
کہ حضرت امیر سے پوچھا معنی ترتیل سے فرمایا کہ ترتیل حفظ وقفوں کا ہے اور ادا کرنا حرفوں کا مخارج سے
اور ترتیل مستحب بتانی پڑھنا قرآن شریف کا ہے اس حیثیت سے کہ حروف ایکدوسرے میں داخل
نہوں کہ خوب ممتاز ہوں اور بہت تکرار کرے کبھی نہ پڑھے کہ حروف الگ الگ ہو جائیں اور اتصال
کلام برطرف ہو بارعایت صفات حروف مدیہ اور تفصیل اقسام وقف کتب قرأت سے
حاصل ہوسکتی ہے اور ان معانی کو بھی داخل کرسکتے ہیں فرمودہ حضرت میں اور حدیث دیگر میں آنحضرت
سے منقول ہے کہ تفسیر ترتیل سے پوچھا فرمایا کہ حروف کو خوب ظاہر کر اور تند نکر اسطور پر کہ جیسے
شعر پڑھتے ہیں اور ایسے میں پاشیدہ نکر حرفوں کو مانند ریگ کے کہ چھڑکتے ہیں لیکن بیچ فزع اور
خوف کے لاؤ یا کرو تو قرآن کے پڑھنے سے دلوں سخت کو اور ایسے نہو کہ ہمت آخر سورہ پر متعین کرو
اور تیار پر ہو کہ جلد تمام ہو سورہ دوسرے سوچ کر پڑھنا اور متوجہ معانی ہونا اور ساتھ رقت اور خشوع
کے پڑھنا ہے اور چاہیے کہ مواعظ قرآن سے متاثر ہو اور احوال گذشتگان سے عبرت پکڑے اور
جب کسی آیہ رحمت پر پہونچے خدا سے طلب رحمت کرے اور جب کسی آیہ عذاب پر پہونچے اعوذ باللہ کہے

جیسا ساتھ سندوں بسیار کے حضرت امیر و سائر ائمہ علیہم السلام سے منقول ہے کہ کوئی چیز قرآن
میں نہیں کہ اسمیں بیان نہو اور حضرت صادق سے منقول ہے کہ قرآن ساتھ حزن کے نازل ہوا ہے
پس اسکو حزن سے پڑھو اور حفص سے منقول ہے کہ حضرت امام موسیٰ کاظم نے ایک شخص سے پوچھا
کہ بقا دنیا میں چاہتا ہے کہا ہاں فرمایا کیوں کہا قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھنے کو پس حضرت نے تھوڑی دیر
کے بعد فرمایا کہ اے حفص جو کوئی ہمارے شیعوں میں سے مرتا ہے اور قرآن نہیں جانتا قبر میں خدا
اسکو قرآن تعلیم فرماتا ہے تاکہ درجات کو اسکے بلند کرے اسواسطے کہ درجات بہشت بقدر آیات قرآن
ہیں قاری سے کہینگے کہ پڑھ اور اوپر جا پس جو کوئی آیہ پڑھیگا ایک درجہ بلند ہو جائیگا حفص نے
کہا کہ کسی کو نہیں دیکھا میں نے کہ خوف اسکا ساتھ اسکی امید کے زیادہ ہو ان حضرت سے جب قرآن
پڑھتے تھے ساتھ حزن اندوہ کے پڑھتے تھے اور اس طور پر پڑھتے تھے کہ گویا سامنے کسی سے خطاب
کرتے ہیں اور رجا بن ضحاک سے منقول ہے کہ حضرت امام رضا علیہ السلام راہ خراسان میں جب حضرت
خواب میں جاتے تھے تلاوت بہت کرتے تھے اور جب اس آیت پر پہونچتے تھے جسمیں بہشت یا
دوزخ کا ذکر ہو تو روتے تھے اور خدا سے سوال بہشت کا اور پناہ دوزخ سے کرتے تھے اور جب
نماز میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھتے تھے بعد اسکے آہستہ کہتے تھے اَللّٰهُ اَحَدٌ اور جب سورہ تمام کرتے
تھے تین بار کہتے تھے کَذٰلِكَ اللّٰهُ رَبُّنَا اور جب سورہ کافرون پڑھتے تھے بعد لفظ یا کافرون
آہستہ یَا اَیُّهَا الْکَافِرُوْنَ اور ختم سورہ کے بعد تین بار رَبِّیَ اللّٰهُ وَدِیْنِیَ الْاِسْلَامُ
کہتے تھے اور جب سورہ والتین سے فارغ ہوتے تھے بَلٰی وَاَنَا عَلٰی ذٰلِكَ مِنَ الشَّاهِدِیْنَ
پڑھتے تھے اور جب سورہ قیامہ پڑھتے تھے بعد فراغ فرماتے تھے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ بَلٰی اور جب
سورہ فاتحہ سے فارغ ہوتے تھے فرماتے تھے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ۝ اور جب
سَبِّحِ اسْمَ پڑھتے تھے بعد اعلیٰ آہستہ فرماتے تھے سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی وَبِحَمْدِهٖ اور
جہاں قرآن میں یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا پڑھتے تھے فرماتے تھے لَبَّیْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ
اور بسند معتبر حضرت امیر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب آیات کو سجدات میں سنے پڑھے تو کہے

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى اور مسبحات وہ سورتین ہین کہ انکے اول مین سَبِّحْ یا یُسَبِّحُ یا
سَبَّحَ واقع ہو اور جب پڑھو اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ درود پڑھو
خواہ نماز مین ہو یا غیر نماز مین اور جب قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا پڑھو کہو اٰمَنَّا بِاللّٰهِ اور تمام آیہ کو پڑھو
مسلمین تک اور بسند دیگر منقول ہے کہ حضرت امام رضا تین دن مین قرآن ختم فرماتے تھے
اور کہتے تھے کہ اگر چاہون مین تو اس سے جلد ختم کر سکتا ہون مگر کوئی آیہ نہین چھوڑتا ہون
ہرگز مگر یہ کہ اسکے معنی مین تفکر کرتا ہون مین اور اسکے سبب نزول مین تامل کرتا ہون مین اور یاد
لاتا ہون مین کہ کس وقت مین نازل ہوا ہے اسیواسطے تین روز مین ختم کرتا ہون اور بسند معتبر حضرت
امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ جب سورہ کافرون پڑھتے تھے لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ
کے بعد کہتے تھے اَعْبُدُ رَبِّيْ اور جب تمام فرماتے تھے کہتے دِيْنِيَ الْاِسْلَامُ عَلَيْهِ اَحْيٰى
وَعَلَيْهِ اَمُوْتُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اور حدیث صحیح مین حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ سزاوار
ہے اسکو جو قرآن پڑھتا ہے کہ جب پہنچے اس آیہ پر کہ جسمین کوئی سوال ہے یا بیم و امید سوال کرے خدا سے
جو بہتر ہے اس چیز کا کہ امیدوار رکھتا ہے سوال کرے عافیت کا آتش جہنم و عذاب سے اور بسند دیگر ان
آنحضرت علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب کوئی سورہ شمس پڑھے جب تمام کرے کہے
صَدَقَ اللّٰهُ وَصَدَقَ رَسُوْلُهٗ اور جب پڑھے آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ تو کہے
اَللّٰهُ خَيْرٌ اَللّٰهُ خَيْرٌ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اور جب پڑھے ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ
يَعْدِلُوْنَ کہے كَذَبَ الْعَادِلُوْنَ بِاللّٰهِ اور جب پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ
لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا اور وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا تو تین مرتبہ کہے اَللّٰهُ اَكْبَرُ راوی نے
پوچھا کہ اگر یہ کلمات نہ کہے فرمایا کہ اسمین کچھ مضائقہ نہین اور حضرت علی بن الحسین علیہ السلام
سے منقول ہے کہ آیات قرآنی خزائن حکمت ربانی ہین پس جس وقت کہ خزائن کا کھولے تو چاہیے
کہ اسمین نظر کرے اور بہت تفکر کرے جو اسمین معانی و حکمت کو باہر لائے تو بہتر ہے کہ با طہارت
ہو تا ہے وقت تلاوت مین جیسا کہ محمد بن فضیل سے منقول ہے کہ خدمت حضرت امام رضا علیہ السلام مین

عرض کیا کہ میں قرآن پڑھتا ہوں اور مجکو ضرورت پیشاب کی ہوتی ہی تو اٹھتا ہوں میں اور پیشاب کرتا ہوں اور استنجا کرتا ہوں میں اور پھر آتا ہوں اور شروع تلاوت کرتا ہوں میں حضرت نے فرمایا کہ شروع نہ کر جب تک کہ وضو نکرے تو اور یہ شرط بسبیل استحباب ہی بلکہ ظاہر حدیث معتبر کا یہ ہی کہ جنب و حائض کو بھی تلاوت غیر سورہ ہاے سجدہ مستحب ہی اور بعضوں نے زیادہ سات آیتوں سے مکروہ جانا ہی اور زیادہ ستر آیات سے کہا ہی کہ کراہت اسکی بیشتر ہی لیکن احادیث صحیحہ دلالت رکھتی ہیں اسپر کہ جتنا قرآن چاہے پڑھ سکتا ہی سواے سورہ ہاے سجدہ کے اور تلاوت سورہ ہاے سجدہ و جب کی آیت حرام ہی چوتھے استعاذہ ہی اور خلاف نہیں ہی اس میں کہ جب شروع بقرات کرے استعاذہ مستحب ہی اور اسکی کیفیت میں درمیان قرأت ایک خلاف ہی اور مشہور درمیان علماے شیعہ ایک دو صورتیں ہیں سے ہی اول اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیطانِ الرَّجِیمِ اور یہ درمیان سنی و شیعہ کے مشہور تر ہی دوسرے اَعُوذُ بِاللّٰهِ السَّمِیعِ العَلِیمِ مِنَ الشَّیطانِ الرَّجِیمِ اور بعض روایات معتبرہ میں ہی اسکے اَعُوذُ بِاللّٰهِ اَن یَحضُرُونِ وارد ہوا ہی اور بعض روایات میں اَستَعِیذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیطانِ الرَّجِیمِ تنہا وارد ہوا ہی اور بعض میں اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِیعُ العَلِیمُ وارد ہوا ہی اور بعض میں بجاے اَستَعِیذُ اَعُوذُ وارد ہوا ہی اور بعض میں اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیطانِ الرَّجِیمِ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الفَتَّاحُ العَلِیمُ وارد ہوا ہی اور رونا وجہ اول اشہر و اولی ہی پانچویں رو بقبلہ ہونا ہی وقت قراءت قرآن کے مجالس وغیرہ میں جیسا کہ منقول ہی کہ بہترین مجالس وہ ہی کہ آدمی رو بقبلہ بیٹھے اور آداب کتب قراءت و تفسیر میں مذکور ہیں اور ذکر انکا اس مقام پر موجب طول ہی

فصل (۵) دربیان کیفیت ختم قرآن شریف

حدیث معتبر میں منقول ہی کہ ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں ایک شب میں قرآن کو ختم کرتا ہوں فرمایا کہ مجھکو خوش نہیں آتا کہ ایک مہینہ سے کم میں ختم کرے تو اور بتحقیق ... مقبول ہی

کہ ابو بصیر نے خدمت حضرت امام جعفر صادقؑ میں عرض کیا کہ میں قرآن ایک شب میں ختم کروں فرمایا نہیں چاہیے کہ چھ شب تک پہونچائے حضرت نے اشارہ کیا کہ ہاں بعدہ فرمایا کہ ایک جماعت تم سے پہلے تھی کہ وہ قرآن کو ایک ماہ اور اس سے کم میں ختم کرتی تھی بدرستی کہ قرآن کو تیز نہیں پڑھنا چاہیے اس طور پر کہ حروف اسکے گم ہوں ایک دوسرے میں ولیکن بترتیل پڑھنا چاہیے اور جب تم اس آیہ پر پہونچو کہ اسمیں یاد بہشت ہو توقف کرو اور خدا سے بہشت کا سوال کرو اور جب اُس آیت پر پہونچو کہ اسمیں ذکر آتش جہنم ہو توقف کرو اور پناہ مانگ آتش جہنم سے پس ابو بصیر نے پوچھا کہ رمضان میں ایک شب میں ختم کروں میں فرمایا نہیں پوچھا دو شب میں فرمایا نہیں پوچھا کہ تین شب میں ختم کروں میں اشارہ فرمایا کہ ہاں ماہ رمضان کا حق و حرمت اور ہی کہ دوسرے ماہ کی شباہت نہیں رکھتا اور اس ماہ میں نمازیں بہت پڑھو اور بسند معتبر دیگر منقول ہے کہ آنحضرتؑ سے سوال کیا کہ کے روز میں ختم کروں فرمایا کہ پانچ حصے کر و یا سات حصے اور میرے پاس ایک قرآن ہے کہ بارہ حصے کیے ہیں اور علی بن مغیرہ نے خدمت حضرت امام جعفر صادقؑ میں عرض کیا کہ میرے باپ نے آپ کے جد امجد سے سوال کیا تھا ختم قرآن ہر شب میں فرمایا تھا کہ ہاں اور میرا باپ ماہ رمضان میں چالیس ختم کرتا تھا اور میں کبھی چار کرتا ہوں اور کبھی زیادہ اور کبھی کمتر جیسی کہ فرصت رکھتا ہوں پس جب روز فطر ہوتا ہے ایک ختم کو آنحضرت صلعم کے واسطے قرار دیتا ہوں اور ایک کو امیر المومنینؑ کے واسطے اور ایک جناب سیدہ کے واسطے اور دیگر ائمہ ہدیٰ علیہم السلام کے واسطے اور ایک آپکے واسطے اور اب تک ہمیشہ ایسا ہی کرتا آیا ہوں میں کیا ثواب میرے واسطے ہوگا بسبب اس عمل کے حضرت نے فرمایا خدا بسبب اس عمل کے ایسا کریگا کہ قیامت میں تو انکے ساتھ ہوگا راوی نے کہا اللہ اکبر ایسا ثواب میرے واسطے ہوگا حضرت نے تین بار فرمایا کہ ہاں

فصل (۹۶) ثواب سکھلانے اور سیکھنے اور یاد کرنے قرآن کا

بسند معتبر حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جسکا حافظہ کم ہوا اور قرآن بمشقت یاد کرے خدا

و واجب اسکو کرامت فرماتا ہی اور حدیث میں فرمایا کہ سزاوار یہ ہی کہ مومن نہ مرے مگر یہ کہ قرآن
کو یاد کیا ہو یا مشغول یاد کرنے میں ہو اور بسند معتبر یعقوب احمر سے منقول ہی کہ بخدمت حضرت امام
جعفر صادق علیہ السلام میں نے عرض کیا کہ مجھکو غم لاحق ہوئے کہ جو دل میں رکھتا تھا بھول گیا میں یہانتک کہ بعضا
قرآن بھول گیا جب نام قرآن کا لیا حضرت کو ایک فزع اور خوف ہوا اور فرمایا کہ تحقیق جو شخص
کوئی سورہ قرآن کا بھول جائے وہ سورہ قیامت کے دن بہشت کے ایک درجہ بلند پر سے اسکے اوپر
مشرف ہوگا اور کہیگا اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یہ جواب میں کہیگا وَعَلَیْکَ السَّلَامُ تو کون ہی کہیگا
کہ میں فلانا سورہ ہوں کہ مجھکو ضائع کیا تو نے اور ترک کیا اگر مجھ سے تمسک ہوتا تو اور مجھکو ہاتھ
سے نہ دیتا تجھکو اس درجہ بلند پر پہونچاتا میں پھر فرمایا کہ تمکو چاہیے یاد کرنا قرآن کا اور یہ بھی کہ
باواز خوش نہ پڑھو تا لوگ نہ کہیں کہ خوش آواز ایسی راگ ہی اور رات دن گرداں ہیں کوئی چیز نہیں
ہی اور ایک جماعت قرآن کو یاد کرتی ہی کہ شب و روز نمازوں میں پڑھیں اور یہ پروا نہیں رکھتی
کہ کوئی جانے یا نہ جانے اور احادیث بسیار میں موافق اس حدیث کے مذمت بھول جانے قرآن کی
واقع ہوئی ہی اور ظاہر بعض کا بھولنا لفظ کا ہی اور ظاہر بعض کا ترک عمل اسکے معانی پر ہی اور بعضی
دوم ظاہر ہی کہ جو سبب ہیں اور اول اگر از روے بے اعتنائی ہو برا ہی اور جو بے اختیار بسبب ضعف
حافظہ اسکے دل سے محو ہو جائے قصور نہیں رکھتا اور بعض احادیث کہ ظاہر وارد ہوئی ہیں کہ
قصور نہیں رکھتا اسی معنی پر محمول ہیں چنانچہ آنحضرت صلعم سے منقول ہی کہ جو کوئی قرآن کو
یاد کرے اور دانستہ بھول جائے جب محشور ہو آویگا ہاتھ اسکا گردن میں بندھا ہوگا اور خدا اسکے ہر
آیہ پر ایک سانپ اسپر مسلط کریگا کہ آتش جہنم میں قرین اسکا ہو مگر یہ کہ خدا اسکو بخشدے اسکے
اور فرمایا کہ نیک ترین تم میں وہ گروہ ہی کہ قرآن یاد کریں اور یاد کرائیں اور حضرت امیر سے
منقول ہی کہ بدرستی کہ کبھی قصد فرماتا ہی خدا عذاب اہل زمین کا کہ کسی کو ان میں سے
نابود کرے بسبب کثرت گناہ کے پس نظر فرماتا ہی بڈھوں کو کہ قدم اٹھاتے ہیں
طرف نمازوں کے اور بچوں کو کہ قرآن یاد کرتے ہیں عذاب کو انکے لئے تاخیر کرتا ہی

فصل (۳۷) در بیان ثواب پڑھنے قرآن شریف کے

بسند معتبر حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ قرآن عہدنامہ الٰہی ہے طرف بندوں کے پس
سزاوار بندہ مومن ہے کہ جو مسلمان ہو فرمان الٰہی میں نظر کرے اور ہر روز پچاس آیتیں پڑھے اور
حضرت امیرؑ سے منقول ہے کہ جن گھروں میں قرآن پڑھا جاتا ہے اور یاد خدا ہوتی ہے برکت
اس گھر میں بہت ہوتی ہے اور ملائکہ وہاں حاضر ہوتے ہیں اور شیاطین وہاں سے دور
ہوتے ہیں اور روشنی دیتا ہے وہ گھر اہل آسمان کو جیسے کہ کواکب روشنی دیتے ہیں اہل زمین
کو اور جس گھر میں قرآن پڑھا نہیں جاتا اور یاد خدا نہیں ہوتی برکت اس گھر میں کم ہے اور ملائکہ
وہاں سے دور رہتے ہیں اور شیاطین حاضر ہوتے ہیں اور حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ جس گھر میں
کوئی مسلمان قرآن پڑھتا ہے اہل آسمان اس گھر کو ایسا دیکھتے ہیں جیسا کہ اہل زمین ستارۂ روشن
ایک دوسرے کو دیکھا کرتے ہیں اور بسند معتبر حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جو کوئی قرآن کو نماز میں
کھڑے ہو کر پڑھے تو بدلے ہر حرف کے سو حسنہ اسکے نامۂ اعمال میں لکھتے ہیں اور جو بیٹھ کر نماز میں پڑھے تو ہر حرف کے
بدلے پچاس حسنہ اسکے لیے لکھیں اور جو بغیر نماز کے پڑھے تو ہر حرف کے بدلے دس حسنہ اسکے لیے لکھیں اور بسند
صحیح آنحضرتؐ سے منقول ہے فرمایا کہ کیا چیز ہے کہ مانع ہوتی ہے تمہارے سوداگروں کو کہ مشغول ہیں بازاروں میں یہ کہ
جب گھر کو پھریں نہ پڑھیں کوئی سورہ قرآن کا تاکہ اللہ ہر آیت کے عوض دس حسنہ اسکے واسطے لکھے اور
دس گناہ محو کرے اور بشیر بن غالب سے منقول ہے کہ حضرت امام حسینؑ نے فرمایا کہ جو کوئی ایک آیہ
کتاب خدا سے کھڑے ہو کر پڑھے حق تعالیٰ ہر حرف کے بدلے سو حسنہ اسکے واسطے لکھے اور جو سوا نماز کے
پڑھے ہر حرف کے بدلے دس حسنات اسکے واسطے لکھے اور جو سنے قرآن کو ہر حرف کے بدلے حسنہ اسکے لیے لکھے
اور جو شب میں ختم کرے ملائکہ صبح تک اس پر صلوات بھیجیں اور البتہ بعد ختم ایک دعا مستجاب ہے اسکے واسطے ہے
اور ختم قرآن کا ثواب اسکے لیے بہتر ہے اس ثواب سے جس سے مابین زمین و آسمان بھرا ہو راوی نے عرض کیا کہ
اگر قرآن نہ پڑھا ہو کیا کرے فرمایا کہ اللہ بخشنے والا کریم ہے جو کچھ جانتا ہے پڑھے خدا اسکو ثواب دیتا ہے اور
حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جو کوئی مکہ میں ختم کرے قرآن کو جمعہ سے جمعہ تک یا زیادہ یا کم

اور ختم جمعہ کے دن ہوا اللہ اجر اور ثواب اسکے واسطے لکھے اول جمعہ سے جو دنیا میں ہوا تھا آخر جمعہ تک
جو دنیا میں ہوگا ایسے ہی اگر اور دنوں میں ختم کرے اور کتب معتبرہ آنحضرت صلعم سے منقول ہے جو کوئی
ایک شب میں دس آیتیں پڑھے اسکو غافلوں میں نہیں لکھتے اور جو ایک شب میں پچاس آیتیں پڑھے
اسکو ذاکروں میں سے لکھتے ہیں اور جو سو پڑھے اسکو قانتوں میں سے اور جو دو سو آیات پڑھے
اسکو خاشعوں میں سے اور جو تین سو آیات پڑھے اسکو رستگاروں اور فائزوں میں سے لکھتے ہیں اور جو
پانچ سو آیات پڑھے اسکو اس جماعت میں لکھتے ہیں جن سے بہت سعی عبادت میں کی ہو اور جو ہزار
آیات پڑھے ایک قنطار نیکی سے لکھتے ہیں کہ ہر قنطار پندرہ مثقال طلا ہوا اور ہر مثقال چوبیس قیراط
ہوا اور ہر قیراط چھوٹا اسکا کوہ احد کے برابر اور بڑا مابین زمین و آسمان کے برابر ہوا حضرت علی ابن الحسین
سے منقول ہے کہ جو کوئی ایک حرف کتاب خدا سے سنے بے اسکے کہ کچھ پڑھے اللہ اسکے لیے ایک
حسنہ لکھے اور ایک گناہ محو کرے اور ایک درجہ اسکے واسطے بلند کرے اور جو کوئی ایک حرف قرآن
کا یاد کرے اللہ دس حسنات اسکے لیے لکھے اور دس گناہ مٹا دے اور دس درجے بلند کرے
اور فرمایا کہ نہیں کہتا ہوں میں کہ الم آیہ میں ہوا ثواب اسکو دیتے ہیں بلکہ الف سے حرف میں
مثل اسکے اور جو کوئی کہ ایک حرف قرآن کا بیٹھکر نماز میں پڑھے اللہ تعالی پچاس حسنات اسکے لیے
ثبت فرماتے اور پچاس گناہ مٹا دے اور پچاس درجے بلند کرے اور جو کھڑے ہوکر نماز میں پڑھے
سو حسنات اسکے لیے لکھے اور سو گناہ مٹا دے سو درجے بلند کرے اور جو کوئی قرآن کو ختم کرے
اللہ اسکو ایک دعا مستجاب عطا کرے واسطے دنیا کے آخرت تک اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے
فرمایا کہ جو کوئی کسی آیت قرآن کی طرف پناہ لیجائے شر شیطان سے اگر شرق سے غرب تک
دشمن اسکے ہوں سب کے شر سے امن میں ہوا اگر ساتھ یقین و اعتقاد کے پڑھے اور حضرت امام باقر سے
منقول ہے کہ ایک شخص نے آنحضرت صلعم سے شکایت کی درد سینہ کی فرمایا کہ قرآن پڑھ اور طلب شفا کر
اسواسطے کہ اللہ فرماتا ہے کہ قرآن شفا ہے دردوں کی کہ جو سینوں میں ہیں اور کتب معتبر میں حضرت امیر سے
منقول ہے کہ جو کوئی سو آیتیں قرآن کی کسی جگہ سے پڑھے بعد اسکے سات بار یا اللہ کہے اگر پتھر پر پڑھے

تو خدا اُسکو شفا عنایت کرے اور بسند معتبر حضرت امام موسیٰ کاظمؑ سے منقول ہے کہ جو کوئی کسی بلا سے
ڈرے سو اُسے چاہیے پڑھے قرآن کی جس جگہ سے چاہے اور بعد اسکے اَللّٰھُمَّ اکْشِفْ عَنِّی الْبَلَاءَ
تین بار کہے انشاءاللہ اُس بلا کو دفع کرے اور حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ سب چیزون کی
ایک بہار ہے اور بہار قرآن کی ماہ مبارک رمضان ہے جامع الاخبار میں لکھا ہے کہ فرمایا ہے رسول
صلعم نے سلمان سے کہ اے سلمان تجکو قرآن کی تلاوت کرنی چاہیے اسواسطے کہ پڑھنا قرآن کا
کفارہ ہے گناہون کا اور پردہ ہے آتش دوزخ سے اور امان ہے عذاب سے اور جو کوئی اُسکی
تلاوت کرتا ہے واسطے اُسکے ثواب سو شہیدون کا لکھا جاتا ہے اور ہر سورہ کے پڑھنے میں ثواب
پیغمبر کا اُسکو دیا جاتا ہے اور قرآن کے پڑھنے والے پر رحمت خدا نازل ہوتی ہے اور ملائکہ واسطے
اُسکے استغفار کرتے ہیں اور بہشت اُسکا مشتاق ہوتا ہے اور خدا اُس سے راضی ہوتا ہے اور
جس وقت مومن قرآن پڑھتا ہے خدائے تعالیٰ بنظر رحمت اُسکی طرف دیکھتا ہے کہ ہر آیت کی
تلاوت میں اُسکو ہزار حوریں دیتا ہے اور ہر حرف کے پڑھنے میں ایک نور صراط پر اُسکے واسطے
بخشتا ہے اور جس وقت قرآن کو ختم کرتا ہے تو اُسکو ثواب تین سو تیرہ پیغمبرون کا دیتا ہے اُن پیغمبرون کا
کہ جنہون نے خدا کے احکام کو اور پیغام کو امتون پر پہونچا دیا ہے اور جسنے قرآن کو ختم کیا اُسنے
گویا کہ ہر کتاب کو پڑھا جو کہ خدا نے اپنے رسولون اور انبیا پر نازل کی ہے اور حرام کریگا اُسکے بدن
کو دوزخ پر اور اپنی جگہ سے قرآن پڑھکر وہ نہ اُٹھیگا یہانتک کہ خدا اُسکو اور اُسکے والدین کو بخشدیگا
اور دیویگا خدا ہر سورہ کی تلاوت میں ایک ہزار شہر فردوس میں کہ ہر شہر سبز موتی کا ہوگا اور ہر شہر
میں ہزار گھر ہونگے اور ہر گھر میں لاکھ حجرے ہونگے اور ہر حجرہ میں لاکھ خانے ہونگے نور کے اور ہر خانہ پر
لاکھ دروازے رحمت کے ہونگے اور ہر دروازہ پر دربان ہونگے اور ہر سر پر دربان کے ایک
مندیل استبرق کی ہوگی کہ وہ بہتر ہوگی دنیا سے اور جو کچھ کہ دنیا میں ہے اور ہر خانہ میں لاکھ دوکانین
ہونگی عنبر کی کہ کشادگی ہر مکان کی مشرق اور مغرب کے فاصلہ کے برابر ہوگی اور ہر دوکان میں لاکھ
تخت ہونگے اور ہر تخت پر لاکھ فرش ہونگے کہ ہر فرش ہزار رنگ کا ہوگا اور ہر فرش پر ایک حور العین بیٹھی

کہ لاکھ پوشاکیں پہنے ہوئے ہوگی اور ان پوشاکوں سے خوشبو اسکے ساق کا مثل یا ریحان ہوگا اور سر پر اسکے
تاج ہوگا عنبر کا جڑا ہوا موتیوں اور یاقوتوں سے ہوگا اور اسکے سر پر سایہ [illegible] کہ
اسکے اور اسکے کانوں میں گوشوارے ہونگے اور گلے میں ایک ہزار ہار ہونگے جواہر کے اور آگے
اسکے خادم ہونگے کہ ہاتھ میں ہر ایک کے کاسہ سونے کا ہوگا اور ہر کاسہ میں الگ رنگ ۱۸
کی شراب ہوگی کہ ایک شراب دوسری شراب سے مشابہ نہ ہوگی اور [illegible] خوان [illegible] ہونگے
اور ہر خوان میں لاکھ قابیں ہونگی اور ہر قاب میں لاکھ طرح کا کھانا ہوگا کہ ایک کھانا دوسرے کھانے
سے مشابہ نہ ہوگا اور دوست خدا کا ہر کھانے میں سے لاکھ لذتیں پاویگا اور [illegible] جو شخص
قرآن پڑھتا ہے خدا تعالی [illegible]
نکلتا ہے خدا تعالی ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے کہ قیامت تک اسکے واسطے تسبیح کرتا ہے [illegible]
[illegible] زیادہ دوست نزدیک خدا کے [illegible] قرآن [illegible]
بزرگ بندوں میں نزدیک خدا کے بعد انبیا کے [illegible]
قرآن کے ہیں کہ [illegible] انبیا [illegible]
[illegible] انبیا [illegible]
واسطے طالب علموں کے اور پڑھنے والے قرآن کے [illegible]
واسطے اسکے [illegible]
کہ وہ جو کچھ چاہے سو کرے اور [illegible]
ہونگے ایسے ہی آدمی [illegible]
خوراک ہوجائیگی اور دوسری روایت میں آیا ہے امام حسن عسکری علیہ السلام کی تفسیر میں [illegible]
کہ قیامت کے روز قرآن پڑھنے والے کے والدین کے سر پر ایسا تاج رکھینگے کہ روشنی اسکی ہزار
برس کی راہ کو پہونچیگی اور دو پوشاکیں ایسی انکو پہنائینگے کہ جنکی قیمت نہو سکے اسواسطے
کہ کمترین تار اسکا لاکھ دنیا کے اور ان نفیس چیزوں سے کہ مقابلہ میں ہوگا جو کہ دنیا میں ہیں اور

بادشاہی خلد بریں کی اس قرآن پڑھنے والے کے نامۂ اعمال میں لکھکر اسکے دست راست میں دیوینگے اور اسکو کہینگے کہ قرآن پڑھ اور اوپر جا کہ منزل تیری آخر آیت کے نزدیک ہوگی کہ تو اسکو ختم کرے اور والدین اسکے اپنی پوشاکون اور تاجون کو دیکھکر کہینگے کہ خداوندا یہ شرف اور بزرگی ہمکو کہان سے پہونچی ہے کہ افعال ہمارے تو ایسے نہ تھے کہ ہمکو اس درجہ کو پہونچاتے ملائکہ جواب دینگے کہ یہ ثواب اسکا ہے کہ تمنے اپنے فرزندون کو قرآن سکھلایا تھا اور امام محمد باقر نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اپنے فرزند کو قرآن سکھلاوے ایسا ہے کہ گویا اسنے دس ہزار حج کیے ہون اور دس ہزار عمرہ بجا لایا ہو اور دس ہزار بندے اولاد اسمعیل میں سے آزاد کیے ہون اور دس ہزار جہاد کیے ہون اور دس ہزار گرسنہ مسکینون کو کھانا کھلایا ہو اور دس ہزار ننگے برہنہ کو کپڑا پہنایا ہو اور لکھے جاتے ہیں واسطے اسکے ہر حرف کے عوض میں دس ہزار نیکیان اور مٹائی جاتی ہیں اس سے دس ہزار بدیان اور رہیگا وہ قرآن ہمراہ اسکے قبر میں یہانتک کہ زندہ ہو کر اٹھے اور بھاری ہو جائیگا پلہ اعمال اسکا اور گذرے گا وہ صراط پر مثل برق جہندہ کے اور نہ جدا ہوگا اس سے قرآن یہانتک کہ نازل ہو اسپر وہ کرامت کہ جسکی وہ آرزو کرتا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ جو کوئی قرآن کو دیکھکر پڑھے تو اپنی آنکھون کے نور سے فائدہ پاویگا اور اسکے والدین پر تخفیف عذاب کی ہوگی اگرچہ وہ دونوں کافر ہون

فصل (۹) دربیان فضیلت تلاوت و نگاہ دیکھنے قرآن شریف کے

بروایت دیگر فرمایا کہ دوست رکھتا ہون میں اس گھر کو جس گھر میں قرآن ہو کہ اللہ اسکی برکت سے شیاطین کو اسکے گھر سے دفع کرے اور حدیث دیگر میں فرمایا کہ تین چیزیں ہیں کہ خدا سے شکایت کرینگی ایک وہ مسجد خراب کہ اہل مسجد نماز اسمین نہ پڑھیں اور ایک وہ عالم کہ دنیا میں ہو اور اسکی حرمت کو نگاہ نہ رکھیں اور ایک وہ قرآن کہ لٹکتا ہو اور غبار اسپر جم گیا ہو اور اسکی تلاوت نہ کریں اور اسحق سے منقول ہے کہ آنحضرت سے عرض کیا کہ میں قرآن کو حفظ رکھتا ہون یاد پر پڑھون یہ بہتر ہے یا نظر قرآن میں کر کے پڑھون فرمایا کہ قرآن سے پڑھو بہتر ہے مگر نہیں جانتا تو کہ

نظر کرنا قرآن میں عبادت ہے اور حدیث دیگر میں فرمایا کہ چھ چیزیں ہیں کہ مومن [illegible]
اپنی مرگ کے ایک وہ فرزند صالح کہ اُسکے واسطے استغفار کرے ایک وہ مصحف کہ اُس سے باقی رہے
اور تلاوت کریں اور ایک وہ کنواں کہ خدا کے واسطے کھدوایا ہے اور ایک وہ درخت کہ
خوشنودی خدا کے واسطے بویا جائے اور ایک وہ چشمہ آب کہ جاری کرے اور ایک وہ طریقہ نیک
جو کہ چھوڑے کہ بعد اُسکے لوگ اُس سنت پر عمل کریں اور حدیث میں ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ نے
نہی فرمایا اس سے کہ قرآن کے حروف کو تھوک سے مٹائیں یا اُس سے لکھیں اور حضرت رسول خدا
صلعم سے منقول ہے کہ نظر کرنا روئے علی ابن ابی طالب پر عبادت ہے اور نظر کرنا ماں باپ کی طرف مہر
و مہربانی سے عبادت ہے اور نظر کرنا قرآن میں عبادت ہے اور نظر کرنا کعبہ پر عبادت ہے

فصل (۹) دربیان فضیلت و فوائد بعض آیات و سورہائے کلام قرآنی

سورۂ فاتحہ بسند معتبر منقول ہے کہ حضرت امام رضا نے فرمایا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم
نزدیک تر ہے اسم اعظم خدا کے سیاہی چشم سے اسکی سفیدی کی طرف اور بسند معتبر امام جعفر صادق سے
منقول ہے کہ جسکو کوئی بیماری ہو اُسی وقت سات بار سورۂ حمد کو پڑھے اگر بیماری دور ہو گئی تو بہتر ورنہ
ستر بار پڑھے کہ میں ضامن ہوں اُسکی عافیت کا اور بسند معتبر آنحضرت صلعم سے منقول ہے کہ
جو کوئی سورۂ حمد کو پڑھے اللہ تعالی لکھے [illegible] آسمان سے اتری ہے [illegible] اسکو کرامت
کرے حضرت امام حسن عسکری سے منقول ہے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے کہ میں نے
واسطے [illegible] سورۂ فاتحہ کو درمیان اپنے [illegible] آدھا سورہ میرا ہے اور آدھا [illegible]
اور جو کچھ بندہ میرا اُس سورہ سے [illegible] عطا کرتا ہوں جب بندہ کہتا ہے بسم اللہ
الرحمن الرحیم اللہ تعالی فرماتا ہے کہ ابتدا کی بندہ میرے نے ساتھ نام میرے کے اور مجھ پر لازم ہے کہ
اُسکے کام تمام کو پہونچاؤں [illegible] جب کہتا ہے الحمد للہ
رب العالمین اللہ تعالی فرماتا ہے [illegible]
[illegible]

احسان سے ہین باری بلا اُنکے تمکو گواہ کرتا ہون مین کہ اسکے واسطے زیادتی کی مین نے ساری
نعمتون دنیا اور نعمتون آخرت کی اور دور کیا مین نے اُس سے بلاہاے آخرت کو جیسا کہ بلاہاے
دنیا کو اُس سے دفع کیا اور جب کہتا ہے الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ کہتا ہے اللہ فرماتا ہے کہ میرے
بندہ نے میرے واسطے گواہی دی کہ مین رحمٰن اور رحیم ہون پس گواہ کرتا ہون تمکو کہ بدرستیکہ
اسکا حصہ کیا مین نے اور نصیب اُسکا اپنی عطا سے عظیم کیا مین نے اور جب کہتا ہے
مٰلِكِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ۝ اللہ فرماتا ہے کہ گواہ رہو کہ اُسکا یہ کہنا مین تمکو جیسا کہ اقرار کیا
اسنے کہ مین مالک روز قیامت کا ہون البتہ آسان کرونگا اسپر حساب روز قیامت کا اور قبول کرونگا نیکیان
اُسکی اور درگذر کرونگا بدیون سے پس جب کہتا ہے اِیَّاكَ نَعۡبُدُ کہتا ہے اللہ فرماتا ہے کہ سچ کہا بندہ میرے نے اور میری
عبادت کی پس گواہ کرتا ہون مین تمکو کہ اسکو اُس عبادت پر ایسا ثواب عطا کرونگا کہ
تمام افراد اُسکی آرزو اُسکی منزلت کی کرینگے جب وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ ۝ کہتا ہے اللہ فرماتا ہے کہ
کہ میرے بندہ نے مجھ سے استعانت چاہی اور التجا مجھ سے لایا گواہ کرتا ہون مین تمکو کہ
سب امور مین اُسکے اعانت کرونگا اور سب سختیون مین اُسکی فریاد کو پہونچونگا اور بلاؤن اور
مصیبتون کے دنون مین اُسکا ہاتھ پکڑونگا اور جب کہتا ہے اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۝ کہتا ہے
آخر سورہ تک اللہ فرماتا ہے کہ جو کچھ اسنے مجھ سے طلب کیا مین نے اُسکو مستجاب کیا اور جو
کچھ آرزو کی اُسکو عطا کیا اور جس چیز سے ڈرا اُس سے امن دیا مین نے ۔ اور بسند معتبر حضرت
امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ اگر سورہ حمد کو کسی میت پر ستر بار پڑھین اور روح اُس مین آ جاے تو تعجب
نہین ۔ اور بسند معتبر حضرت امام محمد باقر سے منقول ہے کہ جس شخص کو سورہ حمد شفا
نہ دے اُسکو کوئی چیز شفا نہین دیتی اور ایسی ہی منقول ہے حضرت امام جعفر صادق سے کہ ایک شخص نے
شکایت آپ کی کی فرمایا کہ سینہ پر ہاتھ رکھ کر دل کے درد کی گریبان مین کر کے اول سات بار کہ
اور سات بار الحمد پڑھ اس شخص نے ایسا ہی کیا اور شفا پائی اور حدیث دیگر مین منقول ہے کہ ایک
شخص نے درد سر کی آنحضرت سے شکایت کی حضرت نے فرمایا کہ ہاتھ اپنا درد کی جگہ پر رکھ اور

سورہ حمد و آیۃ الکرسی کو پڑھے اور کہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ
اَجَلُّ وَاَکْبَرُ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ
مِنْ حَرِّ النَّارِ **خواص** اسکے یہ ہیں کہ اگر لکھے اس سورہ کو ظرف طاہر میں اور حل کرے
میٹھے پانی سے اور دھووے اس سے سر مریض کا تو دور ہووے مرض اور جو کوئی پیئے اس
پانی کو اگر قلب میں خوف و خفقان رکھتا ہو تو زائل ہو

سورۃ البقرہ و آل عمران

بسند معتبر جناب امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو کوئی یہ سورے پڑھے قیامت میں یہ دونوں اسکے سر پر سایہ کرینگے مثل ابر یا دو چھتری کے اور بسند معتبر حضرت علی ابن الحسینؑ سے منقول ہے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جو کوئی چار آیتیں اول سورہ بقرہ سے اور آیۃ الکرسی اَلْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ تک اور آیتین بعد اسکے اور تین آیتیں آخر سورہ بقرہ کی پڑھے ہرگز اپنے آپ میں اور اپنے مال میں نہ دیکھے اور شیطان نزدیک اسکے نہ آئیگا اور قرآن کو نہ بھولے اور حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جو کوئی آیۃ الکرسی کو وقت خواب پڑھے فالج سے امن ہو اور جو کوئی بعد نماز پڑھے صاحب والا جاہ ہو اور اسکو ضرر نہ پہونچے اور حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جو کوئی ایکبار آیۃ الکرسی پڑھے اللہ اس سے ہزار بلائیں دنیا کی اور ہزار بلائیں آخرت کی دفع کرے سہل ترین دنیا کی بلاؤن میں فقر اور احتیاج ہو اور بلاہاے آخرت میں عذاب قبر ہو اور منقول ہے کہ ابوذرؓ نے آنحضرت صلعم سے سوال کیا کہ کونسا آیت عظیم تر ہے جو آپ پر نازل ہوا فرمایا کہ آیۃ الکرسی اور بسند دیگر منقول ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے شکایت تپ کی کی فرمایا کہ آیۃ الکرسی کو ایک ظرف میں لکھ کر پانی سے دھو کر پیئے اور امام علی نقیؑ سے منقول ہے کہ ...
... فرمایا کہ ... آیۃ الکرسی ... فرمایا کہ ایمان لایا ... اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ ... فرمایا کہ ... اور ... آیۃ الکرسی پڑھتا ہے ... فرمایا کہ ... اس شخص سے ...

اور بسند معتبر حضرت امیر سے منقول ہے کہ جس شخص کو آزار شکم ہو آیۃ الکرسی پڑھے اور اپنے دل مین
قرار دے کہ برطرف ہوتا ہے [illegible] انشاء اللہ تعالی اور جو کوئی قبل طلوع آفتاب کے
گیارہ بار قل ہو اللہ اور گیارہ بار انا انزلناہ اور گیارہ بار آیۃ الکرسی پڑھے
خدا اسکے مال کو تلف سے بچاوے اور جو کوئی چاہے شہر سے باہر نکلے چند آیتین آل عمران کی
یعنی ان فی خلق السموات والارض آخر سورہ تک اور آیۃ الکرسی اور انا
انزلناہ اور سورہ حمد کے پڑھے کہ موجب قضا ہے حوائج دنیا و آخرت ہوتا ہے اور
فرمایا کہ جو کوئی قل ہو اللہ و انا انزلناہ و آیۃ الکرسی کو پڑھے مال اسکا
محفوظ ہو اور بسند معتبر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ [illegible]
[illegible] سے ہوا گر گرے اور پر [illegible] حفاظت آیۃ الکرسی گھر کے گرد [illegible] کے شر سے ایمن ہو
اور بسند معتبر حضرت امام محمد باقر سے منقول ہے کہ شیاطین [illegible] میں آجاتے ہیں کہ
انکو [illegible] آیۃ الکرسی پڑھین [illegible] اور حدیث دیگر حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ
تصدق کرو اور آیۃ الکرسی کو پڑھ [illegible] باہر جاؤ [illegible] اور حدیث دیگر مین منقول ہے فرمایا
کہ جب کسی طرف جاوے تو کچھ خوف رکھتا ہو [illegible] تک پڑھے اور جب
اسکو دیکھے [illegible] سے ڈرتا ہو تو آیۃ الکرسی کو پڑھے اور حدیث دیگر مین منقول ہے کہ [illegible]
کہ یہ ربنا لا تزغ قلوبنا آخر تک [illegible] ہوگا [illegible] طرف باطل [illegible]
حضرت امام رضا سے منقول ہے کہ [illegible] نے فرمایا کہ جو کوئی [illegible] بار آیۃ الکرسی پڑھے
[illegible] اور آنحضرت [illegible] منقول ہے کہ حق تعالی نے
فرمایا [illegible]
سورہ فاتحہ اور آیۃ آمن الرسول آخر سورہ تک [illegible]
کوئی [illegible] سورہ فاتحہ اور [illegible] سورہ
[illegible] ۱۱ [illegible] گیارہ بار

[illegible]

یعنی [illegible] الیوم [illegible] ۱۲

قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھے اور رکعت دوم میں سورۂ حمد و آیۃ الکرسی و آخر سورۂ بقرہ
لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ آخر تک اور گیارہ بار قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝
پڑھکر نماز تمام کرے حاجت طلب کرے جو کوئی اس نماز پر مداومت کرے ہرگز نہیں اللہ تعالی
صحیح ہے **مسئلہ** اگر بحالت مذکورہ بعد غسل جنابت کے نماز مستحب پڑھنے نہ پایا کہ حدث صادر ہوا

له غسل ارتماسی یعنی یکبارگی غوطہ میں آوے

[illegible]

پا سو گیا تو اب نماز سنت پڑھنے کے لیے وضو کریگا یا پھر از سر نو غسل جنابت کرنا ہوگا جواب وضو کافی ہوگا جیسا سید ابوالحسن عفی عنہ اور سوائے غسل جنابت کے اور سب غسلوں میں مثل غسل حیض وغیرہ کے غسل حیض و نفاس و استحاضہ وغیرہ و دیگر جملہ اغسال میں قبل یا بعد وضو کرنا واسطے نماز وغیرہ کے ضرور ہے مگر نزدیک جناب شیخ صاحب کے پہلے ان غسلوں کے وضو کرنا احتیاط ہے اور جناب شیخ صاحب دام ظلہ کتاب ذخیرۃ المعاد میں تحریر فرماتے ہیں کہ جو کوئی بعد غسل جنابت اس دعا کو پڑھے تو گناہ اسکے اسطرح پر گریں کہ جیسے پتے درخت سے گرتے ہیں اور پیدا کرتا ہے خداوند تعالی غسل کے ہر ایک قطرہ سے ایک فرشتہ کہ تسبیح کرے خدا کی اور تقدیس و تہلیل و تکبیر اسکی کرے اور درود اوپر محمد اور آل محمد کے بھیجے اور ثواب اسکا واسطے غسل کرنے والے کے ہو پھر خداوند تعالی حکم کرے واسطے لکھنے غسل کے ایک ورق پر اور اسپر مہر لگائی جاوے اور بعد اسکے جو پروردگار پس اسکو آسمان پر لیجا کر رکھا جاوے نیچے عرش کے وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ وَاَشْھَدُ اَنَّ عَلِیًّا وَلِیُّکَ وَخَلِیْفَتُکَ بَعْدَ نَبِیِّکَ وَاَنَّ اَوْلِیَائَہٗ اَوْلِیَاؤُکَ اور غسل ارتماسی میں ترتیب ساقط ہے بلکہ بعد نیت کے ایک غوطہ لگانا کافی ہے اور اجزا سے بدن سے کسی عضو کو مقدم کرنا کچھ ضرور نہیں کیونکہ کوئی عضو خود مقدم ہو جائیگا لیکن قبل غسل کے پانی سے باہر ہونا احتیاط ہے اور بدن کا پاک ہونا لازم ہے اور بعضے علماء کہتے ہیں کہ اگر غوطہ بتدریج لگاوے یعنی ایک عضو بعد دوسرے عضو کے پانی میں ہو جاوے تو بھی معنی ارتماسی کے ثابت ہونگے اور بعض علماء یہ فرماتے ہیں کہ سوائے غسل جنابت کے اور حیض وغیرہ کے غسلوں میں ارتماس ثابت نہیں اور بعض کا یہ قول ہے کہ آب استادہ میں غسل ارتماسی صحیح نہیں اور نزدیک جناب شیخ صاحب کے صرف پانی کے اندر آنا کافی ہے اس طرح سے کہ پانی تمام بدن کو گھیر لے اور خشکی میں آنا ضرور نہیں بلکہ اگر کوئی شخص مثلاً پانی میں ہو یا سارا جسم پانی میں ہو تو نیت غسل کی کرکے

[illegible]

غسل کرے اس طرح کہ سارا جسم پانی کے اندر ہو جاوے اور بدن کو حرکت دے تو بھی غسل صحیح ہوگا
جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا اور بدن کا حرکت دینا اسواسطے چاہیے کہ پانی سارے بدن میں پہونچ جاوے
اور اگر کسی کو اثناء غسل میں حدث واقع ہو پس یہ مسئلہ اختلافی ہے اور احتیاط یہ ہے کہ اُس غسل کو تمام
کرکے پھر از سر نو غسل بجالاوے بہ نیت قربت اور بعد فراغ کے پیشاب وغیرہ کرکے وضو کرکے نماز
پڑھے۔ اور جناب شیخ صاحب مدظلہ فرماتے ہیں کہ غسل اُسکا صحیح ہے اور اگر کبھی غسل مسّ اموات [illegible]
کہ اُسکے ذمہ ہوویں تو بنابر قول جناب شیخ صاحب کے نیت جنابت کی اور غسلوں کے لیے کافی ہے اور پھر
احتیاج اور غسلوں کی نہیں اور اس جگہ اور بھی کئی چیزیں ہیں کہ قبل غسل کے انکا بجالانا سنت ہے جیسا
قبل غسل کے پیشاب کرنا سنت ہے بلکہ احوط ہے اور بعد اُسکے استبرا کرنا اور اگر بعد انزال کے پیشاب کیا ہو اور
استبرا بھی کیا ہو اور بعد غسل کے رطوبت ظاہر ہو کہ منی سے مشابہ ہو تو اُسکا اعادہ نکرے اور نیز اعضا
کے دھونے میں قبل غسل کے ہاتھ سے انکا ملنا بھی سنت ہے دوسرا غسل حیض کا ہے اور حیض اُس خون
کو کہتے ہیں کہ بعد بلوغ عورت کے رحم سے باہر آوے اور وہ خون سیاہ اور گاڑھا ہوتا ہے اور
تین دن سے کم اور دس دن سے زیادہ نہیں ہوتا ہیں عورت صاحب عادت عادۃ دیتیہ اور وقتیہ کچھ و
دیکھے خون کے اگر وقت حیض ہو تو نماز و روزہ ترک کریگی لیکن جو خون قبل [illegible] ہو گیا تو
وہ نماز کہ ترک کی تھی اُسکو ادا کریگی اور اگر قبل ایام عادت کے خون منقطع ہو جاوے تو چاہیے کہ
وہ عورت استبرا کرے اس طرح سے کہ روئی کو فرج کے اندر رکھے اگر روئی میں خون نہیں پھرا ہے تو واجب ہے
کہ غسل کرے اور صاحب عادۃ دیتیہ و وقتیہ اُس عورت کو کہتے ہیں کہ مثلاً پہلی تاریخ سے چھٹی تاریخ تک
برابر خون آتا ہو پس وہ چیزیں کہ جنب پر حرام ہیں مثل پڑھنے سورۂ عزائم و دخول مسجد الحرام و مسجد نبی
وغیرہ کے حائض پر بھی حرام ہیں اور منافی ہے و جماع کرنا حالت حیض میں حرام ہے بلکہ اگر کوئی اول حیض
میں جماع کرے کفارہ اُسکا ایک دینار ہے کہ تقریباً قیمت اشرفی کلدار ہے اور درمیان حیض کے نصف
دینار اور آخر حیض میں ثلث دینار اور یہ کفارہ شوہر پر اُسکے واجب ہوتا ہے اور گنہگار بھی ہے جبتک توبہ
نکرے اور جب عورت خون سے پاک ہوئی مگر ہنوز غسل نہیں کیا اُس عورت سے جماع کرلینا اُس عورت سے

[illegible]

[illegible]

اختلاف ہی بعضے علماء فرماتے ہین کہ اگر فرج کو اپنی دھو ڈالے لیکن اسکے مقاربت کرے تو کوئی چیز
شوہر پر اسکی نہین ہی اور بعض ناجائز جانتے ہین مگر نزدیک جناب شیخ صاحب کے جماع کرنا مکروہ
ہی اگر فرج نہ دھوئی ہو اور بعد دھونے فرج کے کراہت کم ہی اور جب حیض سے پاک ہو تو غسل
نماز کے لیے کرے لیکن بنا بر احوط کے وضو کو اس غسل کے ساتھ ضم کرے اگرچہ غسل بغیر وضو کے
صحیح ہی مگر اول وضو کامل بجالاوے مثل وضو اسے نماز کے اور بہتر یہ ہی کہ پہلے وضو کا بہ نیت
قربت بجالاوے بعد ازان فورا غسل حیض کرنا شروع کرے لیکن جب تک وضو نہ کریگی نماز پڑھنا
صحیح نہین ہی اسلیے وضو ضرور ہی بنا بر قول شیخ صاحب کے قبل غسل کے وضو کرنا بہتر ہی اور اگر وضو
قبل از غسل نہ کیا ہو تو بعد از غسل حیض کے وضو کر سکتی ہی کچھ غسل مین خلل نہوگا تیسرا غسل استحاضہ
ہی اور یہ خون اغلب اوقات سرد و زرد و رقیق ہوتا ہی اور رحم سے آتا ہی بلکہ اس صفت سے
آنا ضرور و لازم نہین بلکہ جو خون ایام عادت سے زیادہ ہو وہ استحاضہ ہی اگرچہ بصفت حیض
استحاضہ ہو اور دس دن سے زیادہ بھی ہو اور اگر دس دن سے زیادہ نہ ٹھہرے جو ان کی عادتہ
عورت کے ہین وہ خون حیض ہی اور باقی استحاضہ جو خون کہ تین دن سے کم آئے یا ایام یاس مین
یعنی بعد سن عورت کا پچاس برس سے زیادہ ہوا ہو اسواسطے کہ اس سن مین عورتون
کو حیض منقطع ہوجاتا ہی سواے عورت قرشیہ و ہاشمیہ کے کہ انکی عمر ساٹھ برس کے بعد منقطع ہوتا
ہی وہ خون استحاضہ ہی بشرطیکہ خون قروح و جروح نہو بنا بر قول مشہور واضح ہو کہ جس عورت کو
استحاضہ ہو امتحان اسکا اسطرح سے کرے کہ روئی کو اپنی فرج مین رکھے اور تھوڑی دیر تک
صبر کرکے نکالے اگر خون روئی کے اوپر لپٹ گیا اور اندر داخل نہین ہوا تو وہ استحاضہ قلیلہ ہی اور
حکم اسکا یہ ہی کہ ہر نماز کے لیے وضو علیحدہ علیحدہ کرے اور روئی کو تبدیل بھی کرنا چاہیے اور نزدیک
جناب سید محمد ابراہیم صاحب و سید محمد مصطفی صاحب مجتہد العصر دام ظلہما کے ایک مرتبہ روز غسل
کرے قبل نماز صبح تو بہتر ہی مگر بنا بر شیخ صاحب کے غسل کرنا واجب نہین اور اگر خون روئی سے اندر
داخل ہوگیا لیکن جاری نہو تو وہ استحاضہ متوسطہ ہی اور حکم اسکا یہ ہی کہ اعمال قلیلہ کے غسل

بدلنے روئی وغیرہ کے بجا لا کے ایک غسل نماز صبح کے لیے کرے اور باقی نمازون کو وضو سے پڑھے
اور اگر احتیاطاً دو غسل اور کرے جیسا کہ استحاضۂ کثیرہ مین بیان ہوگا تو کمال احتیاط عمل مین
لائیگی بنا بر فتوی جناب سید محمد ابراہیم و جناب سید مصطفی صاحب مجتہد العصر دام ظلہما کے اور
نزدیک جناب شیخ صاحب دام ظلہ کے استحاضۂ متوسطہ مین ایک غسل کافی ہے اور اگر خون روئی
کو تر کر کے باہر کپڑے تک پہونچا ہو تو یہ استحاضۂ کثیرہ ہے یہ عورت بھی اعمال قلیلہ و متوسطہ
کے بجا لا کے دو غسل زیادہ کرے یعنی ایک غسل واسطے نماز ظہر و عصر کے اور ایک غسل نماز مغرب
و عشا کے لیے کرے اور نماز ظہر و عصر کے درمیان مین فاصلہ نہ کرے اور اسی طرح نماز مغرب و عشا
کو بلا فاصلہ پڑھے — چوتھا غسل نفاس کا ہے اور نفاس اسکو کہتے ہین کہ خون بعد لڑکا پیدا ہونے کے
یا اسقاط حمل مین اگرچہ مضغہ و علقہ ہو رحم عورت سے آتا ہے اور اقل کی اسکے کچھ مدت نہین
ہے بلکہ اگر ایک لحظہ آکے موقوف ہو جاوے اسے بھی نفاس کہینگے اور اکثر مدت اسکی دس دن
ہے بنا بر مشہور کے اور احوط یہ ہے کہ وہ عورت اگر صاحب عادت مستقرہ ہو ایام عادت کو نفاس
قرار دیوے اور باقی اکیس دن تک عمل استحاضہ کا بجا لاوے اور نماز و روزہ بہ نیت قربت عمل
مین لاوے اور احتیاطاً جو روزہ کہ بعد عادت کے رکھا ہے قضا کرے اور جو چیز حائض پر حرام ہے
مثل مقاربت و مس قرآن و پڑھنا سورۂ عزائم وغیرہ کے وہ صاحب نفاس پر بھی حرام ہے

استحاضۂ کثیرہ

غسل نفاس

التماس مولف رسالہ

بخدمت اکمل العلماء افضل الفضلاء قبلہ و کعبہ جناب سید نواب جان صاحب ادام ظلہ
عرض یہ ہے کہ بیان طہارت سے یہانتک جو کچھ مین نے لکھا ہے عمل اسپر صحیح ہے یا نہین

جواب

ان اوراق کو جو حسب طلب جناب فضائل مآب جناب مولوی سید محمد تقی صاحب دام فضلہ
و توفیقہ نے جن کتابون سے تحریر فرمایا حقیر نے ان
نسخون سے مقابلہ کیا سب موافق ہے عمل اسپر صحیح ہے

دستخط احقر الحاج سید نواب جان

مجتہد العلماء افضل الحکام مولوی سید نواب جان

فصل (۱۸) در بیان احکام وضو مع ادعیہ وضو و ثواب وضو

پس نماز واجب کے لیے وضو واجب ہوتا ہے اور نماز سنتی کے لیے سنت ہے اور واسطے طواف
واجب کے واجب اور سنتی طواف کے لیے سنت ہے اور چھونا قرآن شریف کا حرفون کا چھونا حرام ہے خواہ
حدث اصغر ہو اور ہو خواہ حدث اکبر [illegible] نہیں [illegible] پس جو [illegible] واجب ہے [illegible]
یا عمدہ یا قصد ہے کہ وضو واجب ہو تو اس کو پہلے نیت کرنا ہے اور نیت سے قصد کرنا فعل کا ہے واسطے
رضائے خدا کے نہ بقصد ریا و غیرہ کے پس چاہیے کہ جو عبادت کرے واسطے خوشنودی خدا کے کرے والا
عبادت سے کچھ فائدہ نہیں بلکہ مردود درگاہ الٰہی ہے اور قصد رفع حدث یا استباحت صلوٰۃ کا کچھ
ضرور نہیں اور قصد واجب و سنت کا بھی کچھ ضرور نہیں یہی قول جناب شیخ صاحب کا ہے بلکہ اگر [illegible]
کرے کہ وضو کرتا ہوں میں قربۃً الی اللہ یہی کافی ہے اور اگر ساتھ قصد قربت کے قصد رفع حدث و وجوب
و استباحت صلوٰۃ کرے تو مضر بھی نہیں ہے بلکہ اولیٰ ہے اور تا فراغ وضو قصد خلاف نیت وضو نہ کرے
دوسرے واجب ہے منہ کا دھونا ابتدائی جگہ اگنے بال سے آخر ٹھوڑی تک طول میں اور عرض میں
اسقدر دھونا ہے کہ بیچ کی انگلی اور انگوٹھا گھیرے اور گھنی داڑھی کے اندر پانی پہونچانا ضرور نہیں
مگر [illegible] داڑھی ہو تو اسکے نیچے پانی پہونچانا ضرور ہے تیسرے دھونا دونوں
ہاتھوں کا کہنی سے سر انگلیوں تک واجب ہے اس طرح سے کہ پہلے دہنے ہاتھ کو بعد اسکے بائیں ہاتھ
کو دھووے اور اگر ناخن بڑھ گئے ہوں [illegible] نیچے پانی پہونچانا [illegible]
[illegible] کو دور کرنا [illegible] مسح سر کا [illegible] واجب ہے یعنی جسکو [illegible]
میں [illegible] عرض و طول میں مسح کرنا سنت ہے [illegible]
[illegible] کافی ہے [illegible]
[illegible] وضو [illegible]
[illegible] کرنا نہیں چاہیے [illegible]
[illegible]

دھونا باطل ہی اگر حالت اضطرار میں مثل گرمی وغیرہ کے آب جدید سے مسح کرنا صحیح و درست ہو مگر اسکے
ساتھ تیمم بھی کر لے تو احتیاط ہی اگر اعادہ وضو سے کوئی مانع شرعی ہو والا وضو از سر نو کرالا [illegible]
اور تیمم کی حاجت نہیں ہے [illegible] جناب شیخ صاحب مد ظلہ کا ہے [illegible] وضو میں ترتیب [illegible]
یعنی پہلے منہ کو دھووے اور بعد اسکے سیدھے ہاتھ کو اور بعد اسکے بائیں ہاتھ کو اور بعد سر کا
مسح کرے بعد اسکے سیدھے پاؤں کا اور بعد اسکے بائیں پاؤں کا مگر بعض علما نے دونوں
پاؤں کے مسح میں ترتیب کو لازم نہیں جانا ہے لیکن رعایت ترتیب میں احتیاط ہے ساتویں
موالات ہے یعنی بے فاصلہ کے [illegible] کہ ایک عضو کے بعد دوسرے عضو کو دھووے اسطرح پر کہ تری
اعضائے سابقہ کی قبل دھونے عضو لاحق کے خشک نہ ہو جاوے پس اگر عمداً تاخیر کریگا تو وضو اسکا
باطل ہے [illegible] ہوگا پس لازم ہے کہ اثناء وضو میں سوائے وضو کرنے کے دوسرے کام میں
مشغول نہ ہو [illegible] تمام [illegible] کہ انکا جاننا ضرور ہے [illegible]
[illegible] کسی اعضائے وضو میں زخم یا دمل ہو [illegible] پٹی لگی ہو اور پانی [illegible] ضرر ہو
تو [illegible] کو نہ دھووے بلکہ [illegible] مسح کرنا لازم ہے خواہ [illegible] مسح کا ہو خواہ دھونے کا اور اگر وہ جگہ پاک ہو
تو [illegible] دھووے [illegible] اور اگر وہ نجس ہو [illegible] ایک [illegible] مسح کرے اور اگر کوئی عضو لاحق
ہو [illegible] پانی پہونچنے کا [illegible] تو [illegible] مسح کرے اگر [illegible] والا
[illegible] اعضاء وضو کو [illegible] مسح کا بھی یہی حکم ہے [illegible]
[illegible] اگر [illegible] اجرت [illegible] زیادہ طلب کرے
تو [illegible] اجرت [illegible] واجب نہیں بلکہ [illegible] تیمم کرے [illegible] پانی وضو کا مباح ہو یعنی اپنی ملک سے
ہو [illegible] غصبی پانی سے وضو صحیح نہیں ہے اگر کوئی [illegible] سے پانی گرم کرکے وضو کرے تو [illegible] صحیح
ہے مگر گنہگار ہوگا اور مکان وضو کا بھی مباح ہونا احوط ہے [illegible] کہ اگر کوئی شخص افعال
وضو میں سے کسی فعل میں شک کرے پس اگر وضو سے فارغ نہوا ہو تو چاہیے کہ جس عضو میں شک
ہوا ہے اسکو [illegible] دھووے [illegible] بعد وضو کرے [illegible] کہ اگر شک [illegible] ہوا ہے تو اسکا اعتبار نہ کرے لیکن شرط یہ ہے

کہ وضوء کرنے والا کثیر الشک ہو واسطے کہ کثیر الشک کا اعتبار نہیں ہے مگر جب مسح کرنے میں شک ہو
تو پہلی صورت میں بجا لاوے اگر اعضا سے وضو خشک ہو گئے ہوں سوا اسکے دوبارہ وضو کرنا احوط ہے
پانچویں یہ کہ حدث میں شک ہوا اور طہارت میں یقین تو طہارت کرنیکی حاجت نہیں لیکن اس صورت میں کہ
حدث میں یقین ہو اور طہارت میں شک ہو تو طہارت ضرور ہے اور اگر طہارت اور حدث دونوں کا یقین ہو
مگر یہ شک ہو کہ آخر میں کون واقع ہوا تو البتہ طہارت لازم ہوگی اور مراد طہارت سے وضو و غسل و تیمم ہے اور دوبارہ وضو
کرنا رفع بلکہ مستحب ہے اور پہلے وضو کے مسواک کرنا بھی مستحب ہے اور جس وقت ہاتھ پر پانی ڈالے بسم اللہ
کہے اور منہ کے دھونے میں بھی بسم اللہ کہنا مستحب ہے کہ حدیث میں ہے کہ اگر بسم اللہ کہے تمام بدن پاک
ہو جاویگا اور اگر نہ کہے تو وہی موضع وضو پاک ہوگا اور وضو کی ابتدا کے وقت بسم اللہ بھول جاوے تو
درمیان میں کہے اور ایسے ہی جبکہ عمداً ترک کرے وضو کے درمیان میں کہے اور اگر پیشاب کرنے کے
تو ایک مرتبہ گٹے سے دونوں ہاتھوں کو دھووے اور اگر بول یا غائط کے بعد ہو تو دو مرتبہ دھونا چاہیے اور پھر
اسکے تین مرتبہ کلی کرے اور بعد کو تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالے اور انگلی بھی ناک کے نتھنوں میں ڈالے
واسطے دور ہونے چرک و کثافت کے اور مستحب ہے کہ پانی میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے بسم اللہ کے بدلے
یہ دعا بھی کافی ہے اور وہ یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ
التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَہِّرِیْنَ اور یہ دعائیں کہ ہر فعل وضو میں ہیں
انکا پڑھنا ثواب عظیم رکھتا ہے چنانچہ حدیث میں وارد ہوا ہے کہ جناب امیر نے ایک دن محمد ابن
حنفیہ سے فرمایا کہ پانی وضو کے لیے لا اور جب لائے حضرت نے دو مرتبہ ہاتھ دھویا اور تین مرتبہ کلی کی
اور تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا اور فرمایا کہ اے محمد جو شخص کہ وضو کرے مثل میرے وضو کے اور یہ دعائیں
پڑھے جیسے کہ پانی زمین پر گریگا عوض ہر قطرہ کے حق تعالی ایک فرشتہ پیدا کریگا کہ وہ واسطے وضو
کرنے والے کے تسبیح کیا کریگا پس وقت ہاتھ دھونے کے یہ دعا پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ الْمَاءَ طَہُوْرًا وَلَمْ یَجْعَلْہُ نَجِسًا اور کلی کرنے کے
وقت یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ لَقِّنِّیْ حُجَّتِیْ یَوْمَ اَلْقَاکَ وَاَطْلِقْ لِسَانِیْ بِذِکْرِکَ

وشکر لک اور جب ناک میں پانی ڈالے تو یہ کہے اَللّٰہُمَّ لَا تُحَرِّمْ عَلَیَّ طَیِّبَاتِ الْجَنَّۃِ وَاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ یَشُمُّ رِیْحَہَا وَرَوْحَہَا وَرَیْحَانَہَا وَطِیْبَہَا اور وقت منہ دھونے کے اَللّٰہُمَّ بَیِّضْ وَجْہِیْ یَوْمَ تَسْوَدُّ فِیْہِ الْوُجُوْہُ وَلَا تُسَوِّدْ وَجْہِیْ یَوْمَ تَبْیَضُّ فِیْہِ الْوُجُوْہُ اور حدیث میں آیا ہے کہ آب وضو کو اندر آنکھوں کے پہنچاوے کہ آتش جہنم کو نہ دیکھے اور سیدھا ہاتھ دھوتے وقت یہ پڑھے اَللّٰہُمَّ اَعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ وَالْخُلْدَ فِی الْجِنَانِ بِیَسَارِیْ وَحَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا اور بائیں ہاتھ کے دھوتے وقت یہ دعا پڑھے اَللّٰہُمَّ لَا تُعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَلَا مِنْ وَّرَاءِ ظَہْرِیْ وَلَا تَجْعَلْہَا مَغْلُوْلَۃً اِلٰی عُنُقِیْ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ مُّقَطَّعَاتِ النِّیْرَانِ اور وقت مسح سر کے یہ دعا پڑھے اَللّٰہُمَّ غَشِّنِیْ بِرَحْمَتِکَ وَبَرَکَاتِکَ وَعَفْوِکَ اور وقت مسح پاؤں کے یہ دعا پڑھے اَللّٰہُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَیَّ عَلَی الصِّرَاطِ یَوْمَ تَزِلُّ فِیْہِ الْاَقْدَامُ وَاجْعَلْ سَعْیِیْ فِیْمَا یُرْضِیْکَ عَنِّیْ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اور بعد فارغ ہونے وضو کے یہ دعا پڑھے اَللّٰہُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ وَتَمَامَ الصَّلٰوۃِ وَتَمَامَ رِضْوَانِکَ وَالْجَنَّۃَ اور حدیث میں ہے کہ جو کوئی سورۂ انا انزلنا وضو میں پڑھے گناہوں سے یوں خارج ہو جاویگا کہ جیسے ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا بعض علماء نے فرمایا ہے کہ اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ کو تین بار اول اور بیچ میں اور آخر وضو میں پڑھے اور بعض حدیثوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وضو کے بعد تین بار مستحب ہے تاکہ اسکو نہ کروں میں لکھیں اور پڑھنا آیۃ الکرسی کا بعد وضو کے ایسا ہے کہ چالیس برس کی عبادت کا ثواب اسکو دیا جاتا ہے اور چالیس درجے واسطے اسکے حق تعالیٰ بلند کرتا ہے اور چالیس حوریں اسکے ساتھ تزویج کریگا تحفۃ الصالحین میں ہے کہ جس وقت وضو کرے بسم اللہ کہے تو تمام بدن اسکا مثل غسل کے پاک ہوتا ہے گویا غسل کیا ہے اور یہ وضو کفارہ اسکے گناہوں کا ہوتا ہے تا وضو دوسرے تک اور اگر بسم اللہ نہ کہے تو صرف [illegible] پانی پہنچا ہے پاک ہوتے ہیں [illegible]

اگر جاتے ہیں اور شیطان دور ہوتا ہے اور جسوقت کلی کرتا ہے خداے تعالی اُسکے دل و زبان کو حکمت
سے منور کرتا ہے اور جسوقت ناک میں پانی ڈالتا ہے تو خداے تعالی اُس ناک سے بوے آتش نہیں
سنگھواتا اور جب منھ کو دھوتا ہے تو جو گناہ کہ آنکھ اور منھ سے کیے ہوں خداے تعالی وہ سب دور کر دیتا ہے
اور روز قیامت میں خداے تعالی اُسکو روسفید محشور کریگا اور جسوقت کہ دونوں ہاتھوں کو
دھوتا ہے تو جو گناہ کہ ہاتھ سے کیے ہیں وہ سب خداے تعالی بخشدیتا ہے اور زنجیرہاے آتش دوزخ کو
اُسپر حرام فرماتا ہے اور جسوقت مسح کرتا ہے خداے تعالی اُسکو گناہوں سے پاک کرتا ہے اور جس وقت کہ
نماز صبح کے لیے وضو کرے تو وہ وضو اُن گناہوں کا کفارہ ہوتا ہے جو رات دن میں کیے ہیں سوا اسکے
گناہان کبیرہ کے اور جب نماز شام کے لیے وضو کرے تو وہ وضو کفارہ اُن گناہوں کا ہوتا ہے جو
دن میں کیے ہیں سوا گناہان کبیرہ کے اور حدیث میں ہے کہ جو کوئی سونے کے وقت با وضو ہو کے
سو رہے تو ایسا ہے کہ جاگنے کے وقت تک عبادت میں رہا ہو۔ دوسری حدیث میں ہے کہ جناب
رسولخدا صلعم نے فرمایا کہ جسنے وضو کیا اور اپنے منھ کو دھویا تو گناہ اُسکے دور ہو جاتے ہیں منھ کے اور ہاتھ
دھونے میں ہاتھوں کے گناہ دور ہوتے ہیں اور مسح کرنے میں سر کے گناہ دور ہو جاتے ہیں اور جبکہ پاؤں کا مسح
کرتا ہے یا تقیہ کی حالت میں دھوتا ہے تو پاؤں کے گناہ دور ہوتے ہیں اور جو کوئی اول وضو میں بسم اللہ کہے تمام
اعضا گناہوں سے پاک ہو جاتے ہیں اور جبکہ وضو کے بعد اس دعا کو پڑھے تو گناہ اُسکے ایسے گرتے ہیں جیسے درخت کے
پتے اور وضو کے قطروں میں ہر قطرے سے گرد عرش خدا ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے کہ خدا کی تسبیح و تقدیس و تہلیل و تکبیر کہتا ہے
اور درود پڑھتا ہے اور ثواب اُسکا وضو کرنے والے کے لیے ہوتا ہے پس خدا حکم کرتا ہے وضو اور غسل کے
ایک ورق میں لکھے جانیکا پھر اُسپر مہر کیجاتی ہے خدا کی مہروں میں سے اور آسمان پر لیجاتے ہیں اور رکھا جاتا ہے
عرش کے نیچے ایسے مکان میں کہ چور اُسکو نہیں لے سکتا اور کیڑے نہیں کھا سکتے اور دشمن قابو
نہیں پا سکتے جب تک اُسکو دیا جاوے وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوْبُ
إِلَيْكَ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ

وَاَشْهَدُ اَنَّ عَلِیًّا وَلِیُّكَ وَخَلِیْفَتُكَ بَعْدَ نَبِیِّكَ عَلٰی خَلْقِكَ وَاَنَّ اٰبَاۤئَهٗ اَوْلِیَاۤئُكَ اور جو شخص دائم الحدث ہو کہ جسکا ہر وقت پیشاب جاری رہتا ہو تو اُسے ہر نماز کے لیے وضو بنابر قول احوط کے لازم ہے اور اسی طرح عورت صاحب استحاضہ بھی ہر نماز کے لیے وضو کریگی

فصل (۱۹) وضو کے مکروہات میں

ذخیرۃ المعاد میں جناب شیخ صاحب رحمہ اللہ نے بیان فرمایا ہے کہ مکروہات وضو بہت ہیں اول دوسرے سے مدد لینا اور پانی کنوئیں سے کھنچوانا یا گرم کروانا اور مثل اسکے ضرر نہیں رکھتا ہے جیسے ترک اسکا بہتر ہے دوسرے تیسرے وضو اس پانی سے جو آفتاب سے اپنے ظرف میں گرم ہوا ہو جیسے کہ جس سے درست کیا جاتا ہے مثل تانبے اور لوہے اور پیتل کے کہ جلد گرم ہوتا ہے نہ مثل مٹی کے برتن کے اور مانند اسکے اس شرط سے کہ گرمی اسکی باقی ہو نہ یہ کہ سرد ہو گیا ہو اگرچہ مطلق پانی گرم شدہ سے اجتناب اولی ہے خواہ برتن میں خواہ کسی اور چیز میں مثل حوض وغیرہ کے اگرچہ آپ ہی آفتاب سے گرم ہوا ہو نہ اسکی جانب سے زمان بارد و عربستان میں اجتناب اس پانی سے نہایت مستحسن ہے جو حرارت آفتاب سے گرم ہوا ہو چوتھے وضو اس پانی سے جو غسل واجب کا دھوون جمع ہوا ہو وہاں مستحب غسلوں کے دھوون کی کراہت معلوم نہیں پانچویں وضو اس پانی سے کہ جسمیں ایک نجاست کی بو آگئی ہو یا تغیر ہو چھٹے وضو اس کنوئیں کے پانی سے جو نجس ہوا ہو اور اسمیں سے بموجب حکم شرعی پانی نہ نکالا گیا ہو ساتویں وضو اس تھوڑے پانی سے کہ اسمیں سانپ اور بچھو اور چھپکلی گر گئی ہو ساتویں وضو اس پانی سے جسکو اس حائض نے چھوا ہو جو نجاست سے پرہیز نہ کرتی ہو بلکہ ہر حائض کے چھوئے ہوئے پانی سے بلکہ جو کوئی نجاست سے پرہیز نہ کرے اگر پانی اُسنے چھو لیا ہو اولی یہ ہے کہ اس پانی سے وضو نہ کرے آٹھویں وضو کرنا اس پانی سے جسکو مخالف یا ولد الزنا کا ہاتھ لگا ہو نویں وضو کرنا بلی اور چوہا اور گھوڑا اور خچر اور نجس کھانے والے اور مردار کھانے والے جانور کے چھوئے پانی سے بلکہ ہر حرام گوشت جانور کے چھوئے پانی سے دسویں وضو کرنا مسجد میں جاکر واسطے رفع ہونے اس حدث کے جو مسجد میں واقع ہوا ہو

ہاں مثلاً اگر مسجد میں سو گیا ہو یا اور کچھ حدث واقع ہوا ہو تو مسجد میں وضو کر لینا ضرر نہیں ہے لکھنا
بلکہ بہتر ہے اور مکروہ ہے صحن مسجد میں اور ان حوضوں میں جو مسجد میں وضو کے لیے بنائے گئے ہوں
ثابت نہیں ہے [illegible] بلکہ ہر مکان شریف کا ملانا اس کا حکم ہے
گیارہویں خشک کرنا آب وضو کا دامن و آستین وغیرہ سے بلکہ مطلق خشک کرنا آگ یا آفتاب سے
اس واسطے کہ حدیث میں ہے جو کوئی رومال سے وضو کی تری کو خشک کر ڈالے [illegible]
اور اگر رومال سے نہ سکھا ڈالے یہاں تک کہ خود سوکھ جاوے تو [illegible]
ہیں اگرچہ اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ خشک کرنا موجب نقصان ثواب ہے اور مکروہ ہے معلوم
نہیں ہوتی لیکن چونکہ [illegible] بہتر ہے [illegible]
ایسی جگہ وضو کرنا جہاں استنجا کیا ہو بلکہ جس مکان میں [illegible]
اجتناب چاہیے تیرہویں وضو ظرف طلا کے [illegible] یعنی ملمع [illegible] برتن سے
یا اس برتن سے کہ جس میں صورت حیوان کی منقش ہو چودھویں گرانا وضو کے پانی کا
بعد وضو کے اور جھاڑنا پندرہویں اسراف کے طور پر یعنی اسقدر [illegible]
وضو کرنا کہ ترک اسکا اولی ہے سولہویں زیادہ دقت کرنا وضو کے افعال میں کہ
منشا وسواس کا ہے یعنی ابتدا وسواس کی ہے اور جبکہ وسواس [illegible]
تو حرام ہے نہیں سہل اور آسان کرنا بہتر ہے سترھویں گھنے بالوں میں [illegible]
بالوں کا جلد پر پانی پہونچانے کے لیے یا کسی اور جگہ کے بالوں کا جہاں کہ جلد کا دھونا ساقط ہے
اٹھارہویں بیجا خرچ کرنا وضو کے پانی کا اس واسطے کہ فرشتہ لکھتا ہے اسکو چنانچہ حدیث
میں ہے کہ خدا کا ایک فرشتہ ہے کہ وہ بیجا خرچ کرنا وضو کے پانی کا لکھتا ہے بلکہ وضو کے
پانی کو ایک مد مقرر رکھا ہے اور مد ایک سو چون مثقال صیرفی کا ہوتا ہے اور ہر مثقال کا
ساڑھے چار ماشہ کا ہوتا ہے اور ہندوستان کے حساب سے بحساب روپیہ انگریزی [illegible]
اور تین ماشہ سے کچھ کم ہوتا ہے تمام ہوئی عبارت ذخیرۃ المعاد کی

فصل (۲۰) نواقض وضو میں

نواقض وضو یعنی اُن چیزوں سے کہ وضو ٹوٹ جاتا ہے وہ آٹھ ہیں پہلے بول [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] نکلے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] استمنا یعنی منی نکالنا [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] بیہوشی [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] سے وضو ٹوٹ جاتا ہے

فصل (۲۱) فضائل مسواک میں

جمال الصالحین میں ائمہ اہلبیت طاہرین سے مروی ہے کہ وقت وضو کرنے کے مسواک کرنا مستحب ہے اگرچہ انگلی سے ہو اور حدیث میں آیا ہے کہ ایک رکعت نماز ساتھ مسواک کے افضل ہے ستر رکعت سے کہ جو بغیر مسواک کے ہو اور مروی ہے کہ مسواک کرنا قبل وضو کے چاہیے [illegible] [illegible] کو وضو [illegible] مروی ہے کہ مسواک کرنا سنت انبیا صلوات اللہ علیہم اجمعین ہے اور مسواک کرنے میں بارہ فائدے ہیں اول مسواک کرنا منہ کو پاک کرتا ہے دوسرے آنکھوں کو روشن کرتا ہے [illegible] خدا [illegible] [illegible] [illegible] دانتوں کو سفید کرتا ہے [illegible] دانتوں کی [illegible] کرتا ہے [illegible] فرشتوں کو [illegible] [illegible] زیادہ کرتا ہے [illegible] بلغم کو دفع کرتا ہے [illegible] قوت حافظہ کو زیادہ کرتا ہے [illegible] [illegible] [illegible] اور مروی ہے [illegible] پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] وقت [illegible] [illegible] [illegible] نماز [illegible] سے

فصل (۲۲) تیمم میں

تیمم میں کئی چیزیں [illegible] پہلے یہ ہے کہ اگر [illegible] [illegible] [illegible] پانی [illegible] [illegible] [illegible] تیمم [illegible] [illegible]

پانی ہو کہ وضوء کر سکتا ہو اور غسل ممکن نہ ہو تو وضوء کرے اور غسل کے عوض تیمم کرے پس جبکہ بے پانی
موجود نہ ہو واسطے غسل یا وضوء کے تو پانی کا تلاش کرنا اسپر واجب و لازم ہے بقدر وسع و طاقت
کے اور اگر خود ممکن نہ ہو تو کسی کو اپنی طرف سے نائب واسطے تلاش کرنے پانی کے مقرر کرے اگر نائب
عادل ہو تو بہتر ہے ورنہ جسکو چاہے نائب کرے اگرچہ باجرت ہو اور نائب کرنا واجب ہے اگر ممکن ہو ورنہ
نیابت ساقط ہے پس اگر زمین برابر ہے تو دو تیر کے پہنچنے تک تلاش کرنا پانی کا لازم ہے اور اگر ناہموار ہو تو ایک تیر
کے پہنچنے تک اور جس طرف پانی کا نہ ہونا ثابت ہو تو اس طرف تلاش ساقط ہے اور اگر بقدر واجب کے جستجو سے آپ
میں قصور کرے اور تیمم کرکے نماز پڑھیگا اس صورت میں لازم ہے کہ جب پانی میسر آئے وضو یا غسل کرکے اس
نماز کا اعادہ کرے اگر وسعت وقت میں نماز پڑھی ہوگی اور اگر وقت تنگ میں تیمم کرکے نماز پڑھے
تو اعادہ احوط ہے اور اگر وقت نماز کا تنگ ہو اور وضو یا غسل کرنے سے خوف ہو کہ نماز
کا وقت جاتا رہیگا تو بہ نیت قربت تیمم کرکے نماز پڑھے اور پھر احتیاطاً اعادہ بھی کرے اور
یہی حکم ہے کہ جس وقت ازالہ نجاست کرنے میں خوف فوت نماز کا ہو تو بغیر ازالہ کے تیمم کرکے نماز بجا لاوے
اور پھر اعادہ بھی کرے۔ دوسرے یہ کہ پانی موجود ہو مگر استعمال سے اسکے مرض کے بسبب ضرر ہو
یا خوف مرض کے پیدا ہونے کا ہو ایسی صورت میں تیمم کرکے نماز پڑھیگا یا پانی موجود ہو مگر وضوء
یا غسل کرنے میں پانی کے صرف سے احتمال تشنگی کا ہو کہ زمانہ آیندہ میں پانی میسر نہ آویگا خواہ
واسطے انسان کے خواہ واسطے حیوان کے یا بسبب بُعد کے پانی تک پہونچنا ممکن نہ ہو یا بسبب
ضعف اور ناتوانی یا ضعف پیری کے یا تنگی وقت کے پانی تک نہیں پہونچ سکتا
یا خوف جان و مال یا آبرو کا پانی کے ملنے میں ہے یا پانی موجود ہے مگر بقیمت ملتا ہے اور یہ شخص
قیمت نہیں رکھتا یا قیمت اسکی مقدور سے زیادہ ہے یا پانی کنوئیں میں ہے مگر رسی نہیں ہے
کہ اس سے پانی کھینچے یا قیمت رسی کی یا کرایہ موجود نہیں ان سب صورتوں میں تیمم
کرکے نماز پڑھنا جائز ہے اور جس وقت کہ بدلے جنابت کے تیمم کیا ہو اور بعد اسکے حدث اصغر
اس سے صادر ہوا ہو اور پھر چاہے کہ نماز کے لیے تیمم کرے اور عذر اسکا برطرف نہ ہوا ہو تو

تیمم پہلے جنابت کے کرے خواہ بعد حدث کے تیمم کرے لیکن جس شخص کو پانی اور خاک ایک سا بھی
طہارت کے لیے ممکن نہ ہو تو اجود یہ ہے کہ نماز کو بے تیمم و وضو کے بجا لاوے اور جب طہارت ممکن ہو
تو بہ نیت قربت اسکی قضا بجا لاوے اور قبل دخول وقت نماز کے تیمم صحیح نہیں ہے اور اس
مسئلہ میں کچھ خلاف نہیں لیکن تنگی وقت میں اتفاق ہے اور تیمم سے نماز صحیح ہے مگر
وسعت وقت میں اختلاف ہے اور بنا بر تحقیق کے وسعت میں صحیح ہے جس وقت کہ رفع عذر
کی امید رکھتا ہو مگر چاہیے کہ تیمم کو آخر وقت میں کرے اگر جانتا ہو کہ آخر وقت میں پانی
ممکن ہوگا اور اگر تیمم اور چیزوں کے لیے مثل قرأت قرآن یا نماز نوافل یا نماز قضا کے لیے
کرے ایسی صورت میں اگر تیمم باقی ہو درمیان وقت میں نماز پڑھ سکتا ہے اور جس چیز سے غسل یا
وضو ٹوٹ جاتا ہے تیمم بھی اس سے ٹوٹ جاتا ہے اگر تیمم کر کے نماز پڑھ لیا اور ابھی نماز نہیں
شروع کی کہ پانی ہاتھ آگیا ہیں تیمم اسکا ٹوٹ جاویگا بقدر پانی ہو وضو یا غسل کے لائق جو ہو
یا غسل اسپر واجب ہو جاویگا مگر جب نماز کا وقت تنگ ہو اور اسکو علم ہو کہ اگر غسل یا وضو
کریگا تو وقت نماز کا جاتا رہیگا تو ایسی صورت میں تیمم سے نماز پڑھے اور [illegible] بعد نماز کے
اعادہ غسل یا وضو کرے اور اگر وقت نماز کا تنگ ہو کہ وضو یا غسل کرنے سے نماز فوت ہو جاوے
تو تیمم کرے اور نماز پڑھ لے [illegible] وہ شخص گنہگار ہوگا اور اگر بعد نماز پڑھنے کے پانی ہاتھ آئے
تو ضرورت اعادہ صلوۃ کی نہیں خواہ نماز کا وقت باقی ہو خواہ فوت ہو گیا ہو مگر دو صورت
[illegible] وقت [illegible] پانی [illegible] اعادہ نماز کا کرے تو کمال احتیاط ہے اور اگر کوئی شخص تیمم
کر کے نماز شروع کرے اور [illegible] نماز میں اگرچہ بعد تکبیرۃ الاحرام کے پانی میسر آئے تو نماز کو تمام
کرے نماز اسکی صحیح ہے لیکن بعد نماز کے طہارت پانی کی کرے اعادہ نماز کا کرنا احتیاط ہے [illegible]
اگر قبل رکوع کے پانی پہنچا ہو تو بھی نماز کو تمام کرے [illegible] طہارت [illegible] پانی [illegible] دوبارہ نماز پڑھے
[illegible] تیمم کا [illegible]

تیمم میں کئی شرط ہیں

فصل (۲۳) بیان اُن چیزوں کا کہ جن پر تیمم صحیح ہے اور جن پر صحیح نہیں

پس خاک خالص پر تیمم صحیح ہے اور اگر خاک خالص ممکن نہ ہو تو سنگ پر تیمم کرے اگر خاک [illegible] ہو خواہ سفید ہو یا سیاہ ہو یا سرخ ہو یا زرد ہو اور خاک غیر خاک مستقل ہے جیسے [illegible] اور [illegible] پر جائز نہیں بلکہ [illegible] اور [illegible] پر بھی صحیح نہیں بلکہ کپڑے کے غبار یا زین یا [illegible] پر [illegible] اگر اُسمیں علیحدہ غبار کا کرنا ممکن نہ ہو الا غبار کو جمع کر کے تیمم کرے اور اگر غبار بھی نہ ہو [illegible] تو گیلی مٹی پر تیمم کرے اور اگر گیلی مٹی [illegible] ساتھ غبار [illegible] گیلی مٹی [illegible] بنا چارہ تیمم کرے

فصل (۲۴) بیان نیت و ترکیب تیمم

پس نیت تیمم واجب ہے اور قصد بدل و قربت کافی ہے اگرچہ قصد استباحت نماز کا بھی بہتر ہے اور نیت تیمم کی اس وقت کرے کہ دونوں ہاتھ کو اٹھا کر واسطے ضرب لگانے کے ارادہ کرے قربۃً الی اللہ پس فوراً بعد نیت کے دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور بعد اسکے دونوں ہاتھوں سے تمام پیشانی کا یعنی جگہ اُگنے بال سر سے مع ابرووں کے ناک کی جڑ تک مسح کرے اور بعد اسکے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی سے دہنے ہاتھ کی پشت پر مسح کرنا چاہیے بند دست سے سر انگشتان تک اور اسی طرح دہنے ہاتھ کی ہتھیلی سے بائیں ہاتھ کی پشت پر مسح کرنا چاہیے اور تیمم کے لیے ایک ضرب اکثر علما کافی جانتے ہیں مگر نزدیک جناب رئیس العلما سید محمد ابراہیم صاحب و جناب سید محمد مصطفیٰ صاحب و جناب علی محمد صاحب مجتہد العصر دام ظلہ کے بدلے غسل کے دو ضرب پہلی بہ نیت وجوب اور دوسری بہ نیت قربت لگانا چاہیے لیکن احتیاط زیادہ اسمیں ہے کہ تین ضرب زمین پر لگائے ایک واسطے پیشانی کے اور دوسری سیدھے ہاتھ کے واسطے اور تیسری بائیں ہاتھ کے واسطے

فصل (۲۵) احکام مکان مصلی میں

پس مکان مباح ہونا چاہیے اگر کوئی شخص مکان غصبی میں یا بغیر اجازت صاحب مکان کے نماز پڑھے تو نماز اسکی باطل ہوگی اور اجازت کی کئی قسمیں ہیں پہلی اجازت صریح ہے یعنی کوئی شخص کہے کہ

میرے مکان میں نماز پڑھو۔ دوسری اجازت عرفی یعنی کوئی شخص اجازت مکان میں رہنے کی دے
پس اجازت نماز کی ضرورت نہیں تیسرے اجازت شاہد حال ہے مثل صحرا و باغ وغیرہ کے کہ مالک جانے کو
منع نہیں کرتا ہے اور قرینہ سے یہ بھی معلوم ہو کہ مالک اسکا نماز پڑھنے کو منع نہیں کرتا ہے پس ایسے
مقام پر نماز بغیر اجازت کے پڑھ سکتا ہے اور اسی طرح سے حکم حمام و کاروان سرا کا ہے
پس زمین غصبی و جانماز غصبی و سقف غصبی پر نماز صحیح نہیں ہے اور اسی طرح تخت غصبی پر بھی
نماز صحیح نہیں خواہ غاصب ہو خواہ غیر غاصب اور اگر غصبیت سے مطلع نہ ہو تو معذور ہے لیکن بعد
علم غصبیت اعادہ نماز احوط ہے خصوصاً جب کہ وقت نماز باقی ہو اور اگر کوئی علم غصب کا رکھتا
تھا مگر وقت پڑھنے نماز کے فراموش کر گیا اور نماز پڑھ لی پس ایسی صورت میں نماز اسکی ظاہراً درست
ہے لیکن اگر اعادہ اس نماز کا کرے بہتر ہے اور اسی طرح جائے سجدہ کا پاک ہونا شرط ہے مگر مصلے کی جگہ
کا پاک ہونا کچھ ضرور نہیں اگر خشک ہو اور باعث تعدی نجاست کا بدن اور کپڑے کی طرف نہ ہو

فصل (۲۶) بیان احکام نماز مرد و زن کے ایک مکان میں

جس وقت مرد و عورت ایک مکان میں نماز پڑھیں پس چاہیے کہ عورت پیچھے ہو اور مرد آگے اور
اگر عورت آگے ہو اور مرد پیچھے تو نماز مرد کی باطل ہو جائیگی خواہ عورت محرم ہو یا نامحرم البتہ درمیان
مرد و عورت کے فاصلہ دس ہاتھ کا ہو یا داہنے یا بائیں جانب ہوں تو دونوں کی نماز صحیح ہوگی اور
اگر کوئی عورت کسی مرد کے پاس نماز پڑھے اور مرد بھی نماز پڑھتا ہو اور درمیان میں انکے
کوئی چیز حائل نہ ہو اور دس ہاتھ کا فاصلہ بھی نہ ہو تو بنابر قول اکثر فقہا کے حرام ہے لیکن اگر ایسے
مکان میں ہوں کہ فاصلہ دس ہاتھ کا متصور نہ ہو اور کوئی ایسی چیز بھی نہ ہو کہ اسکو حائل کرے
اور وقت نماز کا بھی تنگ ہو تو ایسی صورت میں اگر دونوں آگے پیچھے نماز پڑھیں اگرچہ عورت بھی
آگے ہو تو اسکی اور درست دونوں جاتی رہتی ہیں بہتر یہ کہ عورت کا پیچھے ہونا کسی طرح سے
ممکن نہ ہو اور احتیاط یہ ہے کہ پھر دونوں اعادہ نماز کا کریں اور اگر وقت وسیع ہو تو پہلے مرد نماز کو ادا
کرے اور بعد اسکے عورت اگر ملک مکان میں دونوں مساوی ہوں اور اگر ملک عورت کی ہو

تو یا دونون اسکی اجازت کے مرد پہلے نماز نہ پڑھیگا اور اگر دونون نماز پڑھتے ہون اور کوئی شے درمیان مین مثل تختہ یا پردہ وغیرہ کے حائل ہو تو نماز انکی صحیح ہے یہ مین مردون کو سنت ہے کہ نماز مسجدون مین بجا لائین اور عورتون کے لیے اولی یہ ہے کہ نماز کو گھر مین ادا کرین خواہ وہ اجنبیہ ہو خواہ سنت

فصل (۲۷) بیان مکروہات مکان مصلی مین

مکروہ ہے نماز پڑھنا حمام مین اور مقابر مین اور اس مکان مین پڑھنا مکروہ ہے کہ شراب یا اور نشہ کی چیز رکھی ہو یا جس مکان مین کہ تصویر ذی روح اور سایہ دار ہو یا چراغ یا آگ آگے روشن ہو یا قرآن آگے کھلا رکھا ہو اور بعضے تصویر ذی روح مجسم کا ہونا باعث بطلان نماز جانتے ہین مگر یہ ثابت نہین اور تصویر ذی روح غیر سایہ دار کا ہونا مثل نقوش وغیرہ کے خالی کراہت سے نہین خصوصاً جبکہ سامنے ہو اور پشت کی طرف ہونے سے یا پردہ ڈالدینے سے یا تصویر کا رخ پلٹ دینے سے کراہت زائل یا کم ہو جاتی ہے اور تصویر غیر ذی روح مجسم ہو یا غیر مجسم کراہت اسکی ثابت نہین اور مشترک تصویر ذی روح و غیر ذی روح حکم مین تصویر ذی روح کے ہے اور تصویرین ملائکہ اور جنکی کہ متشکل ذی روح ہون حکم مین ذی روح کے ہین اور آئینہ کی صورت پر حکم تصویر ثابت نہین پس اگر نماز پڑھنے مین آئینہ سامنے رکھا ہو اور اسمین اپنی صورت یا کسی اور کی معلوم ہو تو ظاہراً کراہت نہین اور اسی طرح پشت کی تصویر آئینہ کے ذریعہ سے سامنے معلوم ہو تو کراہت اسکی مثل اس تصویر کے کہ روبرو ہے ثابت نہین اور اولی ان دونون صورتون مین اجتناب ہے اور جناب شیخ صاحب مدظلہ نے بیان مکروہات مکان مصلی مین ارقام فرمایا ہے کہ جن مقامون پر نماز مکروہ ہے وہ بہت ہین اول حمام اور فقہا مین مشہور یہ ہے کہ نماز حمام مین مکروہ ہے اور ہمارے بعض قدماے اصحاب رضوان اللہ علیہم حمام مین نماز پڑھنے کو حرام بتلاتے ہین مثل ابو الصلاح اعلی اللہ مقامہ کے اور یہ قول ضعیف ہے اور یہ حکم ثابت ہے حمام کے اندر یعنی حمام کے اندر نماز حرام ہے مگر مسلخ مین یعنے جس جگہ

کچھ اثار نہ ہون اور اسی طرح سطح حمام مین کراہت ثابت نہین اور شیخ علامہ اعلی اللہ مقامہ نے
حکم کراہت نماز کا سطح مین فرمایا ہے اور سطح حمام سے آگے حجرہ کو کہتے ہین جہان کپڑے اتارتے ہین
دوسرے گھورے پر نماز پڑھنا مکروہ ہے جہان پاخانہ و پیشاب و نجاست ڈالی جاتی ہو اور
ابو الصلاح رض کا فتوی اس مسئلہ مین بھی خلاف مشہور کے ہے اور حکم حرام ہونے نماز کا ایسے
مقام پر فرمایا ہے اور یہ حکم یہان کم سے زیادہ ضعیف ہے اور ایسے مقام پر [illegible] فرمایا تیسرے
نماز پڑھنا مکروہ ہے جہان مصلی کے سامنے پاخانہ پڑا ہو جیسا کہ شہید علیہ الرحمہ نے کتاب ذکری
مین فرمایا ہے چوتھے اصطبل یعنی جہان اونٹ بیٹھتے ہین دوسری بار پانی پینے کو اسلئے
کہ ایک دفعہ پانی پی چکے ہون پانچوین مرابض الخیل یعنی وہ جگہ گھوڑے باندھے جاتے ہین
گھاس کھانے کے لیے اور آرام کرنے کو [illegible]
اور بکریون کے رہنے کی جگہ کی کراہت مشہور ہے مگر [illegible] کراہت معلوم
ہوتی ہے ساتوین چیونٹیون کے رہنے کی جگہ مین نماز مکروہ ہے [illegible] پانی [illegible]
جو مقام بنا ہے گزرگاہ ہون اسی طرح خشک [illegible] نوین شورہ زمین [illegible]
کہ اس پر نماز پڑھنا مکروہ ہے مگر یہ کہ جمی ہوئی ہو نماز پڑھنے والا [illegible] ہوسکے دسوین وہ
مقام جہان آگ جلائی جاتی ہو خواہ وہ عبادتگاہ گبرون کا ہو یا نہو اور جیسے [illegible] سے
جلتی ہوئی آگ کی طرف نماز پڑھنا مکروہ معلوم ہوتا ہے [illegible] کہ وہ آگ [illegible] نماز
ایسی جگہ مکروہ ہے جہان منہ کے سامنے انگیٹھی وغیرہ مین آگ جلتی ہو یا سامنے چراغ یا قندیل
ہو کہ اسمین فتیلہ روشن ہو گیارہوین وہ گھر کہ جہان شراب یا کوئی نشہ کرنے والی چیز ہو خواہ وہ
گھر شراب رکھنے کے لیے بنایا گیا ہو یا نہین بارہوین مجوس اور یہود اور نصاری کے
گھر ہان انکے عبادتخانون مین مشہور یہ ہے کہ نماز مکروہ نہین لیکن اسکے علما مین سے
کچھ لوگ قائل کراہت کے ہوئے ہین اور کہتے ہین کہ پانی چھڑک لینے سے ایسے مقام کی
کراہت دور ہو جاتی ہے اور عمل اس روایت پر تسدید کا ہے لیکن وجہ اسکی معلوم نہین ورنہ

پانی چھینٹے کر [illegible] سے نجس ہو جائیگا اور بعض صورتوں میں وہ نجاست مصلی کے کپڑوں کو نجس کر دیگی اور باعث باطل ہونے نماز کا ہوگی - بارھویں چوڑی راہوں میں نماز کرنا ہے خواہ اسوقت کسو کی راہ چلتا ہو یا نہیں بلکہ راہ چلنے میں جب کوئی مانع ہوگا تو نماز کے وہاں باطل ہونے کا حکم دور نہیں کہ رجحان رکھتا ہو - تیرھویں جہاں حیوان ذبح کیے جاتے ہوں - چودھویں وہ مکان جہاں آدمی یا تصویر کے سامنے خواہ دیوار پر کھنچی ہو خواہ گاؤتکیہ میں ہو لیکن اگر داہنے یا بائیں یا پشت کے پیچھے ہو تو حکم کراہت کا راجح ہے - پندرھویں ایسا مکان کہ مصلی کسی دیوار کی طرف منہ کرے [illegible] بدرو یا پاخانہ کی تری [illegible] ہوئی ہو - سولھویں [illegible] جہاں [illegible] سامنے [illegible] خواہ [illegible] اور [illegible] سترھویں [illegible] مکان [illegible] قبلہ کی سمت دروازہ کھلا ہو [illegible] اٹھارھویں جہاں آگ [illegible] سامنے ہو - انیسویں جہاں [illegible] سامنے کوئی مرد و زن سوتے یا بیٹھے ہوں خواہ [illegible] ہوں - بیسویں کھلے ہوئے قرآن کی طرف نماز پڑھنا مکروہ ہے اگرچہ وہاں [illegible] ہو تو کراہت نہیں - اکیسویں خانہ کعبہ کے اندر یا اسکی چھت پر نماز پڑھنا - بائیسویں قبرستان میں نماز پڑھنا جبکہ کوئی قبر مصلی کے سامنے ہو اگر داہنے یا بائیں یا پشت کے پیچھے قبریں ہوں تو بھی حکم راجح کراہت ہے اور اگر پردہ بیچ میں ہو یا دس ہاتھ کا فاصلہ ہو تو کراہت دور ہو جائیگی - تئیسویں [illegible] مقام ہے [illegible] اصطبل و [illegible] میں نماز پڑھنا [illegible] اور [illegible] میں ہیں اور ایسے ہی ہر ایک [illegible] جنگل میں [illegible] باطل [illegible] چوبیسویں [illegible] پچیسویں ایسے مقام پر جہاں [illegible] پریشان ہو [illegible] سرد زمین [illegible] چھبیسویں [illegible] جہاں مصلی کے سامنے [illegible] کا انبار ہو

کپڑے اتارتے ہیں اور اسی طرح سطح حمام میں کراہت ثابت نہیں اور بحر میں علامہ اعلی اللہ مقامہ نے
حکم کراہت نماز کا مسلخ میں فرمایا ہے اور مسلخ حمام کے اس حجرہ کو کہتے ہیں جہاں کپڑے اتارتے ہیں
دوسرے گھورے پر نماز پڑھنا مکروہ ہے جہاں پاخانہ و پیشاب و نجاست ڈالی جاتی ہو اور
ابوالصلاح کا فتوی اس مسئلہ میں بھی خلاف مشہور کے ہے اور حکم حرام ہونے نماز کا ایسے
مقام پر فرمایا ہے اور یہ حکم پہلے حکم سے زیادہ ضعیف ہے اور ایسے ہی حکم ... نماز
نماز پڑھنا مکروہ ہے جہاں مصلی کے سامنے پاخانہ پڑا ہو جیسا کہ شہید علیہ الرحمہ نے کتاب ذکری
میں فرمایا ہے تیسرے مبارک الابل یعنی جہاں اونٹ بیٹھتے ہیں دوسری بار پانی پینے کو
اسلئے کہ ایک دفعہ پانی پی چکے ہوں چوتھے مرابط الخیل یعنی جہاں گھوڑے باندھے جاتے ہیں
گھاس کھانے کے لیے اور آرام کرنے کو ... اور ... جگہ ...
اور بکریوں کے رہنے کی جگہ کی کراہت مشہور ہے اگر ... کراہت ... معلوم
ہوتی ہے پانچویں چیونٹیوں کے رہنے کی جگہ میں نماز مکروہ ہے ... پانی ... کے لیے
جو مقام بنائے گئے ہوں جیسے خشک نہریں ساتویں زمین شورہ زار ... آٹھویں ... جہاں
کہ اس پر نماز پڑھنا مکروہ ہے مگر یہ کہ جمی ہوئی ہو کہ نماز پڑھنے والا اس پر ٹھہرا ہو سکے نویں وہ
مقام جہاں آگ جلائی جاتی ہو خواہ وہ عبادت گاہ گبر اہوں کا ہو یا نہ ہو اور ...ں سے
جلتی ہوئی آگ کی طرف نماز پڑھنا مکروہ معلوم ہوتا ہے یہ نہیں کہ وہ آگ ... نماز
ایسی جگہ مکروہ ہے جہاں منہ کے سامنے انگیٹھی وغیرہ میں آگ جلتی ہو یا سامنے چراغ یا قندیل
ہو کہ اس میں فتیلہ روشن ہو دسویں وہ گھر کہ جہاں شراب یا کوئی نشہ کرنے والی چیز ہو خواہ وہ
گھر شراب بنانے کے لیے بنایا گیا ہو یا نہیں گیارھویں مجوس اور یہود اور نصاریٰ کے
گھر ہاں انکے عبادتخانوں میں مشہور یہ ہے کہ نماز مکروہ نہیں لیکن اگلے علماء میں سے
کچھ لوگ قائل کراہت کے ہوئے ہیں اور کہتے ہیں کہ پانی چھڑک لینے سے ایسے مقام کی
کراہت دور ہو جاتی ہے اور عمل اس روایت پر تعبدی ہے یعنی وجہ اسکی معلوم نہیں اور نہ

پانی چھڑکنے سے نجس ہو جاویگا اور بعض صورتون مین وہ نجاست مصلی کے کپڑون کو نجس کر دیگی
اور باعث باطل ہونے نماز کا ہوگی سے بار ہوین بیچ رستون مین نماز پڑھنا مکروہ ہے خواہ اسوقت
کسی کی راہ چلتا ہو یا نہیں بلکہ راہ چلنے مین جب کوئی مانع ہوگا تو نماز سے وہان باطل ہونیکا حکم
دور نہیں کہ رجحان رکھتا ہو سے تیرہوین جہان حیوان ذبح کیے جاتے ہون سے چودھوین وہ
مکان جہان آگ یا چراغ مصلی کے سامنے خواہ دیوار پر لٹکی ہو خواہ گاؤ تکیہ مین ہو لیکن اگر سرہنے
یا پائنتی یا پیٹھ کے پیچھے ہو تو حکم کراہت کا راجح ہے سے پندرہوین ایسا مکان کہ مصلی کسی
دیوار کی طرف منھ کر کے نماز پڑھے جس مین سے نجاست بہکر نکلتی ہو جیسے پائخانہ کی موری یا
نالی ہو سے سولہوین ہر وہ جگہ جہان نمازی کے سامنے آدمی
خواہ عورت یا مرد ہو سے سترہوین وہ مکان جہان
قبلہ کی طرف دروازہ کھلا ہو سے اٹھارہوین جہان نمازی کے سامنے کوئی مرد
یا عورت سوتا یا بیٹھا ہو سے انیسوین مکان جہان قرآن کی طرف نماز پڑھنا
مکروہ ہے اگرچہ وہان بیٹھا ہو تو کراہت نہیں سے بیسوین خانہ کعبہ کے اندر یا اسکی چھت پر نماز
پڑھنا سے اکیسوین قبرستان مین نماز پڑھنا جبکہ کوئی قبر مصلی کے سامنے ہو اگر سرہنے یا
پائنتی یا پیٹھ کے پیچھے قبرین ہون تو بھی حکم راجح کراہت ہے اور اگر بیچ مین پردہ یا دس
ہاتھ کا فاصلہ ہو تو کراہت نہین سے بائیسوین مقام بیدا و ذات الصلاصل و
ضجنان مین نماز پڑھنا کہ یہ تینون مکہ اور مدینہ کے درمیان مین ہین اور ایسے ہی ہر ایک
اس جنگل مین جہان عذاب نازل ہوا ہو سے تیئیسوین ایسے مقام پر جہان
نمازی کے حواس پریشان ہون یا نمازی کا دل پریشان ہو سے چوبیسوین ایسا گھر
جہان بہت سی تصویرین ہون یا ایسا گھر جہان کوئی جنب ہو سے پچیسوین جہان مصلی
کے سامنے مشک یا نقش یا اس قسم کی کوئی چیز رکھی ہو

فصل (۲۱) بیان لباس مصلی میں

پس مردوں کے واسطے لباس حریر پہننا حالت نماز ہو یا غیر نماز حرام ہے مگر حالت ضرورت میں مثل جاڑے وغیرہ کے غیر نماز میں پہن سکتا ہے اور ریشمی لباس میں نماز مردوں کی صحیح نہیں خواہ ساتر ہو یا نہو بنا بر قول احوط کے اور بہتر یہ ہے کہ بعض علما نے ازار بند ریشمی اور کلاہ ریشمی کو جائز جانا ہے اور اگر جوشن میں ریشم کا ڈورا ڈالکر باندھا ہو یا باندھ کر یا کوئی تعویذ ریشم کے ڈورے میں باندھ کر گلے میں ڈالکر نماز پڑھیں تو انکا بھی استعمال نماز میں مرد کو جائز ہے اور اگر کپڑا بالکل ریشمی نہو بلکہ اسمیں پوٹ یا تار روئی یا پشم یا کوئی اور چیز ملا کے بنا ہو تو اسکا استعمال مرد کو نماز اور غیر نماز دونوں میں درست ہے اس شرط سے کہ عرف میں اسکے سبب استہلاک غیر ریشم کے محض ریشمی نہ کہیں اور فرش ریشمی کا بچھانا مضائقہ نہیں اور سنجاف ریشمی کو کپڑے میں لگانا صحیح و درست ہے اور بعض علما تعداد چار انگشت کی کرتے ہیں بلکہ نزدیک جناب شیخ صاحب کے سنجاف ریشمی چار انگشت تک جو نری ریشمی ہے نماز میں جائز ہے اس شرط سے کہ اسم سنجاب سے خارج نہو اور واسطے عورتوں کے ریشمی لباس پہننا منع نہیں خواہ نماز میں ہو خواہ غیر نماز میں بنا بر فتوی مشہور کے دوسرے طلائی لباس ہے کہ نماز مردوں کی اسمیں صحیح نہیں بلکہ استعمال اسکا بھی حرام ہے اگرچہ غیر نماز میں ہو لیکن اشرفی یا زیور طلائی کو کمر یا جیب میں رکھنا قباحت نہیں رکھتا اور جناب شیخ صاحب دام ظلہ و جناب سید محمد ابراہیم صاحب و سید محمد مصطفی صاحب مجتہدین دام ظلہم فرماتے ہیں کہ ٹوپی اور چوغہ وغیرہ جو چیز کہ مطلا کر عین طلا اسمیں نہو بلکہ آب طلا ہو نماز اس سے صحیح ہے اور جو چیز کہ پشت پا کو چھپا دے اور ٹخنوں کو نہ چھپا دے جوتی نماز اس سے صحیح ہے مگر ترک میں اسکے احتیاط ہے اور بعض علما نے نعل سندی کو منع فرمایا ہے اور نعل عربی پہنکر نماز صحیح ہے بلکہ بنا بر مشہور کے سنت ہے اور سیاہ لباس سے نماز مکروہ ہے سوا عمامہ و عبا و موزہ کے اور اسی طرح سے اور بھی رنگین کپڑوں سے کراہت ہے جیسے رنگ اسکا شوخ ہو خصوصاً جب بہت تیز ہو اور بعض علما نے تعزیت میں عورتوں کے واسطے لباس سیاہ کو مستثنیٰ فرمایا ہے مگر خالی اشکال سے نہیں اور اسی طرح سے وہ کپڑا کہ اسمیں

تصویر ذی روح کی ہو خواہ داخل بناوٹ ہو یا سطح ظاہری پر مثل نقوش وغیرہ کے تو بھی اُسکا
نماز میں پہننا مکروہ ہے اور اسی طرح سے وہ انگوٹھی ہے کہ اُسمیں کسی انسان یا جانور کی
تصویر بنی ہو اُس سے بھی نماز مکروہ ہے اور کھال میتہ کی یعنی پوست جانور مردہ کا خواہ
ماکول اللحم ہو یا غیر ماکول اللحم ہو اُس سے بھی نماز ناجائز ہے ماکول اللحم جانور حلال گوشت
کو اور غیر ماکول اللحم جانور حرام گوشت کو کہتے ہیں اگر وہ کھال پکائی اور دباغت کی ہو تو بھی واسطے
نماز کے استعمال اُسکا اس صورت میں صحیح ہے کہ وہ قابل ذبح کے بھی ہو مثل شیر کے کہ اُسے
ذبح کیا ہو یا اگر کوئی بچہ نفیس یا خود شیر کو بسم اللہ و اللہ اکبر کہہ کے تلوار یا تیر لگائے اور وہ اُس
زخم سے مر جاوے تو کھال اُسکی علی الظاہر پاک ہے اور دباغت بھی کرے تو باعتبار طاہر ہے لیکن پہنکر
اُسکو نماز نہیں پڑھ سکتا اور بچھانا اُسکا جائز ہے اور چرم پوست اور کھال کہ کافر سے مول لی ہو اور
نہ جانتا ہو کہ میتہ کی ہے یا ذبیحہ کی تو اُسکو بھی پہنکر نماز نہیں پڑھ سکتا اگرچہ علم میتہ کا حاصل
نہو اور اسی طرح سے اگر چمڑا کسی جگہ پر پڑا پاوے اور اُسمیں شک ہو یا اُس شخص سے لیا ہو
کہ وہ اُسکے حال سے آگاہ نہو تو استعمال کرنا اُسکا ناجائز ہے اور اگر کوئی شخص چمڑا مسلمان کے
ہاتھ سے یا بلاد اسلام میں پاوے تو مضائقہ نہیں اور ہڈی اور بال اور روئیں حیوان حرام
گوشت سے بھی اجتناب لازم ہے اور اگر بال یا ناخن اُسکا کپڑے میں لگ گیا ہو تو اُس سے
بھی اجتناب چاہیئے اور لباس نجس میں در صورت علم کے نماز باطل ہے اور اگر بعد نماز کے علم نجاست
کا حاصل ہو تو نماز صحیح ہے اگر وقت باقی ہے تو اعادہ بھی کرے ورنہ علی الاظہر قضا واجب نہیں اور
اگر قبل نماز کے شک ہو مگر بعد نماز کے یقین نجاست کا حاصل ہو جاوے تو اُسکا اعادہ کرے
بشرطیکہ وقت باقی رہے تو قضا اُس نماز کی بجالانا لازم ہے اور اگر کوئی اثناء نماز میں نجاست
اپنے کپڑے میں پاوے اور اُس کپڑے کو پھینک کر دوسرا کپڑا بغیر فعل کثیر کے پہننا ممکن ہو تو اُسے
پھینکدے یا آب کثیر میں غوطہ دے بشرطیکہ باعث منافی صلوٰۃ کا نہو نماز کو تمام کرے پھر
اعادہ نماز کا کرے اور اگر تبدیل یا تطہیر ممکن نہو تو نماز کو قطع کرے اور دوبارہ بجالاوے

اور اگر اس نجاست کو بھول گیا ہو اور درمیان نماز کے یاد آئے تو واجب ہے کہ نماز کو چھوڑ دے اور
طہارت کرکے نماز پڑھے اور اگر بعد نماز کے یاد آئے تو اعادہ نماز کا ضرور ہے خواہ وقت نماز کا باقی ہو یا
جاتا رہا ہو اور غیر شخص کے کپڑے سے بھی نماز صحیح نہین جب تک کہ واسطے نماز کے اجازت اسکی کسی
قرینہ یا شاہد حال سے معلوم ہو اور غصبی کپڑے سے بھی نماز صحیح نہین خواہ غاصب ہو خواہ
غیر غاصب لیکن اگر اذن مالک حاصل ہو تو قباحت نہین اور عورتین کو چھپانا لازم ہے کپڑا یا برگ
وغیرہ اور اگر کوئی چیز ساتر نہ ملے بیٹھ کے نماز پڑھنا چاہیے اور رکوع اور سجود باشارہ کرنا چاہیے اور
اگر ایسے مقام پر ہو کہ کوئی شخص اسکو برہنہ نہ دیکھ سکے تو کھڑے ہو کر نماز پڑھنا بہتر ہے مگر عورتین
کو آگے پیچھے ہاتھون سے چھپا لینا چاہیے اور اگر کوئی لنگی یا پائجامہ پہنتا ہو یا لنگی [illegible]
سے ڈھیلی ہوئی ہو کہ عورتین دکھائی دین خواہ کل نماز مین یا بعض مین مگر ہو نماز پڑھنے والا کہ
اسکو اس پھٹے ہوئے پائجامہ یا ڈھیلی ہوئی لنگی سے آگاہی نہ ہو تو بنابر مشہور کے نماز اسکی صحیح ہے
اسی طرح اگر کوئی شخص نماز پڑھتا ہو اور بے اختیار پائجامہ یا لنگی کھل کے گر پڑے اور بغیر
فعل کثیر کے اسکو پھر سے باندھ لے تو بھی نماز مین اسکے خلل نہ ہوگا لیکن اگر نماز کا اعادہ
کرے تو بہتر ہے اور اگر کسی شخص نے نماز مین بھولے سے ستر عورتین نہین کیا اور برہنہ نماز پڑھ لی
پس اعادہ کرنا اسکو بعد ستر عورتین کے لازم ہے اگر وقت نماز کا باقی ہو ورنہ قضا پڑھنا ہوگی
اور عورتون کو سارا بدن چھپانا واجب ہے مگر منہ جسقدر کہ وضو مین دھوتے ہین اور دونون
ہاتھون کو بند دست سے اور دونون پاؤن کو ٹخنے تک بلکہ ظاہر و باطن قدمین کو بھی
چھپانا چاہیے سوا موضع سجود کے مگر کنیز اور وہ لڑکی کہ حد بلوغ تک نہ پہنچی ہو انکے لیے
سوا سر اور گردن چھپانا لازم نہین ہے مگر بنابر جناب شیخ صاحب دام ظلہ کے کنیز اور آزاد اس حکم مین
برابر ہین اور اگر ایسا کپڑا باریک ہو کہ بدن مصلی کا نمایان ہو پس ایسے کپڑے مین نماز صحیح نہین ہے
اور اگر کوئی شخص [illegible] سے تنہا ہو اور اسکے [illegible] کپڑے [illegible] تو دونون
تو بغیر پاک کیے ہوئے ان کپڑون سے اگر علحدہ علحدہ نماز پڑھے گا تو نماز اسکی صحیح ہوگی اسی طرح اگر کسی

ہندو کا ہاتھ یا جسم پانی سے تر ہوا ور اُس ہاتھ یا جسم میں سے پانی کپڑے کو لگجاوے یا کسی ہندو
کے جسم کا پسینہ کپڑے کو لگجاوے تو اُس کپڑے کو بغیر پاک کیے ہوئے عمداً پہنکر نماز پڑھیگا تو نماز باطل ہوگی
بلکہ اگر کسی ہندو کے ہاتھ کی کوئی تر چیز مثل دال وغیرہ کے پکی ہوئی ہوا ور وہ چیز کپڑے پر گرجاوے تو
اُس کپڑے سے بھی نماز صحیح نہوگی اور اسی طرح اگر کسی شخص کی ہندو حجام نے حجامت بنائی ہو یا ہاتھ
تر سے جسم کو یا کپڑے کو مس کیا ہو تو جبتک تطہیر بطریق معتبر نکریگا نماز اُس شخص کی صحیح نہوگی اگر عمداً
پڑھیگا تو نماز باطل ہوگی اسی طرح اگر کوئی کپڑا ہندو درزی سے کوئی شخص سلوا وے اور یہ گمان ہو
کہ اُس درزی نے تھوک لگایا ہوگا جیسا کہ درزیوں کا قاعدہ ہے یا یہ کہ اُس درزی کے
ہاتھ کا یا جسم کا پسینہ اُس کپڑے میں لگا ہوگا یا یہ کہ درزی نے ہاتھ تر سے اُس کپڑے کو مس کیا ہوگا تو
اُس کپڑے سے بھی بغیر تطہیر کیے ہوئے نماز باطل ہوگی اور اسی طرح جوتا اگر ہندو چمار کے ہاتھ کا بنا ہوا
ہو تو اُسکا بھی استعمال جائز نہیں ہے اگر اُسکے پہننے سے پاؤں میں پسینہ آگیا ہو یا یہ کہ تر پاؤں میں وہ جوتا
پہن لیا ہو تو بغیر تطہیر کیے ہوئے پاؤں کے نماز نہیں پڑھ سکتا بلکہ اگر قبل پاک کرنے پاؤں کے ان پاؤں
کا پسینہ یا وہ پاؤں تر کپڑے میں لگ جاویں تو وہ کپڑا بھی نجس ہو جائیگا اور اُس کپڑے سے بغیر
تطہیر کیے ہوئے نماز صحیح نہیں ہے ہاں اگر پاؤں اُس جوتہ کو پہنکر نجس نہوے ہوں تو اُسکو اتار کر نماز
پڑھ سکتا ہے اور اسی طرح اگر کپڑا ہندو دھوبی کے ہاتھ کا دھلا ہوا ہو تو اُس کپڑے کا بھی استعمال
جائز نہیں اُس کپڑے کو جبتک تطہیر بطریق معتبر نکریگا تب تک اُس کپڑے کو پہنکر نماز نہیں پڑھ سکتا
اگر نماز پڑھیگا تو نماز باطل ہے

فصل (۲۹) نمازمیں کی معفو چیزوں میں

یہ بھی جاننا چاہیے کہ چند چیزیں نجس ہیں مگر نماز میں معفو ہیں پہلے خون کہ درہم بغلی سے کم ہو
[illegible] مثل نفاس و نجس العین مثل کافر و خوک و سگ کے خون [illegible]
[illegible] ہوگا مگر بدن میں خون مثل کپڑے کے عفو ہیں یا ان البتہ اگر [illegible]
[illegible] اگر [illegible] تو [illegible] اور اگر [illegible] سے کم ہو تو [illegible]

معاف ہے اور اگر ٹوپی یا جراب یا ازار بند نجس ہو اور خشک ہو اور نجاست متعدی نہ کرے تو یہ بھی معاف ہے نہ فقط اپنے محل پر ہو یعنی جس عضو میں انکو پہنتے ہیں اُسی جگہ ہو نہ اور کسی جگہ اور اسی طرح سے نجس لباس اُس عورت کا بھی معاف ہے کہ جو بچہ کو پرورش کرتی ہو بشرطیکہ اسکے کہ وہ نجاست سوا اسکے پیشاب بچہ کے ہو اور کوئی نہ ہو لیکن یہ ضرور ہے کہ ایک بار شب و روز میں اسکو دھو ڈالے اگرچہ پھر نجس ہو جاوے اور وہ نجاست کہ دھونے میں اسکے مشقت اور حرج شدید ہو یا اُس لباس نجس کے اُتارنے میں مشقت شدید ہو تو بھی نماز میں معفو ہے

فصل (۳۰) لباس مصلی کے مستحبات اور تحت الحنک باندھنے میں

جناب شیخ صاحب و علامہ ذخیرۃ المعاد میں بیان مستحبات نماز میں لکھا ہے کہ وہ کئی چیزیں ہیں اول اچھے اور پاکیزہ کپڑے پہننا نماز میں جیسا کہ آیہ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ کی تفسیر پاکیزہ کپڑے پہننے کی ہوئی ہے نماز میں اور روایتیں خاص اس باب میں ہیں از انجملہ جناب رسول خدا صلعم سے روایت ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ جمیل ہے اور دوست رکھتا ہے کہ اسکے واسطے زینت کیجاوے اور اچھے کپڑے پہننا سوائے نماز کے بھی مرغوب اور محبوب ہیں چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ فرمایا اِذَا اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلٰى عَبْدٍ اَحَبَّ اَنْ يَّرَاهَا عَلَيْهِ لِاَنَّهٗ جَمِيْلٌ وَّيُحِبُّ الْجَمَالَ یعنی جبکہ خدائے تعالیٰ کوئی نعمت بندہ کو عطا کرتا ہے دوست رکھتا ہے کہ بندہ پروردگار کی نعمت کا اظہار کرے خدائے تعالیٰ اس سبب سے کیونکہ وہ خود جمیل ہے اور جمال کو دوست رکھتا ہے دوسرے یہ کہ لباس سفید کا پہننا مستحب ہے اسواسطے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ لباس سفید پہنو اسواسطے کہ وہ پاکیزہ ہوتا ہے اور اسی میں اپنی اموات کو کفن دو ولیس لباس سفید پہننا اور اسی میں کفن دینا مستحب ہے تیسرے یہ کہ خوشبو لگانا مستحب ہے یہانتک کہ روایت ہے کہ ایک نماز ساتھ خوشبو کے ستر نمازوں کے برابر ہے کہ بغیر خوشبو کے پڑھی ہوں اور مبالغہ بھی استعمال عطر میں محبوب ہے حتی کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سجدہ کی جگہ پہچانی جاتی تھی خوشبو سے اور احتمال ہے کہ مراد موضع سجود سے موضع نماز ہو کہ پہچانا جاتا ہو خوشبو سے وہ مقام جہان

وہ حضرت نماز پڑھتے تھے۔ چوتھے مستحب ہے نماز نفل عربی میں۔ پانچویں مستحب ہے نماز ردا کے ساتھ
خصوصاً امام کو اور کیفیت ردا کی یہ ہے کہ کپڑا اپنے کاندھے پر ڈالے اور اسکے دونوں آنچل
جمع کرکے داہنے کاندھے پر ڈالے بلکہ دونوں طرف لٹکتے ہوئے ہوں تو بھی بہتر ہے پس بنابر اسکے
ردا کی جگہ عبا و جبہ پہننا کافی نہیں بلکہ ازار بند کا ڈال لینا کاندھے پر کافی ہے۔ چھٹے
عورت کے واسطے مستحب ہے حالت نماز میں دونوں پاؤں کا چھپا لینا۔ ساتویں مستحب ہے کنیز و
دختر نابالغہ کو سر کا چھپانا نماز میں۔ آٹھویں مستحب ہے کہ جسکے پاس کپڑا ہو وہ کسی ایسے شخص کو
مستعار دیوے جو برہنہ ہو اور لیاقت امامت کی رکھتا ہو کہ وہ پہنکر برہنہ لوگوں کی امامت کرے
یہانتک کہ نماز جمیع برہنہ لوگوں کی جماعت سے ہو جاوے۔ نویں مستحب ہے عمامہ باندھکر نماز پڑھنا
چنانچہ روایت میں ہے کہ عمامہ باندھکر نماز چار نمازوں کے برابر ہے جو بغیر عمامہ کے پڑھی ہوں اور مستحب
ہے کہ عمامہ میں تحت الحنک ہو اسواسطے کہ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ جو کوئی عمامہ باندھے اور
تحت الحنک نہ رکھے پس اگر اسکو کوئی بلا پہونچے تو ملامت نکرے مگر اپنے نفس کو اور اسی روایت کے
بلا اختلاف سے صدوق علیہ الرحمہ نے حکم کیا ہے کہ عمامہ میں تحت الحنک واجب ہے اور استحباب تحت الحنک
نماز سے خصوصیت نہیں رکھتا بلکہ غیر نماز میں بھی ثابت ہے خصوص سفر کے لیے اسواسطے کہ حضرت امام
جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ میں ضامن ہوں کہ سلامت واپس آئیگا وہ شخص جو تحت الحنک کا عمامہ باندھکر
سفر کرے اور جو کوئی طلب حاجت کے لیے جاوے کہ حضرت نے فرمایا تعجب رکھتا ہوں میں اس شخص سے
کہ وضو کرکے حاجت کے لیے جاوے کیونکہ حاجت اسکی نہ برآئیگی اور تعجب رکھتا ہوں میں اس شخص سے کہ
حاجت کے لیے جاوے اور تحت الحنک کا عمامہ باندھے ہو کیونکر حاجت اسکی روا نہوگی مگر اسکی کیفیت
میں اخبار کے فہم کے اختلاف کے سوا فی علما رضوان اللہ علیہم کے اقوال میں اختلاف ہے
اسواسطے کہ بعض سے ظاہر ہوتا ہے کہ مستحب ہے کہ ایک طرف عمامہ کے واسطے مقدار دو بالشت کے
اسطرف کو ٹھوڑی کے نیچے سے باہر نکالیں اور عمامہ کے دوسری طرف میں داخل کریں یا یہ کہ
برمقابل میں ڈالیں یا یہ کہ بائیں جانب سے سینہ کی جانب لے جاکر پس سے بائیں جانب کو ڈالیں تو بھی

ہو سکتا ہے اور جس طرح پر عمل ہو خواہ دہنی جانب تحت الحنک یا داہنیں یا بائیں جانب سنت ادا ہو جائیگی اور بعض اقوال سے ظاہر ہوتا ہے کہ عمامہ کے جس سرے کو پیچھے کی طرف کو باہر نکالا ہو [illegible] سے [illegible] چلیں [illegible] اگر سینہ پر لٹکا دیں اور بعض جاہلوں نے [illegible] پایا جاتا ہے کہ [illegible] دونوں سرے نکالیں ایک پیچھے کی طرف اسکو پشت کی جانب لٹکا دیں دوسرا اسی سے [illegible] سینہ پر لٹکائیں اور ظاہر ہے کہ عمل [illegible] ہوگا [illegible] بدن کا چھپانا [illegible] پائجامہ [illegible] نماز پڑھتا [illegible] پائجامہ [illegible] پائجامہ کے [illegible] جیسا کہ [illegible] علیہ الرحمہ نے [illegible]

فصل (۳) در بیان مکروہات لباس مصلی میں

چار رکعت تک ہی قبل غروب آفتاب اور وقت زوال کا دوپہر کا ڈھلنا ہی اور وقت نماز عصر کا بعد ظہر کے ہی غروب آفتاب تک پس معلوم ہوا کہ بقدر چار رکعت کے اول زوال سے مخصوص وقت ظہر کا ہی اور بقدر چار رکعت کے قبل غروب آفتاب خاص وقت عصر کا ہی اور درمیان مین وقت دونون کا مشترک ہی اور وقت نماز مغرب کا بعد یقین غروب آفتاب کے اور وقت نماز عشا کا بعد مغرب کے ہی نصف شب تک معلوم ہوا کہ بقدر تین رکعت کے اول غروب سے مخصوص وقت مغرب کا ہی اور جسوقت کہ نصف شب مین وقت چار رکعت کا باقی رہے تو وہ وقت مخصوص عشا کا ہی اور درمیان مین وقت دونون کا مشترک ہی اور اگر نصف شب مین وقت پانچ رکعت کا ہو تو پہلے نماز مغرب کا ادا کرنا لازم ہی اور بعد اسکے عشا کا اگرچہ عشا کی دو رکعتین غیر وقت مین واقع ہون اسواسطے کہ حدیث مین آیا ہی کہ جو شخص وقت ایک رکعت کا پاوے تو گویا اسنے ساری نماز کو پایا اور اسی طرح سے اگر غروب آفتاب مین وقت پانچ رکعت کا باقی ہو تو پہلے نماز ظہر کا ادا کرنا لازم ہی اور بعد کو نماز عصر کا اگرچہ عصر کی تین رکعت غیر وقت مین واقع ہون حکم مذکور غیر سفر مین ہی اور سفر مین ہر چار رکعتی نماز کی دو رکعتین ساقط ہو جاتی ہین پس سفر مین اگر غروب آفتاب تک وقت تین رکعت کا بھی پاوے تو اول دو رکعت نماز ظہر بجالا کر نماز عصر پڑھے اگرچہ ایک رکعت نماز عصر کی غیر وقت مین ہو اور اسی طرح نصف شب مین بھی جب وقت چار رکعت کا ہو تو اول نماز مغرب پڑھکر دو رکعت نماز عشا کی پڑھیگا اگرچہ ایک رکعت نماز عشا کی غیر وقت مین ہو کل نماز اوقات مذکورہ مین بہ نیت ادا پڑھیگا نہ قضا اور جب تک یقین نہو کہ وقت نماز کا آیا ہی نماز پڑھنا صحیح نہین اور صورت عدم امکان علم و یقین کے مثل اسبات کے کہ ابر ہو یا نماز پڑھنے والا نابینا ہو یعنی ایسی صورت مین اگر کوئی گمان غالب کرے کہ وقت نماز کا داخل ہو گیا اور نماز شروع کرے اور درمیان نماز کے وقت داخل ہو جاوے تو بنابر مشہور کے نماز صحیح ہی اگرچہ قبل سلام کے بھی وقت داخل ہوا ہو لیکن احوط یہ ہی کہ اعادہ کرے اور اگر تمام نماز خلاف وقت مین پڑھی ہے تو باتفاق اعادہ اوسکا لازم ہے اور جناب شیخ مد ظلہ ذخیرۃ المعاد مین فرماتے ہین کہ مراد فضیلت کے وقت سے یہ ہی کہ اوس وقت مین نماز پڑھنے کا ثواب بمقابلہ اور وقتون کے زیادہ ہی

پس اوس وقت میں نماز دوسرے وقت سے افضل ہے اور وقت اجزا اوس میں دو لحاظ ہیں
ایک یہ کہ فقط کافی ہو جانا اوس میں نماز کا اور حاصل ہو جانا امتثال کا مراد ہے اور یہ امر
شامل ہے تمام وقت نماز کو۔ دوسرے وقت اجزا مقابل وقت فضیلت کے اعتبار کیا جاتا ہے
پس مراد اوس سے ایسا وقت ہے کہ وہ مرجوح ہے کہ فرض ذمہ سے ادا ہو جاوے گا اور وقت
فضیلت پس ظہر کی فضیلت کا وقت ڈھلنا آفتاب کا ہے جب تک کہ سایہ شاخص کا برابر شاخص کے
ہو جاوے اور شاخص اوس آلہ کو کہتے ہیں جس سے دن کا ڈھلنا معلوم ہوا اور وقت
اجزا بعد وقت فضیلت سے ہے جب تک کہ غروب شمس میں بقدر ادا کرنے نماز عصر کے
باقی رہے اور وقت فضیلت نماز عصر کا بعد ادا کرنے نماز ظہر کے ہے جب تک کہ سایہ شاخص کا
اوس سے دو چند ہو جاوے اور وقت اجزا بعد گذر جانے وقت فضیلت کے ہے غروب تک
اور وقت فضیلت نماز مغرب غروب آفتاب سے ہے جب تک کہ مغرب کی سمت سے سرخی
شفق کی زائل ہو اور وقت مغرب کے اجزا کا حمرت مغربیہ کے زائل ہونے سے اس وقت تک
ہے کہ آدھی رات میں صرف چار رکعت عشا کی گنجائش رہے اور وقت فضیلت عشا کا
زوال حمرت مغربیہ سے ثلث شب تک ہے اور وقت اجزا فراغ مغرب سے نصف شب
تک ہے اور وقت فضیلت نماز فجر کا صبح صادق سے حمرت مشرقیہ کے شروع ہونے
تک اور وقت اجزا طلوع آفتاب تک ہے اور فضیلت و وقت اجزا عصر و عشا کے حد
کرنے سے معلوم ہوا کہ وقت فضیلت عصر و عشا کا محفوف یعنی گھرا ہوتا ہے دو وقت اجزا
اور وقت عشا کے فضیلت کا دو اجزا سے گھرا ہوا ہے ایک مغرب کے بعد سے زوال حمرت
مغربیہ تک دوسرا ثلث شب جانے سے نصف شب تک اور عصر کی فضیلت کا وقت گھرا ہوا
ہے درمیان دو وقت اجزا کے اول فراغ ظہر سے ہے جب تک کہ سایہ شاخص کا اوسکے
برابر ہو جاوے کہ بعد اوسکے فضیلت عصر پیدا ہو جاتی ہے دوسرے جبکہ سایہ شاخص کا
شاخص سے دو چند بڑھ جاوے کہ یہ وقت اجزا عصر کا ہو جاتا ہے نہ فضیلت عصر کا [illegible]

۶۵

یہ قول خالی قوت سے نہیں کہ چار رکعت ظہر کی پڑھ کر فضیلت عصر کا وقت داخل ہوتا ہے ایسا ہی شاخص کے دو چند ہونے کے بعد بایں کہ شاخص کے سات حصہ جو کیئے جاتے ہیں اور اونکو قدم کہتے ہیں اور سات حصوں میں سے چار حصوں تک سایہ پہونچ جاوے تو اسوقت تک فضیلت عصر کا وقت رہتا ہے اور اوسی کتاب میں جناب شیخ دام ظلہم نے تحریر فرمایا ہے کہ وقت پر نماز پڑھنے کی بہت تاکید اور فضیلت ائمہ اطہار علیہم السلام سے منقول ہے ازانجملہ یہ کہ حضرت صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ فضیلت اول وقت کی آخر وقت پر مثل فضیلت آخرت کے ہے دنیا پر اور دوسری حدیث معتبر میں فرمایا کہ اول وقت کی فضیلت اولاد واموال سے بڑھکر ہے مکلف کے واسطے اور بہت حدیثیں ایسی ہی آئی ہیں کہ اونکے بیان کی یہاں گنجایش نہیں حدیث کی کتابوں میں ملسکتی ہیں پس بہتر یہ ہے کہ نماز کا وقت داخل ہوتے ہی نماز پڑھے اور اوسی کتاب میں اس سوال کے جواب میں کہ خاص وقت کا کیا فائدہ ہے جناب شیخ دام ظلہم نے فرمایا ہے کہ فائدہ یہ ہے کہ اگر مکلف غیر وقت عمداً نماز پڑھے تو گنہگار ہے بلکہ وہ عمل باطل ہے جیسا کہ بے وقت عمل میں لایا مثلاً آخر روز جو عصر کا خاص وقت ہے اسوقت میں اگر عمداً نماز ظہر پڑھیگا باطل ہے مگر جب سہواً کوئی نماز ظہر ہو بشرطیکہ عصر صحیح طور پر نہ پڑھ چکا ہو پس اگر کسی شخص نے باعتقاد اسکے کہ نماز ظہر پڑھ چکا ہے نماز عصر شروع کی اور عصر کو تمام کیا اور بعد نماز عصر کے یقین کیا کہ ظہر نہیں پڑھی تھی اور وقت بھی نہ رہا مگر چار ہی رکعت کا کہ اسوقت میں نماز ظہر صحیح ہے باوجودیکہ وقت مختص میں پڑھی ہو اور اسی طرح اگر چار رکعتیں عصر کی اول وقت میں جو مخصوص نماز ظہر کا ہے پڑھے تو نماز باطل ہوگی اس شرط پر کہ نماز ظہر صحیح طور سے نہ پڑھ چکا ہو سہواً وقت ہو جانے کا یقین کرکے نماز پڑھی معلوم ہوا کہ بھول گیا تھا اور وقت سے پہلے ظہر کی نماز پڑھ لی - مگر تھوڑی سی نماز ہے کہ اگر سلام بھی وقت میں ہو گیا تو اسوقت میں نماز ظہر صحیح ہوگی اور نماز عصر کو وقت مختص ظہر میں پڑھ سکتا ہے - اور اگر

اسی دن کے سوا کسی اور دن کی نماز ظہر یا اور کوئی نماز قضا وقت مخصوص میں پڑھ لے تو مضائقہ نہیں ہے اور ایسا ہی حال ہے آخر وقت مختص عشا کا اور رجال اسماعیلین میں مروی ہے کہ بے ضرورت نماز دیر سے پڑھنا یعنی جس وقت پر نہ پڑھنا ہو سبب غضب الٰہی کا ہوتا ہے اور وقت ظہر دروازے آسمان کے کھولے جاتے ہیں پس [illegible] اگر ہوا اوس وقت عمل نیک کرے کہ عمل نیک اوسکا فرشتہ آسمان پر لیجاتا ہے [illegible] وقت [illegible] آسمان پر جاتے ہیں اور ملائکہ روز [illegible] کوئی نماز صبح اوس وقت ادا کرے دونوں گروہ [illegible] ہوتے ہیں اور اوس نماز کو دو مرتبہ ثبت کرتے ہیں اور جو کوئی تاخیر نماز عصر میں کرے یہانتک کہ آفتاب زرد ہو جاوے یا غروب ہو جاوے پس اوس شخص کے پاس سے [illegible] اور جو کوئی نماز مغرب کو تاخیر سے پڑھے یہانتک کہ ستارہ [illegible] ہزار ہوتے ہیں اور جو کوئی نماز عشا کو دیر سے پڑھے یہانتک کہ [illegible] اور [illegible] پس ایک فرشتہ [illegible] اوسکو نفرین کرتا ہے اور [illegible] نماز کو قضا بجا لاوے

فصل (۲۰۸) تفصیل رکعات نماز نافلہ میں

کل نافلہ پنجگانہ چونتیس ۳۴ رکعت ہیں اس تفصیل سے کہ نافلہ صبح قبل نماز صبح کے دو رکعت ہیں اور نوافل ظہر قبل نماز ظہر کے آٹھ رکعتیں ہیں اور نوافل عصر قبل نماز عصر آٹھ رکعتیں ہیں اور نافلہ مغرب بعد نماز مغرب چار رکعتیں ہیں اور نافلہ عشا بعد نماز عشا کے دو رکعتیں ہیں کہ ان دونوں رکعتوں کو بیٹھ کر پڑھنا سنت ہے اور یہ دو رکعتیں حساب میں ایک رکعت کے محسوب ہوتی ہیں اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ حکم مذکور غیر سفر میں ہے اور سفر میں نافلہ ظہر و عصر ساقط ہے مگر نافلہ عشا میں کلام ہے اور بنا بر مشہور کے یہ بھی ساقط ہے

فصل (۲۰۹) تفصیل اوقات نماز نافلہ میں

نافلہ صبح کا وقت صبح کاذب سے ظاہر ہونے سرخی افق مشرق تک ہے اور نافلہ ظہر کا وقت

زوال سے جبتک ہو کہ سایہ ہر چیز کا سات حصوں میں سے اُسکے دو حصے تک پہونچے اور وقت
نافلہ عصر کا چار حصہ تک ہے اور وقت نافلہ مغرب کا بعد نماز مغرب کے جبتک ہو کہ سرخی مغرب
باقی رہے پس جسوقت کہ سرخی مغرب زائل ہو جاوے تو وقت نافلہ مغرب کا گذر جاتا ہے پس اس
صورت میں نماز عشا کو مقدم کرے اور وقت نافلہ عشا جبتک باقی رہتا ہے کہ وقت نماز عشا
باقی رہے یعنی نصف شب تک پس اگر کوئی شخص نوافل کو اُنکے وقت میں بجا نہ لاوے تو قضا
کرے اور کوئی وقت قضا کا لازم نہیں ہے لیکن بہتر ہے کہ قضا پڑھے اگرچہ تعجیل قضا میں
اولیٰ ہے [illegible] قضا اُنکی بالیقین اور [illegible] فضیلت میں [illegible]

فصل [illegible] در ثواب [illegible] اور عذاب ترک نماز پنجگانہ [illegible]

واضح ہو کہ جناب رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے کہ نماز ستون دین ہے اور جو شخص کہ نماز کو ترک
کیا اُسنے اپنے دین کو منہدم کیا اور [illegible] وہ دوزخ میں
داخل ہوگا اور ذلیل [illegible] آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جو
شخص نماز ترک کرے [illegible]
کیا اور فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ جہنم میں ایک صحرا ہے کہ دوزخی اوس صحرا سے ہر روز ستر
ہزار مرتبہ فریاد کرتے ہیں اور اوس صحرا میں ایک گھر ہے آگ کا اور اوس گھر میں ایک کنواں ہے
آگ کا اور اُس کنوئیں میں ایک تابوت ہے آگ کا اور اُس تابوت میں ایک سانپ ہے اور اُس
سانپ کے ہزار دانت ہیں اور ہر دانت ایک ہزار گز کا ہے آنحضرت سے پوچھا کہ یا
رسول خدا صلعم یہ کسواسطے ہے فرمایا کہ واسطے پینے والے شراب کے اور واسطے ترک
کرنے والے نماز کے اور منقول ہے کہ جو شخص ستر قرآن جلاوے اور ستر فرشتگان مقرب کا
خون بہاوے اور ستر زنان باکرہ سے فعل شنیع کرے پس وہ قریب تر ہے طرف نجات کے
تارک نماز سے یعنی بے نمازی کو اسقدر بھی امید اپنے نجات کی نہیں ہو سکتی جسقدر کہ اُس
شخص کو اُمید ہے منقول ہے کہ ایک بار موسیٰ علی نبینا و علیہ السلام کا دریائے نیل پر گذر ہوا دیکھا

[illegible] اُسکا حضرت کبریا سے دریافت کیا مین حکم آیا کہ
[illegible] گویا [illegible] ایک بے نمازی جہاز مین سوار رہتا [illegible]
[illegible] آیا کہ دانت اکھاڑ کے دریا مین پھینک دیا ایسے
[illegible] سب مچھلیون پر خدا تعالی نے حرام
[illegible] کرتا کہ اپنی مان سے ستر مرتبہ [illegible]
[illegible] ترک کرنے والے سے اور فرمایا حضرت صادق
[illegible] اُس گھر سے جو کہ طلا سے ہو
[illegible] ثواب نماز کا [illegible] ثواب سے زیادہ ہے
اور جناب رسول خدا صلعم نے فرمایا [illegible] ایک نماز سے دوسری نماز تک کفارہ گناہون کا
ہے جبتک کہ گناہان کبیرہ سے پرہیز کرے اور حضرت امیر علیہ السلام سے روایت ہے فرماتے تھے کہ مین
نے پیغمبر خدا سے سنا ہے کہ وہ آیت قرآن کی کہ جسکے [illegible] سے زیادہ امید ہو وہ آیہ اقم الصلوٰۃ
الخ [illegible] ہے اور فرمایا کہ اے علی قسم ہے اُس شخص کی کہ جسنے مجکو خوشخبری دینے والا اور
ڈرانے والا کرکے بھیجا ہے کہ جسوقت کوئی تم مین سے واسطے وضو کے اُٹھتا ہے اور وضو
کرتا ہے تو اُسکے اعضا مین سے گناہ گر جاتے ہین اور جسوقت دل سے خدا کی طرف متوجہ
ہوتا ہے تو کوئی گناہ اُسپر باقی نہین رہتا اور ایسا ہو جاتا ہے کہ جیسے شکم مادر سے ابھی پیدا
ہوا ہے اور جسوقت دو نمازون کے درمیان کوئی گناہ ہوتا ہے تو سوا [illegible] ہو جاتا ہے اور
پھر [illegible] فرمایا کہ نماز پنجگانہ میری امت کے لیئے مثل نہر کے ہے کہ کسی کے [illegible]
جاری ہو جسوقت آدمی پانچ مرتبہ دن اور رات مین غسل کرے اُس نہر مین تو اُسپر میل باقی
نہین رہتا ہے ایسے ہی واللہ نماز پنجگانہ بھی میری امت کے واسطے ہے کہ جو کوئی پانچون وقت
نماز پڑھے تو اُسپر گناہ باقی نہین رہتا ہے اور حضرت صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ نماز مومن کی رات
کو نیچا تی ہے اُن گناہون کو کہ جو دن کو کیے ہین اور کہتے ہین کہ ابو اللیث انصاری ایک روز

خربوزے بیچ رہا تھا ایک عورت صاحب جمال خربوزے خریدنے کو آئی ابو اللیث نے کہا کہ
اچھے خربوزے میرے گھر میں ہیں ہمراہ میرے چل اُسمیں سے میں تجھکو دونگا جس وقت وہ عورت
اُسکے گھر میں آئی تو ابو اللیث نے اُسکو بغل میں لیکر بوسہ دیا اُس عورت نے کہا کہ خدا سے
خوف کر ابو اللیث بہت نادم ہوا اور حضرت رسول خدا صلعم کی مجلس اقدس میں حاضر
ہو کر حضرت سے عرض کیا کہ کیا فرماتے ہیں آپ اُس شخص کے حق میں کہ جو زن بیگانہ کو
اپنے گھر میں لیجا کر اُسکو اپنی بغل میں لے اور بوسہ اُسکو دے رسول خدا صلعم نے کچھ جواب
نہ دیا منتظر وحی کے ہوئے دوسری نماز کے وقت تک اور حضرت نے دوسری نماز ادا کی
جبرئیل یہ آیت لائے کہ اِنَّ الْحَسَنَاتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّئَاتِ تحقیق نیکیاں لیجاتی
ہیں برائیوں کو حضرت نے فرمایا کہ ابو اللیث تو نماز عصر ہمارے ساتھ پڑھ اور فرمایا کہ
وہ نماز کفارہ ہے اس گناہ کا لوگوں نے عرض کیا کہ یا حضرت یہ حکم کیا اُسی کے واسطے ہے
فرمایا کہ نہیں یہ حکم ہے سب کے واسطے اور جمال الصالحین میں مروی ہے کہ جس وقت مومن
مشغول نماز ہوتا ہے تو خدا تعالی متوجہ اُسکی جانب ہوتا ہے اور اطراف آسمان و اطراف زمین کی
ہر طرف سے اُسپر رحمت نازل ہوتی ہے اور اُسی کتاب میں منقول ہے کہ ایک نماز بہتر ہے
ہزار حج سے اور ہر حج بہتر ہے تمام دنیا سے اور جو کچھ کہ دنیا میں ہے اور جو مومن کہ نماز فریضہ کو
بجا لاتا ہے بعدد الفان مومنین کے ملائکہ اُسکے پیچھے نماز پڑھتے ہیں اور واسطے اوسکے
دعا کرتے ہیں جب تک کہ نماز سے فارغ ہوتا ہے اور جناب رسالتمآب صلعم نے فرمایا ایک
فرشتہ سمائیل ہے نمازیوں کے واسطے وقت نماز خدا سے چٹھیاں لیا کرتا ہے کہ جسکے ذریعہ سے
اُنکو آتش جہنم سے رستگاری ہوگی پس جب صبح ہوتی ہے اور مومنین کھڑے ہوتے ہیں
وضو کرکے نماز صبح ادا کرتے ہیں تو وہ اللہ تعالی سے ایک چٹھی رستگاری کی لیتا ہے اُسمیں لکھا ہوتا ہے کہ
میں وہ خدا ہوں کہ جسکو ہمیشہ بقا ہے اے میرے بندو اور کنیزو میں نے تمکو اپنی حفاظت میں لیا
مجھکو قسم ہے اپنے عزت و جلال کی کہ میں تمہاری گنہگاری کو چھپاؤنگا اور تمکو دولت خدائی نہ دونگا

اور مین نے تمھارے گناہ ظہر تک کے بخشدیے پھر جبکہ وقت ظہر کا ہوتا ہی اور مومنین قائم ہوکر نماز ظہر کی بجا لاتے ہین تو وہی فرشتہ سمائیل اونکے واسطے دوسری سند یعنی چٹھی لیتا ہے اور اوسمین یہ مضمون لکھا ہوتا ہے کہ مین خدا سے قادر ہون اے میرے بندو اور کنیزو مین نے تمھارے گناہون کو نیکیون سے بدل دیا اور تمھارے گناہ بخشدیے اور سبب میری خوشی کے بہشت مین جانا تمکو حلال ہوگا پھر جب وقت عصر ہوتا ہی اور وہ با طہارت نماز ادا کرتے ہین تو سمائیل اونکے واسطے تیسری سند لیتا ہے جسمین یہ مضمون ہوتا ہے کہ مین خدا سے بزرگ ہون ذکر میرا بڑا ہی اور سلطنت میری عظیم ہے مین نے آتش جہنم کو حرام کیا تمھارے جسمون پر نیکوکارون کے مکان تمھارے بہشت کے اندر مقرر کیے اور اپنی رحمت سے بدی شر پروردگار کی تم سے دفع کی پھر جب وقت مغرب کا ہوتا ہے اور وہ با طہارت نماز ادا کرتے ہین تو سمائیل چوتھی سند واسطے اونکے خدا سے لیتا ہے جسمین یہ مضمون ہوتا ہی کہ مین خدا ہے جبار و بزرگ ہون اے نمازیو میرے فرشتے تمسے روشن آئے اے بندو تمکو لازم ہی کہ تمکو خوش کرون اور قیامت کے دن تمھاری آرزوون کو بر لاؤن پھر جب وقت عشا کا ہوتا ہے اور مومنین با وضو نماز ادا کرتے ہین تو وہی سمائیل پانچوین سند اللہ سے لیتا ہے اوسمین یہ مضمون لکھا ہوتا ہے کہ مین خدا بے مثل ہون اے بندو میرے تم اپنے گھرون سے طہارت کرکے میرے گھر مین حاضر ہوئے اور تم نے میرے حق کو پہچانا اور واجبات کو میرے جانا اور ادا کیا پھر فرماتا ہی اے سمائیل اور اے فرشتو میرے تم سب گواہ رہنا کہ مین ان بندون سے راضی ہوا پس سمائیل ہر شب کو بعد نماز عشا کے یہ آواز تین بار بلند کرتا ہی کہ اے گروہ ملائکہ بشارت ہو کہ جناب پروردگار نے گناہ نمازیون کے بخشدیے پس یہ آواز سنکر تمام فرشتے ساتون آسمانون کے نمازیون کے لیے استغفار کرتے ہین اور اونکے واسطے دعا کرتے ہین کہ ہمیشہ نماز ادا کیا کرین۔ اور سلمان فارسی رض نے جناب رسول خدا صلعم سے روایت کی ہے کہ آنجناب نے ایسا فرمایا کہ جب آدمی نماز کا قصد کرتا ہے تو تمام گناہ

آنکے سر پر ہوتے ہیں پھر جب وہ سجدہ کرتا ہے تو وہ گناہ گرنے شروع ہوتے ہیں جب وہ نماز سے فارغ ہوتا ہے تو سب گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے اور حدیث میں ہے کہ ایک نماز واجب بہتر ہے ہزار حج سے اور ہر حج بہتر ہے ہزار مکانات سے جو سونے اور چاندی سے بھرے ہوئے تصدق کیے جائیں اور جناب رسول خدا صلعم سے روایت کی گئی ہے کہ جو نماز پنجگانہ کو پڑھیگا اور سات گناہان کبیرہ سے بچیگا تو قیامت کے روز اُس سے کہا جائیگا کہ جنت میں جس دروازے سے چاہے داخل ہو - ایک شخص نے اس حدیث کے بیان کرنیوالے سے پوچھا کہ تو نے اُن حضرت سے وہ سات گناہ بھی سنے ہیں وہ کون کون سے ہیں اوسنے کہا کہ ہاں اوّل اللہ کے ساتھہ کسی کو شریک جاننا - دوسرے ماں باپ کا عاق کردینا فرزند کو - تیسرے شوہردار عورت پر تہمت لگانا - چوتھے ناحق کسی کا خون بہانا پانچویں لشکر اسلام سے بھاگ آنا چھٹے یتیم کا مال کھانا - ساتویں زنا کرنا - منقول ہے کہ ایک شخص نے جناب رسول خدا صلعم سے اپنی فقیری اور محتاجی کی شکایت کی پس اُن حضرت نے فرمایا کہ شاید تو نماز نہیں پڑھتا کہ فقیری نے تجھکو گھیر لیا ہے اُسنے کہا یا حضرت نماز میں نے کبھی ترک نہیں کی فرمایا کہ شاید تیری اولاد و عیال میں سے کوئی نہ پڑھتا ہوگا کہ اُس سے یہ نحوست آئی اُسنے کہا کہ یا حضرت میرے گھر میں کوئی ایسا نہیں جو نماز نہ پڑھتا ہو حضرت نے فرمایا کہ تیرے ہمسایوں میں شاید کوئی بے نمازی رہتا ہوگا اُسنے عرض کیا ہاں یہ امر بیشک یہی ہے فرمایا حضرت نے کہ تو اُس مقام سے کہیں چلا جا جب وہ موافق حکم جناب رسالت مآب صلعم کے وہاں سے اُٹھ گیا پس بفضل خدا جلالہٗ وہ صاحب مال ہو گیا اور کتب اخبار میں یہی مضمون نقل کیا گیا ہے کہ نماز پنجگانہ کا التزام کرو اس واسطے کہ روز قیامت اول نماز ہی کی پرسش ہوگی اور اُسی سے سوال کیا جائیگا اگر جواب اسکا ٹھیک ہوا تو سب قبول ہوگا اور نہ ہوا تو الٹے منہ جہنم میں ڈالدیا جائیگا اور مروی ہے کہ جو کوئی نماز فریضہ کو ادا کرے اور بعد اسکے دعا طلب کرے مستجاب ہوتی ہے اور جناب امام جعفر صادق سے مروی ہے کہ جب نماز کا وقت ہوتا ہے تو ایک فرشتہ

پکارتا ہی کہ ای لوگو اٹھو اور نماز پڑھو۔ اور مروی ہی کہ اگر نماز کو با شرائط و ارکان پڑھے
تو فرشتے اوس نماز کو روشن و نورانی آسمان پر لیجاتے ہین اور نماز اوسکو دعا کرتی ہے اور
کہتی ہی کہ جیسے تو نے میری حفاظت کی اور ضائع نہ کیا خدا ے تعالے تیری محافظت کرے
اور اگر نماز کو با شرائط و ارکان نہ پڑھے تو وہ نماز سیاہ و تاریک ہو کر پھرتی ہے اور کہتی ہے کہ
تجکو ضائع کیا تو نے خدا ے تعالی تجکو ضائع کرے اور جو کوئی نماز کو خفیف جانے اور ارکان
کو اسکے ضائع کرے وہ شخص حوض کوثر سے بے نصیب اور شفاعت اہلبیت سے محروم ہے
اور یہ بھی منقول ہی کہ اگر نماز مقبول ہوگی تو تمام اعمال اسکے مقبول ہونگے ورنہ کوئی عمل قبول
نہ ہوگا۔ اور مروی ہی کہ جو شخص عمداً نماز کو ترک کرے وہ شخص کافر ہے۔ چنانچہ ابو عبد اللہ سے
پوچھا کہ کیا دلیل ہی کہ زانی کو تو کافر نہین کہ سکتے اور تارک نماز پر لفظ کافر کا اطلاق کرتے
ہین حضرت نے فرمایا کہ اسکا یہ باعث ہے کہ زانی بسبب شہوت نفسانی کے کار شیطانی بجالاتا
ہے اور تارک نماز بلا شہوت سبک جانکر اوسکو ترک کرتا ہے۔ اور جناب رسول خدا نے
فرمایا کہ جو شخص عمداً ترک کرے نماز کی ایک کیڑے یا القمہ کے ساتھ گویا اوسنے ستر نبی کو
قتل کیا اول اون ستر مین سے آدم علیہ السلام ہین اور آخر اونمین سے جناب رسول خدا صلعم ہین
اور امام علی نقی علیہ السلام سے مروی ہی کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہی کہ جو بندہ مومن اسلئے
نماز پڑھنے کے مصلے کی جانب متوجہ ہوتا ہے خدا ے تعالے ملائکہ سے فرماتا ہی کہ ای ملائکہ دیکھو
تم میرے بندہ کو کہ تمام کام دنیا کے چھوڑکر با امید رحمت و مشتاق ستایش میری کے میری
طرف متوجہ ہوا ہی گواہ رہو تم کہ اوسپر رحمت اور کرامت اپنی متوجہ کی ہین جب
اور جبوقت اللہ اکبر کہتا ہے تو خدا ے تعالے فرماتا ہے کہ اے ملائکہ دیکھو یہ بندہ
مجکو بزرگ تر اور منزہ جانتا ہے گواہ رہو کر اوسکو آتش جہنم سے پاک کیا ہین جب اور جب
وہ توجہ سے نماز ادا کرتا ہے اور جبوقت کہ آنحضرت اور بندہ میرا اسیطرح پڑھتا ہے تو
خدا ے تعالے فرماتا ہے کہ اے ملائکہ دیکھو کہ بندہ میرا نماز پڑھتا ہی گواہ رہو تم کہ اسکے

وہاں اسکے لیے ... سجدہ اول ... بہشت میں کرونگا اور ... جو پڑھا ہوا آیت جو
طلا ہو ایک ... درجہ نقرہ اور ایک درجہ موتی کا اور ایک ... درجہ زبرجد سبز اور ایک درجہ یاقوت
سرخ اور ایک ... اور ... اپنا نور ہیں سبحانہ تعالے اسکو
آسے عطا فرماتا ہے اور جو وقت بندہ تکبیر کرتا ہے تو خدا سبحانہ تعالے ملائکوں سے فرماتا ہے کہ
کہ اے ملائکہ دیکھو کہ میری تواضع کرتا ہے اور کہتا ہے کہ عاجز اور ذلیل ہوں میں اور حق
... تیرا مجھ پر بڑا ہے ... گواہ رہو تم کہ اوسکو حق کے ساتھ بلند کرونگا میں اور باطل کو اس سے
دفع کرونگا اور جس وقت سر سجدہ اول سے اٹھاتا ہے تو خدا تعالی فرماتا ہے کہ دیکھو اے ملائکہ
یہ بندہ کہتا ہے کہ میں نے تیری عزت و عظمت کے سامنے تواضع کی اور تیری بارگاہ میں واسطے
بندگی و طاعت کے حقارت و ذلت کے ساتھ سجدہ کیا ہوا ہوں پس اس بندہ کو عزیز کیا
میں نے اور اپنی رحمت کے ساتھ خصوصیت دی میں نے اور جس وقت دوسرا سجدہ
کرتا ہے تو خدا سبحانہ تعالے فرماتا ہے کہ دیکھو اے ملائکہ اس بندہ کو میرے سامنے تواضع
کی گواہ رہو تم اور میری رحمت نازل کی میں نے اور جس وقت واسطے دوسری رکعت کے
اٹھتا ہے تو خدا سبحانہ تعالے فرماتا ہے کہ اے ملائکہ گواہ رہو تم کہ اس سے ذلت کو اٹھایا میں نے
اور عزت کے ساتھ بلند کرونگا میں اور مروی ہے کہ بندہ جس قدر رکعتیں ادا کرتا ہے ہر
رکعت میں خدا سبحانہ تعالے اسی طرح فرماتا ہے اور جس وقت نماز کا سلام کہے تو خدا تعالی
ملائکوں سے فرماتا ہے کہ اے ملائکہ اس بندہ پر تم سلام کرو اور ایک روایت میں آیا ہے کہ سلام
بعد ہر نماز کے امان ہے یعنی جو کوئی فرمان خدا و سنت پیغمبر صلعم کو بخضوع و خشوع بجالایا
امان ہے اوسکو بلا سے دنیا اور عذاب آخرت سے

فصل چہارم ثواب پڑھنے نماز نافلہ کا بیچ بیان

مخفی نرہے کہ احادیث میں نماز نوافل کے بجالانے کی بہت تاکید ہے حدیث میں آیا ہے کہ
اگر نماز فریضہ میں کچھ سہو یا نقصان ہو جاوے تو خدا سبحانہ تعالے اسکی نماز نافلہ کے ساتھ

اور اگر بندہ مانع ہو۔ جناب آخوند صاحب کتاب حدیقۃ المتقین میں تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے حدیث صحیح میں منقول ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ جب پیغمبر خدا آسمان پر تشریف لے گئے تو حق تعالیٰ سے سوال کیا کہ پروردگارا کیا حال اور کیا رتبہ ہے بندہ مومن کا نزدیک تیرے پروردگار عالم نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ یا محمد حال اوسکا میرے نزدیک اس مرتبہ میں ہے کہ جو شخص خوار کرے میرے دوست کو تو گویا کھینچا واسطے ظاہر لڑائی کی اور میں اپنے دوست کی بہت طرفداری کرتا ہوں اور مجکو کسی چیز میں تردد نہیں ہوتا جیسا کہ قبض روح مومن میں ہوتا ہے کہ وہ مرگ کو مکروہ رکھتا ہے اور میں اوسکی آزردگی نہیں چاہتا مگر صلاح حال اوسکا اسی میں ہوا ہے اور بسبب سستی کہ تقرب حاصل کرتا ہے بندہ مومن مجھ سے بسبب بجا لانے نوافل کے یہاں تک کہ وہ بندہ محبوب میرا ہوتا ہے پس جب وہ بندہ محبوب میرا ہوا تو اوسوقت میں بمنزلہ کانوں اوسکے کے ہوں کہ وہ جو کچھ سنتا ہے گویا میرے کانوں سے سنتا ہے اور میں بمنزلہ اوسکی آنکھوں کے ہوں کہ جو کچھ کہ وہ دیکھتا ہے گویا میری آنکھوں سے دیکھتا ہے اور میں بمنزلہ زبان اوسکی کے ہوں کہ جو کچھ وہ کہتا ہے گویا میری زبان سے کہتا ہے اور میں بمنزلہ ہاتھوں اوسکے کے ہوں کہ جو کچھ وہ کرتا ہے گویا وہ میرے ہاتھوں سے کرتا ہے اور اگر وہ بندہ کچھ مجھ سے طلب کرتا ہے اور دعا مانگتا ہے اوسکی دعا کو قبول کرتا ہوں اور اوسکے سوال کو عطا کرتا ہوں۔ ثواب نماز نافلہ بجا لانے کے احادیث میں بہت ہیں انشاء اللہ آیندہ نماز شب میں لکھے جائینگے

فصل (۲۴۴) فضائل مسجد کے بیان میں

جمال السالکین میں اہل بیت طاہرین صلوات اللہ علیہم اجمعین سے مروی ہے کہ ایک نماز مسجد جامع میں برابر سو نماز کے اور ایک نماز مسجد محلہ میں برابر پچیس نماز کے اور ایک نماز مسجد بازار میں برابر بارہ نماز کے اور جو کوئی مسجد میں جاوے اور جو قدم رکھے ہر ایک اوسکے قدم کی زمین ساتوں زمین تک تسبیح کرے اور جو کوئی اپنے گھر میں طہارت کرکے مسجد میں جاوے

گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے اور گویا اُسنے زیارت خدا کی کی اور خدا پر حق ہے کہ اکرام اوسکا
کرے اور بہترین اہل مساجد وہ ہیں کہ سب سے پہلے داخل ہوں اور سب سے پیچھے باہر آویں مروی
ہے کہ جو کوئی آواز اذان مسجد میں سنکر بغیر ادائے نماز کے باہر چلا جاوے منافق ہے مگر یہ کہ ارادہ
پڑھنے کا رکھتا ہو اور بہترین مساجد واسطے عورتوں کے مکان اُنکے ہیں اور جس وقت
مسجد کو جاوے تو گھر سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھے بسم اللہ الذی خلقنی
فھو یھدین والذی ھو یطعمنی ویسقین واذا مرضت فھو
یشفین والذی یمیتنی ثم یحیین والذی ھو اطمع ان یغفر لی
خطیئتی یوم الدین رب ھب لی حکما والحقنی بالصالحین
واجعل لی لسان صدق فی الآخرین واجعلنی من ورثۃ جنۃ
النعیم واغفر لابی۔ پس خداے تعالیٰ اُسکو ایمان کی ہدایت کرے اور اطعمہ
واشربہ بہشت سے سیر کرے اور پڑھنا اس دعا کا کفارہ اُسکے گناہان کا ہو اور خداے تعالیٰ
موت اُسکی مثل موت شہدا کے کرے اور حیات اُسکی مثل حیات نیکوں کے گذرانے اور سب
خطائیں اُسکی بخشدے اگرچہ کف دریا سے زیادہ ہوں اور علم اُسکو عطا فرماوے اور اُسکو صادقین
میں سے لکھے اور مکان جنت نعیم میں عطا فرماوے اور سب گناہ اُسکے پدر و مادر کے بخشدے
اور مسجد میں داخل ہوتے وقت پاے راست کو اول مسجد میں رکھے اور یہ دعا پڑھے بسم اللہ
وباللہ ومن اللہ والی اللہ وخیر الاسماء کلھا للہ وتوکلت علی اللہ
لا حول ولا قوۃ الا باللہ اللھم صل علی محمد وآل محمد وافتح
لی ابواب رحمتک وتوبتک واغلق عنی ابواب معصیتک
واجعلنی من زوارک وعمار مساجدک وممن یناجیک فی
اللیل والنھار من الذین ھم فی صلوتھم خاشعون
وادحر عنی الشیطان الرجیم وجنود ابلیس اجمعین اور

جب مسجد میں داخل ہو یہ کہے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ
لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ
بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا وَّلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى
اللّٰهُ عَلٰى اَنْبِيَائِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ پس مسجد کا حق ادا ہو اور مقبول ہے اور مروی ہے کہ
اگر مسجد میں بیٹھنے کا ارادہ ہو تو مسجد میں بے طہارت داخل نہ ہو اور جب بیٹھے پہلے نماز تحیت
اور مسجد میں تھوکنا بھی خطا ہے داخل ہو اور کفارہ اوسکا یہ ہے کہ دفن کرے اور مروی
ہے کہ جو شخص بسبب تعظیم مسجد کے آب دہن و دماغ کو نہ گراوے خدا اوسکے واسطے اوسکے
صحت بدن عطا فرماوے اور گناہ اوسکے معاف فرماوے اور ایمان کو زیادہ کرے اور کسی عارضہ میں
مبتلا نہ کرے اگرچہ کہ نازل ہوا ہو اور قیامت کے دن خوشحال و خندان ہو اور نیز مروی ہے کہ
مسجد میں گفتگو یا دنیا کی باتیں نہ کرے کیونکہ مسجد جائے عبادت ہے اور مسجد میں تجارت
وغیرہ نہ کرے اور مروی ہے کہ جو کوئی مسجد میں ایک چراغ جلاوے جب تک وہ چراغ روشن
رہے حملۂ عرش و ملائکہ واسطے اوسکے استغفار کرتے ہیں اور جو کوئی مسجد میں جھاڑو دے
ثواب اوسکا خدا تعالیٰ مثل بندہ آزاد کرنے کے عطا فرماوے اور جو کوئی روز
پنجشنبہ اور شب جمعہ میں مسجد میں جھاڑو دے اگرچہ بقدر سرمہ کے خاک نکلے خدا تعالیٰ
سب گناہ اوسکے بخشدے اور جس وقت مسجد سے باہر آوے پہلے بایاں پاؤں نکالے اور کہے بسم اللہ
اور صلوٰۃ محمد و آل محمد پر بھیجے اور کہے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ

فصل سی وسوم فضائل اذان و اقامت میں

جمال الصالحین میں مروی ہے کہ جو کوئی وقت شروع کرنے نماز فریضہ کے اول اذان و اقامت
کہے تو پیچھے اوسکے دو صفیں ملائکہ کی نماز پڑھتی ہیں اور اگر صرف اقامت کہے تو ایک صف کہ ہر
صف مشرق سے مغرب تک ہوتی ہے اور جو کوئی مؤذن واسطے رضائے خدا کے اذان کہے
اور اجرت پر نظر نہ رکھے تو خدا تعالیٰ روز قیامت کو بہشت میں مشک کے ٹیلے پر

عطا فرماوے اور دربیان اذان واقامت کے ثواب اُس شہید کا خداے تعالی اوسکو عطا
فرماوے جو راہ خدا میں شہید ہو کہ اپنے خون میں لوٹتا ہو ایک شخص نے حضرت رسول صلعم سے
عرض کیا کہ یا رسول اللہ لوگ اذان میں پیش دستی کرتے ہیں فرمایا کہ ایک زمانہ ایسا آئیگا
کہ اذان ازروے تکبر خود نہین کہینگے بلکہ ضعیفون پر منحصر رکہینگے اور جو کوئی واسطے رضا
خدا کے اذان کہے خداے تعالے اوسکو ثواب چالیس ہزار شہید کا اور چالیس ہزار صدیق کا اوسکو عطا
فرماوے اور چالیس ہزار گناہگار کو اوسکی شفاعت سے خداے تعالی بہشت میں پہونچاوے اور
جسوقت اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہے ستر ہزار فرشتے واسطے اُسکے دعا اور استغفار
کرتے ہیں اور قیامت کے دن وہ شخص سایہ عرش خدا میں کھڑا ہوگا جبتک حساب آدمیون
کا تمام ہو اور جسوقت کہے اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ چالیس ہزار فرشتے
واسطے اُسکے ثواب لکھتے ہیں اور مروی ہے کہ جو کوئی ایک سال شہرہاے اسلام میں اذان
کہے سب گناہ اُسکے بخشے جاتے ہیں اگرچہ مثل کوہ احد کے ہون اور بہشت اُسپر واجب ہوتا
ہی اور اذان کو باواز بلند کہنا چاہیے تاکہ آواز دور تک پہونچے اور مروی ہی کہ جسقدر
بلند آواز سے اذان کہے اُسیقدر گناہ اُسکے بخشے جاتے ہیں اور جو کوئی اُس اذان کی آواز
سنکر نماز ادا کرے خداے تعالے واسطے اذان دینے والے کے حسنات ثبت فرماتا ہی اور مروی
ہی کہ خداے تعالے نے واسطے اذان کے فرشتے مقرر کیے ہیں اور آواز اذان کی آسمان پر
لیجاتے ہیں اور جسوقت ملائکہ سنتے ہیں کہتے ہیں کہ یہ امت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کی ہی کہ توحید خدا کرتی ہی پس ملائکہ واسطے اذان دینے والے کے استغفار کرتے ہیں جبتک کہ
نماز سے فارغ ہو اور مروی ہی کہ گھر میں اذان بلند کہنا شیطان کو دور کرتا ہی اور اذان
کا سننا بیماری و پریشانی کو زائل کرتا ہے ایک راوی کہتا ہی کہ میرے عیال و اطفال میرے
ہمیشہ علیل رہتے تھے ایک دن اسی حدیث کو سنکر اس حدیث پر عمل کیا خداے تعالی نے
ہمکو اور میرے عیال و اطفال کو صحت عطا فرمائی اور میرے گھر سے بیماری زائل ہوئی

اور مروی ہے کہ ایک شخص نے خدمت حضرت امام رضا علیہ السلام میں عرض کیا کہ میں بیمار و پریشان رہتا ہوں اور میرے اولاد نہیں ہوتی حضرت نے فرمایا کہ اپنے مکان میں اذان کہا دی کہتا ہے کہ میں نے ایسا ہی کیا بیماری زائل ہوئی اور اولاد کثیر بہت ہوئی

فصل ۴۴ اذان واقامت میں

واضح ہو کہ اذان کی اٹھارہ فصلیں ہیں اور بنا بر فتوی علماء مشہور کے چار مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور دو مرتبہ اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور دو مرتبہ اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اور دو مرتبہ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ اور دو مرتبہ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ اور دو مرتبہ حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلِ اور دو مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور دو مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ اَشْہَدُ اَنَّ عَلِیًّا وَّلِیُّ اللّٰہِ تیمنا و تبرکا اذان میں کہنا مضائقہ نہیں بلکہ ایک مرتبہ اذان میں بعد اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ کے کہنا بہتر ہے اور اقامت کی سترہ فصلیں ہیں یعنی اذان واقامت میں اتنا فرق ہے کہ اذان میں چار مرتبہ اول اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہنا ہوتا ہے اور اقامت میں اول میں دو مرتبہ کہا جائیگا اور اذان میں قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ نہیں کہا جائیگا اور اقامت میں بعد حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلِ کے دو مرتبہ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ زیادہ ہوتا ہے اور اذان کے آخر میں دو مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور اقامت میں آخر کو صرف ایک مرتبہ کہا جائیگا پس قبل ہر نماز پنجگانہ کے اذان واقامت کہنا مستحب ہے چنانچہ حدیث میں وارد ہوا ہے کہ اگر کوئی اذان واقامت کے ساتھ نماز پڑھے تو اس کے پیچھے مشرق تک ملائکہ نماز پڑھینگے لیکن نماز صبح و مغرب میں بعض علما اقامت کو واجب جانتے ہیں پس ان دونوں نمازوں میں اقامت کو ترک نہ کرے پس احتیاط یہ ہے کہ نماز صبح و مغرب میں اذان واقامت کو ترک نہ کرے اور جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ کے نزدیک نماز جمعہ کو اذان واقامت کے ساتھ پڑھنا سنت مؤکدہ ہے خصوصاً اقامت کی تاکید زیادہ ہے خواہ نماز ادا ہو یا قضا خواہ مرد ہو خواہ عورت خواہ نماز جہری ہو یا اخفاتی ہے پس اگر نماز قضا

پڑھے تو ایک مرتبہ صبح کے لیے اذان و اقامت کہے اور باقی نمازیں اقامت سے بجا لاوے
اور اگر بعد فاصلہ کے پڑھے تو پھر اول نماز میں اذان کہے اور باقی نمازوں میں فقط اقامت کہنا کافی
ہے اور اگر اذان و اقامت دونوں کو نہ کہے چونکہ حسب فتوی کے دونوں سنت ہیں تو بھی نماز
نہیں اگرچہ افضل ہے اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ پیشتر وقت سے اذان کہنا صحیح نہیں ہے مگر اذان
صبح میں دو مرتبہ اذان کہہ سکتا ہے اول قبل نماز صبح کے واسطے تنبیہ غافلین کے اور دوسرے بعد دخول
وقت کے اور سوا نماز پنجگانہ و جمعہ کے اور نمازوں میں اذان و اقامت مشروع نہیں ہے
اور اگر کوئی جنگل میں راہ بھول جائے یا اور آیات کے لیے مثل آندھی سرخ وغیرہ یا مولود کے
کان میں اذان کہے تو اذان کہنا صحیح ہے اور چاہیے کہ اذان کو باواز بلند اور سہولت سے
ٹھہر ٹھہر کے وقف میں طول دیکر کہے مگر اقامت کو بہ نسبت اذان کے آہستگی کے ساتھ جلد جلد مختصر وقف
سے کہے اور عورتیں اذان و اقامت آہستہ کہیں تاکہ آواز انکی نامحرم نہ سنیں بلکہ تکبیر اور شہادتین
پر بھی اکتفا کر سکتی ہیں اور موذن کو چاہیے کہ اذان کے کہنے میں دہنے و بائیں جانب توجہ نہ کرے
بلکہ جہاں تک ہو سکا جانب قبلہ ہو اور اقامت میں بات کرنا کراہت شدید ہے بلکہ بعد قد قامت
الصلوٰۃ کے حرام ہے بنا بر قول بعض علما کے اور اگر بات کہے تو پھر اعادہ اقامت کا کرے
اور جس وقت نماز جماعت کی پڑھے تو امام کو آگے کھڑا کرنے اور جماعت کی صفوں کو برابر اور سیدھا
کرنے میں اگر کوئی کلمہ کہے تو قباحت نہیں مگر بعد قد قامت الصلوٰۃ کے بات کرے تو اقامت
دوبارہ کہے اور چاہیے کہ موذن مسلمان عاقل ہو تاکہ اذان اسکی معتبر ہو اور سنت ہے کہ موذن
ساتھ طہارت کے رو بقبلہ کھڑا ہو اور وقت کو بھی پہچانتا ہو اور عادل اور بلند آواز ہو لیکن
بالغ اور آزاد ہونا کچھ ضرور نہیں اور چاہیے کہ موذن مرد ہو مگر عورت عورتوں کے لیے
اذان کہہ سکتی ہے جب نماز بجماعت پڑھیں مگر شرط یہ ہے کہ نامحرم آواز انکی نہ سنیں اور اگر کوئی اذان کہنا
بھول گیا ہو اور فقط نیت کرکے نماز پڑھے پس اگر قبل رکوع کے یاد آئے تو اذان اقامت کہنا سنت
ہے اور پھر از سر نو نماز شروع کرے اور اگر عمداً ترک کیا ہو تو بہت کراہت نہیں بنا بر مشہور کے

اور ظہر و عصر کی نماز کو اور اسی طرح مغرب و عشا کی نماز کو ایک اذان سے پڑھنا درست ہے یعنی اول واسطے نماز ظہر کے اذان کہے تو پھر نماز عصر کے لیے اذان کی ضرورت نہیں یہی طرح مغرب و عشا کی نماز میں حکم ہے مگر شرط یہ ہے کہ جس وقت فاصلہ نافلہ کا بیچ میں نہ ہوا ہو اور جو درمیان میں پڑھے نافلہ کے عصر و عشا کے لیے بھی علیحدہ علیحدہ اذان کہے اور اگر ایک جماعت نماز پڑھ چکی ہو اور بعد اسکے دوسرا گروہ آئے اور وہ بھی چاہے کہ نماز جماعت ادا کرے پس اگر جماعت اول سے کوئی صف اپنے حال پر باقی ہو یہانتک کہ ایک شخص بھی اپنی جگہ پر تعقیب و دعا میں مشغول ہو تو پھر اذان و اقامت کی حاجت نہیں بلکہ اکتفا اول اذان و اقامت پر کرنا چاہیے اور یہی حکم ہے ایک شخص کے لیے بھی جو نماز تنہا پڑھے جب تک کہ کوئی تعقیب و دعا پڑھنے والا جماعت اول سے باقی ہو اور بعد اذان کے یہ دعا پڑھنا سنت ہے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ قَلْبِیْ بَارًّا وَعَیْشِیْ قَارًّا وَرِزْقِیْ دَارًّا وَاَوْلَادِیْ اَبْرَارًا وَعَمَلِیْ سَارًّا وَاجْعَلْ لِیْ عِنْدَ قَبْرِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مُسْتَقَرًّا وَقَرَارًا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اور اذان میں موالات بھی شرط ہے یعنے ایک فصل کے بعد دوسری فصل کو بلا فاصلہ کہے اور رجال الصالحین میں ہے کہ بعد اذان کے دعاے مذکور کو کھڑے یا بیٹھکر دونوں طرح پڑھ سکتا ہے مروی ہے کہ جو کوئی وقت شام درمیان اذان و اقامت کے بیٹھے ایسا ہے کہ گویا راہ خدا میں اپنے خون میں لوٹا ہو

فصل ۵۵م - افعال نماز کے بیان میں

چنانچہ وہ نو ہیں پہلا نیت ہے اور معنی نیت کے یہ ہیں کہ نماز پڑھنے کا ارادہ کرے اور اسکا قصد دل میں کرنا کافی ہے اور نیت ادا و قضا کی ضرورت نہیں مگر نزدیک جناب شیخ دام ظلہ کے نماز واجب میں قصد واجب و سنت میں نیت سنت اور نیت ادا وقت میں اور نیت قضا خارج وقت میں کرنا واجب نہیں لیکن اس صورت میں کہ اظہر ادا و

قضا دونون اُسکے ذمہ ہون پس انمین سے ایکا تعین کرنا لازم ہی اور اسی طرح قصد واجب حسب
اور سنت ہی مثلاً وقت نافلہ فجر اور فریضہ دونون کا موجود ہو پس چاہیے کہ انمین سے بھی
ایک کو تعین کرے اور اگر نماز سے فارغ ہو چکا ہو یا وقت اُسکا باقی نہو تو قصد وجوب کا
ضرور نہین بلکہ فقط قصد قربت کافی ہی یعنے نماز پڑھتا ہون مین قربۃً الی اللہ اور نیت سہل
ہی لیکن نیت کا ریا سے اور مانند اوسکے خالص کرنا البتہ مشکل ہے خداوند عالم شوائب
اور اغراض دنیویہ سے عبادات مین محفوظ رکھے۔

فصل (۲۶) تکبیرۃ الاحرام کے بیان مین

معلوم ہو کہ تکبیرۃ الاحرام واجب ہی اور ارکان نماز مین سے ہی اور رکن اُسکو کہتے ہین کہ
جسکے ترک کرنے سے نماز باطل ہوتی ہی خواہ عمداً خواہ سہواً پس واجب غیر رکن کا سہواً ترک
ہوجانا ضرر نہین رکھتا اور صورت تکبیرۃ الاحرام کی اللّٰہُ اَکْبَرُ ہی اور اس تکبیر کا باواز
بلند کہنا امام کو سنت ہی تاکہ ماموم مطلع اور آگاہ ہون کہ نماز شروع ہوئی مگر ماموم آہستہ
کہے بلکہ ایک روایت مین وارد ہے کہ ماموم کو لائق و سزاوار نہین کہ اپنی آواز امام کے کان
تک پہونچاوے جو پڑھتا ہے سواے اس تکبیر کے پھر بعد تکبیرۃ الاحرام کے یہ دعا پڑھے وَجَّهْتُ
وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ
عَلٰى مِلَّةِ اِبْرَاهِيْمَ وَدِيْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَمِنْهَاجِ
عَلِيٍّ حَنِيْفًا مُسْلِمًا وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَ
مَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ
وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ بعد اسکے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ
آہستہ کہکر بِسْمِ اللّٰهِ باواز بلند کہکر سورہ حمد پڑھے اور بسم اللہ باواز بلند کہنا سنت
ہی نماز جہری ہو یا اخفاتی اور بسم اللہ جزو ہر سورہ کا ہے پس بدون بسم اللہ کے سورہ حمد یا اور
دوسرا سورہ پڑھنا صحیح نہین اور بنا بر فتوی جناب شیخ دام ظلہ کے آٹھ چیزین تکبیرۃ الاحرام مین

نظر میں پہلے اللہ اکبر کو ترتیب سوالات کے دوسرے فوراً بلا فاصلہ بعد نیت کہے تیسرے
اللہ اکبر کو ترتیب سوالات کے چوتھے میں ہمراہ اللہ کے اکبر کو وصل نہ کرے پانچویں اللہ
اکبر کو آواز بلند کہے یہاں تک کہ خود سنے چھٹے حروف کو اپنے مخارج سے نکالے ساتویں اللہ
اکبر کو کہے اللہ اعظم نہ کہے اور یہ بھی جاننا چاہیئے کہ ہر تکبیر کے لیے ہاتھوں کو کانوں تک
اٹھانا سنت ہے مگر ہتھیلیاں قبلہ کی طرف ہوں اور سر سے بلند کرنا مکروہ ہے بنا بر مشہور
کے اور بعض علما حرام جانتے ہیں اور قول مشہور بظاہر قوت رکھتا ہے لیکن عمل بہ
قول ثانی کی اولیٰ ہے

فصل (۴۷) قیام نماز و نماز بیمار کے بیان میں

قیام ہنگام تکبیرۃ الاحرام اور وقت پڑھنے حمد اور سورہ کے دو مقام میں رکن نماز ہے ایک
تکبیرۃ الاحرام میں بنا بر قول احوط کے دوسرے متصل ساتھ رکوع کے کہ اسکے کبھی ترک سے
نماز باطل ہوتی ہے اگرچہ فراموش ہو مگر ان دو مقام کو سوا قیام واجب ہیں سہواً
باطل کرنا بنا بر مشہور کے ضرر نہیں رکھتا لیکن احوط اعادہ نماز ہے اور معنی قیام کے یہ ہیں کہ
سیدھا کھڑا ہو اور اگر گردن جھکی ہوئی ہو تو کچھ حرج نہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ گردن بھی نہ
جھکائے اور دونوں پاؤں پر کھڑا ہونا لازم ہے لیکن اگر کبھی بوجھ دہنے پاؤں پر
اور کبھی بائیں پاؤں پر رکھے تو کچھ حرج نہیں لیکن استقرار یعنی ایک حال پر ثابت رہنا
شرط ہے اسطرح سے کہ حرکت نہ کرے بلکہ اعضا سے قیام ساکن رہیں اور اگر تھوڑی سی
حرکت کرے تو اسوقت قرأت میں توقف کرے اور ایسی چیز پر کھڑا نہو کہ اسپر پاؤں قائم نہو
مثل برف کے اور مثل اس روئی کے کہ دھنکی ہوئی ہو اور اسمیں پاؤں چلے جاویں اور یہ
بھی شرط ہے کہ کسی چیز پر سہارا نہ دے مثل دیوار یا عصا کے ورنہ نماز باطل ہوگی
اور اگر بیمار ہو اور سیدھا بغیر استعانت کے کھڑا نہو سکے تو عصا یا دیوار پر سہارا دینا چاہیئے
اور اگر عصا وغیرہ سے بھی سہارا دے کے نماز پڑھنا ممکن نہو سکے تو کسی شخص پر ہاتھ رکھ کے

نماز پڑھے اور اگر یہ بھی ممکن نہو تو بیٹھ کے نماز پڑھنا چاہیئے جبتک کہ کھڑے ہونے کی طاقت نہو اور اگر حمد یا سورہ پڑھنے میں طاقت بہم پہونچ جاوے تو کھڑا ہونا ضروری لیکن کھڑے ہوتے میں قرأت نکرے بلکہ بعد کھڑے ہونے کے بقیہ حمد و سورہ کو تمام کرے اور اگر سیدھا نہ بیٹھ سکے تو جھکا ہوا رہے اور اگر یہ بھی نہو سکے تو تکیہ لگا کے نماز پڑھے اور اگر اس سے بھی عاجز ہو اور کسی طرح بیٹھنا ممکن نہو تو لیٹ کے دہنی کروٹ سے قبلہ رخ ہو کر نماز پڑھے والا بائیں کروٹ سے اور اگر یہ بھی نہو سکے تو چت ہو کر نماز پڑھے مگر جب چت ہو کر نماز پڑھے تو چاہیئے کہ پاؤں اپنے قبلہ کی جانب کرے تاکہ منہ اسکا قبلہ کی جانب ہو جاوے اور وقت رکوع و سجود کے اشارہ کرے لیکن سجدہ میں اشارہ بہ نسبت رکوع کے زیادہ ہونا چاہیئے اور احتیاط اسمیں ہی اور اگر ہو سکے تو سر کو تکیہ پر سے اٹھا کر سجدہ گاہ پر رکھے اور اگر نہو سکے تو پیشانی پر سجدہ گاہ یا ایسے درخت کا پتہ کہ اوسکو کھاتے نہوں رکھ لے اور اگر اٹھانا بھی سجدہ گاہ کا ممکن نہو تو اشارہ کافی ہی اور اگر لیٹ کے نماز پڑھتا تھا اسی اثنا میں طاقت بیٹھنے کی ہو گئی تو مناسب ہی کہ بیٹھ کے نماز کو پڑھے یا مثلاً چت لیٹا ہی اور اسی اثنا میں طاقت بائیں یا داہنی کروٹ ہو جانے کی پائے تو مناسب ہے کہ داہنی یا بائیں کروٹ ہو جاوے

فصل (۲۸) سورہ یا سے قرآنی پڑھنا نماز واجب میں

ہر نماز واجب کی دو رکعت اولین میں سورہ حمد واجب ہی اور بعد سورہ حمد کے دوسرا سورہ پڑھنا واجب ہی اور اگر بعد سورۂ حمد کے دوسرا سورہ پڑھنا بھول جائے اگر قبل رکوع کے یاد آئے تو اس سورہ کو پڑھ لے رکوع میں جائے اور اگر رکوع میں جا چکا ہی اور درمیان میں یاد آئے اوس وقت رجوع کرنا طرف دوسرے سورہ کے نہ چاہیئے بلکہ بعد رکوع کے سجدہ میں چلا جاوے۔ انشاء اللہ مسائل اس بارہ میں آئندہ تحریر ہونگے بس نماز فریضہ میں دوسرا سورہ ترک کرنا نچاہیئے مگر چند مقام پر اول نماز نافلہ میں فقط سورۂ حمد پر اکتفا کرسکتا ہی دوسرا سورہ درکار نہیں خواہ ضرورت ہو خواہ نہو دوسرے واسطے مریض کے خواہ بسبب ناطاقتی بیماری ہو

یا خوف کے یا بسبب تنگی وقت کے دوسرا سورہ پڑھنے کی مہلت نہ ہو یا کوئی حاجت اُس سے
کسی برادر مومن کی ایسی ہو کہ فوت سے اُسکے حرج شدید ہو یا کوئی غرض شدید مثل بول
و غائط وغیرہ کے ہو اِن سب صورتوں میں اقتصار سورۂ حمد پر چاہیئے مگر بدون ضرورت
اور اضطرار کے اگر دوسرے سورہ کو اِن دونوں رکعتوں میں سے ترک کرے تو نماز باطل ہے
بلکہ در صورت ضرورت بھی اعادہ احوط ہے اور معلوم ہو کہ تنگ وقت میں پیا سورہ طولانی
پڑھنا درست نہیں کہ بسبب اُسکے وقت نماز کا فوت ہو جاوے اور بسم اللہ ہر سورہ کا جزو ہے
سوا سے سورۂ برات کے پس چاہیئے کہ قبل بسم اللہ کے سورہ کو تعین کرکے بقصد اُس
سورہ کے بسم اللہ کہے اور جن سوروں میں کہ سجدۂ واجب ہے نماز فرض میں درست نہیں
اور اگر کوئی شخص نماز پڑھتا ہو اور کوئی شخص کوئی سورہ ایسا پڑھے کہ اُسمیں سجدہ واجب
ہو پس یہ نماز پڑھنے والا بسبب سُننے اس سورہ کے سجدہ باشارہ کرے گا مگر بعد نماز کے
سجدہ کرنا چاہیئے اور نماز نافلہ میں سورۂ سجدہ پڑھنا جائز ہے مگر جب آیۂ سجدہ پہ پہونچے
فوراً سجدہ کرے اور یہ دعا سجدہ میں پڑھے سَجَدْتُ لَكَ یَارَبِّ تَعَبُّدًا وَّرِقًّا
لَا مُسْتَكْبِرًا عَنْ عِبَادَتِكَ وَلَا مُسْتَنْكِفًا وَّلَا مُسْتَعْظِمًا بَلْ اَنَا
عَبْدٌ ذَلِیْلٌ خَائِفٌ مُسْتَجِیْرٌ اور اگر کوئی شخص سہواً سورہ طویلہ شروع
کر چکا ہو مگر اُسکے تمام کرنے میں خوف فوت ہو جانے نماز کا ہو تو مناسب ہے کہ اُسکو چھوڑ دے
اگر نصف سورہ تک پہونچا ہو اور بعد اُسکے محل تامل ہے مگر سورہ کو نصف سے زیادہ بھی
پڑھ چکا ہو اور خوف فوت ہو جانے نماز کا ہو تو بھی چھوڑ سکتا ہے اور یہ ہو سکتا ہے باقی کو چھوڑ کر
سورہ مختصر کو پڑھے اور اگر اُسکا بھی پڑھنا ممکن نہ ہو یعنی خوف ہو کہ وقت نماز کا بسبب
دوسرے سورہ کے جاتا رہیگا پس جسقدر کہ پڑھا ہے اُسپر اکتفا کرے مگر سورۂ حمد اور
قل یا ایہا الکافرون میں بعد شروع کے عدول صحیح نہیں اور سوائے سورۂ توحید کے ایک سورہ
دو رکعتوں میں مکرر پڑھنا مکروہ ہے مگر قوی ہے کہ سورۂ توحید کو دوسری رکعت میں بعد الحمد

فائدہ علاوہ نماز کے جب سجدہ آیۂ قرآن کا کرے [illegible]

ضرور پڑھے اور جب سورہ کو تمید پڑھ لے تب قنوت پڑھے کیونکہ بعد پڑھنے سورہ قل ہو اللہ احد کے دعا مستجاب ہی بلکہ حدیث مین ہی اگر پانچون وقت کی نماز مین سے کسی نماز مین سورہ قل ہو اللہ احد نہ پڑھے تو ایک فرشتہ ندا کرتا ہی کہ اے بندہ خدا تو نماز کنندگان مین سے نہین ہی اور دو رکعت نماز صبح اور مغرب و عشا کے پہلے دو دو رکعتون مین سورہ حمد اور سورہ کا آواز بلند پڑھنا مردون کو واجب ہی اور باقی مغرب و عشا کی رکعتون مین اور نماز ظہر و عصر مین آہستہ واجب ہی مگر بسم اللہ کا آواز بلند کہنا درست ہی نماز جہری ہو یا اخفائی سب مین مستحب ہی کہ یہ علامت ایمان کی ہی خواہ امام ہو خواہ منفرد اور تسبیحات کا آہستہ پڑھنا احوط ہی اور ادنی مرتبہ جہر کا یہ ہی کہ جو شخص اس نماز پڑھنے والے کے قریب ہو اگر بہرا نہو سنے مگر عورتین اگر نامحرم آواز انکی نہ سنین مختار ہین آہستہ پڑھین یا آواز بلند اور در صورت سننے نامحرم کے آہستہ پڑھنا چاہیئے اور مقام اخفات مین اخفات لازم ہی اور ظاہر عورتون کے لیے اخفات مطلقاً احوط ہی اور جو سورہ پڑھے حروف کو اپنے مخارج سے نکالے اور یہ واجب ہی اور تیسری اور چوتھی رکعت مین مختار ہی سورہ حمد اور تسبیحات اربعہ مین سے جسکو چاہے پڑھے مگر نزدیک سید العلما و جناب سید محمد ابراہیم طاب ثراہ و جناب شیخ سلمہ کے تسبیحات کا پڑھنا بنسبت سورہ حمد کے افضل ہی اور تسبیحات کا پڑھنا ایک مرتبہ واجب ہی اور دوسری مرتبہ سنت ہی مگر احتیاط یہ ہی کہ تین مرتبہ پڑھے اور صورت تسبیحات کی یہ ہی سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اور بعد اسکے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ کہنا درکار نہین اگرچہ ظاہرا بہتر ہی اور اگر عدد تسبیحات مین شک کرے تو چاہیئے کہ اقل پر بنا رکھے اور اگر کسی شخص نے دو رکعتون مین حمد فراموش کی ہو تو آخر کی رکعتون مین حمد کا پڑھنا احوط ہے ۔

فصل (۹۴۴) رکوع کے بیان مین

واضح ہو کہ رکوع فرض واجب رکنی ہی اور حدیث مین ہی کہ جو کوئی رکوع کو تمام کرے یعنی پورا ا

رکوع کرے وحشت فرے امن ہو اور مستحب ہے رکوع میں اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کہنا اور رکوع ہر رکعت میں ایک مرتبہ ہے اور رکن نماز ہے پس اگر عمداً یا سہواً
اسکو ترک کریگا تو نماز باطل ہے دوسرے یہ کہ اسقدر [illegible] واجب ہے کہ اسقدر جھکے کہ دونوں
ہاتھوں کی ہتھیلیاں دونوں گھٹنوں تک پہونچ سکیں پس اسقدر جھکنا واجب ہے مردوں کے
لیے اور عورتوں کو اس سے کم جھکنا ہے کہ صرف انگلیاں [illegible] پہونچیں اور ہتھیلی کا گھٹنوں
پر رکھنا واجب نہیں البتہ مستحب ہے مرد کو [illegible] اور عورتوں کو [illegible] کہ ہاتھ اپنی
رانوں پر رکھیں [illegible] اور اگر کوئی [illegible]
اگر کسی طرح جھکنا ممکن نہ ہو تو سر سے اشارہ کرے [illegible] اور [illegible]
خواہ سر سے ہو یا آنکھ سے اور اگر ترک کریگا نماز اسکی باطل ہوگی تیسرے ذکر کرنا بھی
رکوع میں واجب ہے مگر اسکی تعیین میں اختلاف ہے [illegible] ایک تسبیح کبیرہ یا تین تسبیح صغیرہ
میں مختار یہ ہے [illegible] اور [illegible]
اور تین تسبیح صغیرہ [illegible] کافی ہے [illegible]
مگر حالت ضرورت میں اور صورت تسبیح کبیرہ کی سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ ہے اور
صورت تسبیح صغیرہ کی سُبْحَانَ اللّٰهِ ہے چوتھے جب تک ذکر رکوع میں مشغول ہو اسوقت تک
رکوع میں ٹھہرنا واجب ہے اور مرد کو پشت برابر اور سیدھا رکھنا سنت ہے اسطرح پر کہ اگر اسکی
پشت پر قطرہ پانی کا گرے ٹھہر جاوے اور عورت کو قدر واجب سے زیادہ جھکنا مکروہ ہے
اور حدیث میں وارد ہے کہ آنکھیں بند کرلے یا پاؤں کی طرف نظر کرے اور دونوں پاؤں
مرد کے ملے نہیں بلکہ کچھ فاصلہ ہو لیکن ایک بالشت سے فاصلہ زیادہ نہ ہو کہ یہ قدر فاصلہ سنت
ہے اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ عورتیں اپنے دونوں پاؤں ملے رکھیں [illegible] پانچویں رکوع سے سر
اٹھا کے اتنی توقف کرنا بھی واجب ہے اور وقت کھڑے ہونے کے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ
کہکر اللّٰهُ اَكْبَرُ کہکر سجدہ میں جاوے کہ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کا کہنا سنت ہے پھر اگر رکوع سے

سر اٹھا کے اچھی طرح کھڑا نہ ہوا اور ذرا توقف نہ کیا کہ فورًا سجدہ میں چلا گیا پس نماز باطل ہے

فصل (۵۰) سجدہ کرنے میں اور سجدہ کے بعد کھڑے ہونے میں اور تشہد میں

مروی ہے کہ تربت امام حسین ع پر سجدہ کرنا حجابوں کو ما بین سجدہ کنندہ اور خدا تعالے کے اٹھاتا ہے اور ہفت زمین تک نورانی کرتا ہے۔ پس ہر رکعت میں دو سجدے واجب ہیں اور دونوں ملکر باہم رکن نماز ہیں پس اگر دونوں کو ترک کرے تو نماز باطل ہے اگرچہ سہوًا ہو اور سجدہ میں کئی چیزیں ہیں پہلے سات عضو پر سجدہ کرنا چاہیے کہ مراد اس سے پیشانی ہے کہ جسکو عربی میں جبہہ کہتے ہیں اور دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں مع انگشتان اور دونوں زانو اور دونوں پاؤں کے انگوٹھے ہیں پس ان سب اعضا کا بقدر مسمی کے رکھنا واجب ہے نماز پڑھنے والے ہی اور جسقدر زیادہ ہو بہتر ہے اور احوط بلکہ لازم ہے کہ تمام بدن کا بوجھ ان سب اعضا پر ہو اور ہر ایک پر اعتدال سے ٹیکا کرے اور انگوٹھوں میں احوط یہ ہے کہ انگوٹھوں کے کنارے چاہیے نماز پر پہونچیں اور پیشانی بقدر مسمی کے زمین پر پہونچانا کافی ہے اور مراد پیشانی سے درمیان پیشانی کا ہے درمیان دو ابرو کے اور پیشانی کو اُس چیز پر رکھنا واجب ہے کہ جسپر سجدہ درست ہے کہ اگر کسی چیز پر جن پر سجدہ کرنا درست نہیں ہے اور وہ یہ ہیں پہلے جس چیز کو عادتًا کھاتے یا پیتے ہوں دوسرے طلا و نقرہ اور جو چیز معدنی ہو مثل عقیق وغیرہ کے تیسرے گچ و چونہ وغیرہ اور ظروف گلی پختہ اور خشت پختہ پر بھی سجدہ صحیح نہیں پس مثلاً ان کے پا جو کچھ اُس سے پیدا ہو سجدہ کرنا درست ہے بشرطیکہ عادتًا میں اُسکو کھاتے یا پیتے نہوں اور اسی طرح سنگ و کاغذ پر بھی سجدہ درست ہے اور لکھے ہوے کاغذ پر سجدہ صحیح نہیں ہے اور احوط یہ ہے کہ مقدار دو بند سے سجدہ گاہ کم نہو و الا اقل مقدار انگشت کی چوڑائی اور جب وہ چیز کہ جسپر سجدہ درست ہے میسّر نہو پس جو چیز کہ زمین سے اُگی ہو کھانے یا پینے کی مقدم ہے بعد اُسکے مختلف مثل روئی کے کہ بالفعل اُسکو پہنتے نہیں ہیں اور اگر یہ بھی نہ ملے پیشتر پر اور اگر یہ بھی نہو تو پشت دست پر سجدہ کرے اور اگر کوئی نماز پڑھتا ہو اور اثنائے نماز میں

[illegible]

تنا یا سجدہ گاہ وغیرہ پر تو اسے اٹھا سکے اور بغیر فعل کثیر کے وہ شئی کہ جس پر سجدہ درست ہے ممکن ہو
ڈھونڈ کے سجدہ کرے اور نماز کو تمام کرے اور اگر بغیر فعل کثیر کے ممکن نہ ہو تو حالت اضطرار میں
پتے وغیرہ سے جو چیز ملجائے اسپر سجدہ کرے اور اگر وقت نماز کا تنگ ہو تو اعادہ نماز کی ضرورت
نہیں مگر جب وقت نماز کا وسیع ہو تو بعد نماز کے وہ چیز کہ قابل سجدہ کے ہے تلاش کرکے پھر
اعادہ کرے احتیاطاً سجدہ میں ذکر سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى وَبِحَمْدِهِ ایک
مرتبہ واجب ہے اور تین مرتبہ یا پانچ مرتبہ یا سات مرتبہ بلکہ اس سے بھی زیادہ سنت ہے لیکن
عدد کا طاق ہونا اولیٰ ہے اور وقت ضرورت کے بجائے اسکے تین مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہ کہنا بھی
کافی ہے حالت اختیار میں اور ایک مرتبہ حالت اضطرار میں اور تسبیح کبیر کا مکرر کرنا سنت ہے
خواہ رکوع میں ہو خواہ سجدہ میں اور یہ بھی جاننا چاہیئے کہ کھڑے ہونے کی جگہ سے سجدہ کی
جگہ لازم ہے کہ چار انگشت سے زیادہ بلند نہ ہو بلکہ احوط یہ ہے کہ تین انگشت متصلہ سے بھی
زیادہ نہو اور اولیٰ یہ ہے کہ جائے قیام اور سجدہ بلندی و پستی میں مساوی ہو مگر اس صورت میں کہ
بسبب مرض کے جھکنے سے معذور ہو تو جائے سجدہ کا بلند ہونا درکار ہے لیکن جسقدر ممکن ہو
جھکے اور اگر جھکنا مطلق ممکن نہو تو سر سے اشارہ کرے والا چشم سے اور سجدہ گاہ کو
اٹھا کر پیشانی سے لگائے اور اگر کسی کی پیشانی میں دنبل یا زخم یا ورم ہو کہ بسبب اوسکے
سجدہ نکر سکے تو واجب ہے کہ ایک گڑھا زمین میں کھودے یا کوئی چیز ایسی بنائے کہ اس میں
گڑھا ہو خواہ چوبی ہو خواہ گلی ہو پیشانی کو اسپر رکھے تا سجدہ بھی تمام ادا ہو اگر چارہ ضرور
تمام پیشانی پر ہو تو دونوں جبین کے ایک جانب سجدہ کرے لیکن دہنی جانب کو
بائیں جانب پر مقدم کرے اور اگر بسبب دنبل وغیرہ کے کوئی جگہ پیشانی کی خالی نہو اور دونوں
پہلوؤں میں بھی مانع ہو تو ٹھڈی پر سجدہ کرے اور سجدہ میں بقدر ذکر واجب کے
ٹھہرنا لازم ہے اور اگر ٹھڈی پر بھی ممکن نہو تو اشارہ کرے اور ہر سجدہ سے سر اٹھانا
واجب ہے اور بعد اول کے سر اٹھانے کے قدرے بیٹھنا بھی واجب ہے اور سنت ہے کہ سجدہ

احکام سجدہ مریض ۱۲

سر اٹھا کر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور بعد اسکے دو زانو بیٹھ کر قدرے توقف کرے اور اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ
رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ کہے اور بعد اسکے اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہکے دوسرے سجدہ مین جاوے
اور بعد فارغ ہونے دوسرے سجدہ کے سر اٹھاکے ایک لحظہ بیٹھ جاوے کہ اسکو جلسہ
استراحت کہتے ہین اور یہ علی الاظہر الاشہر سنت ہے چنانچہ اس بارہ مین چند مسائل حضرت
مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ سید ابو الحسن صاحب طاب ثراہ و جناب سید میر آغا صاحب مدظلہ
العالی مجتہدین لکھنوی دریافت کیے وہ حسب ذیل ہین مسئلہ اول سجدہ کرکے اچھی طرح
بیٹھنا واجب ہے یا مستحب یہاں اگر اول سجدہ کرکے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ
اِلَیْہِ اچھی طرح بیٹھکر کہنے نہ پایا کہ فوراً دوسرا سجدہ کرلیا تو نماز باطل ہے یا نہین جواب
بعد سجدہ اولی کے درست ہوکر بیٹھنا واجب ہے اور عمداً ترک مین نماز باطل ہے حررہ العالم [illegible]
السید ابو الحسن عفی عنہ اور جناب میر آغا صاحب مجتہد العصر مدظلہ العالی نے تحریر فرمایا
کہ در صورت عمد نماز واجبی باطل ہوگی نہ در صورت سہو اور نماز سنتی مین ترک جائز ہے مطلقاً واللہ اعلم
مسئلہ دوسرا سجدہ کرکے اچھی طرح بیٹھنا واجب ہے یا مستحب اگر دوسرا سجدہ کرکے
سر اٹھاکر اچھی طرح نہ بیٹھا کہ فوراً بعد سجدہ کے کھڑا ہوگیا تو نماز باطل ہے یا نہین جواب
وجوب و استحباب مین اختلاف ہے احوط یہ ہے کہ جلسہ بعد سجدہ ثانیہ ترک نہ کرے اور در صورت
ترک عمداً اعادہ نماز احوط ہے حررہ العالم [illegible] السید ابو الحسن عفی عنہ اور جناب میر آغا صاحب
مجتہد العصر مدظلہ نے تحریر فرمایا کہ جلسہ بعد سجدہ ثانیہ کے مستحب ہے واجب نہین ہے واللہ اعلم
حررہ السید میر آغا عفی عنہ اور بعد اسکے کھڑا ہو اور وقت کھڑے ہونے کے بِحَوْلِ اللّٰہِ
وَقُوَّتِہٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ کہنا سنت ہے پس کھڑے ہوکر حمد اور دوسرا سورہ
پڑھکے قنوت پڑھے اور قنوت پڑھنا دوسری رکعت مین قبل رکوع کے خواہ نماز واجب
خواہ سنت ہو سنت موکدہ ہے سواے نماز وتر و شفع و جمعہ کے اور اگر قنوت کو فراموش کرکے
رکوع مین چلا جاوے تو بعد رکوع کے اسکو بجالاوے اور جب دوسرا سورہ دوسری

رکعت میں سورۂ قل ہو اللہ پڑھے تو کَذٰلِكَ اللّٰهُ رَبِّيْ دو یا تین مرتبہ کہے بعد اسکے وسط
قنوت کے دونوں ہاتھوں کو جانب آسمان بلند کرے اور صورت قنوت کی مختصر یہ ہے اَللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَعَافِنَا
وَاعْفُ عَنَّا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ
پس جب رکوع و سجود سے فارغ ہو بیٹھ جائے اور تشہد پڑھے اور تشہد مختصر یہ ہے اَشْهَدُ
اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا
عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ بعد اسکے سلام پڑھکر
نماز کو تمام کرے اگر نماز دو رکعتی ہے اور اگر سہ رکعتی یا چہار رکعتی ہے تو اسمین دو مرتبہ تشہد واجب
ہے پہلے دوسری رکعت میں صرف تشہد اور اگر سہ رکعتی ہے تو تیسری رکعت میں بھی تشہد سلام کے ساتھ
سلام سمیت پڑھکر نماز کو تمام کرے اور اگر چہار رکعتی ہے تو چوتھی رکعت میں بھی تشہد ساتھ سلام
کے پڑھکر نماز کو تمام کرے اور بعد تشہد کے جیسا کہ تحریر ہوا صلوٰۃ بھیجنا کہ یہ بھی واجب ہے
لیکن غیر نماز میں جس وقت کہ نام مبارک اُس جناب کا لے یا سنے تو بنا بر مشہور کے صلوٰۃ بھیجنا
سنت موکدہ ہے لیکن احتیاط یہ ہے کہ ترک نکرے بلکہ اثنائے نماز میں بھی اگر سنے تو صلوٰۃ کو
ترک نکرے اور کئی چیزیں تشہد میں ضرور ہیں پہلے ذکر شہادتین جیسا کہ بیان ہوا دوسرے
بیٹھکے تشہد پڑھنا تیسرے طمانینت و استقرار وقت تشہد کے چوتھے ادائے حروف مخارج
سے پانچویں ترتیب جس طرح سے کہ بیان ہوا چھٹے موالات یعنی ایک کے بعد دوسرے کو پڑھے
اور سلام بعد تشہد کے خواہ نماز دو رکعتی ہو یا سہ رکعتی یا چہار رکعتی آخر رکعت میں واجب ہے
پس نماز میں تین سلام ہیں پہلے اُنمیں سے بعد تشہد کے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا
النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ دوسرے اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى
عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ تیسرے اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَ
بَرَكَاتُهٗ سلام کہنے میں سیدھے اور بائیں جانب نہ دیکھے صرف آنکھ کا اشارہ کرے

چاہیے

یعنی دوسرے سلام پر سیدھی جانب اور تیسرے سلام پر بائین جانب ان تینون سلامون مین پہلا سلام داخل تشہد و سنت ہی اور دوسرا سلام و تیسرا سلام ایک تعین سے جسکو چاہے بہ نیت وجوب کہے اور دوسرا سنت ہی اور بہتر یہ ہی کہ سلام دوم یعنی اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْن کو بقصد وجوب کہے پھر بطور سلام پر نماز کو ختم کرے اور یہ جو عوام مین مروج ہی کہ بعد سلام تین مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَر کہتے ہین تو یہ جزو تعقیبات ہے نماز کا جزو نہین ہی اور اگر بقصد جزئیت کوئی کہے تو نماز اسکی باطل ہوگی اور اگر کوئی شخص مصلی کو اثناء نماز مین سلام کہے اس طریق سے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُم یا سَلَامٌ عَلَیْکُم تو مصلی بھی اسی سلام کو حرفاً حرفاً اعادہ کرے اور معلوم ہو کہ ابتداے سلام سنت ہی اور جواب اسکا واجب ہی اور بعضے علما مصلی پر سلام کو مکروہ جانتے ہین لیکن مصلی کو جواب دینا لازم ہی

فصل (۵۱) مبطلات صلوۃ کے بیان مین

یعنی جسکے سبب سے کہ نماز باطل ہوجاتی ہی اور وہ کئی ہین پہلے اگر بغیر وضو و تیمم کے اور غسل کے نماز پڑھیگا تو نماز اسکی باطل ہوجائیگی درصورت طہارت ممکن ہونے کے دوسرے سکوت طویل یعنے نماز مین اسقدر سکوت کرے کہ لوگ معلوم کرین کہ نماز نہین پڑھتا ہی تیسرے قہقہہ مار کے ہنسنا عمداً یا سہواً چوتھے دو حرف نکالنا سواے دعا و قرآن کے اگرچہ کوئی معنی اسکے نہون یا ایک حرف معنی دار ہو پانچوین رونا واسطے امر دنیا کے یا میت کے لیے عمداً یا سہواً مگر جو شخص مصیبت اہلبیت علیہم السلام مین یا خوف آخرت سے درمیان نماز کے روئے تو نماز اسکی باطل نہوگی چھٹے بعد سورہ حمد کے بغیر تقیہ کے آمین کہنا ساتوین بدون تقیہ کے ہاتھ باندھ کے نماز پڑھنا آٹھوین واجبات نماز کو عمداً ترک کرنا نوین زیادہ یا کم کرنا کسی رکن کا دسوین قبلہ سے منحرف ہونا بحالت اختیار وغیرہ مین گیارھوین رکن نماز کو ترک کرنا عمداً یا سہواً پس اگر مصلی دوسرے رکن تک نہین پہونچا تو چاہیے کہ اسی رکن سہو شدہ کو عمل مین لاوے اور اگر دوسرے رکن تک پہونچ چکا ہی تو ایسی صورت مین نماز اسکی باطل ہوجائیگی اور

نماز کو کسی حالت میں توڑنا جائز نہیں بلکہ حرام ہے مگر چند مقام میں نماز چھوڑنا جائز ہے جیسے نماز پڑھنے میں سانپ یا بچھو یا اور کوئی جانور کہ جس سے خوف ہلاکت کا ہو یا لڑکا کنوئیں میں گرتا ہو یا چور اسباب مصلّی کا چرائے غرض ایسی اضطراری حالت میں قطع نماز جائز ہے اور گناہ نہیں مگر اعادہ نماز کا بھی لازم ہے

فصل (۵۲) احکام سہو رکن نماز و سہو غیر رکن نماز و شکیات رکعات نماز میں

میں نے چند مسائل درباره سہو رکن جناب مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ جناب سید محمد مصطفیٰ دام ظلہ اور جناب سید محمد ابراہیم صاحب شراہ متوطن لکھنؤ سے دریافت کیے تو آپ نے بکمال مہربانی رقم فرمایا کہ سید مرتضیٰ شاہ صاحب نے مسائل اپنی کتاب میں لکھے ہیں جنکو تمام و کمال ملاحظہ کرکے دستخط کر دیے ہیں وہی مسائل کافی ہیں لہذا جملہ مسائل کتاب مذکور ہی ذیل میں نقل کیے جاتے ہیں۔ اگر کسی نے رکن کو سہو کیا ہے اور دوسرے رکن میں داخل نہیں ہوا تو چاہیے کہ اُس رکن کو بجا لاوے سوا نیت اور تکبیرۃ الاحرام کے کہ اُسکا حکم آگے بعد مذکور ہوگا اور اگر دوسرے رکن میں داخل ہوا ہے تو نماز کو پھر از سر نو شروع کرے۔ اگر کوئی شخص نیت یا یعنی قصد نماز یا تکبیرۃ الاحرام کو سہو کرے تو نماز اُسکی باطل ہے اور جس وقت یاد آئے تو نماز کو پھر از سر نو شروع کرے اور اگر رکوع کو سہو کرے یہاں تک کہ سجدہ میں پہنچ گیا ہے سیدھا کھڑا ہوکے رکوع کرے کہ نماز اُسکی صحیح ہے بلا خلاف ظاہر اور اگر اُسنے سجدہ کیا ہو ہرچند کہ پیشانی اُس چیز پہ واقع ہوئی ہو کہ جس پر سجدہ درست نہیں تو بعض عالموں نے کہا ہے کہ سجدہ واحد کو حکم عدم میں سمجھے اور کھڑا ہوکر رکوع کرلے اور بعد ازان دونوں سجدے بجا لاکر نماز کو تمام کرے کہ نماز اُسکی درست ہے اور احوط یہ ہے کہ پہلے اسی طرح نماز کو تمام کرے اور احتیاطاً اعادہ کرے اور اگر دونوں سجدوں کو بھول جائے اور دوسری رکعت کے رکوع میں چلا جاوے تو نماز باطل ہے علی الاشہر اور اگر قبل رکوع کے یاد آئے تو دونوں سجدوں کو بجا لاوے اور نماز کو تمام کرے اور بعد اسکے دو سجدے سہو کے کرے اور بعد ازان اعادہ نماز بھی کرے

تو احوط ہے اور اگر یاد نہ ہو کہ دو سجدے ایک رکعت سے ترک ہوئے ہیں یا دو رکعت سے تو نماز باطل ہے
بنا بر مشہور کے اور بہتر ہے کہ بعد سلام کے اُن دونوں سجدوں کو کہ جنکو بھولا ہے بجا لا کے
چار سجدے سہو کے کرے اور پھر نماز کو بھی اعادہ کرے اور اگر ایک رکعت میں دو رکوع
سہواً کرے تو اس صورت میں بھی نماز باطل ہے اور حکم نماز جماعت کا یہ ہے کہ اگر کوئی شخص سہواً
قبل امام کے رکوع یا سجدہ میں چلا جاوے تو سیدھا کھڑا ہو کے پھر امام کے ساتھ پھر رکوع یا
سجدہ کو بجا لاوے اور اگر قبل امام کے رکوع یا سجدہ سے سر اٹھاوے سہو سے یا
اس گمان سے کہ امام نے سر اٹھایا ہے اور پھر ظاہر ہو کہ امام نے سر نہیں اٹھایا تو پھر رکوع
یا سجدے میں چلا جاوے اور ساتھ امام کے سر اٹھاوے پس ان صورتوں میں یہ زیادتی رکن
کی مضر نہ ہوگی بنا بر مشہور کے لیکن ان سب صورتوں میں احوط یہ ہے کہ جس طرح سے مذکور
ہوا نماز کو تمام کرے اور پھر اعادہ بھی کرے اور اگر عمداً قبل امام کے رکوع یا سجدہ میں چلا جاوے
تو گنہگار ہوگا لیکن اسی حال پر ٹھہرا رہے جب تک کہ امام رکوع یا سجدہ میں جاوے اور
اعادہ نماز احوط ہے اور اسی طرح سے اگر عمداً قبل امام کے رکوع یا سجدہ سے سر اٹھاوے
تو بھی اسی حال سے ٹھہرا رہے تا وقتیکہ امام رکوع یا سجدہ سے سر اٹھالے اور ساتھ
امام کے نماز کو تمام کرکے پھر دوبارہ نماز کا بجا لانا احوط ہے اور اگر کوئی شخص سہواً
ایک رکعت زیادہ کرے نماز باطل ہے بنا بر مشہور کے لیکن اگر قبل رکوع کے یاد آئے تو لازم ہے
کہ بیٹھ جاوے اور اگر تشہد نہ پڑھا ہو تو تشہد پڑھ کے سلام کہے اور دو سجدے سہو کے
احتیاطاً بجا لاوے تو علی الاشہر نماز صحیح ہے اور اگر سلام کو سہواً کرے اور بعد تکلم کے ساتھ
اُس کلام کے کہ غیر قرآن و دعا کے ہو یاد آئے تو چاہیے کہ سلام کو بجا لاوے اور اسکے
بعد پھر دو سجدے سہو کے لازم ہیں نماز اسکی صحیح ہے اسواسطے کہ سہواً کلام سے نماز باطل
نہیں ہوتی مگر اُس صورت میں کہ قبلہ سے منحرف ہوگیا ہو یا فعل کثیر کیا ہو یا حدث صادر
ہوا ہو خواہ عمداً خواہ سہواً تو نماز باطل ہے بنا بر قول احوط و مشہور کے اور اگر

نماز کو کسی حالت میں توڑنا جائز نہیں بلکہ حرام ہے مگر چند مقام میں نماز چھوڑنا جائز ہے
پہلے نماز پڑھنے میں سانپ یا بچھو یا اور کوئی جانور کہ جس سے خوف ہلاکت کا ہو یا لڑکا کنویں
میں گرتا ہو یا چور اسباب مصلی کا چرائے غرض ایسی اضطراری حالت میں قطع نماز جائز ہے
اور گناہ نہیں مگر اعادہ نماز کا بھی لازم ہے

فصل (۵۲) احکام سہو رکن نماز و سہو غیر رکن نماز و شکیات رکعات نماز میں

میں نے چند مسائل دربارہ سہو رکن جناب مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ جناب سید محمد مجتہد صاحب قبلہ دام
ظلہ اور جناب سید محمد ابراہیم صاحب طاب ثراہ مجتہدین لکھنؤ سے دریافت کئے تھے آپ نے تحریر
فرمایا کہ سید مرتضی شاہ صاحب نے مسائل اپنی کتاب میں لکھے ہیں جنکو تمام و کمال ملاحظہ
کر کے دستخط کر دیئے ہیں وہی مسائل کافی ہیں لہذا جملہ مسائل کتاب مذکور ہی ذیل میں نقل کیے
جاتے ہیں۔ اگر کسی نے رکن کو سہو کیا ہے اور دوسرے رکن میں داخل نہیں ہوا تو چاہیے کہ
اس رکن کو بجا لاوے سوائے نیت اور تکبیرۃ الاحرام کے کہ اسکا حکم آگے بیان کیا جاویگا اور
اگر دوسرے رکن میں داخل ہوا ہے تو نماز کو پھیر دے یعنی شروع کرے۔ اگر کوئی شخص نیت
یعنی قصد نماز یا تکبیرۃ الاحرام کو سہو کرے تو نماز اسکی باطل ہے اور جس وقت یاد آئے تو نماز کو
پھر از سر نو شروع کرے اور اگر رکوع کو سہو کرے پھر جانتا ہے کہ سجدہ میں نہیں گیا ہے سیدھا
کھڑا ہو کے رکوع کرے کہ نماز اسکی صحیح ہے بلاخلاف ظاہرا اور اگر اسنے سجدہ کیا ہو ہر چند کہ
پیشانی اس چیز پر واقع ہوئی ہو کہ جس پر سجدہ درست نہیں تو بعض عالموں نے کہا ہے کہ سجدہ
واحد کو حکم عدم میں سمجھے اور کھڑے ہو کر رکوع کرے اور بعد ازاں دونوں سجدے بجا لاکر
نماز کو تمام کرے کہ نماز اسکی درست ہے اور احوط یہ ہے کہ پہلے اسی طرح نماز کو تمام کرے اور
احتیاطا اعادہ کرے اور اگر دونوں سجدوں کو بھول جاوے اور دوسری رکعت کے رکوع میں
چلا جاوے تو نماز باطل ہے علی الاشہر اور اگر قبل رکوع کے یاد آئے تو دونوں سجدوں کو بجا لاوے
اور اگر نماز کو تمام کرے اور بعد اسکے دو سجدے سہو کے کرے اور بعد ازاں اعادہ نماز بھی کرے

تو احوط ہی اور اگر یاد نہو کہ دو سجدے ایک رکعت سے ترک ہوئے ہیں یا دو رکعت سے تو نماز باطل ہے بنا بر مشہور کے اور بہتر یہ ہی کہ بعد سلام کے اُن دونوں سجدوں کو بقصد ما فی الذمہ بجا لاکے چار سجدے سہو کے کرے اور پھر نماز کو بھی اعادہ کرے اور اگر ایک رکعت میں دو رکوع سہواً کرے تو اس صورت میں بھی نماز باطل ہی اور حکم نماز جماعت کا یہ ہی کہ اگر کوئی شخص سہواً قبل امام کے رکوع یا سجدہ میں چلا جاوے تو سیدھا کھڑا ہو کے پھر امام کے ساتھ پھر رکوع یا سجدہ کو بجا لاوے اور اگر قبل امام کے رکوع یا سجدہ سے سر اُٹھاوے سہواً یا اس گمان سے کہ امام نے سر اُٹھایا ہی اور پھر ظاہر ہو کہ امام نے سر نہیں اُٹھایا تو پھر رکوع یا سجدے میں چلا جاوے اور ساتھ امام کے سر اُٹھاوے پس ان صورتوں میں زیادتی رکن کی مضر نہو گی بنا بر مشہور کے لیکن ان سب صورتوں میں احوط یہ ہی کہ جس طرح سے مذکور ہوا نماز کو تمام کرے اور پھر اعادہ بھی کرے اور اگر عمداً قبل امام کے رکوع یا سجدہ میں چلا جاوے تو گنہگار ہوگا لیکن اُسی حال پر ٹھہرا رہے جب تک کہ امام رکوع یا سجدہ میں چلا جاوے اور اعادہ نماز احوط ہی اور اسی طرح سے اگر عمداً قبل امام کے رکوع یا سجدہ سے سر اُٹھالے تو بھی اُسی حال سے ٹھہرا رہے تا وقتیکہ امام رکوع یا سجدہ سے سر اُٹھالے اور ساتھ امام کے نماز کو تمام کرکے پھر دوبارہ نماز کا بجا لانا احوط ہے اور اگر کوئی شخص سہواً ایک رکعت زیادہ کرے نماز باطل ہے بنا بر مشہور کے لیکن اگر قبل رکوع یاد آئے تو لازم ہے کہ بیٹھ جاوے اور اگر تشہد نہ پڑھا ہو تو تشہد پڑھ کے سلام پھیرے اور دو سجدے سہو کے احتیاطاً بجا لاوے تو علی الاشہر نماز صحیح ہی اور اگر سلام کو سہواً کرے اور بعد تکلم کے ساتھ اُس کلام کے کہ غیر قرآن و دعا کے ہو یاد آئے تو چاہیے کہ سلام کو بجا لاوے اور اُسکے بعد پھر دو سجدے سہو کے لازم ہیں نماز اُسکی صحیح ہی اسواسطے کہ سہواً کلام سے نماز باطل نہیں ہوتی مگر اُس صورت میں کہ قبلہ سے منحرف ہو گیا ہو یا فعل کثیر کیا ہو یا حدث صادر ہوا ہو خواہ عمداً خواہ سہواً تو نماز باطل ہے بنا بر قول احوط و مشہور کے اور اگر

بعد کھڑے ہوجانے کے یاد آئے کہ سلام کو سہو کیا ہے تو لازم ہے کہ بیٹھ جائے اور تشہد کو اگر
نہ پڑھا ہو تو پڑھے پھر سلام کہے اور دو سجدے سہو کے احتیاطاً بجالاوے نماز اسکی صحیح ہے اور
اگر کوئی شخص نماز کی ایک رکعت یا زیادہ سہو کرے اور قبل سلام کے متنبہ ہو تو اٹھ کر رکعت کو
پڑھ لے کہ جسکو بھولا ہے نماز کو تمام کرے اور واسطے تشہد کے اگر بے محل پڑھا ہے تو دو سجدے
سہو کے احتیاطاً کرلے اور اگر بعد سلام کے متنبہ ہوا اور قبل اسکے کہ منحرف ہو قبلہ سے یا فعل کثیر اور
حدث صادر ہو نہیں ہوا ہے تو اس صورت میں باقی رکعت کو کہ جسکو بھولا ہے پڑھ کے نماز کو تمام
کرے اور واسطے سلام بیجا کے دو سجدے سہو کے بجالائے اور نماز اسکی صحیح ہے ورنہ باطل
ہے بنا بر مشہور و احوط کے

فصل (۳۵) احکام سہو غیر رکن کے بیان میں

جناب سید علیہ الرحمہ نے رسالہ مجتہد کلیہ میں ارقام فرمایا ہے کہ غیر رکن کا سہو تین صورتوں سے
خالی نہیں پہلی صورت وہ ہے کہ محتاج تلافی و تدارک کی نہیں بنا بر مشہور کے اور احوط یہ
ہے کہ سجدۂ سہو بجالاوے مثل اسکے کہ حمد یا سورۂ ثانیہ کو سہو کرے خواہ دونوں کو خواہ ایک ہی
کسی آیت کو اور بعد رکوع یا رکوع میں یاد آوے تو اسکے تلافی و تدارک کی حاجت
نہیں اور نماز اسکی صحیح ہے بلا خلاف معتد بہ کے لیکن اگر اول کی دونوں رکعتوں میں حمد
اور سورہ سہو کرے تو بعضے علما کہتے ہیں کہ آخر کی رکعتوں میں حمد پڑھنا متعین ہے اور
یہ احوط ہے اور اگر جہر یا اخفات میں نسیان کرے اور بعد رکوع کے یاد آئے یا اثنائے رکوع میں
تو اسکی بھی تلافی و تدارک نہیں ہے اور نماز اسکی صحیح ہے اور اگر قبل رکوع کے یاد آئے تو بھی
حاجت تلافی نہیں ہے بنا بر مذہب اکثر جماعت علما کے لیکن اگر اثنائے حمد یا سورہ میں یاد
آجائے تو باقی میں جہر کے مقام میں جہر اور اخفات کے مقام میں اخفات کرے اور بنا بر احوط یہ
ہے کہ اگر اثنا میں اس سورہ کے یاد آئے کہ جس میں خلل کیا ہے جہر و اخفات میں تو اس سورہ کو ابتدا
سے شروع کرے خواہ حمد ہو خواہ سورۂ ثانیہ اور ظاہرا نماز میں خلل نہ ہوگا اور اگر بعد اتمام

حمد یاد آیا تو حمد کا اعادہ کرے اور اگر بعد اتمام سورۂ ثانیہ یاد آیا کہ خاص اسی سورہ میں
خلل ہوا ہے تو اسی سورۂ خاص کا اعادہ کرے اور اگر بعد اتمام حمد و سورہ یاد آئے کہ فقط
حمد میں خلل تھا یا دونوں میں تو حمد پڑھے اور بعد ازاں وہی سورہ جو پڑھا تھا لیکن ان
تینوں صورتوں اخیرہ میں اعادہ کا نہ کرنا احوط ہے اور اسی طرح سے احتیاج تدارک کی نہیں ہے
اگر ذکر رکوع یا سجود کو سہو کرے یا رکوع اور سجود میں ٹھہرنا سہو کرے یا بعد سر اٹھانے کے
ٹھہرنا سہو کرے اور بعد جانے سجدہ کے یاد آئے یا سجدہ میں سات اعضا میں سے کسی عضو کا
زمین پر رکھنا سہو کرے سوائے پیشانی کے یہ سب وقت کہ سجدہ سے سر اٹھانے کے
بعد یاد آئے یا بعد سجدہ اول کے سر اٹھانے کے بیٹھنا سہو کرے یہاں تک کہ دوسرے سجدہ میں
چلا جاوے تو ان سب صورتوں میں تلافی اور تدارک کچھ نہیں اور نماز اسکی صحیح ہے دوسری
صورت یہ ہے کہ محتاج تدارک کی ہو اور بنا بر سہو سجدہ [illegible] سجدۂ سہو نہیں ہوا اور وہ کئی چیزیں
ہیں اول یہ کہ حمد اور سورہ کو بالکل سہو کرے اور قبل از رکوع کے یاد آئے تو تدارک اسکا
یہ ہے کہ انکو عمل میں لاوے اور اگر الحمد کو فراموش کرے اور سورہ پڑھنے میں مشغول ہو
پس اثنائے سورہ میں یاد آئے خواہ بعد اسکے جبتک کہ رکوع میں نہ گیا ہو حمد کو پڑھے
اور اسکے بعد اسی سورہ کا اعادہ کرے کہ جسکو شروع کیا تھا علی الاحوط اور بعض علماء
نے تصریح فرمائی ہے کہ جو سورہ چاہے [illegible] پڑھے دوسرے یہ ہے کہ جہر و اخفات حمد
اور سورہ میں سہواً ترک کرے اور قبل رکوع کے یاد آئے اور ذکر اس مسئلہ کا قبل اسکے
ہو چکا ہے تیسرے یہ کہ ذکر رکوع یا [illegible] سہو کرے اور [illegible] رکوع یا سجدہ [illegible]
[illegible] یاد آئے [illegible] رکوع یا سجدہ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

یا سجدہ میں بقدر ذکر واجب کے ٹھہرنا فراموش کرے اور ہنوز سجدہ سے سر اٹھایا نہو کہ یاد آ گئے تو تدارک اسکا یہ ہے کہ ٹھہر جاوے اور اس عضو کو زمین پر رکھے اور اسی طرح سے اگر بعد سجدہ اول کے درست بیٹھنا یا درنگ کرنا فراموش کرے اور قبل جانے دوسرے سجدہ کے یاد آ گئے تو درست بیٹھ کے دوسرے سجدہ میں جاوے اور اگر ایک سجدہ یا تشہد کو فراموش کرے اور قبل رکوع کے یاد آ گئے تو بیٹھ جاوے اور اس سجدہ یا تشہد کو بجالاوے اور پھر کھڑا ہو کے حمد یا تسبیحات اربعہ جو کچھ پڑھنے کا محل ہوا اسکو سر سے پڑھے اگرچہ پڑھ چکا ہو جیسا کہ اکثر فقہائے اعلام نے تصریح فرمائی ہے اور نماز اسکی صحیح ہے لیکن احتیاطاً دو سجدے سہو کے بعد نماز کے بجالاوے اور جبکہ ایک سجدہ کو فراموش کیا ہو پس اگر بعد سجدہ اول کے سر اٹھانے کے بقصد وجوب بیٹھا ہو اور بعد کھڑے ہو جانے کے یاد آ گئے تو اس صورت میں سجدہ میں چلا جاوے اور اگر بعد سجدہ اول کے بیٹھا نہو تو بیٹھ [illegible] سجدہ میں جاوے اور اگر بیٹھا ہو اور درنگ بھی کی ہو مگر بقصد [illegible] استراحت کے یہ بیٹھنا بعد دوسرے سجدہ [illegible] اشکال ہے اور مسئلہ خالی از اشکال نہیں لیکن اگر بقصد جلسہ استراحت کے بیٹھا ہو تو بعید نہیں ہے کہ نماز اسکی درست ہو اور اگر نماز کا اعادہ کرے تو بہتر احوط ہے اور اگر درود کو فراموش کرے اور قبل سلام کے یاد آ گئے تو صلوٰۃ پڑھ کے سلام کہے اور اگر درود تشہد اول سے ترک کیا ہو تو بہتر ہے کہ بعد رکوع کے یاد آ گئے تو بعد نماز کے درود کو قضا کرے اور بہ نیت قربت سجدہ سہو کرے بلکہ احوط یہ ہے کہ ہر زیادتی اور نقصان میں بہ نیت قربت سجدہ سہو کو بجالاوے تیسری صورت یہ ہے کہ محتاج تدارک اور سجدہ سہو کی ہے مثلاً بعد رکوع کے یاد آوے کہ رکعت سابق سے ایک سجدہ فراموش ہوا ہے یا تشہد کو سہو سے ترک کیا ہے تو بعد نماز کے انکی قضا کرے اور دو سجدے سہو کے بجالاوے نماز صحیح ہوگی علی الاشہر

فصل (۴۵) احکام سنتوں کے ترک اور بار احتیاط کے بیان میں

فصل

بموجب فتاوی جناب مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ جناب سید محمد ابراہیم صاحب طاب ثراہ و جناب سید مصطفیٰ صاحب
مدظلہ العالی مجتہدین لکھنؤ کے لکھا جاتا ہے۔ واضح ہو کہ شک اگر عدد رکعات نماز صبح و مغرب مین
ہو تو نماز باطل ہے اور شک نماز چار رکعتی کی پہلی دو رکعتوں مین باعث بطلان نماز ہے اور
اگر رکعتوں کی گنتی بھول جاے کہ کے رکعتین پڑھی ہین نماز کے بیچ مین تو اس صورت مین بھی نماز
باطل ہے اور بعد حصول ظن اور اکمال سجدتین دوسری رکعت کے اور اسکے احکام پر عمل کرنے
کے بعد نماز صحیح ہے تفصیل اس اجمال کی چار مسئلون مین باحتیاط بیان کیجاتی ہے

پہلا مسئلہ یہ ہے کہ اگر دو رکعتی نماز مین شک کرے مثل نماز صبح کے تو اس صورت
مین نماز باطل ہے اور اعادہ نماز لازم ہے پس اگر گمان ایک جانب کا ہو تو بنا بر مشہور کے عمل اسپر
لازم ہے اور نماز صحیح ہے اور احتیاط یہ ہے کہ عمل گمان پر کرکے نماز کو تمام کرے اور پھر اعادہ
کرے **دوسرا مسئلہ** یہ ہے کہ تین رکعتی نماز مین قبل اکمال سجدتین کے مثلاً دو اور
تین مین یا دو اور چار رکعت مین شک کرے بلکہ ہر اس صورت مین کہ دو رکعت سے شک متعلق ہو قبل اکمال
سجدتین کے تو نماز باطل ہے **تیسرا مسئلہ** یہ ہے کہ بعد اکمال سجدتین کے چار رکعتی نماز مین شک کرے
دو اور تین یا دو اور چار یا تین اور چار یا چار اور پانچ رکعت مین پھر اگر ظن کسی طرف کا حاصل ہو جاوے
تو موافق اسکے عمل کریگا علی الظاہر الاشہر پس اگر ظن زیادتی کی طرف ہے اور وہ زیادتی بسبب پورے
ہونے نماز کے ہو مثل اسکے کہ دو اور چار رکعت مین شک ہوا اور چار پر ظن حاصل ہو تو چاہیے کہ
اسی رکعت پر نماز کو تمام کرے اور پھر اسکو کچھ لازم نہین اور نماز اسکی درست ہے اور اگر گمان
اکثر پر ہوا اور نماز اسقدر مین پوری نہو مثل اسکے کہ دو اور تین رکعت مین شک کرے پس
اگر تین رکعت پر ظن حاصل ہو تو بنا اکثر یعنے تین پر رکھکر ایک رکعت اور پڑھکر نماز کو تمام
کرے اور اگر گمان زیادتی رکعت کا ہو مثل اسکے کہ چار اور پانچ رکعت مین شک ہوا اور
پانچ کا گمان حاصل ہو پھر اگر کھڑا ہے تو بیٹھ جاے اور تشہد اور سلام بجا لاکے نماز کو تمام
کرے نماز اسکی درست ہے لیکن واسطے زیادتی قیام وغیرہ کے دو سجدے سہو کے ادا کرے

قربت کرے اور اگر رکوع میں چلا جاوے یا رکعت تمام پڑھے تو نماز باطل ہے اس واسطے کہ زیادتی
رکن کی یا ایک رکعت کی ہوئی ہے اور زیادتی رکن کی اور ایک رکعت کی مبطل نماز ہے خواہ عمداً ہو یا سہواً
اگرچہ بقدر تشہد کے بیٹھ چکا ہو پس نماز کو از سر نو شروع کرے اور اگر اسکا ظن کسی طرف ہو تو
جتنی رکعتوں کی کمی کا گمان ہو اسکو پورا کر کے بجا لاوے چوتھا مسئلہ یہ ہے کہ ظن کسی
طرف کا حاصل نہ ہو اور شک باقی رہے تو اسکی چار صورتیں ہیں پہلی صورت یہ ہے کہ بعد اکمال دونوں
سجدوں کے دو اور تین رکعت میں شک کرے دوسری صورت یہ ہے کہ تین اور چار رکعت میں
شک ہو تو ان دونوں صورتوں میں بنا اکثر پر رکھکر نماز کو تمام کرے اور بعد اسکے دو رکعت
بیٹھ کے یا ایک رکعت کھڑے ہو کر بہ نیت احتیاط بجا لاوے اس طرح کہ نماز احتیاط پڑھتا ہوں
میں قربۃً الی اللہ پھر تکبیر کہکر فقط سورہ حمد پڑھے اور دوسری رکعت میں بھی فقط سورہ حمد
پڑھے اور نماز احتیاط کا بجا لانا بعد سلام فریضہ کے بلا فاصلہ واجب ہے اور اسکے لیے طہارت
اور ستر و قبلہ ہو اور اسمیں بہ نیت کے تکبیرۃ الاحرام کہنا اور بعد اسکے حمد پڑھنا لازم ہے اور
بعد حمد کے کوئی اور سورہ پڑھنا جائز نہیں اور اگر اثنائے نماز احتیاط میں یقین ہو جاوے کہ نماز
اصل ناقص تھی تو نماز احتیاط کو تمام کر کے نماز اصل احتیاطاً دوبارہ بجا لانا چاہیے لیکن احوط
یہ ہے کہ صورت اول میں ایک رکعت نماز احتیاط بطریق و نیت مذکورہ کھڑے ہو کر اور صورت
ثانیہ میں دو رکعت بیٹھ کر بطریق و نیت مذکورہ بجا لاوے تیسری صورت یہ ہے کہ دو اور
چار رکعت میں شک ہو پس اگر قبل سر اٹھانے کے دوسرے سجدہ سے ہو تو نماز باطل ہے اس واسطے
کہ یہ شک ایک اور دو کی طرف رجوع کرتا ہے کہ ذکر جسکا سابق میں ہو چکا ہے لیکن
صورت گمان میں احتیاط یہ ہے کہ ظن پر بنا رکھ کے نماز کو تمام کرے اور پھر اعادہ بھی کرے اور
اگر بعد دوسرے سجدہ کے شک ہو تو بنا چار پر رکھ کے تمام کرے اور نماز صحیح ہے اور نماز احتیاط
کی دو رکعت کھڑے ہو کر بجا لاوے صورت چوتھی یہ ہے کہ دو اور تین اور چار رکعت میں
شک ہو پس اگر قبل سر اٹھانے دوسرے سجدہ کے ہو تو نماز باطل ہے اور اگر بعد دوسرے کے

ترکیب پڑھنے نماز احتیاط ۱۲

سجدے سہو کے ادا کرے چار پر بنا کرکے نماز کو تمام کرے اور نماز احتیاط کی بیٹھ کر دو رکعت کھڑے ہو کے
پڑھے پھر دو رکعت بیٹھ کے بجا لاوے سو اگر حقیقت میں نماز اصل تمام تھی تو تفضلات آگی سے
نماز احتیاط کی نافلہ میں محسوب ہوگی والا اصل میں ملحق ہو جائیگی ۔ پانچویں صورت یہ ہے کہ
چار اور پانچ رکعت میں شک ساہو اور وہ کئی طرح پیدا ہو سکتا ہے اول یہ ہے کہ جسوقت کھڑا ہو اور
چار اور پانچ رکعت میں شک کرے خواہ حمد خواہ تسبیحات پڑھتا ہو یا نہ پڑھتا ہو پس اسی
رکعت کو موقوف کرکے بیٹھ جاوے اور چار پر بنا رکھکر نماز کو تشہد پڑھکر سلام پر تمام کرے
بعد اسکے نماز احتیاط کی ایک رکعت کھڑے ہوکے یا دو رکعت بیٹھ کے پڑھے اور پھر دو سجدے
سہو کے احتیاطاً بجا لاوے اور بعد اسکے اعادہ نماز احوط ہے دوم یہ ہے کہ بعد دونوں
سجدوں کے جسوقت کہ دوسرے سجدے سے سر اٹھا کر بیٹھے چار اور پانچ رکعت میں
شک کرے چاہیئے تشہد اور سلام بجا لاکے نماز کو تمام کرے بعد اسکے دو سجدے
سہو کے کرے نماز اسکی صحیح ہے سوم یہ ہے کہ بعد رکوع کے اور قبل سجدوں کے یا اثنا ے
سجدوں میں چار اور پانچ رکعت میں شک کرے تو اس صورت میں بعضے علما فرماتے
ہیں کہ نماز اسکی باطل ہو اور یہ قول خالی قوت سے نہیں ہے لیکن اگر اس رکعت کو پورا
کرکے نماز کو تمام کرے اور پھر دو سجدے سہو کے کرلے اور پھر اعادہ بھی کرے تو احوط ہے

فصل (۵۵) افعال نماز کے شکوں میں

بموجب فتاوی جناب مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ سید محمد ابراہیم صاحب طاب ثراہ اور جناب سید مصطفی
صاحب مدظلہ العالی مجتہدین لکھنؤ کے لکھا جاتا ہے جسوقت مصلی افعال نماز سے کسی فعل
میں شک کرے کہ محل اسکا باقی نہو یعنی دوسرے فعل میں داخل ہوا ہو تو اس شک کا اعتبار نہیں
اور محل باقی ہو یعنی فعل ثانی میں داخل نہوا ہو تو اسکو بجا لاوے علی الاشہر خواہ
شک اول کی دو رکعت میں ہو یا آخر کی خواہ رکن میں ہو خواہ غیر رکن میں پس مصلی اگر نیت
میں شک کرے بعد تکبیرۃ الاحرام یا تکبیرۃ الاحرام میں شک کرے بعد شروع کرنے کے

تو اسکا اعتبار نہیں اور اگر حالت قیام میں شک کرے بعد شروع سورہ کے تو حمد پڑھا ہو یا نہیں بعض علماء نے
فرمایا ہے کہ اعادہ حمد کی حاجت نہیں ہے لیکن احوط یہ ہے کہ حمد دوبارہ پڑھے پھر سورہ پڑھے اور بہتر یہ ہے
پڑھ لے اور بنیت احتیاط یہ ہے کہ نماز کو دوبارہ پڑھے اور اسی طرح حکم ہے اگر حمد و سورہ
دونوں میں شک کرے بعد شروع قنوت کے اور اگر واسطے رکوع کے جھکا اور ہنوز حد
رکوع تک نہ پہونچا ہو اور شک کرے کہ آیا حمد و سورہ پڑھا یا نہیں تو پڑھ لینا احوط ہے اور پھر
نماز کا اعادہ کرنا احتیاطاً لازم ہے اور اگر حد رکوع تک پہونچا ہو تو البتہ اعادہ کی حاجت
نہیں اور اگر رکوع کا شک کرے پس اگر کھڑا ہے تو رکوع کرے اور اگر سجدہ میں جا کر شک کرے
تو رکوع کی پھر احتیاج نہیں اور اگر پیشانی کو ہنوز سجدہ گاہ پر نہ رکھا ہو تو اختلاف ہے اور
خالی اشکال سے نہیں لیکن احوط یہ ہے کہ رکوع کو بجا لاوے اور بعد تمام کے نماز کا اعادہ
کرے اور اگر سجدوں کا شک کرے جس وقت کہ بیٹھا ہے کہ آیا دونوں سجدے کیے یا نہیں تو
دونوں سجدے کر لے اور بعد فراغ کے اعادہ نماز کرے احتیاطاً اور اسی طرح اگر شک کرے
کہ ایک سجدہ کیا یا دونوں تو ایک سجدہ کر لے اور پھر اعادہ نماز کرے اور اگر دوسرے سجدہ
کے لیے جھکے اور پیشانی کو ہنوز سجدہ گاہ پر نہ رکھا ہو اور شک کرے کہ آیا سجدہ اول
سے بعد سر اٹھانے کے درنگ کی تھی یا نہیں تو اسمیں بھی اختلاف ہے اور احتیاط یہ ہے کہ
درست بیٹھ کے اور درنگ کرکے سجدہ میں جاوے اور پھر اعادہ نماز کرے اور اگر سجدہ میں
جاکے شک کرے تو اسکا اعتبار نہیں اور اگر سجدہ سے اٹھ کھڑا ہوا ہو اور ہنوز سیدھا نہ ہوا ہو
اور شک کرے کہ دوسرا سجدہ کیا یا نہیں تو اسمیں بھی اختلاف ہے اور احوط یہ ہے کہ
سجدہ مشکوک کو بجا لاوے اور نماز کو تمام کرے اور بعد اسکے اعادہ کرے اور اگر
بعد کھڑے ہونے کے شک کرے تو پھر اعتبار نہیں اور اگر رکوع سے کھڑا ہو کے شک کرے
کہ آیا ذکر رکوع کیا تھا یا بقدر ذکر کے درنگ بھی کی تھی تو اسکا اعتبار نہیں اور اگر شک
کرے کہ رکوع میں بقدر واجب جھکا تھا تو احوط یہ ہے کہ رکوع کرے اور بعد اتمام نماز ۱۹۶۸

اعادہ کرے اور اسی طرح اگر سجدہ سے سر اٹھانے کے بعد شک کرے کہ آیا ذکر سجدہ کیا تھا یا بقدر اسکے
درنگ کی تھی یا ساتوں اعضا میں سے کسی عضو کے رکھنے میں شک کرے سوائے پیشانی کے
تو اسکا بھی اعتبار نکرے لیکن اگر پیشانی کے رکھنے میں شک کرے کہ اسمیں خلل واقع ہوا ہے
خواہ یہ شک بعد دونوں سجدوں کے ہو یا درمیان سجدوں کے ہو اور ایک سجدہ میں ہو یا دو
میں تو یہ مشکل ہے اور بنا بر احتیاط سجدہ مشکوک کو بجا لا کے نماز کو بھی احتیاطاً اعادہ کرے
اور تشہد کے اثناء میں شک کرے کہ دوسرا سجدہ کیا یا نہیں تو اسکا بھی اعتبار نہیں اور اگر تشہد
کا شک کرے جس وقت کہ کھڑا ہو جاوے تو تشہد پڑھنے کی حاجت نہیں مگر اس صورت
میں کہ کھڑے ہونے میں شک کرے تو اختلاف ہے اور احوط یہ ہے کہ بیٹھ جاوے اور
تشہد پڑھ کے نماز کو تمام کرے اور بعد اسکے نماز کا اعادہ کرے اور جب مصلی باعتبار شک
کے کسی فعل کو عمل میں لاوے اور بعد اسکے یاد آوے کہ اسکو عمل میں لا چکا تھا پس اگر وہ
فعل رکن ہے مثل تکبیرۃ الاحرام کے اور رکوع اور دونوں سجدوں کے تو نماز باطل ہے اور اعادہ
لازم ہوگا اور اگر غیر رکن ہے تو ضرر نہیں رکھتا اور اگر کوئی شخص ترک کرے اس چیز کو کہ حالت
شک میں اسکا بجا لانا چاہیئے تھا یا بجا لاوے اسکو کہ ہنگام شک اسکو عمل میں نہ لایا تھا پس اگر یہ امر
از راہ جہالت کے عمداً ہو تو نماز کا اعادہ کرنا لازم ہے علی الاحوط اگرچہ وہ فعل غیر رکن ہو اور اگر
سہواً ہو پس اگر وہ فعل غیر رکن ہے تو قباحت نہیں ورنہ نماز باطل ہوگی اور جو شک کہ
بعد نماز کے عارض ہو اسپر اعتنا نکرے خواہ رکعات میں ہو خواہ افعال میں اور اگر یہ شک
کرے کہ اس نماز میں ظہر کی نیت کی تھی یا عصر کی درحالیکہ ابھی ظہر کی نماز سے فارغ نہیں ہوا ہے
پس اسکو ظہر کی قرار دیکر تمام کرے اور احتیاطاً ظہر کا اعادہ کرے اور اسکے بعد عصر پڑھے اور اگر
ظہر پڑھ چکا تھا قبل اس نماز کے یقیناً پس اسکو عصر کی قرار دیکر تمام کرے اور احوط یہ ہے کہ عصر کا
اعادہ کرے اور اگر بعد فراغ نماز کے شک ہو کہ یہ نماز ظہر کی نیت سے تمام کی یا عصر کی پس اگر ظہر
نہ پڑھی ہو تو ظہر کی قرار دے والا عصر کی

فصل (۵۳) مصلی کثیر الشک کے بیان میں

مصلی کثیر الشک کا اعتبار نہیں اور مراد کثیر الشک سے ظاہرا وہ شخص ہے کہ عرف [illegible] جسے کہیں کہ یہ شک بہت کرتا ہے اور بعضے عالم کہتے ہیں کہ ایک نماز میں تین مرتبہ شک کرے یا ایک چیز میں تین مرتبہ شک کرے تو وہ کثیر الشک ہے لیکن پوشیدہ نہ رہے کہ کثیر الشک اگر افعال نماز میں سے کسی فعل واجب میں شک کرے اس طور سے کہ آیا اس فعل کو کیا ہے یا نہیں تو پھر بجا لانا اسکا ضرور نہیں اور شک کا اسکے اعتبار نہیں اگرچہ [illegible] واجب میں داخل نہوا ہو اور اگر کسی رکن کی زیادتی کا شک کرے تو اسپر بھی اعتبار نکرے اور اسی طرح سے اگر رکن کی کمی کا شک کرے [illegible] رکن نہیں کیا ہوا اور اگر رکعتوں کے عدد میں شک کرے تو بنا زیادہ پر رکھے مثل اسکے کہ تین یا چار رکعت میں شک کرے تو چار پر بنا رکھ کے نماز کو تمام کرے نماز اسکی صحیح ہے اور نماز احتیاط کی حاجت نہیں ہے اور اسی طرح سے امام یا ماموم اگر [illegible] کسی کے شک کا ساتھ حفظ دوسرے کے [illegible] اگر امام کو [illegible] شک ہو تو قول ماموم کا اعتماد کرے اور اسی طرح اگر ماموم کو شک ہو تو امام کے قول پر اعتماد کرے اور اگر کسی شخص کو نماز نافلہ کی رکعتوں میں شک ہو تو [illegible] اختیار ہے [illegible] خواہ زیادتی پر [illegible] بنا کم پر [illegible]

فصل (۵۴) سجدہ سہو کی کیفیت اور [illegible] میں

تحقیق یہ ہے کہ سجدہ سہو چار مقام پر لازم ہوتے ہیں علی الاشہر ایک یہ ہے کہ سہو سے کلام کیا ہو یا اسی گمان سے کہ نماز سے فارغ ہو چکا ہے دوسرے یہ ہے کہ [illegible] پڑھا ہو تیسرے یہ ہے کہ تشہد اول کو بھول گیا ہو اور [illegible] رکوع [illegible] چوتھے یہ ہے کہ چار رکعتی نماز میں چار اور پانچ رکعت میں شک کرے [illegible] بلکہ واسطے ہر زیادتی اور کمی کے [illegible] سجدہ سہو [illegible] احتیاط [illegible] یہ ہے کہ [illegible] قیام [illegible] مثلا سجدہ نماز [illegible]

اول اُس شئی متروک کو بجا لا کر بعد اُسکے سجدے سہو کے کرے پس نیت کرے کہ سجدۂ سہو بجا لاتا ہوں
میں بسبب فلاں سہو کے قربۃً الی اللہ پھر اللہ اکبر کہکے سجدے میں جاوے اور یہ دعا پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ
وَبِاللّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پس سر سجدہ سے اٹھا کر جلسہ کرے پھر دوسرا
سجدہ بطریق مذکور کرے اور بعد از آن بیٹھ کے تشہد خفیف کہے وہ یہ ہے اَشْھَدُ اَنْ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اور اگر تمام
سلام کہے تو بہتر ہے

فصل (۸۵) فضائل تعقیبات میں مع ادعیہ تعقیبات

فضائل اور ادعیہ تعقیبات مخصوص بعد ہر نماز پنجگانہ و نیز ادعیہ روز و شب وغیرہ مفصل طور
پر رسالہ لسان المتقین میں کمترین نے لکھے ہیں مگر اس جگہ بھی کچھ فضائل تعقیب مع دعاے
تعقیب بطور مختصر لکھے جاتے ہیں حدیث میں آیا ہے کہ پڑھنا تعقیب کا بعد نماز صبح کے طلوع
آفتاب تک واسطے وسعت رزق کے بہتر ہے اور جو کوئی بعد نماز صبح کے جاے نماز پر طلوع آفتاب
تک بیٹھا رہے اور تعقیب پڑھے خداے تعالی اُسکو آتش دوزخ سے مستور کرے اور گناہان
گذشتہ اُسکے بخشے جاویں اور ایسا ہو کہ زیارت حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ہو
اور اگر اسقدر بیٹھے کہ آفتاب نکل آوے تو ثواب ایک حج کا واسطے اُسکے لکھا جاتا ہے اور اگر بعد
نماز شام کے تعقیب پڑھ کر بات نہ کرے یہانتک کہ نافلہ پڑھے خداے تعالی اُسکا نامہ کو
علیین میں ثبت فرماوے حدیث میں ہے کہ جو کوئی بعد نماز فریضہ سورۂ الحمد اور آیہ شہد اللہ
تا سریع الحساب اور آیۃ الکرسی اور قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تا بِغَیْرِ حِسَابٍ پڑھے
تو خداے تعالی فرماتا ہے کہ قسم ہے مجکو اپنے عزت و جلال کی کہ ہر روز چشم پوشیدہ سے اُسپر
ستر مرتبہ نظر کروں میں اور ہر مرتبہ ستر حاجتیں برلاؤں میں اور اُسکے جمیع گناہان گذشتہ
بخشوں میں اور دوسری روایت میں آیا ہے کہ ہر روز ستر حاجتیں اُسکی برلاؤں میں کہ کمترین

انکی سے مغفرت گناہوں کی ہو اور اپنے حظیرۂ قدس میں جگہ دوں میں اور اسکو دشمنوں پر
نصرت دوں اور اُسے سلامت رکھوں میں اور آیہ شہد اللہ تا بغیر حساب اور آیہ قل اللہم مالک الملک
یہ ہے شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ وَمَا
اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ
الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ
الْحِسَابِ ۝ اور آیہ قل اللہم یہ ہے قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ
مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ
بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي
النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ
الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ اور مروی ہے کہ
جو کوئی بعد ہر فریضہ کے آیۃ الکرسی پڑھے ضرر حیوانات سے امین ہو اور منجملہ دیگر تعقیبات کے
بعد ہر فریضہ کے تسبیح حضرت فاطمہ زہرا صلوات اللہ علیہا ہے وارد ہے کہ جو کوئی بعد نماز فریضہ
کے تسبیح حضرت فاطمہ زہرا پڑھے اور بعد اسکے ایک مرتبہ لا الہ الا اللہ کہے
گناہ اسکے سب بخشے جائیں اور بعد نماز کے پڑھنا اس تسبیح کا بہتر ہے اس سے کہ ہر روز ہزار
رکعت نماز پڑھے اور مستحب ہے کہ تسبیح خاک تربت مقدس جناب امام حسین کی ہو اور ڈورا اسمین
آسمانی رنگ کا ہو جو کوئی اس تسبیح کے دانوں کو بغیر ذکر کے ساتھ پھیرے اسکے ہر دانہ کے
خداے تعالی واسطے اسکے بیس حسنہ لکھے اور جو کوئی اس تسبیح کے دانوں کو عبث اور بیکار
پھرائے بعد ہر دانے کے تسبیح لکھے جاویں اور اگر بغیر ذکر کے ساتھ تسبیح کے دانوں کو
پھیرتا ہو اور وہ ذکر فراموش کرے کہ جسے یہی تسبیح پھیرے ثواب اس ذکر کا جو کرتا تھا وہ سکے
اور روایت میں آیا ہے کہ جو اس تسبیح پر استغفار کرتا ہے ہر استغفار ستر مرتبہ مضاعف ہوتا ہے

روایت میں آیا ہے کہ جو کوئی اس تسبیح مقدس تسبیح فاطمہ زہرا علیہا السلام پڑھے چارسو حسنہ
واسطے اسکے لکھے جاوین اور چارسو گناہ اسکے محو ہوں اور چارسو درجے بلند ہوں اور خدائے تعالی
چارسو حاجتین اسکی بر لاوے چنانچہ تسبیح فاطمہ زہرا علیہا السلام کی یہ طرح ہے کہ چونتیس بار اللہ
اکبر اور تینتیس بار الحمد للہ اور تینتیس بار سبحان اللہ کہے۔ اور یہ بھی مروی
ہے کہ جو کوئی بعد تسبیح تربت مطہرہ پر تسبیحات اربعہ یعنے سبحان اللہ والحمد للہ
ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہے سو دانہ پر چھ ہزار حسنہ اسکے لیے لکھے جاوین اور چھ ہزار
گناہ محو ہوں اور چھ ہزار درجے بلند ہوں اور اسی قدر شفاعت عطا ہووے اور جو کوئی بعد نماز
کے قبل زانو بدلنے کے دس مرتبہ کہے اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ
لَا شَرِیْکَ لَہٗ اِلٰہًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّ
لَا وَلَدًا خدائے تعالی چالیس ہزار ہزار حسنہ واسطے اسکے لکھے اور چالیس ہزار ہزار گناہ محو
کرے اور ایسا ہو کہ بارہ مرتبہ قرآن شریف ختم کیا ہو

فصل (۵۹) سجدۂ شکر کے بیان میں

جمال الصالحین میں مروی ہے کہ جب نماز اور تعقیبات سے فارغ ہووے تو سنت موکدہ
ہے سجدۂ شکر کرنا کہ نماز اسکی تمام اور موجب رضائے خدا ہوا اور ملائکہ اس سے خوش ہوتے
ہیں اور خدائے تعالی اسکے اور ملائکہ کے درمیان سے حجاب اٹھا کر فرماتا ہے کہ میرے بندہ
کو دیکھو کہ میری عبادت بجالا کر اب سجدۂ شکر بجالاتا ہے پس جزا اسکی کیا دوں فرشتے
کہتے ہیں کہ بہشت پھر خدائے تعالی فرماتا ہے اور کیا دوں فرشتے کہتے ہیں کہ کفایت مہمات
ایسے ہی خدائے تعالی سوالات فرماتا ہے اور فرشتے جواب میں کہتے جاتے ہیں یہانتک کہ فرشتے عاجز
ہو کر کہتے ہیں کہ خدایا ہمکو علم نہیں اور تو عالم ہے پھر خدائے تعالی فرماتا ہے کہ شکر اسکا
کروں میں جیسا کہ وہ شکر میرا کرتا ہے اور نگاہ فضل سے متوجہ ہوں میں اور نعمت و رحمت اپنی دکھلاؤں
عین الحیوۃ میں بھی مروی ہے کہ خدائے تعالی نے شب معراج حضرت علی علیہ السلام پر وحی فرمائی کہ

فرمایا تو جانتا ہی کہ تیرے ساتھ کس سبب سے کلام کرنا اختیار کیا ہی مین نے موسیٰ نے
عرض کیا کہ خدایا مین نہین جانتا فرمایا کہ سب بندون کا امتحان لیا مین نے کوئی شخص متواضع تر
اور ذلیل تر تیرے نفس سے نہ پایا مین نے اسواسطے کہ جب نماز پڑھتا ہی تو بعد نماز کے رخسارے کے
خاک پر منہ رکھکر سجدہ شکر کرتا ہی اور مروی ہی کہ بعد سجدہ شکر کرنے کے تین مرتبہ دست راست
کو جائے سجدہ پر پھیر کر سر پر تمام منہ پر پھیرے کہ ہم و غم کو زائل کرتا ہی اور جس وقت جانماز
سے اٹھے پڑھے سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ ۝ وَسَلَامٌ
عَلَى الْمُرْسَلِينَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ مین جس شخص کا
آخر کلام یہ ہو خدائے تعالیٰ بعدد ہر مسلمان کے واسطے اسکے حسنہ ثبت فرماوے اور
بہت دعائین سجدہ شکر کی رسالہ لسان المتقین مین لکھی گئی ہین لہذا اس جگہ نہین لکھی گئین ۔

فصل (۱۰) فضیلت نماز جماعت کے بیان مین

اخبار ائمہ اطہار صلوات اللہ علیہم سے نماز جماعت کی بہت زیادہ فضیلت ثابت ہی اور ترک مین اسکے
تخویف اور تہدید وارد ہی چونکہ اس رسالہ مین امور ضروری تھوڑے تھوڑے سب لکھنا ہین
لہذا یہ رسالہ گنجائش اسکی نہین رکھتا کہ جملہ فضیلت نماز جماعت لکھی جاوے ضروری چند
روایتین تحریر کرتا ہون حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہین چاہیے کہ امام سے وہ لوگ
قریب ہون کہ عقل کامل رکھتے ہون اور افضل صفوف مین سے صف اول ہی اور صف اول
مین اس جگہ کی فضیلت زیادہ ہی کہ امام سے نزدیک ہو اور حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے
مروی ہی کہ نماز صف اول مین مثل جہاد کے ہی راہ خدا مین اور بائین طرف سے سیدھی طرف کو
ویسی فضیلت ہی کہ جیسے فرادی پر جماعت کو فضیلت ہی مروی ہی کہ رحمت امام سے پہلے اُن
لوگون کی طرف منتقل ہوتی ہی کہ جو امام کے دہنی طرف ہین اور بعد اسکے بائین طرف والون پر
اور بعد اسکے اور روایت پر حدیث مین ہی کہ جماعت کی صفین ملائکہ کی صفون کے مانند ہوتی
ہین اور یہ کہ خداوند کریم حیا کرتا ہی اُس بندے سے کہ نماز کو بجماعت پڑھے اور بعد اسکے

اپنی حاجت کو چاہیے کہ اُسکی حاجت کو روا نہ کرے بلکہ بعض حدیثوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جو کوئی مُنھ
پھیرے مسلمانوں کی جماعت سے بے کسی علت اور سبب کے مثل ناخوشی و بیماری و بارش
کے تو نماز اُسکی مقبول نہیں ہے اور شہید علیہ الرحمہ نے حضرت پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
روایت کی ہے کہ اگر تین شخص کسی قریہ یا بیابان میں جمع ہوں اور اکٹھی نماز نہ پڑھاویں تو مسلط
ہوتا ہے اُنپر شیطان اور عبداللہ ابن ابی یعفور نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت
کی ہے کہ جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قصد کیا کہ جو اپنے گھروں میں نماز پڑھتے ہیں
اور جماعت میں حاضر نہیں ہوتے انکیں آگ سے جلا دیں اور یہ خبر ایک نابینا کو پہونچی اور
وہ خدمت میں آنجناب کی حاضر ہوا اور عرض کی ای رسول خدا صلعم میں اندھا ہوں
اور کبھی میرے کان میں اذان کی آواز آتی ہے اور اُسوقت مجکو کوئی شخص نہیں ملتا کہ
جماعت میں حاضر کرے حضرت نے فرمایا کہ تو ایک رسی اپنے گھر سے مسجد تک باندھ اور
اُسپر ہاتھ رکھکر جماعت میں حاضر ہو مگر اُسکے عذر نابینائی کو قبول نہ فرمایا اور حضرت امام
جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ ایک قوم نے جماعت میں آنا چھوڑ دیا اور جناب
رسول خدا صلعم نے قصد کیا کہ اُنکے گھروں کو جلا دیں وہیں وہ اپنے گھروں سے باہر آگئے
اور واسطے نماز جماعت کے حاضر ہوئے اور علامہ مجلسی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ ظاہرا یہ
اخبار وجوب جماعت پر دلالت رکھتے ہیں اور حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ
حضرت امیر المومنین علیہ السلام کو خبر ہوئی کہ ایک قوم واسطے نماز جماعت کے حاضر نہیں ہوتی
تھی حضرت نے خطبہ میں فرمایا کہ جو قوم جماعت کے لیے حاضر نہیں ہوتی وہ ہمارے ساتھ
نہ کھائے پیے اور ہماری عورتوں سے نکاح نہ کرے یا نماز جماعت میں حاضر ہو پس
مسلمانوں نے اُنکے ساتھ کھانا پینا چھوڑ دیا اور اُنسے نکاح کرنا موقوف کیا یہانتک کہ وہ
نماز جماعت میں حاضر ہوئے اور حدیث صحیح میں عبداللہ بن سنان رضوان اللہ علیہ سے
مروی ہے کہ حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا کہ نماز جماعت نماز فرادی سے چوبیس درجے

افضل ہی اور کئی روایتوں میں پچیس درجے وارد ہیں اور دوسری حدیث میں ہی کہ ایک رکعت
جماعت کی برابر ان چوبیس رکعتوں کے ہی کہ ہر رکعت محبوب تر ہی نزدیک خداوند عالم کے چالیس برس
کی عبادت سے اور حدیث میں صبح اور عشا کی نماز جماعت سے پڑھنے کی بہت تاکید ہی چنانچہ
حدیث میں ہی کہ صبح اور عشا کی نماز جماعت سے زیادہ تر کوئی چیز شیطان پر گراں نہیں ہی
اور کتاب جمال الصالحین میں ہی کہ سنت موکدہ ہی نماز کو جماعت سے بجا لانا اور جو کوئی
مسجد میں واسطے بجا لانے نماز جماعت کے جاوے ہر قدم پر کہ اٹھاوے ہزار حسنہ واسطے
اسکے خدا تعالی ثبت فرماتا ہی اور ہزار گناہ محو کرتا ہی اور اگر اس حالت میں مر جاوے
خدا تعالی ستر ہزار فرشتے اسپر موکل کرتا ہی کہ اسکے واسطے قبر میں عبادت کریں اور بشارت
دیں اور اسکے ساتھ موانست کریں اور واسطے اسکے استغفار کریں روز قیامت تک اور جو کوئی
نماز صبح کو جماعت کے ساتھ بجا لاوے اور جاے نماز پر بیٹھکر ذکر خدا کرے طلوع آفتاب تک
پس خدا تعالی واسطے اسکے جنت فردوس میں ستر درجے عطا فرماوے کہ درمیان ہر دو درجوں
کے اسقدر مسافت ہو کہ اسپ دونده ستر سال تک طی کرے اور جو کہ نماز ظہر کو جماعت کے
ساتھ پڑھے خدا تعالی جنت عدن میں اسکے لیے پچاس درجے عطا فرماوے کہ مابین
ہر دو درجے کے پچاس سال کی راہ ہو اور اگر نماز عصر کی جماعت سے ادا کرے خدا تعالی
ثواب اسکو اسقدر عطا فرماوے کہ گویا اسنے اسی بندے اولاد حضرت اسمعیل سے
آزاد کیے ہوں کہ وہ سب اہل بیت اور عیال سے ہوں اور اگر نماز مغرب کو جماعت کے
ساتھ ادا کرے خدا تعالی ثواب ایک حج و عمرہ مقبول کا اسکو عطا فرماوے اور اگر نماز
عشا جماعت کے ساتھ پڑھے ایسا ہو کہ لیلۃ القدر میں عبادت کی ہو اور شہید ثانی طاب ثراہ
کتاب روضہ میں فرماتے ہیں کہ نماز پنجگانہ میں سے ایک نماز میں اگر عالم کی اقتدا کرے
تو ثواب ہزار نمازوں کا رکھتا ہی اور اگر مسجد میں ہو تو ثواب اور زیادہ ہوتا ہی لیکن
مسجد جامع میں اگر عالم کی اقتدا کی ہو تو ثواب دو ہزار سات سو نمازوں کا رکھتا ہی

اور اگر عالم کی اقتدا کی ہو تو ثواب لاکھ نمازون کا رکھتا ہے اور یہ اسوقت مین ہے کہ ماموم ایک
ہو اور اگر متعدد ہون تو نسبت ہر ایک کے ثواب مضاعف ہوگا اور یہ اسوقت تک ہے کہ ماموم دس
سے زیادہ ہون اور جسوقت کہ زیادہ ہون ثواب اسکا بجز پروردگار عالم کے کوئی احصا
نہین کر سکتا ہے اور حضرت امام رضا علیہ السلام سے مروی ہے کہ ان حضرت نے فرمایا کہ نماز واجب
کا جماعت سے ادا کرنا اس سے افضل ہے کہ مسجد کوفہ مین بجا لاے باوجود اسکے کہ نماز مسجد کوفہ
مین ہزار نمازون سے افضل ہے لیکن بنا بر اسکے نماز جماعت ہزار نمازون سے بہتر ہوئی اور
شہید ثانی علیہ الرحمہ نے کتاب نفلیہ مین حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی
ہے کہ نماز پیچھے عالم کے ثواب ہزار رکعت کا رکھتی ہے اور پیچھے قریشی کے سو رکعت کا اور پیچھے
عربی کے پچاس رکعت کا اور پیچھے موالی کے پچیس رکعت کا اور اسکی شرح مین شہید ثانی علیہ الرحمہ
فرماتے ہین کہ مراد قریشی سے وہ شخص ہے کہ پیغمبر خدا صلعم کے جد امجد نضر بن کنانہ کی طرف منسوب
ہو اور وہ اس قوم کے اشرف سادات رفیع الدرجات ہین اور موالی کا اطلاق کئی معانی پر وارد ہے
اور اس مقام پر مراد غیر عربی ہے اور شہید ثانی طاب ثراہ نے ابو محمد قمی سے یہ بھی نقل کی
ہے کہ انھون نے ابی سعید خدری سے روایت کی ہے کہ جناب رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ
بعد نماز ظہر کے میرے پاس جبرئیل ستر ہزار فرشتون سے آئے اور کہا کہ ای محمد صلعم
تمھارے پروردگار نے تمکو سلام فرمایا ہے اور تمھارے لیے دو ہدیے بھیجے ہین کہ کسی اور
پیغمبرون کے لیے نہین بھیجے گئے مین نے انسے پوچھا وہ کیا ہین انھون نے کہا کہ وتر کی
تین رکعتین پڑھنا اور پنجگانہ نماز جماعت سے بجا لانا مین نے کہا ای جبرئیل میری امت
کے لیے جماعت مین کیا ثواب ہے انھون نے کہا ای محمد جسوقت کہ دو شخص جماعت سے
نماز کو بجا لاتے ہین حق تعالی ہر شخص کے لیے ہر رکعت کے عوض مین ڈیڑھ سو نمازین لکھتا ہے اور
جسوقت کہ تین شخص ہون تو ہر شخص کے لیے ہر رکعت کے مقابل مین چھ سو نمازین لکھتا ہے
اور جسوقت کہ چار شخص ہون تو ہر شخص کے لیے ہر رکعت کے عوض مین ایک ہزار دو سو

نمازیں لکھتا ہے اور جسوقت کہ پانچ شخص ہوں تو ہر شخص کے لیے ہر رکعت کے عوض میں دو ہزار
چار سو نمازیں لکھتا ہے اور جسوقت کہ چھ شخص ہوں تو ہر شخص کے لیے ہر رکعت کے عوض میں
چار ہزار آٹھ سو نمازیں لکھتا ہے اور جسوقت کہ سات شخص ہوں ہر شخص کے لیے ہر رکعت کے عوض
میں نو ہزار چھ سو نمازیں لکھتا ہے اور جسوقت کہ آٹھ شخص ہوں تو ہر شخص کے لیے ہر رکعت کے عوض
میں انیس ہزار دو سو نمازیں لکھتا ہے اور جسوقت کہ نو شخص ہوں تو ہر شخص کے لیے ہر رکعت
کے عوض میں اڑتیس ہزار چار سو نمازیں لکھتا ہے اور جسوقت کہ دس شخص ہوں تو ہر شخص
کے لیے ہر رکعت کے عوض میں چھہتر ہزار آٹھ سو نمازیں لکھتا ہے اور اگر دس سے زیادہ
ہوں پس اگر آسمانوں اور زمینوں کے دریا بمنزلہ دوات کے ہوں اور درخت بمنزلہ قلم کے
ہوں اور جن اور انس اور ملائکہ لکھنے والے ہوں تو اُس نماز کی ایک رکعت کا بھی ثواب
نہ لکھ سکینگے اور جو مومن کہ امام کی کسی تکبیر کو پاتا ہے وہ ساٹھ ہزار حج و عمرہ سے بہتر ہے
اور وہ دنیا و ما فیہا سے ستر ہزار مرتبہ بہتر ہے اور جو مومن کہ امام کے ساتھ کسی رکعت کو
بجالاتا ہے وہ لاکھ دینار سے بہتر ہے کہ اُسکو فقرا اور مساکین پر تصدق کرے اور جو مومن کہ جماعت
میں امام کے ساتھ سجدہ کرتا ہے وہ سو بندے آزاد کرنے سے بہتر ہے۔ دوسری حدیث میں
ہے کہ ایک سجدہ کہ مومن عمل میں لاوے ساتھ امام کے بہتر ہے لاکھ بندے آزاد کرنے سے اور
کم سے کم وہ عدد کہ جس سے جماعت حاصل ہوتی ہے دو نفر ہیں ایک امام اور دوسرا ماموم
گو دوسرا مرد نہو بلکہ عورت یا لڑکا تمیز رکھنے والا ہو سو نہیں مخفی نہ رہے کہ ضروریات دین
اسلام سے نماز جماعت کا سنت ہونا ہے اور منکر اُسکا زمرہ کفار اور داخل نار ہے۔ لازم ہے
کہ بدون عذر کے جماعت کو ترک نہ کرے

مسائل دفع اوہام تارکین نماز جماعت اور اوصاف پیشنماز کی

اس جگہ کچھ مسائل دربارہ دفع اوہام تارکین نماز جماعت وغیرہ لکھے جاتے ہیں بنظر احتیاط
ان مسائل کو اول میں نے حضور جناب مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ جناب سید ابو الحسن معروف

جو سید محمد صاحب مجتہد العصر والزمان طاب ثراہ بغرض ملاحظہ روانہ کیا قبلہ وکعبہ نے مسائل کو ملاحظہ فرماکر مہر پر دستخط فرمایا چنانچہ مسائل بجنسہ ذیل میں نقل کیے جاتے ہیں **سوال**

جو صورت کہ ذیل میں لکھی جاتی ہیں عمل اس پر درست ہے یا نہیں

(۱) یہ ہے کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ نماز پڑھنا اس شخص کے پیچھے چاہیے کہ جس شخص سے حالت ہوشمندی سے عمداً و سہواً کوئی گناہ کبیرہ و صغیرہ سرزد نہوا ہو اور یہی خیال کر کے وہ لوگ جماعت سے محروم رہتے ہیں سو یہ انکا خیال خام اور وسواس شیطانی ہے کیونکہ یہ درجہ فقط ائمہ طاہرین صلوات اللہ علیہم اجمعین کا ہے کہ وہ معصوم ہیں جمیع نقائص سے اور خطا و سہو و نسیان سے اور ابتدائے خلقت سے کوئی گناہ کبیرہ و صغیرہ عمداً و سہواً کبھی اُن سے سرزد نہیں ہوا اسکو حسب حکم شارع عادل کے پیچھے اور جو امام زادہ ہو اُسکے پیچھے نماز پڑھنا چاہیے یعنی ہر نمازی کو چاہیے کہ جو امام زادہ ہو وہ عادل ہو اور معنی عدالت کے یہ ہیں کہ اس شخص میں ایسی حالت ہو کہ عمداً گناہ کبیرہ نکرتا ہو اور نہ صغیرہ پر اصرار کرتا ہو اور شریعت میں بھی سبکی پروائی نکرتا ہو یعنی جس شخص پر ظن غالب ہو کہ وہ متقی اور پرہیزگار ہے اور اسمیں یہ حالت چونکہ ظاہری پائی جاتی ہو اسکے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے اور وہ شخص عادل ہے اور یہ حالت اگرچہ باطنی ہے مگر ساتھ پڑھنا اور ساتھ رہنا اور خلوت میں حالات دیکھنے سے معلوم ہوجاتا ہے کہ یہ شخص واقعاً خدا سے ڈرتا ہے اور معصیت سے پرہیز کرتا ہے لیکن اگر کبھی اتفاقاً گناہ صغیرہ کا مرتکب ہوا اور فوراً توبہ کی تو یہ مانع عدالت نہیں ہے اس جگہ بعضے احباب کے خیالات لکھتا ہوں بعضے احباب نے یہ بات میرے سامنے ظاہر کی کہ فلاں شخص کے پیچھے گو متقی و پرہیزگار ہے ہم نماز نہیں پڑھ سکتے بسبب اسکے کہ اسکو اجازہ پیشنمازی نہیں اب غور کرنا چاہیے کہ جو شخص متقی و پرہیزگار اور عادل ہے اسکو اجازہ پیشنمازی کی کیا ضرورت ہے اور جب آپکو اسکی عدالت معلوم ہو چکی تو اس شخص کے پیچھے نماز پڑھنے سے کیونکر انکار ہو سکتا ہے چنانچہ اس بارہ میں جو مسئلہ مولانا و مقتدانا قبلہ وکعبہ جناب سید ابو الحسن

مجتہد العصر جناب قبلہ سے دریافت کیا وہ ذیل میں تحریر کیا جاتا ہے مسئلہ (۸) کوئی شخص عادل و متقی و پرہیزگار ہو اور اس شخص نے اجازہ پیشنمازی عالم سے نہیں لیا [illegible] ہیں یا نہیں جواب عادل کے پیچھے نماز پڑھنا چاہیے اجازہ کی ضرورت نہیں [illegible] اہل ایمان مومنین کو چاہیے کہ جس شخص کی عدالت و پرہیزگاری ثابت ہو چکی ہو اسکی نسبت گمان بد پیدا نہ کرے اور اسکی عیب جوئی کرنا نہیں چاہیے بلکہ اسکو اپنا برادر ایمانی سمجھیں اور دوسرے لوگوں پر اسکی عدالت ظاہر کریں اور چند احباب سے درمیان تذکرہ کے یہ بھی سنا کہ انھوں نے فرمایا کہ فلاں پیشنماز کی نسبت ہم نے سنا ہے کہ وہ پہلے مرتکب معاصی ہو چکا ہے ہم باستماع اسکے اسکے پیچھے نماز نہیں پڑھتے - واضح ہو کہ اسمیں حکم شارع یہ ہے کہ قبل بلوغ کے گناہ کا اعتبار نہیں اگر بعد کو عادل ہو جاوے تو اسکے پیچھے نماز پڑھ سکتے ہیں بلکہ اگر بعد بلوغ مرتکب کبائر ہو گیا اور توبہ کرے اور بالکل عدالت حاصل ہو تو اقتدا اسکے بھی ساتھ ہو سکتی ہے - اور بعض اشخاص سے یہ بھی سنا کہ انھوں نے کہا کہ فلاں پیشنماز کی نسبت ہم نے دو تین آدمیوں سے سنا ہے کہ وہ مرتکب معاصی ہوتا ہے اس سبب سے ہم کو اب اسکے پیچھے نماز پڑھنے میں انکار ہے اسلئے عرض کیا کہ ہم نے سنا ہے وہ شخص عادل ہیں جواب دیا کہ عادل نہیں ایسا خیال کرنا چاہیے کہ جب وہ لوگ عادل نہیں تو کسطرح سے انکے کہنے سے پیشنمازی میں نقصان آسکتا ہے اور جسکی عدالت معلوم ہو چکی ہو محض دو تین آدمیوں بے عادل کے کہنے سے عدالت میں نقصان نہیں آسکتا جبتک کہ فسق اور معصیت اس پیشنماز کی ثابت نہ ہو خواہ بشہادت خواہ اور کسی طرح سے جواب جو کچھ فروعات و احکام نماز میں جماعت میں تحریر ہوا ہے صحیح و درست ہے واللہ العالم سید ابوالحسن

فصل (۱۱) احکام نماز جماعت میں

کمترین نے بحضور قبلہ و کعبہ جناب سید مصطفیٰ صاحب مجتہد العصر والزمان مدظلہ ایک عریضہ مشتمل احکام نماز جماعت ارسال کیا آن قبلہ و کعبہ نے بجواب اسکے ذیل رقم فرمایا

کہ پیشتر ہم سید رضی ساکن ٹانڈہ کو احکام نماز جماعت تحریر کر چکے ہیں زیادہ ہی کافی ہیں اگر سوا اسکے
اُنکے اور کوئی مسئلہ دربارۂ احکام نماز جماعت دریافت کرنا ہو تو دریافت کر لیجئے چونکہ [illegible]
نماز جماعت کے دعاوی [illegible] مسائل ضروریہ نماز جماعت [illegible]
جاتے ہیں اور چند مسائل [illegible] متعلق نماز جماعت [illegible]
سوال [illegible] مولانا [illegible] صاحب [illegible] العصر والزمان [illegible] انہوں
کیا احکام ضروریہ جماعت کے ارشاد ہوں خصوصاً وہ احکام جو متعلق ماموم ہیں سے
ہیں بینوا توجروا الجواب بسم اللہ و باللہ شرائط و احکام متعلقہ جماعت
بہت ہیں لیکن چونکہ بیان انکا اہم او ضروری ہے وہ چند امور ہیں سا تحقیق ضرور ہے کہ
نماز جماعت میں اقتدا امام کی جب جائز ہے کہ امام نماز روزانہ میں سے کوئی نماز پڑھتا ہو یعنی نماز ہائے
پنجگانہ میں سے ہو یا نماز آیات یعنی نماز کسوف و خسوف کی ہو یا نماز جنازہ ہو لیکن تفرقہ
درمیان ادا و قضا اور درمیان دو رکعتی اور چار رکعتی منجملہ نماز پنجگانہ نہیں ہے پس اگر
امام نماز ظہر کی مثلاً قضا یعنی پڑھتا ہو تو ہو سکتا ہے کہ ماموم اقتدا کرے اسکی درحالیکہ نماز
ماموم کی ظہر کی ہو یا عصر کی ہو یا مغرب کی یا عشا کی یا صبح کی ادا ہو یا قضا اور اسی طرح
سے بالعکس ہو سکتا ہے اور ماموم جہر کرے مطلقاً اگرچہ نماز اسکی جہریہ ہو لیکن یہ جائز
نہیں کہ امام مثلاً نماز آیات پڑھتا ہو یا نماز جنازہ اور ماموم کوئی نماز پنجگانہ میں سے
باقتدا اسکے پڑھے اور نہ عکس اسکا ۔ دوسرا اگر زید مثلاً نماز ظہر اپنی ادا بالانفراد پڑھ چکا ہو
بعد اسکے نماز جماعت کی مہیا ہو اور اسمیں کچھ لوگ ایسے ہوں کہ انہوں نے نماز ابھی اپنی نہیں پڑھی
تو زید کو شریک ہونا اس جماعت میں بہ نیت استحباب سنت ہے خواہ زید اس جماعت میں
ماموم بنے یا امام بنے باوجودیکہ وقت کے باکہ صورت مذکورہ میں زید شریک ہو سکتا ہے
اگرچہ زید نے نماز اپنی پہلے مرتبہ جماعت میں پڑھی ہو تو پس اس صورت میں باوجود نیت استحباب
کے جماعت ہو سکتی ہے اور اسی طرح جائز ہے جماعت نماز استسقا اور نماز عیدین میں

جبکہ شرائط وجوب اسکی نپائی جائیں اور سوا مقامات مذکورہ کے اور نوافل و نماز ہاے
مستحبی کو بجماعت نہیں پڑھ سکتا یہانتک کہ نماز عید غدیر میں بھی ترک جماعت احتیاطاً لازم
ہے اور احوط یہ ہے کہ نماز استسقا بھی بغیر جماعت کے بجالاے اور اسی طرح سے بعد نماز [illegible] کے
جو نماز احتیاطاً پڑھی جاتی ہے اسکو بھی انفراداً پڑھے نہ جماعۃً مسئلہ اقل جماعت دو شخص
ہیں ایک امام دوسرا ماموم پس اس صورت میں اگر امام مرد ہو اور ماموم عورت ہو تو اسکو لازم
ہے کہ پیچھے امام کے استادہ ہو اسطور پر کہ سر زن کا سجدہ میں پیچھے مقام پاے امام سے
واقع ہوا کرے اور اگر ماموم مرد ہو تو ہر چند اسکو بھی پیچھے امام کے استادہ ہونا جائز ہے
لیکن مستحب ہے کہ داہنی جانب امام کے استادہ ہو لیکن احوط یہ ہے کہ باوجود اسکے جاے
قدمہاے ماموم پیچھے ہو جاے قدمہاے امام سے اور اگر ماموم ایک مرد ہو اور ایک عورت
پس مرد داہنی جانب بطریق مذکور ہو اور عورت پیچھے ماموم مذکور کے استادہ ہو اور اگر چند مرد
ہوں تو وہ سب امام کے پیچھے استادہ ہوں اور اس صورت میں اگر عورت ایک ہو یا کئی ہوں
وہ دوسری صف میں پیچھے سب مردوں کے ہوں مسئلہ لازم ہے کہ جماعت میں جاے قیام
امام زیادہ بلند نہو مقام ماموین سے اگر ایک بالشت تک بلند ہو تو مضائقہ نہیں بخلاف
جاے قیام ماموم کہ اگر زیادہ بلند ہو جسطرح سے کہ ماموم دوسرے مکان کی سقف پر ہو
اور امام سامنے اور قریب اسکے صحن خانہ میں ہو مثلاً تب بھی جماعت صحیح ہے بشرطیکہ متعارف
سے زیادہ نہو مثل مینارے کے مسئلہ یہ کہ کوئی چیز مثل پردہ وغیرہ کے حائل نہو درمیان امام اور
ماموم کے الا جبکہ امام مرد ہو اور ماموم عورت ہو تو حائل ہونا پردہ کا انمیں مضائقہ نہیں رکھتا
اور اسی طرح سے لازم ہے کہ امام اور ماموم کے درمیان میں زیادہ فاصلہ نہو لیکن اگر درمیان
پشت قدم امام اور سجدہ گاہ ماموم کے فاصلہ ایک ہاتھ کا ہو تو ظاہراً جائز ہے اور احوط یہ ہے
کہ اس مقدار سے بھی فاصلہ کم ہو اور یہی حکم ہے ہر صف متاخر کا بہ نسبت صف متقدم
کے اور ظاہراً جائز ہے کہ صف متاخر والے نیت کرکے تکبیرۃ الاحرام کہیں پیشتر از انکہ

[illegible]

امام نماز کو شروع کر چکا ہو اگر سامنے کی صف مین کسی نے نماز شروع نہ کی ہو لیکن احوط یہ ہے
کہ جب تین چار ماموین یا زیادہ نے ہر صف متقدم مین نماز شروع کی ہو تب صف
متاخر والے نماز شروع کرین نہ قبل اسکے اور اگر اثناے صف مین طفل ممیز نماز جماعت
مین شریک ہو تو کچھ حرج نہین ہے البتہ اگر صف اول ہو تو احوط یہ ہے کہ وہ طفل برابر
استادہ نہوان اور اگر صف دوم ہو مثلاً تو انہین چند اطفال کا برابر استادہ ہونا مضائقہ
نہین رکھتا اور صف سوم کے لیے نماز صحیح ہوگی جبکہ صف دوم مین علاوہ اطفال کے کچھ
مکلفین بھی جماعت مین شریک ہوون اور اگر اثناے نماز مین جدائی اور فاصلہ بے اختیاری
حاصل ہوا مثلاً یہ کہ مثلاً صف والون مین چند شخص کی نماز باطل ہو گئی ہو کسی وجہ سے یا
مسافر تھے اور انکی نماز تمام ہو گئی پس اگر وہ سب لوگ فوراً بہ نیت اقتدا کی کرکے نماز جماعت
مین بار دیگر شریک ہوگئے تو کچھ حرج و مضائقہ نہین ہے بلکہ اگر وہ نیت انفراد کرکے نماز اپنی
علیحدہ پڑھنی شروع کرین اس مقام مین جب بھی حکم صحت نماز باقی ماموین بعید نہین
اور اگر وہ لوگ صف سے علیحدہ چلے جاوین پس اس حال مین کئی صورتین فرض ہو سکتی
ہین ایک صورت یہ ہے کہ وہ لوگ صف اول مین قریب امام کے تھے پس جب وہ
چلے گئے تو بعض ماموم جو باقی رہے امام کے بائین جانب یا داہنی جانب یا جانبین مین
وہ امام سے دور ہوگئے بفاصلہ بعیدہ پس ان باقی ماندہ کو احتیاطاً لازم ہے کہ نیت انفراد
کرکے نماز اپنی تمام کرین اور اسی طرح سے انکے بعد جتنی صفین ہون سب نیت انفراد
کرلین بلکہ اگر وہ لوگ اپنی جگہ پر بیٹھے رہین بدون اشتغال نماز جب بھی حکم مذکور
جاری کرنا احوط ہے اور اگر ان لوگون کو یہ مسئلہ معلوم نہ تھا یا صفہاے متاخرہ کو حال
اس تفرقہ کا معلوم نہوا اس جہت سے ان ماموین نے نماز بجماعت بدستور ادا کی پس احتیاطاً
سب اعادہ نماز کرین دوسری صورت یہ ہے کہ وہ لوگ جو چلے گئے ہین صف اول مین نہ تھے
لیکن وہ جس صف مین تھے وہ صف انکین سے متعلقہ تھی یعنی سوا انکے اور کوئی ماموم اس

در صفیں نہ تھا پس اس صف کے بعد جو صفیں ہوں اُن میں سے کسی کو نیت انفراد کرنی چاہیئے جیسا کہ صورت سابقہ میں بیان کیا گیا اور چونکہ صفیں اُن کے ساتھ والی پر مقدم ہونگی [illegible] نہیں چنانچہ خلل نہ ہوگا اور سوا ان دو صورتوں کے اگر اور کوئی صورت ہو [illegible] کسی صف کے کنارے سے [illegible] کے اثنا میں [illegible] کی نماز میں کچھ خلل نہ ہوگا ف[5] امام پر لازم نہیں ہو کہ نیت امامت کرے الا اس جماعت میں کہ جو واجب ہو مثل جماعت نماز جمعہ لیکن ماموم کو واجب ہو کہ نیت کرے [illegible] امام معین کی خواہ اُسکا نام لیکر تعیین کرے خواہ اس طرح سے کہ نماز جماعت پڑھتا ہوں بامام اس پیشنماز کے کہ جو سامنے میرے نماز پڑھتا ہو [illegible] ماموم نے اس پیشنماز کو دیکھا ہو اور اُسکی لیاقت پیشنمازی سے واقف ہو اگرچہ اُسکا نام نہ جانتا ہو اور اگر کسی شخص نے یہ گمان کیا کہ زید پیشنماز نماز پڑھتا ہو پس اقتدا سے زید کی نیت کی اور بعد ازاں خلاف اسکے معلوم ہوا یعنی معلوم ہوا کہ عمرو تھا مثلاً پس اگر اثنا نماز میں یہ بات معلوم ہو تو نیت انفراد کرے علیحدہ نماز تمام کرے اور اگر بعد نماز علم ہو تو اعادہ نماز احوط ہو ف[6] اثنا سے نماز جماعت میں ماموم نیت انفراد کرکے نماز علیحدہ تمام کرسکتا ہو جبکہ کوئی عذر ہو بلا تردد چنانچہ بعض اعذار کی طرف سابقاً اشارہ کیا گیا اور قول مشہور تو یہی جواز اُسکا ہو مطلقاً یعنی اگر کوئی عذر ہو جب بھی نیت انفراد کرکے علیحدہ نماز پڑھ سکتا ہو لیکن بہتر اولیٰ اور

ف[1] اس جگہ چند حدیثیں لکھی جاتی ہیں شیخ البلاغہ میں لکھا ہو حضرت امیر علیہ السلام نے [illegible] مالک [illegible] کو نصیحت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس وقت تم وسط نماز کے گذشتہ ہو پس اسقدر طول نہ دو کہ باعث نفرت ماموموں ہو اور نہ [illegible] اسطرح اوقات کا ہو جیسے کہ بعضے ماموموں میں علیل و مریض ہوتا ہو اور وہ شخص کہ حاجت رکھتا ہو تحقیق کہ میں نے حضرت رسول خدا صلعم سے سوال کیا جسوقت کہ مجھکو یمن میں بھیجا تھا کہ کیونکر ایکے ساتھ نماز پڑھوں حضرت نے فرمایا کہ مثل ضعیف ترین انکے نماز پڑھو [illegible] ماموموں پر [illegible]
[illegible] فرمایا کہ [illegible] نماز کو [illegible] شخص کے [illegible]

ہوتی ہے جو کہ بغیر عذر کے جماعت سے علیحدہ ہوا اور جبکہ ماموم نیت انفراد کرے رکعتین
اولیین مین پس اگر امام نے ابھی قرأت نہین شروع کی تو امام ہی ماموم کو قرأت اور اگر
سورہ حمد شروع کرچکا ہے یا تمام کیا ہے اسکو لیکن دوسرا سورہ نہین شروع کیا پس بعد
نیت انفراد کے الحمد پڑھے علی الاحوط اور دوسرا سورہ بھی پڑھے جو سورہ چاہتا ہے یہی حکم ہے
اگر امام دوسرا سورہ جیسے سورہ توحید وقل یا ایہا الکافرون پڑھتا تھا مثل انا انزلناہ وغیرہ
کے اور نصف سورہ تک نہ پہونچا تھا اور اگر نیت انفراد کرے درحالیکہ امام نصف سورہ پڑھ چکا
ہو یا زیادہ تو ماموم کو احوط یہ ہے کہ الحمد کے بعد وہی سورہ تمام پڑھے جو امام سے
پڑھتا تھا اور اسی طرح سے اگر امام نے سورہ توحید یا قل یا ایہا الکافرون شروع کیا تھا
جب بھی ماموم کو احوط یہ ہے کہ بعد حمد کے سمجھا ہے دو سورتین مذکورتین جو امام پڑھتا تھا اسی کو
تمام پڑھے اور اگر رکعتین اخیرتین مین نیت انفراد کرے قبل از رکوع پس احتیاط کا یہ اقتضا
تسبیحات اربعہ پڑھے اور اگر اثنائے رکوع مین یا بعد اسکے نیت انفراد کرے تو قرأت
اور تسبیحات اربعہ مطلقاً ساقط ہے خواہ رکعتین اولیین مین نیت انفراد کرے خواہ اخیرتین مین
مسئلہ اور اسکے بعد جماعت سنت ہے منجملہ یہ ہے کہ ماموم مین استادہ ہون اس وقت کہ موذن
قد قامت الصلوٰۃ کہے اور یہ اسکے کچھ بات نہ کرین الا یہ کہ ضرورت سے صفوف
درست کرنا ہو اور صفون کے بیچ میں فاصلہ نہ رکھے اور صفون کو درست
کرین اور صف اول مین اطفال و مجانین کو جگہ نہ دین بلکہ وہان پر اہل فضل
وعلم وصلاح جگہ وسیع جاوین اور جانب یمین صف اول افضل ہے بہ نسبت جانب
چپ کے اور ماموم کے لیئے وہ جگہ جو کہ اقرب امام سے ہو افضل ہے اگر امام کی

فـ۱ حدیث ہے جناب رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ اپنی صفون کو برابر اور سیدھا کرو اور اپنے شانون کو دور
کرکے شانون سے ملا دو کہ تمپر شیطان غالب ہوجاوے اور دوسری حدیث مین فرمایا کہ مخالفت کرو کہ حق تعالیٰ تمھارے
دلون مین مخالفت دیگا ۱۲ سید محمد تقی فـ۲ مجانین جمع ہے مجنون کی یعنے جو سودائی ہو غرض یہ ہے کہ اطفال اور

نماز اخفائی ہو مثل ظہر کے پس ماموم کو چاہیے کہ جب وہ تکبیرۃ الاحرام کہہ چکے تو نیت کر کے
تکبیرۃ الاحرام کہے اور قرأت کو ترک کرے یعنی نہ حمد پڑھے اور نہ کوئی اور سورہ لیکن قرأت
کرنا جائز ہے بکراہت علی الظاہر المشہور جس طرح سے کہ اگر بالکل ساکت رہے تو یہ بھی جائز ہے
مع الکراہت پس ماموم کے واسطے ان دونوں صورتوں میں منجملہ نماز اخفائی مستحب یہ ہے کہ ذکر الٰہی
کرتا رہے زبان سے آہستہ آہستہ جیسے سبحان اللہ کہے یا لا الٰہ الا اللہ کہے
یا درود پڑھتا رہے یا تسبیحات اربعہ پڑھتا رہے تا زمان انتہائے قرأت امام خواہ نماز ماموم
کی بھی اخفائی ہو خواہ جہریہ ہو اور جب امام تیسری رکعت یا چوتھی رکعت پڑھتا ہو تو نماز اخفائی
میں ہر چند بنا بر ایک قول کے جائز ہے کہ ماموم سورہ حمد پڑھے جس طرح سے کہ حال انفراد
میں جائز ہے اور یہ قول خالی قوت سے نہیں ہے لیکن احوط یہ ہے کہ تسبیحات اربعہ کو بالخصوص
پڑھتا رہے اور اگر الحمد پڑھے تو بقصد قربت پڑھے نہ بقصد جزئیت پس اگر مخالفت
اسکی کرے بھولنا یعنی سہواً اور اسکے ذکر الٰہی کرتا رہا یا ساکت رہا تو کچھ حرج
نہیں ہے مسئلہ اگر نماز امام کی جہریہ ہو مثل مغرب کے اور پہلی دو رکعت اسکے نماز عشا کی پس
ہو پس اگر قرأت امام کی یعنی الفاظ حمد اور سورہ کے کچھ بھی سنتا ہو یا گنگناہٹ سنتا ہو
یعنی آواز امام کی آتی ہے لیکن الفاظ نہیں سمجھائی دیتے ہیں اس صورت میں ماموم کو ترک قرأت کا
لازم ہے بلکہ کوئی ذکر زبان پر جاری نہ کرے اور متوجہ ہو کر آواز امام کی سنتا رہے اور
اگر ہمہمہ بھی نہ سنے یعنی بالکل امام کی آواز نہ آتی ہو بسبب دور ہونے کے پس احتیاطاً
حمد و سورہ پڑھے بقصد قربت نہ بقصد جزئیت اور ظاہر یہ ہی حکم ہے اس ماموم کا
جو بہرا ہو اور امام کی آواز مطلقاً نہ سنتا ہو پس اگر نماز جہریہ ہو تو اسے قرأت ماموم کی

ف ۱ فی زمانہ اسکا رواج ہے کہ جب امام ولا الضالین کہہ چکتا ہے تو ماموم آواز بلند الحمد للہ رب العالمین
کہتے ہیں میں نے بعض کتب میں بھی لکھا دیکھا کہ جب امام سورہ حمد پڑھ چکے تو سنت ہے کہ ماموم آہستہ سے
الحمد للہ رب العالمین کہیں چنانچہ میں نے چند احباب سے کہا انکو منع کیا کہ اگر با آواز بلند

تو جائز ہے کہ ساکت کھڑا رہے اور اگر اسوقت مین ذکر الہی کرے مثل سبحان اللہ کے تو ظاہرا بہتر ہے
اور اگر ماموم ایسے مقام مین ہو کہ کسی وقت مین ہمہمہ امام کا سنائی دیتا ہو اور کسی وقت
مین نہین سنائی دیتا ہو تو لازم ہو کہ اوس وقت قرأت [illegible] یا ذکر [illegible] اور جب آواز [illegible] نہ سنے
تو [illegible] اور جب آواز امام کی آنے لگے تو ساکت
ہو جاوے پھر جب آواز نہ آوے تو جہان سے ترک کیا تھا وہان سے پھر پڑھنا شروع کرے
اور حکم رکعات اخیرہ نماز جہریہ کا وہی ہے جو رکعات اخیرہ نماز اخفائی کا تھا جیسا کہ سابقا بیان
کیا گیا ہے اگر امام رکوع رکعت اول مین ہو اور ماموم بعد نیت تکبیرۃ الاحرام در حالت قیام کہکر
رکوع مین جھک جاوے پس اگر فقط سبحان اللہ یا سبحان ربی کہہ چکا تھا کہ سر امام
نے اٹھا لیا تو کافی ہوگا اور حکم اسکا وہی ہے کہ جو ابتدا سے شریک ہونے والے کا حکم ہے اور اگر
ایک لفظ بھی تمام نہین کہنے پایا لیکن تا حد رکوع پہونچ گیا تھا یقینا اور قبل اسکے امام رفع راس
کرے پس جب بھی رکعت پاویگا علی الاقوی اور اگر تا حد رکوع نہ پہونچا تھا کہ امام نے رفع راس
کیا پس چاہیے کہ اوسوقت دل مین نیت انفراد کرلے اور قرأت کرکے رکوع مین جاوے اور
نماز اپنی علیحدہ تمام کرے اور اگر تا حد رکوع پہونچ گیا مگر شک ہے کہ قبل اسکے امام نے رفع راس کیا
یا بعد اسکے تو نماز باطل ہے علی الاظہر پس نماز کو قطع کرے اور بعد اسکے رکعت آیندہ مین شریک
جماعت ہو سکتا ہے اور اسکی تفصیل عنقریب بیان کیا جائیگی انشاء اللہ تعالی ۱۱ ماموم پر لازم ہے کہ
متابعت کرے امام کی نماز مین باین طریق کہ جب امام تکبیرۃ الاحرام کہہ چکے تو ماموم نیت کرکے
تکبیرۃ الاحرام کہے نہ قبل اسکے اور تکبیر مستحب جو قبل از رکوع وغیرہ ہے اسکو قبل امام کے نہ کہے
علی الاحوط لیکن ساتھ کہنے امام کے کہہ سکتا ہے اور جب امام رکوع مین جاوے تو یہ بھی رکوع مین
داخل ہو نہ قبل اسکے اور اسی طرح سے جب امام رکوع سے سر اٹھالے تو بعد اسکے یہ
سر اٹھالے لیکن زیادہ تاخیر بھی نہ کرے اور یہی حکم سجدون کا ہے اور تشہد بھی قبل امام
کے شروع نہ کرے علی الاحوط اگر سنتا ہو اسکے تشہد کو ہان ساتھ امام کے تشہد پڑھ سکتا ہے

اور لیکن سلام میں اگر ماموم قبل امام کے سلام پھیر لے حالت ضرورت میں بلا قصد انفراد یا بغیر کسی
ضرورت کے لیکن بعد قصد انفراد تو کچھ مضائقہ نہیں ہے اور اگر عمداً بلا ضرورت اور بلا قصد انفراد سلام
پھیرے جب بھی نماز صحیح ہے لیکن احتمال گناہ کا ہے جبکہ سلام پڑھنا امام کا سنتا ہو والا گناہ
بھی نہیں ہے واللہ یعلم ۔ ۱۲ ۔ اگر ماموم تکبیرۃ الاحرام کہے قبل امام کے تو نماز باطل ہے علی الظاہر
اگرچہ سہواً کہی ہو اور اگر ماموم رکوع میں داخل ہو قبل اسکے کہ امام رکوع میں جاوے
از روئے سہو کے یا نسیان کے یا اس گمان پر کہ امام رکوع میں داخل ہو چکا ہے حالانکہ امام ایستادہ تھا
تو ماموم کو لازم ہے کہ رکوع سے سر اٹھا کر ایستادہ ہو جاوے ساتھ امام کے دوبارہ رکوع کرے
پس اگر [illegible] سر نہ اٹھاوے تو بعد اتمام نماز کے نماز کو اعادہ کرے [illegible] احتیاطاً اگر سر اٹھانا
بھول گیا یا جہالت اسکی [illegible] اور امام رکوع میں داخل ہو گیا تو کچھ حرج نہیں ہے اور
اسی طرح سے اگر امام کے ساتھ رکوع میں گیا تھا لیکن سر اٹھا لیا رکوع سے ماموم نے
سہواً یا بگمان رفع رأس امام جب بھی لازم ہے ماموم پر کہ پھر داخل ہو رکوع میں ہمراہ
امام کے الا [illegible] یا بھول گیا تو یہی حکم ہے علی الظاہر اگر ماموم داخل سجدہ
ہو سجدہ میں قبل امام کے بگمان سجدہ امام یا سہواً [illegible] سر اٹھا کر دوبارہ ساتھ امام کے
سجدہ کرے اور اگر سجدہ میں اسکے ساتھ گیا تھا لیکن [illegible] سجدہ سے اٹھا لیا قبل امام کے
بگمان مذکور یا سہواً پس لازم ہے کہ پھر سجدہ میں رکھدے اور امام کی متابعت کرے لیکن اگر بھول
جاوے [illegible] تو نماز صحیح ہو گی واللہ یعلم ۔ ۱۲ ۔ [illegible] ماموم کو رکوع رکعت
[illegible] رکعت اولی امام کی فوت ہو گئی ماموم [illegible] جماعت [illegible] ہے
[illegible] کہ امام ایستادہ ہو قبل از رکوع یا رکوع میں ہو تو پس اگر دوسری رکعت
[illegible] ہونا چاہے تو اولی یہ ہے کہ [illegible] امام [illegible] امام فارغ ہو قرأت
[illegible] نیت کرے تکبیرۃ الاحرام کہکر رکوع میں شریک ہو امام [illegible] قبل رکوع امام [illegible] شریک
ہو سکتا ہے لیکن اولی یہ ہے کہ اگر تمام [illegible] کی [illegible] ہو تو شریک ہو جاوے [illegible]

متابعت امام پڑھے ورنہ انتظار رکوع کرے اور بعد سجدہ دوم جس وقت امام تشہد پڑھے تو
ماموم کو تجافی کرنا لازم ہے یعنی اچھی طرح نہ بیٹھے بلکہ گھٹنے یا کونوں کی انگلیوں پر
اٹھا رہے ... زمین پر رکھے اور اس صورت میں تشہد کا پڑھنا بہتر ہے اگر تشہد نہ پڑھ سکے
بس گھٹنے اور کو زمین پر رکھ دے تو یہ بھی کافی ہوا جائز ہے اور اس حال میں اگر استغفار کرتا رہے
مثل سبحان اللہ تو بہتر ہے اور سکوت بھی جائز ہے بلکہ بعض نے تشہد پڑھنے کا اتفاق ... امام کی
متحمل ہے اگرچہ ترک اسکا احوط ہے اور جب امام کی تیسری رکعت اور ماموم کی دوسری ہوگی تو ماموم
حمد و سورہ پڑھے پس اگر دونوں کو تمام نہ پڑھ سکے تو جس قدر مہلت ملے تو اکتفا کرے اور اگر
قبل رکوع امام وہ دونوں سورہ تمام ہو جاویں تو جائز ہے کہ ساکت رہے یا ذکر الہی کرے
مثل سبحان اللہ کے یا قنوت پڑھے بلکہ یہ مقدم ہے اگر مہلت اسکی پاوے اور بعد سجدہ دوم
ماموم بیٹھ کر تشہد مختصر پڑھ کے بتعجیل استادہ ہو کر امام سے ملحق ہو اور اگر امام میں ملحق ہو اور
اگر اس حال میں امام رکوع میں داخل ہو گیا تو ماموم سیدھا استادہ ہو کر رکوع میں
داخل ہو اور بعد اتمام کے اعادہ نماز کرے احتیاطاً اور جب ماموم کی تیسری اور امام کی
چوتھی رکعت ہوگی تو ماموم تسبیحات اربعہ پڑھے اور جب امام تشہد اور سلام کے واسطے
بیٹھے اور ماموم کی وہ تیسری رکعت ہوگی پس ماموم اسی طرح سے بیٹھے جس طرح کہ بیٹھا تھا
تشہد اول امام میں بیٹھا تھا اور بعد سلام امام کے اٹھ کر ایک رکعت باقی کر کے رکعت چہارم
ماموم کی ہوگی ادا کرے اور اگر سہواً استادہ ہو تو پھر بیٹھ جاوے اور اگر عمداً ...
کرے تو پھر استادہ ہو کر علیحدہ رکعت تمام کرنا جائز ہے اور اگر بہ نیت انفراد ...
اٹھ کھڑا ہو قبل سلام امام کے اور نماز تمام کرے تو بعد ازاں اعادہ نماز احوط ہوگا اور
اگر امام کی تیسری رکعت میں شریک ہو تو ماموم اپنی پہلی اور دوسری رکعت میں دونوں میں حمد
و سورہ بقدر مہلت پڑھے اور باقی دو رکعت اخیرہ میں مثل نماز منفرد کے حکم ہوا اور جو کچھ کہ
بیان ہوا اس سے حکم شرکت کا بیچ رکعت چہارم امام کے بھی معلوم ہو سکتا ہے لیکن جب ماموم

شریک ہوا امام کی تیسری یا چوتھی رکعت میں اور بسبب تعجیل امام کے ماموم سورہ حمد تمام نہیں پڑھ سکتا
ہے اولیین میں یعنی نہ اپنی رکعت اول میں پڑھ سکا اور نہ اپنی رکعت دوم میں پس بعد اتمام جماعت کے
اس نماز کا اعادہ کرنا ماموم کو احوط ہے اور جب تک شریک جماعت ہے تو ماموم کو لازم ہے کہ قرأت
جہاں کرنی ہے وہاں پر اخفات کرے اور جہر نہ کرے اگرچہ مقام جہر کا ہو۔ مسئلہ ۱۴ ۔ اگر ماموم داخل ہو
در وقتیکہ امام نماز ظہر یا عصر میں مشغول ہے لیکن نہیں جانتا کہ امام کی کونسی رکعت ہے پس اگر
استفسار کرنے سے یا کسی قرینہ سے معلوم ہو جاوے تو بنا بر آنکے عمل کرے والا شریک
جماعت ہو اور حمد و سورہ پڑھے بقصد قربت پس اگر اثنائے قرأت میں معلوم ہو کہ امام کی پہلی
یا دوسری رکعت ہے تو قرأت کو ترک کرے اور سجدہ سہو نہ ہوگا اور اگر معلوم ہو کہ آخیرین
امام کی تھیں تو قرأت میں مشغول رہے بدستور۔ مسئلہ ۱۵ ۔ اگر اثناء نماز جماعت میں کسی وجہ سے
نماز امام کی خاص باطل ہو جاوے مثل طہارت شکنی کے یا جنون یا بیہوشی کے تب ماموم کو چاہیئے
کہ نیت انفراد کرکے نماز علیحدہ تمام کرے اور اگر اثناء جماعت میں ماموم کو علم حاصل ہو کہ امام
قبل از نماز با طہارت نہ تھا یا فاسق تھا یا کافر تھا تب بھی ماموم کو چاہیئے کہ نیت انفراد کرکے
نماز علیحدہ تمام کرے اور نماز ماموم کی اس صورت میں بھی صحیح ہوگی علی الظاہر اگرچہ اعادہ اس
حال میں احوط ہے اور اگر بعد تمام ہونے نماز جماعت کے امر مذکور یعنی بے طہارت ہونا یا فاسق ہونا یا
کافر ہونا پیشنماز کا معلوم ہو تو نماز سب ماموین کی صحیح ہے اور ضرورت اعادہ کی نہیں ہے علی
الظاہر الاشہر واللہ یعلم حررہ العبد الاثم المصطفی المدعو
بمیرزا آغا عفی عنہ

فصل (۶۲) فضائل و ادعیہ شب جمعہ میں

ربیع الاسابیع میں اور کافی میں ہے کہ حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ شب جمعہ کو نازل ہوتے
ہیں آسمان سے فرشتے موافق عدد چیونٹیوں کے یا بعدد ذرات ہوا کے اور ہاتھوں میں انکے قلم سونے کے اور
تختیاں چاندی کی ہوتی ہیں اور نہیں لکھتے ہیں شب شنبہ تک مگر صلوات نبی و آل نبی پر پس سنت ہے

کہ صلوات بھیجے محمد و آل محمد پر ہر جمعہ کو ہزار مرتبہ اور اور دنوں میں سو مرتبہ اور حضرت امام جعفر صادقؑ
سے مروی ہے کہ صلوات بھیجنا محمد و آل محمد پر شب جمعہ میں برابر ہے ہزار ثواب کے اور حدیث میں
آیا ہے کہ شب جمعہ و روز جمعہ میں شعر پڑھنا مکروہ ہے ہر چند کہ شعر حق ہی ہووے اور حضرت رسول صلعم
نے فرمایا کہ حق تعالیٰ ایک فرشتہ کو بھیجتا ہے آسمان دنیا پر ہر رات تہائی شب سے آخر شب تک اور شب جمعہ کو
اول شب سے اور حکم کرتا ہے اس فرشتہ کو کہ ندا کرے کہ کوئی سوال کرنے والا ہے کہ عطا کروں میں اُسکے سوال
کو آیا کوئی توبہ کرنے والا ہے تا قبول کروں میں توبہ اُسکی اور ہے کوئی استغفار کرنے والا ہے کہ
بخشوں میں اُسکو ای طلب کرنے والے خیر کے متوجہ ہو طرف درگاہ خدائے تعالیٰ کی اور ای شر
طلب کرنے والے کم کر اپنے شر کو یہانتک وہ فرشتہ یہ ندا کرتا ہے طلوع صبح تک جس وقت صبح طالع
ہوتی ہے وہ فرشتہ پھر جاتا ہے اپنی جگہ پر ملکوت آسمان میں اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت
ہے کہ صدقہ دینا شب و روز جمعہ میں برابر ہے ہزار صدقہ کے اور نیست کرتا ہے خدائے تعالیٰ اس شب کو
ہزار گناہ اور بلند کرتا ہے اس شب میں ہزار درجوں کو اور جو کہ صلوات بھیجے محمد و آل محمد پر شب جمعہ
کو چمکتا ہے نور اسکا آسمانوں میں قیامت تک اور آمرزش طلب کرتے ہیں اُسکے واسطے فرشتے آسمانوں
میں اور آمرزش طلب کرتے ہیں اُسکے واسطے وہ فرشتے کہ موکل ہیں قبر حضرت رسالتؐ پناہ پر
یہانتک کہ برپا ہو قیامت اور ربیع الاسابیع میں بسند معتبر حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے
کہ جو کہ شب جمعہ دس آدمیوں کے لیے برادران مومنین میں سے کہ مرگئے ہوں طلب آمرزش کرے
بہشت اسکے واسطے واجب ہو اور کتاب مہج الدعوات میں جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سے روایت ہے کہ جو شخص اس دعا کو پڑھے چالیس شب جمعہ بخشدیگا خداوند عالم ہر گناہ کو اسکے
اور اُن ہم خانوں کو کہ درمیان اسکے اور خلائق کے ہوں بعد اسکے فرمایا بخشیگا خداوند عالم
اس دعا کے پڑھنے والے کو اور اسکے اہلبیت اور والدین اور فرزندوں کو اور جو اسکی مسجد کا
مؤذن ہو یعنی بخشیگا خداوند عالم ان اشخاص کو جو واسطے تعلق اس سے رکھتے ہیں اور دعا یہ ہے
اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ حَیٌّ لَا تَمُوْتُ وَصَادِقٌ لَا تَكْذِبُ وَقَاهِرٌ لَا تُقْهَرُ

وبدی لا یفقد وقریب لا یبعد وقادر لا یضاد وغافر لا یظلم
وصمد لا یطعم وقیوم لا ینام ومجیب لا یسأم وجبار
لا یعان وعظیم لا یرام وعالم لا یعلم وقوی لا یضعف
وعلیم لا یجهل وجلیل لا یوصف ووفی لا یخلف وغالب
لا یغلب وعادل لا یحیف وغنی لا یفتقر وکبیر لا یغادر
وحکیم لا یجور ووکیل لا یبخس وفرد لا یستشیر
ووهاب لا یمل وعزیز لا یستذل وسمیع لا یذهل
وجواد لا یبخل وحافظ لا یغفل وقائم لا یسهو ودائم
لا یفنی ومحتجب لا یری وباق لا یبلی وواحد لا یشبه
ومقتدر لا ینازع یا کریم الجواد المتکرم یا ظاهر یا
قاهر انت القادر المقتدر یا عزیز المتعزز یا من ینادی من
کل فج عمیق بالسنة شتی ولغات مختلفة وحوائج متتابعة
لا یشغلک شیء عن شیء انت الذی لا تفنیک الدهور ولا
تحیط بک الامکنة ولا تاخذک سنة ولا نوم صل علی محمد
وآل محمد ویسر لی من امری ما اخاف عسره وفرج عنی ما اخاف
کربته وسهل لی ما اخاف حزونته سبحانک لا اله الا انت
انی کنت من الظالمین یا ارحم الراحمین ۝ اور کتاب مجمع البیان
میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام اور جناب رسالت مآب سے منقول ہے کہ اس شب میں
سورہ بنی اسرائیل اور سورہ کہف اور سورہ طٰسٓ اور سورہ الٓمٓ سجدہ اور
سورہ صٓ اور سورہ دخان اور سورہ واقعہ پڑھنا چاہیئے اور ثواب بے شمار
اسکے بیان کیے ہیں جسقدر توفیق ہو پڑھنا چاہیئے چنانچہ سورہ بنی اسرائیل کو کہا ہے کہ جو

کوئی سورۂ بنی اسرائیل کو ہر شب جمعہ میں پڑھے اصحاب حضرت صاحب الزمانؑ سے ہو اور جو
کوئی شب جمعہ میں پڑھے درجۂ شہدا پاوے اور زمرۂ شہدا میں محشور ہو اور کفارہ
گناہوں کا ہو اس جمعہ سے دوسرے جمعہ تک۔ اور سید ابن طاؤس کتاب جمال الاسبوع
میں حضرت رسول صلعم سے لائے ہیں کہ جو کوئی شب جمعہ یا روز جمعہ یا شب پنجشنبہ یا روز
پنجشنبہ یا شب دوشنبہ یا روز دوشنبہ میں چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے ہر رکعت
میں الحمد سات مرتبہ اور سورہ اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ ایک مرتبہ اور بعد نماز کے کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ سو مرتبہ اور اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَبْرَئِیْلَ
سو مرتبہ تو عطا کرے اسکو خدا ستر ہزار قصر بہشت میں کہ ہر قصر میں ستر ہزار ایوان ہوں
اور ہر ایوان میں ستر ہزار گھر ہوں اور ہر گھر میں ستر ہزار لونڈیاں ہوں الخ۔ اور روضۃ الاذکار میں
منقول ہے کہ جو شخص شب جمعہ یا شب عید میں دس مرتبہ پڑھے لکھے جائینگے ثواب میں اسکے
پڑھنے والے کے لیے دس لاکھ حسنہ اور محو کیے جائینگے ہزار ہزار گناہ اور بلند کیے جائینگے واسطے
اسکے ہزار ہزار درجے اور ہزار نور پائیگا روز قیامت میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے
ساتھ مقام میں اسکے یَا دَائِمَ الْفَضْلِ عَلَی الْبَرِیَّۃِ یَا ذَا الْمَوَاھِبِ السَّنِیَّۃِ
یَا بَاسِطَ الْیَدَیْنِ بِالْعَطِیَّۃِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ خَیْرِ الْوَرٰی
سَجِیَّۃً وَّاغْفِرْ لَنَا یَا ذَا الْعُلٰی فِیْ ھٰذِہِ الْعَشِیَّۃِ وَقِنَا
مِنْ کُلِّ ھَمٍّ وَّغَمٍّ وَّاٰفَۃٍ وَّبَلِیَّۃٍ اور جنۃ الواقیہ میں ہے کہ شب جمعہ
یا روز جمعہ میں دعائے مذکورہ پڑھے اور کتاب منہج الدعوات میں اویس قرنی
سے روایت ہے کہ حضرت امیر المومنین نے فرمایا کہ جو شخص اس دعا کو پڑھے قبول کریگا
خداوند عالم دعا اسکی اور برلاویگا سب حاجتوں کو اسکی اور جناب رسول خدا صلعم نے
فرمایا کہ قسم ہے اس خدا کی کہ جسنے مجھکو مبعوث برسالت کیا کہ جو شخص چالیس شب جمعہ اس
دعا کو پڑھے بخشیگا خداوند عالم ہر گناہ کو اسکے جو اسکے اور خدا کے درمیان ہوں پھر فرمایا

حضرت نے اس فضیلت کو کہ جو فضیلت دعاء اللهم انك حي لا تموت میں
عنقریب گذری وہ دعا یہ ہے بسم الله الرحمن الرحيم ○ يا سلام
المؤمن المهيمن العزيز الجبار المتكبر الطاهر المطهر
القاهر القادر المقتدر يا من ينادى من كل فج عميق بالسنة
شتى ولغات مختلفة وحوائج اخرى يا من لا يشغله شأن
عن شأن انت الذي لا تغيرك الازمنة ولا تحيط بك
الامكنة ولا تأخذك نوم ولا سنة يسر لي من امري
ما اخاف عسره وفرج لي من امري ما اخاف كربه وسهل
لي من امري ما اخاف كربه وسهل لي امري ما اخاف حزنه من امری
سبحانك لا اله الا انت اني كنت من الظالمين ○ عملت
سوء وظلمت نفسي فاغفر لي انه لا يغفر الذنوب الا
انت والحمد لله رب العالمين ○ ولا حول ولا قوة الا
بالله العلي العظيم وصلى الله على نبيه وآله وسلم تسليما ○
ارشاد فرمایا کتاب مذکور میں حضرت رسول صلعم سے منقول ہے کہ جو اس دعا کو پڑھے خدا
دعا اسکی قبول کرے اور اگر چالیس شب جمعہ پڑھے خدا بخشیگا اسکو جو گناہ خدا کے یا
خلق کے بیچ میں ہو پھر حضرت نے اور فضائل اس دعا کے فرمائے وہ دعا یہ ہے بسم الله
الرحمن الرحيم اللهم انت الله وانت الرحمن وانت الرحيم
الملك القدوس المؤمن المهيمن العزيز الجبار المتكبر
الاول الآخر الظاهر الباطن الحميد المجيد المبدئ
المعيد الودود الشهيد القديم العلي العليم الصادق
الرؤوف الرحيم الشكور الغفور العزيز الحكيم ذو القوة

المتين الرقيب الحفيظ ذو الجلال والإكرام العظيم العليم الغني
الولي الفتاح المرتاح القابض الباسط العدل الوفي الحق المبين
الخلاق الرزاق الوهاب التواب الرب الوكيل اللطيف الخبير
السميع البصير الديان المتعال القريب المجيب الباعث الوارث
الواسع الباقي الحي الدائم الذي لا يموت القيوم النور الغفار
الواحد القهار الأحد الصمد لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا أحد
ذو الطول المقتدر علام الغيوب البدي البديع القابض
الباسط الداعي الظاهر المقيت المغيث الدافع الرافع الضار
النافع المعز المذل المطعم المنعم المهيمن المكرم المحسن
المجمل المنان المفضل المحيي المميت الفعال لما يريد مالك
الملك تؤتي الملك من تشاء وتنزع الملك ممن تشاء وتعز
من تشاء وتذل من تشاء بيدك الخير إنك على كل شيء
قدير ٥ تولج الليل في النهار وتولج النهار في الليل وتخرج الحي
من الميت وتخرج الميت من الحي وترزق من تشاء بغير حساب ٥
فالق الإصباح وفالق الحب والنوى يسبح له ما في السموات
والأرض وهو العزيز الحكيم اللهم ما قلت من قول أو حلفت
من حلف أو نذرت من نذر في يومي هذا أو ليلتي هذه
فمشيتك بين يدي ذلك ما شئت منه كان وما لم تشأ منه
لم يكن فادفع عني بحولك وقوتك فإنه لا حول ولا قوة إلا بالله
العلي العظيم اللهم بحق هذه الأسماء عندك صل على
محمد وآل محمد واغفر لي وارحمني وتب علي وتقبل

مِنِّي وَأَصْلِحْ لِي شَأْنِي وَيَسِّرْ لِي أُمُورِي وَأَوْسِعْ عَلَيَّ فِي رِزْقِي
وَأَغْنِنِي بِكَرَمِ وَجْهِكَ عَنْ جَمِيعِ خَلْقِكَ وَصُنْ وَجْهِي وَيَدِي
وَلِسَانِي عَنْ مَسْأَلَةِ غَيْرِكَ وَاجْعَلْ لِي مِنْ أَمْرِي فَرَجًا وَمَخْرَجًا
فَإِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَتَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَأَنْتَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيرٌ ۝ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ وَصَلَّى اللَّهُ عَلَى سَيِّدِ
الْمُرْسَلِينَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ وَآلِهِ الطَّاهِرِينَ

فصل (۴۳) وجہ تسمیہ روز جمعہ میں :

کتاب ربیع الاسابیع میں کتاب عروس سے نقل کی ہے کہ حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ حضرت رسول صلعم نے فرمایا کہ جبرئیلؑ میرے لیے ایک آئینہ لائے کہ اس میں ایک نقطہ سیاہ تھا کہا میں نے اے جبرئیلؑ یہ آئینہ کیا ہے کہا روز جمعہ ہے کہا جمعہ کیا ہے کہا آپ کے لیے اس میں خیر بہت ہے کہا میں نے خیر بہت کیا ہے کہا عید ہے واسطے آپ کے اور واسطے آپکی امت کے بعد آپ کے کہا اور کیا اس میں میرے واسطے ہے کہا اس میں ایک ساعت ہے کہ جو مسلمان اس ساعت میں کوئی حاجت طلب کرے کہ روا ہونے والی ہو روا ہوتی ہے اور اگر دنیا میں مصلحت نہ ہو آخرت میں بہتر اس حاجت سے خدا تعالیٰ اسکو عوض دیتا ہے اور اگر کسی بلا سے پناہ مانگے خدا ایک بلا سے کہ بدتر ہو آخرت میں اسکو نجات دیتا ہے اور منقول ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام محمد باقرؑ سے پوچھا کہ کس لیے جمعہ کا جمعہ نام رکھتے ہیں فرمایا چاہتا ہے کہ تاویل بزرگ اسکی کہوں کہا ہاں فدا آپ پر ہوں حضرتؑ نے فرمایا اسلیے کہ خدا نے اس روز سب گذرے ہوؤں اور آنیوالوں کو اور خلائق کو جن وانس اور آسمانوں اور زمینوں اور دریاؤں اور صحراؤں اور بہشت اور دوزخ اور سب پیدا کی ہوئی چیزوں کو جمع کیا روز الست در پیمان یعنی اقرار لیا اپنے پروردگار ہونے اور محمدؐ کی پیغمبری اور علیؑ کی ولایت اور امامت کا اور حضرت رسول صلعم نے فرمایا کہ روز جمعہ کو یوم المزید کہتے ہیں خدا نے اس روز آدم کو پیدا کیا ہے اور روح

آدم میں ڈالی اور آدم کو بہشت میں ساکن کیا اور ملائکہ کو سجدۂ آدم کا حکم دیا اور حوّا کو حضرت آدم کے پسلی سے پیدا کیا اور آتش ابراہیم کو سرد کیا اور بلا سے ایوب کو عافیت سے بدل کیا اور فدائے ابراہیم واسطے ذبح اسمٰعیل کے قبول کی اور پیدائش عالم تمام ہوئی اور

اسی دن قیامت برپا ہوگی

فصل (۴۷) فضائل روز جمعہ میں

جمال الصالحین میں اہلبیت اطہار علیہم السلام سے مروی ہے کہ روز جمعہ سید اور بزرگ ایام ہے اور خدائے تعالیٰ جمعہ کے دن حسنات دوچند کرتا ہے اور گناہوں کو مٹاتا ہے اور درجہ بلند کرتا ہے اور دعاؤں کو قبول فرماتا ہے اور بلیات کو دور کرتا ہے اور حاجات عظیم بر لاتا ہے اور رحمت اور فضل زیادہ کرتا ہے اور مروی ہے کہ جو شخص اس دن دعا کرے اور طلب مغفرت کرے حالانکہ حق و حرمت اس دن کا پہچانتا ہو پس خدائے تعالیٰ پر لازم ہے کہ اسکو آتش دوزخ سے آزاد کرے اور جو کوئی شب جمعہ میں یا روز جمعہ میں مر جاوے شہید ہووے گا اور عذاب قبر و آتش دوزخ سے امین ہوا اور شفاعت اسکی بعدد قبیلہ ربیعہ و مضر کے قبول ہو اور لازم ہے کہ روز جمعہ کو عبادت و خیرات زیادہ کریں کہ ثواب چند سے مضاعف ہوں کیونکہ بسند صحیح حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ ثواب تصدق کا روز جمعہ میں مضاعف ہے اور مروی ہے کہ خدائے تعالیٰ ہر شب جمعہ کو اول شب تا طلوع صبح عرش سے ندا فرماتا ہے کہ آیا بندہ مومن جو حاجت دنیا و آخرت کی رکھتا ہو طلب کرے تو قبول کروں میں اور اگر گناہ کیا ہو تو استغفار کرے تو استغفار قبول کروں میں اور اگر معاش تنگ ہو تو مانگے کہ زیادہ کروں میں اور اگر بیمار ہو دعا کرے تو شفا دوں میں اور اگر محبوس یا مغموم ہو استغاثہ کرے تو نجات دوں میں اور اگر مظلوم ہو مجھ سے مدد طلب کرے تو نصرت دوں میں اور یہ بھی وارد ہے کہ خدائے تعالیٰ ہر شب ایک ثلث شب باقی رہے اور ہر شب جمعہ میں تا طلوع صبح ایک فرشتہ بھیجتا ہے اور وہ فرشتہ ندا کرتا ہے اور کہتا ہے کہ جس کسی کو حاجت ہو طلب کرے

تا قبول ہو اور اگر گناہ کیا ہو تو پھر تا مقبول ہو اور برای طالبان خیر مشغول خیر ہو اور برای طالبان
شر ترک شر ضرور کرو۔ اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ دو ساعتیں ہیں روز جمعہ کو کہ دعا
اُنمیں مستجاب ہوتی ہے ایک خطبہ سے فارغ ہونے کے بعد کہ جب وقت تک صفیں درست ہوں واسطے نماز
کے اُنکے لیے دوسری ساعت آخر روز جمعہ کی غروب آفتاب تک۔ اور مستحب ہے روز جمعہ کو واسطے
عیال و اطفال کے نیا میوہ و تحفہ لانا تاکہ اس دن شاد و خوشحال رہیں اور محبت اُنکی سے اُنکی زیادہ کرے

فصل (۷۵) غسل جمعہ میں

کتاب ذخیرۃ المعاد میں جناب شیخ مد ظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ منجملہ دیگر اغسال مستحبہ کے اول غسل
جمعہ ہے اور یہ علی الاقوی مستحب ہے واجب نہیں اور استحباب کل آدمیوں کے حق میں اسکا
ثابت ہے کیا مرد کیا عورت آزاد و بندہ و حاضر و مسافر خواہ نماز جمعہ پڑھتا ہو یا نہ پڑھتا ہو بلکہ طفل
ممیز کو بھی مستحب ہے علی الاقوی اور مردوں کے حق میں تاکید زیادہ ہے اور غلام کا ماذون ہونا
آقا کی طرف اس مستحب کے بجا لانے میں چاہیے مثل سائر مستحبات کے کہ بدون اذن
صحیح نہیں ہوتا اور بعض اخبار سے کراہت ترک غسل جمعہ کی بھی معلوم ہوتی ہے اور روایات بہت
نزدیک [illegible] غسل کی [illegible] ہیں از انجملہ منقول ہے حضرت امام [illegible]
پاک کرنے والا ہے گناہوں سے اور کفارہ ان گناہوں کا ہے جو جمعہ سے [illegible]
ہوں اور حضرت امیر المومنین نے مقام ملامت میں بعض اشخاص سے فرمایا کہ تو اس
شخص سے زیادہ عاجز ہے جو غسل جمعہ کو ترک کرے بلکہ [illegible]
پاکی غسل کرنے والے کا ہوتا ہے جمعہ [illegible] غسل [illegible]
معصوم رہتا ہے جمعہ دیگر تک [illegible] بروے مبالغہ و زیادتی تاکید ترک غسل کی [illegible]
وارد ہے کہ خدا سے تعالیٰ سے استغفار کرے [illegible] حدیثیں ہیں کہ جو کوئی غسل جمعہ کو [illegible] اگر
اور وقت نماز کا باقی ہو تو غسل کرے اور اعادہ نماز کرے جناب امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے
کہ جو کوئی غسل جمعہ کرے اور کہے اشهد ان لا اله الا الله وحده [illegible]

وَلَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ
الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۔ یہ غسل اور دعا پاک کرنے والی ہے اور جمعہ دیگر تک اور غسل جمعہ کے لیے تین
وقت ہیں ادا اور وقت تقدیم اور [illegible] قضا ۔ وقت تقدیم میں وہ
جائز ہے [illegible] تقدیم یعنی جمعہ سے قبل غسل کر لینا اس شخص کو جائز ہے جو خوف رکھتا ہو اس امر کا
کہ پانی جمعہ کے دن [illegible] غسل نہ مل سکیگا [illegible] مستحب ہے [illegible] غسل کے وقت ادا اس میں
اور وقت تقدیم کا اول روز پنجشنبہ سے ابتدا صبح صادق روز جمعہ تک ہے اور آخر وقت
ادائے غسل جمعہ کا ابتدا اس طلوع صبح صادق روز جمعہ سے ظہر تک [illegible] بعد اس کے قضا ہو جاتا ہے [illegible]
احوط یہی ہے کہ [illegible] نیت ادا و قضا نہ کرے اور [illegible]
[illegible] اور وقت قضا غسل [illegible] جمعہ [illegible] روز شنبہ تک ہے
[illegible] اور بعض [illegible] لیکن چونکہ
[illegible]
[illegible]
[illegible] غسل جمعہ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] اللہ تعالیٰ
[illegible]
[illegible] گناہ [illegible] اور [illegible] کوئی گناہ [illegible]

فصل (۴۷) فضائل نماز جمعہ بیان

کافی میں بسند صحیح حضرت امام محمد باقر سے منقول ہے کہ جب روز جمعہ ہوتا ہے نازل ہوتے ہیں ملائکہ مقرب ہاتھ میں تختیاں چاندی کی اور قلم سونے کے لے کر اور در مسجد پر کرسیوں پر بیٹھتے ہیں نور کی کرسیوں پر اور لکھتے ہیں نام لوگوں کے موافق ترتیب آنے کے مسجد میں کہ پہلا کون شخص آیا اور دوسرا کون شخص اور تیسرا کون شخص آیا یہاں تک کہ امام مسجد سے باہر آتا ہے جس وقت امام باہر آتا ہے صحیفے لپیٹ لیتے ہیں اور یہ ملائکہ سوائے روز جمعہ کے نہیں اترتے ہیں مگر روز جمعہ اور جو کوئی نماز جمعہ میں آئے گناہوں سے پاک ہو اور جو قدم اس نے نماز جمعہ کے لئے اٹھائے خداوند تعالیٰ اس پر آتش دوزخ کو حرام کرے اور شیخ طوسی نے بسند معتبر حضرت امام جعفر صادق سے روایت کی ہے کہ ایک اعرابی حضرت رسول خدا صلعم کی خدمت میں آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ چند مرتبہ میں نے ارادہ حج کا کیا مگر حج میسر نہ ہوا حضرت نے فرمایا چاہیے تجھ کو نماز جمعہ کہ حج فقیروں اور مسکینوں کا ہے [illegible] ابن بابویہ نے روایت کی ہے کہ جو کوئی غسل جمعہ کرے اور جلدی نماز جمعہ کے لئے پیدل جاوے اور نزدیک امام کے بیٹھے اور خاموش ہو اور حرکت لغو نہ کرے اور لغو نہ کہے ہر قدم پر جو اٹھاتا ہے [illegible] ایک سال کی عبادت کا پاوے گا تمام سال روزے رکھنے کا ثواب اور تمام سال کی شب بیداری عبادت [illegible] رسول خدا صلعم نے [illegible] فرمایا کہ خدا نے فرض کی ہیں [illegible] نماز جمعہ [illegible] اور جو کوئی وضو کرے اور نزدیک امام کے بیٹھے اور خطبہ کو سنے اور خاموش رہے پس اس جمعہ سے تا روز جمعہ دیگر اور تین دن زیادہ تک اس کے گناہ معاف [illegible]

نہ لکھے جاویں اور وہ شخص بخشا جاوے اور دو کفل ثواب پاوے اور جو کوئی امام سے دور بیٹھے اور خاموش رہے اور خطبہ کو سنے ایک کفل ثواب پاوے اور حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا کہ خدا اور ملائکہ رحمت بھیجتے ہیں اُن لوگوں پر کہ عمامہ سر پر باندھتے ہیں روز جمعہ کو اور مستحب ہے روز جمعہ کو خوشبو لگانا

فصل (۶۷) ۔ نماز جمعہ میں

اسمیں کئی شرطیں ہیں ایک یہ کہ جماعت میں سات آدمی یا پانچ آدمی سے جماعت میں نماز جمعہ کی کم نہ ہونا چاہیئے دوسری جماعت سے سب آدمی نماز پڑھیں نہیں الگ الگ نماز جمعہ کو بدوں جماعت کے پڑھنا صحیح نہیں تیسری جب نماز جمعہ ہوتی ہیں ایک جگہ جماعت سے پڑھتے ہوں تو قریب اُسکے دوسری جگہ مومنین پر نماز جمعہ کو پڑھنا درست نہ صحیح نہیں اُن مومنین کو چاہیئے کہ اُسی جماعت اول میں واسطے پڑھنے نماز جمعہ کے شریک ہو جاویں البتہ اگر درمیان دونوں نمازوں کے فاصلہ ایک فرسخ کا ہو تو دونوں نمازیں صحیح ہیں اور درست ہونگی اور فرسخ بحساب میل شرعی تین میل کا ہوتا ہے اور ایک میل شرعی چار ہزار ہاتھ کا ہوتا ہے ترکیب نماز جمعہ کی یہ ہے کہ پہلی رکعت میں بعد سورہ حمد کے سورہ جمعہ پڑھے بعد اُسکے ہاتھوں کو واسطے پڑھنے قنوت کے جانب آسمان بلند کرے اور یہ دعا پڑھے ۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّ عَبْدًا مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ قَامُوْا بِكِتَابِكَ وَسُنَّةِ نَبِيِّكَ فَاجْزِهِمْ عَنَّا خَيْرَ الْجَزَآءِ بعد اسکے رکوع اور سجدہ میں جاکر واسطے دوسری رکعت کے اُٹھ کھڑا ہوا اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد کے سورہ منافقون پڑھ کر پھر رکوع اور سجدہ میں جاوے بعد اسکے تشہد و سلام پڑھکر نماز کو تمام کرے اور یہ بھی جاننا چاہیئے کہ بعد نماز جمعہ کے نماز ظہر بھی بہ نیت قربت بغیر جماعت کے پڑھے اور اول وقت نماز جمعہ بعد زوال آفتاب ہے چاہیئے کہ امام یہ دو خطبہ اول نماز سے پڑھے وہ یہ ہیں خطبہ اولی روز جمعہ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الحمد لله الذي كان موجودا قبل حدوث الأشياء ويبقى
بعد فناء الأشياء تفرد بالأولية والأبدية وقهر
كل شيء ساعة بالفناء والأبد كما قال جل ثناؤه
كل شيء هالك إلا وجهه وقال أصدق [illegible]
الموثقين قال كل من عليها فان ويبقى وجه ربك
ذو الجلال والإكرام فسبحان من لا [illegible]
الثابت ولا يشبهه شيء من الأشياء [illegible]
سبحان الله الذي [illegible]
[illegible] مثقال ذرة [illegible]
ذرة [illegible] نشهد أن لا إله إلا هو [illegible]
الذي لا ينازع في ملكه ولا يضاد في [illegible]
ومن [illegible]
[illegible]
ونشهد أن محمدا سيد المرسلين وخاتم النبيين
والمنذرين صلى الله عليه وآله الهداة المهديين
من ركب سفينتهم اهتدى ومن تخلف عنها ضل
وغرق وهوى أوصيكم عباد الله بالتقوى فإنه
حبل متين وعروة وثقى [illegible]
[illegible] العمل الصالح [illegible]
[illegible]
[illegible] فإن كل شيء في الدنيا فان [illegible]

فوا عجبا لكيفية هذه الغفلة وإنما نحن كركب وقوف من
أبناء السبيل سيضرب عليهم طبل الرحيل فبم تحولت
عنا قليل واأسفاه إلى متى تلك الرقدة ونحن في دار البلاء
محفوفة وبالشدائد معروفة لا يدوم أحوالها ولا تسلم
نزالها العيش فيها مذموم والأمان فيها معدوم وكيف لا
تعتبرون وإخوانكم قد سلكوا في بطون البرزخ سبيلا و
فقدت أجسادهم وعميت أخبارهم مع ما لهم بالجيران
لا يتأنسون وأحباء لا يتزاورون واغربتاه من بيت وحدتنا
ومنزل وحشتنا ومحط خفوتنا ومفرد غربتنا وامصيبتاه ما
أسوء الطلب وأبعد السفر وأقل الزاد وأنساه إذا
أسلمنا الأحباء إلى الملائكة الغلاظ الشداد وقبرونا
إذا انقطع ذكرنا عن خواطر الأحباء والأقرباء وأكلت
الديدان محاسننا وتمزقت الأعضاء فليبك الباكون
قبل أن لا ينفع البكاء وليستغفرن عن الخطايا التي
تحول بين الأمهات والأبناء إن أحسن الحديث وأبلغ الموعظة
كتاب الله أعوذ بالله من الشيطان الرجيم بسم الله
الرحمن الرحيم والعصر إن الإنسان لفي خسر إلا الذين
آمنوا وعملوا الصالحات وتواصوا بالحق وتواصوا بالصبر

خطبۂ ثانیہ روز جمعہ

بسم الله الرحمن الرحيم الحمد لله الذي لا إله إلا هو العليم
الكريم غافر الذنب وقابل التوب وهو الغفور الرحيم سبحان

من سبقت رحمته غضبه وبسط اليدين بالرحمة سبحان من
لم يكلف نفسا الا دون وسعها وعفا عن السيئات ولم
يجاز بها سبحان من لا يزداد على معاصي العباد الا كرما وجودا
وعلى كثرة الذنوب الا عفوا وصفحا نشهد ان لا اله الا
هو العطوف على العباد بجوده والعواد على المذنبين
بحلمه ونشهد ان محمدا نبيه وحبيبه سيد المرسلين
وشفيع المذنبين بعثه رحمة للعالمين صلى الله عليه و
آله الداعين الى سبيل الله بالحكمة والموعظة الحسنة
قادة الامم واولياء النعم ومعدن الرحمة اوصيكم
عباد الله بالتوبة عما سلف من ذنوبكم والانابة عن
الاوزار التي اثقلت ظهوركم فانه تعالى كريم بكم رؤف
عليكم يقبل اليسير ويعفو عن الكثير قال الله تعالى وقوله
الحق توبوا الى الله توبة نصوحا عسى ربكم ان يكفر
عنكم سيئاتكم ويدخلكم جنات تجري من تحتها
الانهار وقال قل يا عبادي الذين اسرفوا على انفسهم
لا تقنطوا من رحمة الله ان الله يغفر الذنوب جميعا
انه هو الغفور الرحيم الا قد امركم الله في محكم كتابه
بالصلوة على نبيه وحبيبه فقال تعليما لكم وتشريفا
لصفيه ان الله وملائكته يصلون على النبي يا ايها
الذين آمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما اللهم صل على
سيد المرسلين وشفيع المذنبين نبينا محمد صلى الله

عَلَيْهِ وَآلِهِ وَعَلَى إِمَامِ الْمُسْلِمِينَ وَقَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِينَ أَمِيرِ
الْمُؤْمِنِينَ عَلِيِّ ابْنِ أَبِي طَالِبٍ صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْهِ وَأَوْلَادِهِ الْأَئِمَّةِ
الْمَعْصُومِينَ وَعَلَى سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ وَبِضْعَةِ خَاتَمِ النَّبِيِّينَ
سَيِّدَتِنَا فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللهِ صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْهِمَا وَ
الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَالْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ وَعَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ
وَجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَمُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ وَعَلِيِّ بْنِ مُوسَى وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَعَلِيِّ بْنِ
مُحَمَّدٍ وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
عَلَى مَوْلَانَا صَاحِبِ الزَّمَانِ مَاحِي آثَارِ الْبِدَعِ وَالطُّغْيَانِ
مَادِّ مَا بَيْنَهُ الشِّرْكِ وَالنِّفَاقِ صَاحِبِ فُرُوعِ الْحَقِّ وَالشِّقَاقِ
صَلَوَاتُ اللهِ وَسَلَامُهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آبَائِهِ الْكِرَامِ مَا اتَّصَلَ
اللَّيَالِي بِالْأَيَّامِ اَللّٰهُمَّ عَجِّلْ فَرَجَهُ وَسَهِّلْ مَخْرَجَهُ وَاكْحُلْ
نَاظِرَنَا بِنَظْرَةٍ مِنَّا إِلَيْهِ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُسْتَشْهَدِينَ بَيْنَ يَدَيْهِ
وَتَفَضَّلْ عَلَى أَمْوَاتِنَا الْمُؤْمِنِينَ بِمَزِيدِ التَّوْفِيقَاتِ وَازْدِيَادِ
الْإِقْبَالِ وَعَامِلْنَا بِرَحْمَاتِكَ اَللّٰهُمَّ افْعَلْ بِنَا مَا أَنْتَ أَهْلُهُ وَلَا
تَفْعَلْ بِنَا مَا نَحْنُ أَهْلُهُ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ الْمَعْصُومِينَ صَلَوَاتُ
اللهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعُهُ الذِّكْرٰى
إِنَّ اللهَ يَأْمُرُكُمْ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبٰى
وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝

پس جس وقت کہ امام خطبہ سے فارغ ہو تو سب کو چاہیے کہ اپنی اپنی حاجات طلب کریں
کیونکہ حدیث میں آیا ہے کہ خطبہ سے فارغ ہونے کے بعد کہ جس وقت کہ صفیں
واسطے نماز کے اٹھیں دعا مستجاب ہوتی ہے

فصل (۴۸) ادعیہ و اذکار روز جمعہ میں

جمال الصالحین میں مروی ہے کہ افضل اعمال روز جمعہ میں صلوٰۃ بھیجنا ہے محمدؐ و آل محمدؐ پر اور
مصباح کفعمی میں حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو کوئی درود بھیجے اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ کے درمیان ظہرین روز جمعہ کے برابر ہے ستر رکعتوں کے
اور ربیع الاسابیع میں ہے کہ بسند معتبر حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ حضرت رسول صلعم
نے فرمایا کہ جو کہ روز جمعہ سو مرتبہ مجھ پر صلوات بھیجے خدائے تعالیٰ ساٹھ حاجتیں اسکی
بر لاتا ہے تیس دنیا کے لیے اور تیس آخرت کے لیے اور حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے
کہ کوئی عبادت روز جمعہ نزدیک میرے محبوب تر نہیں ہے صلوات سے اوپر محمدؐ اور آل محمدؐ کے
اور آنحضرت نے فرمایا کہ اقل اسکا سو مرتبہ ہے اور بسند صحیح حضرت رسول صلعم سے
منقول ہے کہ صلوات محمدؐ اور آل محمدؐ پر روز جمعہ میں مابین ظہر و عصر کے برابر ہے ستر حج کے
اور مصباح کفعمی میں حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو کوئی کہے روز جمعہ کو بعد نماز صبح جمعہ کے
اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِکَ وَ صَلَوَاتِ مَلٰٓئِکَتِکَ وَ رُسُلِکَ عَلٰی
مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ نہ لکھے جائیں گناہ اسکے برس دن تک از انجملہ وہ نماز ہے کہ حضرت
پیغمبر صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ایک اعرابی کو تعلیم فرمائی تھی اور فرمایا کہ جو مومن یا
مومنہ روز جمعہ میں اس نماز کو پڑھے میں واسطے اسکے ضامن ہوں بہشت کا اور ابھی
اپنی جگہ سے نہ اٹھا ہو کہ سب گناہ اسکے اور اسکے والدین کے خدائے تعالیٰ بخشدے
اور وہ دس رکعت ہے جس وقت تھوڑا دن چڑھے اس وقت دو رکعت نماز پڑھے اول رکعت میں
بعد الحمد سورہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ سات مرتبہ اور دوسری رکعت میں بھی بعد
الحمد قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ سات مرتبہ اور بعد سلام کے سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے
بعد اسکے آٹھ رکعت نماز پڑھے چار چار رکعت کر کے مثل نماز ظہر و عصر کے اور ہر رکعت میں
بعد الحمد اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ ایک مرتبہ اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پچیس مرتبہ پڑھے

ایا

اور بعد فراغ آٹھوین رکعت سے ستر مرتبہ کہے سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ نماز. کو کتاب جمال الصالحین
سے نقل کی گئی ہے اور کتاب منہاج الصلاح میں آٹھ دن نماز رسول صلعم اور نماز حضرت
امیر المومنین علیہ السلام اور نماز حضرت فاطمہ پڑھنے کو لکھا ہے اور بہترین اعمال صبح
روز جمعہ نماز جعفر طیار ہے کہ اسمین نہایت اجر و ثواب ہے انشاء اللہ ترکیب نماز جناب
رسول صلعم اور نماز حضرت امیر اور نماز حضرت فاطمہ آئندہ تحریر ہوگی اور ترکیب نماز
جعفر طیار رسالہ تحفۃ الحاجۃ میں تحریر ہو چکی ہے اور مروی ہے کہ اگر بعد عصر روز جمعہ
کے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِیَاءِ الْمَرْضِیِّیْنَ
بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِکَ وَبَارِکْ عَلَیْھِمْ بِاَفْضَلِ بَرَکَاتِکَ وَ
السَّلَامُ عَلَیْھِمْ وَعَلٰی اَرْوَاحِھِمْ وَاَجْسَادِھِمْ وَرَحْمَۃُ
اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ خدا ثواب جن و انس کا اس روز اسکو عطا فرماوے دوسری
روایت میں ہے کہ جو اس صلوات کو بعد عصر پڑھے خدا لاکھ حسنہ اسکے لیے لکھے اور لاکھ گناہ
اسکے مٹا دے اور لاکھ حاجتیں اسکی بر لاوے اور لاکھ درجے واسطے اسکے بہشت میں
بلند کرے اور قیامت کے دن دونون آنکھون سے ایک نور چمکتا ہوگا اور یہ صلوات بہت
سندون سے وارد ہوئی ہے اور احادیث معتبرہ سے ہے کہ ساعت آخر روز جمعہ میں دعا
مستجاب ہے خصوصاً اُس وقت کہ نصف آفتاب غروب ہوا ہو روایت ہے کہ حضرت رسول صلعم
نے فرمایا کہ اس ساعت دعا مستجاب ہے کہے سُبْحَانَکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا
حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ
وَالْاِکْرَامِ اور حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ حضرت رسول صلعم نے فرمایا کہ جو
کوئی ایک مرتبہ شب جمعہ یا روز جمعہ نماز پڑھے اُس رات یا دن میں اسکا حصہ ثواب میں
بکثرت شہر کے ہو سوا اور دعا سمات کا پڑھنا ساعت آخر روز جمعہ مین مستحب ہے

دعائے سمات

مفاتیح النجات میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب یوشع علیہ السلام واسطے لڑائی
عمالقہ کے گئے حکم کیا کہ بنی اسرائیل بیت المقدس سے خالی پاؤں دوش پر اٹھائیں موافق عدد
عمالقہ کے اور حکم کیا کہ گوسفند کی ایک ایک شاخ سوراخ کی ہوئی اٹھائیں اور حکم کیا کہ اس دعا
کو وقت شب آہستہ ان شاخوں میں پڑھیں کہ شیاطین جن و انس یاد نہ کریں اور رات دن
حکم بجا لائے جب آخر شب ہوئی [illegible] جب [illegible] ہوئی [illegible]
کفار [illegible] اور [illegible] دعا [illegible] فتح و مشقتوں [illegible]
اور [illegible] علوم آل محمد [illegible] دعا [illegible] اور [illegible]
اور [illegible] اور [illegible] اگر [illegible] دعا
[illegible] ہوا [illegible] منقول ہے [illegible]
فوائد اس دعا کے اور [illegible] اجابت اور ثواب [illegible] سبب اس دعا کے [illegible]
[illegible] کہا ہے [illegible] سبب [illegible] دعا کے
[illegible] اور جو کوئی اس دعا کو پڑھے [illegible] کام میں [illegible] اور جو کوئی کسی چیز
[illegible] دعا [illegible] اور جو [illegible] کفعمی
[illegible] میں بھی یہ دعا لکھی ہے وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ الْاَعَزِّ الْاَجَلِّ
الْاَكْرَمِ الَّذِیْ اِذَا دُعِیْتَ بِهٖ عَلٰی مَغَالِقِ اَبْوَابِ السَّمَآءِ
لِلْفَتْحِ بِالرَّحْمَةِ انْفَتَحَتْ وَاِذَا دُعِیْتَ بِهٖ عَلٰی مَضَآئِقِ
اَبْوَابِ الْاَرْضِ لِلْفَرَجِ بِالرَّحْمَةِ انْفَرَجَتْ وَاِذَا دُعِیْتَ
بِهٖ عَلَی الْعُسْرِ لِلْیُسْرِ تَیَسَّرَتْ وَاِذَا دُعِیْتَ بِهٖ عَلَی الْاَمْوَاتِ
لِلنُّشُوْرِ انْتَشَرَتْ وَاِذَا دُعِیْتَ بِهٖ عَلٰی كَشْفِ الْبَاْسَآءِ

وَالضَّرَّاءُ انْكَشَفَتْ وَبِجَلَالِ وَجْهِكَ الْكَرِيمِ أَكْرَمِ الْوُجُوهِ وَ
أَعَزِّ الْوُجُوهِ الَّذِي عَنَتْ لَهُ الْوُجُوهُ وَخَضَعَتْ لَهُ الرِّقَابُ وَ
خَشَعَتْ لَهُ الْأَصْوَاتُ وَوَجِلَتْ لَهُ الْقُلُوبُ مِنْ مَخَافَتِكَ وَ
بِقُوَّتِكَ الَّتِي بِهَا تُمْسِكُ السَّمَاءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا
بِإِذْنِكَ وَتُمْسِكُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا وَبِمَشِيَّتِكَ
الَّتِي دَانَ لَهَا الْعَالَمُونَ وَبِكَلِمَتِكَ الَّتِي خَلَقْتَ بِهَا السَّمٰوَاتِ
وَالْأَرْضَ وَبِحِكْمَتِكَ الَّتِي صَنَعْتَ بِهَا الْعَجَائِبَ وَخَلَقْتَ
بِهَا الظُّلْمَةَ وَجَعَلْتَهَا لَيْلًا وَجَعَلْتَ اللَّيْلَ سَكَنًا وَخَلَقْتَ
بِهَا النُّورَ وَجَعَلْتَهُ نَهَارًا وَجَعَلْتَ النَّهَارَ نُشُورًا مُبْصِرًا
وَخَلَقْتَ بِهَا الشَّمْسَ وَجَعَلْتَ الشَّمْسَ ضِيَاءً وَخَلَقْتَ بِهَا
الْقَمَرَ وَجَعَلْتَ الْقَمَرَ نُورًا وَخَلَقْتَ بِهَا الْكَوَاكِبَ وَجَعَلْتَهَا
نُجُومًا وَبُرُوجًا وَمَصَابِيحَ وَزِينَةً وَرُجُومًا لِلشَّيَاطِينِ وَجَعَلْتَ لَهَا مَشَارِقَ
وَمَغَارِبَ وَجَعَلْتَ لَهَا مَطَالِعَ وَمَجَارِيَ وَجَعَلْتَ لَهَا فَلَكًا وَ
مَسَابِحَ وَقَدَّرْتَهَا فِي السَّمَاءِ مَنَازِلَ فَأَحْسَنْتَ تَقْدِيرَهَا
وَصَوَّرْتَهَا فَأَحْسَنْتَ تَصْوِيرَهَا وَأَحْصَيْتَهَا بِأَسْمَائِكَ إِحْصَاءً
وَدَبَّرْتَهَا بِحِكْمَتِكَ تَدْبِيرًا وَأَحْسَنْتَ تَدْبِيرَهَا وَسَخَّرْتَهَا
بِسُلْطَانِ اللَّيْلِ وَسُلْطَانِ النَّهَارِ عَرَّفْتَ بِهَا السَّاعَاتِ وَعَدَدَ السِّنِينَ
وَالْحِسَابَ وَجَعَلْتَ رُؤْيَتَهَا لِجَمِيعِ النَّاسِ مَرْأًى وَاحِدًا وَ
أَسْأَلُكَ اللَّهُمَّ بِمَجْدِكَ الَّذِي كَلَّمْتَ بِهِ عَبْدَكَ وَرَسُولَكَ
مُوسَى بْنَ عِمْرَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي الْمُقَدَّسِينَ فَوْقَ
إِحْسَاسِ الْكَرُوبِيِّينَ فَوْقَ غَمَائِمِ النُّورِ فَوْقَ تَابُوتِ

الشَّهادَةِ في عَمُودِ النّارِ وَفي طُورِ سَيْناءَ وَفي جَبَلِ حُورِيثَ
فِي الْوادِ الْمُقَدَّسِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبارَكَةِ مِنْ جانِبِ الطُّورِ
الْأَيْمَنِ مِنَ الشَّجَرَةِ الْمُبارَكَةِ وَفي أَرْضِ مِصْرَ بِتِسْعِ آياتٍ بَيِّناتٍ
وَيَوْمَ فَرَقْتَ لِبَني إِسْرائيلَ الْبَحْرَ وَفِي الْمُنْبَجِساتِ الَّتي صَنَعْتَ
بِهَا الْعَجائِبَ في بَحْرِ سُوفٍ وَعَقَدْتَ ماءَ الْبَحْرِ في قَلْبِ
الْغَمْرِ كَالْحِجارَةِ وَجاوَزْتَ بِبَني إِسْرائيلَ الْبَحْرَ وَتَمَّتْ
كَلِمَتُكَ الْحُسْنى عَلَيْهِمْ بِما صَبَرُوا وَأَوْرَثْتَهُمْ مَشارِقَ
الْأَرْضِ وَمَغارِبَهَا الَّتي بارَكْتَ فيها لِلْعالَمينَ وَأَغْرَقْتَ
فِرْعَوْنَ وَجُنُودَهُ وَمَراكِبَهُ فِي الْيَمِّ وَبِاسْمِكَ الْعَظيمِ
الْأَعْظَمِ الْأَعَزِّ الْأَجَلِّ الْأَكْرَمِ وَبِمَجْدِكَ الَّذي تَجَلَّيْتَ بِهِ
لِمُوسى كَليمِكَ عَلَيْهِ السَّلامُ في طُورِ سَيْناءَ وَلِإِبْراهيمَ
خَليلِكَ عَلَيْهِ السَّلامُ مِنْ قَبْلُ في مَسْجِدِ الْخَيْفِ وَلِإِسْحاقَ
صَفِيِّكَ عَلَيْهِ السَّلامُ في بِئْرِ شِيَعٍ وَلِيَعْقُوبَ نَبِيِّكَ
عَلَيْهِ السَّلامُ في بَيْتِ إيلَ وَأَوْفَيْتَ لِإِبْراهيمَ عَلَيْهِ السَّلامُ
بِميثاقِكَ وَلِإِسْحاقَ عَلَيْهِ السَّلامُ بِحَلْفِكَ وَلِيَعْقُوبَ عَلَيْهِ السَّلامُ
بِشَهادَتِكَ وَلِلْمُؤْمِنينَ بِوَعْدِكَ وَلِلدّاعينَ بِأَسْمائِكَ
فَأَجَبْتَ وَبِمَجْدِكَ الَّذي ظَهَرَ لِمُوسَى بْنِ عِمْرانَ عَلى قُبَّةِ
الرُّمّانِ وَبِآياتِكَ الَّتي وَقَعَتْ عَلى أَرْضِ مِصْرَ بِمَجْدِ الْعِزَّةِ
وَالْغَلَبَةِ بِآياتٍ عَزيزَةٍ وَبِسُلْطانِ الْقُوَّةِ وَبِعِزَّةِ الْقُدْرَةِ
وَبِشَأْنِ الْكَلِمَةِ التّامَّةِ وَبِكَلِماتِكَ الَّتي تَفَضَّلْتَ بِها عَلى
أَهْلِ السَّماواتِ وَالْأَرْضِ وَأَهْلِ الدُّنْيا وَالْآخِرَةِ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتي

مننت بها على جميع خلقك وبآياتك التي اقمت
بها العالمين وبنورك الذي قد خر من فزعه طور سيناء
وبعلمك وجلالك وكبريائك وعزتك
وجبروتك التي لم تستقلها الارض وانخفضت لها السموات
وانزجر لها العمق الاكبر وركدت لها البحار والانهار و
خضعت لها الجبال وسكنت لها الارض بمناكبها و
استسلمت لها الخلائق كلها وخفقت لها الرياح في
جريانها وخمدت لها النيران في اوطانها وبسلطانك
الذي عرفت لك به الغلبة دهر الدهور وحمدت
به في السموات والارضين وبكلمتك كلمة الصدق
التي سبقت لابينا آدم وذريته بالرحمة واسئلك اللهم
بكلمتك التي غلبت بها كل شيء وبنور وجهك الذي
تجليت به للجبل فجعلته دكا وخر موسى صعقا وبمجدك
الذي ظهر على طور سيناء فكلمت به عبدك ورسولك
موسى بن عمران وبطلعتك في ساعير وظهورك في جبل
فاران بربوات المقدسين وجنود الملائكة الصافين
وخشوع الملائكة المسبحين وببركاتك التي باركت فيها
على ابراهيم خليلك عليه السلام في امة محمد ص وباركت
لاسحاق صفيك في امة عيسى وباركت ليعقوب اسرائيلك
في امة موسى وباركت لحبيبك محمد ص في عترته وذريته
وامته صلواتك عليه وآله اللهم وكما غبنا عن ذلك

ولم نشهده وآمنّا به ولم نره صدقاً وعدلاً ان تصلّي على
محمّد وآل محمّد وان تبارك على محمّد وآل محمّد و
ان ترحم على محمّد وآل محمّد كافضل ما صلّيت و
باركت وترحّمت على ابراهيم وآل ابراهيم انّك
حميد مجيد فعّال لما تريد وانت على كلّ شيء قدير ۝ تشهد
ابد اسکے بعد حاجت کو طلب کرے اور ذکر کرے اسکے بعد یا الله یا حنّان یا منّان یا
بديع السموات والارض يا ذا الجلال والاكرام يا ارحم
الراحمين اللهمّ بحقّ هذا الدعاء وبحقّ هذه الاسماء التي
لا يعلم تفسيرها ولا يعلم باطنها غيرك صلّ على
محمّد وآل محمّد پھر حاجت اپنی کہے اور بہتر ہے کہ شروع ہونا چاہیے اسکا
امام سے اور کہے واغفر لي ذنوبي ما تقدّم منها وما تأخّر ووسّع
علىّ من حلال رزقك واكفني مؤنة انسان سوء وجار سوء
وسلطان سوء انّك على ما تشاء قدير وبكلّ شيء عليم
آمين ربّ العالمين وصلّى الله على محمّد وآله وسلّم ۝ اور
عدّة الداعي میں ہے کہ سنت ہے کہ بعد دعا کے ساتھ کہے یہ دعا پڑھے اللهمّ انّي
اسئلك بحقّ هذا الدعاء وبما فات منه من الاسماء وبما
يشتمل عليه من التفسير والتدبير الذي لا يحيط به الّا
انت ان تفعل بي كذا وكذا اپنی حاجتوں کو یہی ذکر کرے اور تتمّة الدعوات
میں ہے کہ مجمع البیان میں لکھا ہے کہ اس دعا کو سورۂ کہف اور ہود اور اعراف اور مؤمنون
اور صافّات اور انفال اور رحمن پڑھنا چاہیے اور سب نہ ہو سکیں تو جو ممکن ہو پڑھے
اور ربیع الاسابیع میں ہے کہ اسناد معتبر حضرت امام محمّد باقر علیہ السلام منقول ہے کہ زیارت

اور اپنے حضور میں [illegible] توجہ کو چاہتے ہیں کہ کون ان کی زیارت کو گیا ہے اور شاید
یہی [illegible] ایک روایت میں وارد ہوا ہے کہ [illegible] پیغمبر اور [illegible] ایک کی قبر کی زیارت سے
[illegible] زیارت کرے سمجھنا چاہئے اور [illegible] سپرد [illegible] اور انہیں ابدا [illegible]
[illegible] اسی روز زیارت حضرت صاحب الزمان علیہ السلام کی اس طرح پڑھنا چاہیے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللهِ فِيْ اَرْضِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَيْنَ اللهِ
فِيْ خَلْقِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ اللهِ الَّذِيْ يَهْتَدِيْ بِهِ الْمُهْتَدُوْنَ
وَيُفَرَّجُ بِهِ الْمُؤْمِنُوْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْمُهَذَّبُ
الْخَائِفُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْوَلِيُّ النَّاصِحُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا سَفِيْنَةَ النَّجَاةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَيْنَ الْحَيٰوةِ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ وَصَلَّى اللهُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اٰلِ بَيْتِكَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ عَجَّلَ اللهُ لَكَ مَا وَعَدَكَ مِنَ النَّصْرِ وَظُهُوْرِ
الْاَمْرِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ اَنَا مَوْلَاكَ عَارِفٌ بِاُوْلَاكَ
وَاُخْرَاكَ اَتَقَرَّبُ اِلَى اللهِ تَعَالٰى بِكَ وَبِاٰلِ بَيْتِكَ وَاَنْتَظِرُ
ظُهُوْرَكَ وَظُهُوْرَ الْحَقِّ عَلٰى يَدَيْكَ وَاَسْئَلُ اللهَ تَعَالٰى اَنْ يُّصَلِّيَ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ لَكَ
وَالتَّابِعِيْنَ وَالنَّاصِرِيْنَ لَكَ عَلٰى اَعْدَائِكَ وَالْمُسْتَشْهَدِيْنَ
بَيْنَ يَدَيْكَ فِيْ جُمْلَةِ اَوْلِيَائِكَ يَا مَوْلَايَ يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ
صَلَوٰتُ اللهِ عَلَيْكَ وَعَلٰى اٰلِ بَيْتِكَ هٰذَا يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَهُوَ
يَوْمُكَ الْمُتَوَقَّعُ فِيْهِ ظُهُوْرُكَ وَالْفَرَجُ فِيْهِ لِلْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى يَدَيْكَ
وَقَتْلُ الْكَافِرِيْنَ بِسَيْفِكَ وَاَنَا يَا مَوْلَايَ فِيْهِ ضَيْفُكَ وَجَارُكَ وَاَنْتَ
يَا مَوْلَايَ كَرِيْمٌ مِّنْ اَوْلَادِ الْكِرَامِ وَمَاْمُوْرٌ بِالضِّيَافَةِ وَالْاِجَارَةِ فَاَضِفْنِيْ

وَاٰجَرَنِیْ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْکَ وَعَلٰی اَهْلِ بَیْتِکَ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ

اور مستحب ہے کہ روز جمعہ میں زیارت حضرت پیغمبر اور اہل بیت آنحضرت صلعم پڑھے چاہے نہا کر غسل کرے اور کپڑے پاک و پاکیزہ پہنے اور جنگل میں جاوے اور دوسری روایت میں ہے کہ کوٹھے کی چھت پر جاوے اور چار رکعت نماز پڑھے دو دو رکعت کرکے پس رو بقبلہ کھڑا ہو کر کہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ الْمُرْسَلُ وَالْوَصِیُّ الْمُرْتَضٰی وَالسَّیِّدَةُ الزَّهْرَاءُ وَالسِّبْطَانِ الْمُنْتَجَبَانِ وَالْاَوْلَادُ الْاَعْلَامُ وَالْاُمَنَاءُ الْمُنْتَجَبُوْنَ جِئْتُ انْقِطَاعًا اِلَیْکُمْ وَاِلٰی اٰبَائِکُمْ وَوَلَدِکُمُ الْخَلَفِ عَلٰی بَرَکَةِ الْحَقِّ فَقَلْبِیْ لَکُمْ مُسَلِّمٌ وَنُصْرَتِیْ لَکُمْ مُعَدَّةٌ حَتّٰی یَحْکُمَ اللّٰہُ لِدِیْنِهٖ فَمَعَکُمْ مَعَکُمْ لَا مَعَ عَدُوِّکُمْ اِنِّیْ لَمِنَ الْقَائِلِیْنَ بِفَضْلِکُمْ مُقِرٌّ بِرَجْعَتِکُمْ لَا اُنْکِرُ لِلّٰہِ قُدْرَةً وَلَا اَزْعَمُ اِلَّا مَا شَاءَ اللّٰہُ سُبْحَانَ اللّٰہِ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ یُسَبِّحُ اللّٰہَ بِاَسْمَائِهٖ جَمِیْعُ خَلْقِهٖ وَالسَّلَامُ عَلٰی اَرْوَاحِکُمْ وَاَجْسَادِکُمْ وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُهٗ ۔ اور باقی اعمال ہفتہ انشاء اللہ آئندہ فصل میں پہونچیں گے

فصل (۶۹) اوقات نماز شب میں ۔

نماز شب کا وقت نصف شب سے طلوع صبح صادق تک ہے اور صاحب عذر اور مغلوب النوم قبل نصف شب کے بھی نماز شب پڑھ سکتا ہے لیکن افضل یہ ہے کہ صاحب عذر اور مغلوب النوم بعد نماز صبح کے نماز شب قضا پڑھیں

فصل (۷۰) ثواب پڑھنے نماز شب میں

واضح ہو کہ فضیلت نماز شب تحریر میں نہیں آ سکتی مگر کچھ ثواب و فضیلت بیچ مقام

نافلہ پنجگانہ کے بیان کیے گئے اور کچھ اس مقام میں بھی بیان کیے جاتے ہیں۔ جاننا چاہیے کہ
روایات کثیرہ اصحاب عصمت علیہم السلام سے فضیلت نماز شب میں وارد ہوئے ہیں چنانچہ
کتاب کافی میں بسند صحیح حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ ان حضرت نے فرمایا کہ شرف
اور بزرگی بندہ مومن کی نماز شب کے بجا لانے میں ہے اور عزت مومن کی بے نیازی میں
ہے خلق سے یعنی عزت مومن کی خلق کی طرف ہاتھ نہ پھیلانے میں نہیں ہے اور اسی کتاب میں
بسند حسن منقول ہے عبد اللہ ابن سنان سے کہ وہ بیان کرتے ہیں کہ سنا میں نے حضرت
ابو عبد اللہ علیہ السلام سے کہ وہ جناب فرماتے ہیں کہ تین چیزیں فخر مومن اور زینت اسکی
کی ہیں دنیا و آخرت میں ایک بجا لانا نماز شب کا آخر رات میں دوسرے مایوس ہونا اس چیز سے کہ جو
آدمیوں کے ہاتھ میں ہے یعنی لالچ و حسد سے بچے رہنا اور خلق سے ملتجی نہ ہونا اور تیسرے محبت
و ولایت امامت آل محمد صلعم سے اور کتاب تہذیب میں بسند صحیح منقول ہے کہ راوی نے
سنا حضرت امام جعفر صادقؑ سے کہ وہ حضرت فرماتے تھے بدرستیکہ ہر شب میں ایک ساعت
ہے کہ نہیں دعا کرتا اور نہیں نماز پڑھتا بندہ مسلم اس ساعت میں مگر یہ کہ حق تعالیٰ اسکی دعا
اور نماز کو قبول فرماتا ہے یعنے جو بندہ مسلم کہ نماز پڑھے اور دعا کرے اس ساعت میں
تو دعا اور نماز اسکی قبول ہے راوی نے عرض کیا کہ یا حضرت وہ کونسی ساعت ہے حضرت
نے فرمایا بعد نصف شب کے ایک ثلث شب باقی رہے تک اور رجال الصالحین میں مروی
ہے کہ نماز شب کفارہ دن کے گناہوں کا ہے اور صحت بدن اور موجب وسعت رزق کا ہے
اور شرف و عزت مومن کا ہے دنیا و آخرت میں اور نماز شب موجب رضاے خدا ہے آنکھ کو
جلا دیتی ہے منہ کو نورانی کرتی ہے اور مروی ہے کہ جو کوئی شب کے دس حصہ میں سے ایک
حصہ میں یعنی دسویں حصے شب میں عبادت کرے واسطے رضاے خدا اور امید ثواب کے
تو خداے تعالیٰ ملائکہ سے فرماتا ہے کہ اے ملائکہ حسنات لکھو واسطے بندہ مومن میرے کے
بعدد ہر دانہ ہاے درختان اور بعدد برگہاے درختان اور بعدد ہر گیاس کے اور جو

بعد ہر چیز کے جو تراشے جیسے اقوت ہو کوئی رات کے نو حصوں میں سے ایک حصہ میں یعنی
نویں حصہ میں عبادت کرے تو خدا تعالی روز قیامت میں نور اسکا مثل ماہ کے روشن کرے
اور ہزاروں آدمی اسکی روشنی سے راہ پاویں گے روز قیامت سے اور پل صراط سے گذر جاویں اور جو
کوئی رات کے حصوں میں سے دسویں حصہ میں یعنی آخر حصہ شب میں عبادت کرے
خدا تعالی گناہ اسکے گذشتہ اور آئندہ کے بخش دے اور بعدد ریگ بیابان کے حسنات اسکو عطا فرماوے
[illegible] اور حسنات اسکو [illegible] اور جو کوئی رات کے [illegible]
حصوں میں سے ایک حصہ میں یعنی پانچویں حصہ میں عبادت کرے تو خدا تعالی اسکو برابر
حضرت ابراہیم کے درجہ [illegible] میں رکھے اور جو کوئی رات کے چار حصوں میں سے ایک حصہ
میں یعنی چوتھے حصہ میں عبادت کرے مثل بجلی کے پل صراط سے گذر جاوے اور بے حساب
داخل بہشت ہو اور جو کوئی رات کے تین حصوں میں سے ایک حصہ یعنی ایک تہائی شب میں
عبادت کرے خدا تعالی کے نزدیک ایسی منزلت ہو کہ [illegible] فرشتے اسکی [illegible]
دیکھا کریں اور جس [illegible] چاہے بہشت میں داخل ہو اور اگر نصف شب
عبادت کرے خدا تعالی ثواب زیادہ [illegible] اولاد اسمعیل سے آزاد کرنے کا عطا
فرماوے اور جو کوئی تمام شب عبادت کرے خدا تعالی اسقدر ثواب اسکو عطا فرماوے
کہ کمترین انکا یہ ہے کہ گناہوں سے پاک ہو مثل اسکے کہ جیسے شکم مادر سے پیدا ہوا
اور بعدد ہر چیز کے کہ خدا تعالی نے پیدا کی ہے حسنات واسطے اسکے عطا فرماوے اور
درجہ بلند کرے اور گناہ اور حسد اسکے دل سے علیحدہ کرے اور قبر اسکی نورانی کرے
اور عذاب قبر سے امین کرے اور آتش دوزخ سے خلاص کرے اور خدا تعالی ملائکہ سے
فرماوے کہ اے ملائکہ اس میرے بندہ مومن کو دیکھو کہ اسنے تمام شب واسطے رضا میرے کے
عبادت کی اسکو جنت فردوس میں ایسی جگہ دو کہ اسکو خوش آوے اور ہوا سکے
راست اور زیادتی ثواب کے اسکو مجھ سے ایک قربت ہو کہ واسطے اسکے میں نے [illegible]

اور مروی ہے کہ جس گھر میں نماز شب پڑھی جاتی ہے وہ گھر ملائکہ آسمان کو روشن معلوم ہوتا ہے جس طرح کہ ستارے روشن اہل زمین کو معلوم ہوتے ہیں اور مروی ہے کہ جو کوئی شب میں اٹھکر وضو کرکے نماز بہ نیت صادق و تعظیم گریاں ادا کرے تو شریک ہوتا ہے صفوں میں ملائکہ کی اسکے پیچھے نماز پڑھتی ہیں کہ شمار ان فرشتوں کا سوا ہے خدا کے اور کوئی نہیں جانتا اور بعد فراغ نماز کے خدا سے تعالیٰ بعدد ان ملائکہ کے درجے اسکے بلند فرماتا ہے اور مروی ہے کہ جو کوئی بعد نماز عشاء آخر شب میں پڑھے اور کئی روز پے در پے پابندی کرے بیماری کا سبب کرے تو گیارہ رکعت نافلہ ادا کرے خدا سے تعالیٰ اسی نماز ادا کی واسطے اسکے بہشت میں جنت فرماوے اور اگر چار رکعت پڑھے تو خدا سے تعالیٰ ایک درجہ بہشت کا اسکو عطا فرماوے گا اور مروی ہے کہ اگر نماز شب قضا ہو جاوے تو لازم ہے کہ قضا پڑھے کیونکہ خدا سے تعالیٰ بہت خوش ہوتا ہے اور ملائکہ سے فخر کرتا ہے کہ اے ملائکہ دیکھو میرے بندہ کو کہ جو عبادت میں نے اسپر فرض نہیں کی ہے اسکو قضا بجا لاتا ہے گواہ رہو تم کہ تمام گناہ اسکے بخشے میں نے

فصل (۱۷) ترکیب پڑھنے نماز شب میں

نماز شب آٹھ رکعتیں ہیں دو دو رکعتوں پر سلام پس جو مومن کہ نماز شب کو شروع کرے تو چاہیے کہ پہلے اس دعا کو پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاُقَدِّمُهُمْ بَیْنَ یَدَیْ حَوَائِجِیْ فَاجْعَلْنِیْ بِهِمْ وَجِیْهًا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ بِهِمْ وَلَا تُعَذِّبْنِیْ بِهِمْ وَاهْدِنِیْ بِهِمْ وَلَا تُضِلَّنِیْ بِهِمْ وَارْزُقْنِیْ بِهِمْ وَلَا تَحْرِمْنِیْ بِهِمْ وَاقْضِ لِیْ حَوَائِجَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّبِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝ بعد اس دعا کے نماز شب کو شروع کرے اس طرح پر کہ پہلے تین مرتبہ اللہ اکبر کہے اور اس دعا کو پڑھے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ

الحق المبین لا الہ الا انت سبحانک وبحمدک انی عملت
سوءا وظلمت نفسی فاغفر لی ذنوبی فانہ لا یغفر الذنوب
الا انت اور بعد اسکے دو مرتبہ اللہ اکبر کہے اور یہ دعا پڑھے لبیک و
سعدیک والخیر فی یدیک والشر لیس الیک والمہدی
من ہدیت عبدک وابن عبدیک ذلیل بین یدیک
منک وبک ولک والیک لا ملجا ولا منجا ولا مفر
منک الا الیک سبحانک وحنانیک تبارکت وتعالیت
سبحانک ربنا ورب البیت بعد اسکے ایک مرتبہ اللہ اکبر کہکر نیت
کرے کہ نماز شب پڑھتا ہوں میں سنت قربۃ الی اللہ اور اس دعا کو پڑھے
وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض عالم الغیب
والشہادۃ علی ملۃ ابراہیم ودین محمد ومنہاج علی حنیفا
مسلما وما انا من المشرکین ان صلوتی ونسکی ومحیای
ومماتی للہ رب العالمین لا شریک لہ وبذلک
امرت وانا من المسلمین بعد اسکے سورہ حمد اور دوسرا سورہ جسکو
جی چاہے پڑھے لیکن مستحب ہے کہ رکعت اول میں بعد سورہ حمد کے تیس مرتبہ قل ہو اللہ
احد پڑھے پس رکوع میں جاوے اور یہ دعا پڑھے اللہم لک رکعت ولک
اسلمت وبک امنت وعلیک توکلت وانت ربی خشع لک
کی ہلکی ہو اور جو کوئی ایک آیہ قرآن کا اس ماہ میں پڑھے ثواب اس شخص کا رکھتا ہے
جسنے اور مہینوں میں ختم قرآن کیا ہو ایہا الناس بدرستیکہ اس ماہ میں دروازے
بہشت کے کھلے ہیں پس سوال کرو پروردگار سے کہ تمہارے منہ پر نہ بند کرے اور
دروازے جہنم کے اس ماہ میں بند ہیں پس خدا سے سوال کرو کہ تمہارے منہ پر
نہ کھولے اور شیاطین کو اس ماہ میں قید کرتے ہیں پس سوال کرو خدا سے کہ ہرگز

تم پر مسلط نہ کرے اور حضرت امیر سے منقول ہے کہ فرمایا کہ جو کوئی رمضان میں روزہ رکھے اور اپنے آپ کو کئی چیزوں سے کہ خدا نے حرام کی ہیں باز رکھے بہشت البتہ اسکے واسطے واجب ہوا اور جو کوئی اس ماہ میں روزہ رکھیگا اور کسی شب کو حرام سے افطار نہ کرے البتہ داخل بہشت ہووے حضرت امیر نے فرمایا کہ سنا میں نے سید انبیا سے فرمایا کہ بہترین اوصیا اے پیغمبران بہترین ماہ میں شہید ہوگا کہا میں نے بہترین ماہ کون مہینا ہے اور بہترین اوصیا کون ہے فرمایا کہ بہترین مہینوں میں رمضان ہے اور بہترین اوصیا تو ہے یا علی کہا میں نے یا حضرت البتہ یہ امر واقع ہوگا فرمایا ہاں قسم ہے مجکو اپنے پروردگار کی بلاشبہ کہ برانگیختہ ہوتا ہے بدبخت ترین میری امت کا اور پے کرنے والا ناقہ صالح کا اور ایک ضربت شمشیر تیرے سر پر مارے گا کہ ڈاڑھی تیری تیرے سر کے خون سے خضاب ہوگی پس لوگ رونے اور چلانے لگے اور حضرت منبر سے اتر آئے

فصل ۸۶۔ ثواب روزہ ہائے رمضان

ابن عباس رض نے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ اگر جانو تم جو کچھ کہ تمہارے واسطے ماہ رمضان میں ہے تو البتہ زیادہ کرو تم شکر خدائے تعالیٰ کا اول جب کہ شب اول ماہ رمضان کی ہوتی ہے تو خداوند عالم تمام گناہ میری امت کے بخشتا ہے اور ہزار ہزار درجے انکے بلند کرتا ہے اور پچاس شہر تیار کرتا ہے دوسرے روزے میں ہر قدم کے عوض عبادت ایک برس کی لکھتا ہے اور ثواب ایک پیغمبر کا اور ایک برس کے روزوں کا عطا کرتا ہے تیسرے روزہ کے عوض میں بدن کے بالوں کے شمار فردوس میں مروارید سفید کے قبہ بناتا ہے کہ بیس ہزار گھر انکے ہوتے ہیں اور نیچے بھی اسکے بارہ ہزار گھر ہوتے ہیں اور ہزار تخت ہوتے ہیں اور ہر روز داخل ہوتے ہیں انمیں ہزار فرشتے ہدیہ لیکر چوتھے روزہ کے عوض میں عطا کرتا ہے جنت خلد میں ستر ہزار محل ہر محل میں ستر ہزار گھر ہیں اور ہر گھر میں پچاس ہزار تخت ہیں اور ہر تخت پر ایک

ایسا حور ہے کہ ہر حور کی خدمت میں ایک ہزار لونڈیاں ہیں کہ جن لونڈیوں کی خوبصورتی آنکھوں میں بہتر
دنیا سے اور جو کچھ کہ دنیا میں ہے اور پانچویں روزہ کے عوض میں بخشتا ہے خدا جنت الماوا
میں ہزار ہزار شہر کہ ہر شہر میں ستر ہزار گھر ہیں اور ہر گھر میں ستر ہزار دستر خوان ہیں
اور ہر دستر خوان پر ستر ہزار خوان ہیں اور ہر خوان میں ستر ہزار طرح کا کھانا ہے کہ ایک کھانا
دوسرے کھانے سے مشابہ نہیں ہے چھٹے روزہ کے عوض میں بخشتا ہے خدا جنت دار السلام
میں لاکھ شہر کہ ہر شہر میں لاکھ محل اور ہر محل میں لاکھ گھر ہیں اور ہر گھر میں لاکھ تخت ہیں
طول اسکے کہ طول جسکا ہزار ہاتھ کا ہے اور ہر تخت پر ایک حور ہے کہ جسکی تیس ہزار چوٹیاں
ہیں گندھی ہوئی موتیوں اور یاقوتوں سے ساتویں روزہ کے عوض میں عطا
کرتا ہے خدا جنت نعیم میں ثواب ساٹھ ہزار حجوں کا اور ساٹھ ہزار زیارتوں کا
آٹھویں روزہ کے عوض میں عطا کرتا ہے خدا جنت النعیم میں ثواب چالیس ہزار شہیدوں
کا اور چالیس ہزار صدیقوں کا نویں روزہ کے عوض میں عطا کرتا ہے وہ چیز کہ جو
عطا کرتا ہے ہزار عالموں کو اور ہزار آدمی اعتکاف کرنے والوں کو دسویں روزہ کے
عوض میں بر لاتا ہے ستر ہزار حاجتیں اور مغفرت چاہتے ہیں روزہ دار کے واسطے چاند
اور سورج اور ستارے اور پرندے اور درندے اور ہر پتھر اور ڈھیلا اور ہر تر و خشک
اور مچھلیاں دریا کی اور پتے درختوں کے گیارھویں روزہ کے عوض میں لکھتا ہے خدا اسکے لئے
ثواب چار حج اور چار عمرے کا کہ ہر حج ہمراہ پیغمبروں کے کیا ہو اور ہر عمرہ ہمراہ
صدیقوں کے اور شہیدوں کے کیا ہو بارھویں روزہ کے عوض میں بدلتا ہے خدا برائیوں
کو نیکیوں سے اور نیکیوں کو دو چند اور سہ چند اور دہ چند کرتا ہے اور ہر نیکی کے
عوض میں ہزار نیکیاں لکھتا ہے تیرھویں روزہ کے عوض میں مکہ اور مدینہ کے باشندوں
کی عبادت کا ثواب لکھتا ہے اور عطا کرتا ہے بشمار ہر سنگ و کلوخ سے کہ جو درمیان مکہ و
مدینہ کے ہے شفاعت اسکی چودھویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ گویا ملاقات کی آدم و ابراہیم

اور نوحؑ اور موسیٰؑ اور داؤدؑ اور سلیمانؑ سے اور گویا کہ عبادت کی ہمراہ ہر پیغمبر کے سو برس تک سولہویں روزہ کے عوض میں برلاتا ہے خدا حاجتیں دنیا اور آخرت کی اور عطا کرتا ہے وہ چیز کہ جو عطا کرتا ہے ایوبؑ کو اور مغفرت چاہتے ہیں واسطے اسکے حاملان عرش اور بخشتا ہے خدا قیامت میں اسکو چالیس نور کہ دس نور جانب داہنے ہوں اور دس نور جانب چپ اور دس نور آگے اور دس نور پیچھے سترہویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ جس وقت قبروں سے نکلیں گے روزہ رکھنے والے تو خدا انکو سا انکے حلہ پہنائیگا اور براق اونپر سوار کریگا اور ایک بادل کو بھیجیگا کہ وہ سایہ کریگا اوس روز کی حرارت سے اٹھارہویں روزہ کے عوض میں خدا ے تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے بخشا تیرے ماں باپ و والدہ کو بھی اور بخشا ان روز قیامت کی وہ کرتا ہے اونیسویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ خدا ے تعالیٰ حکم کرتا ہے جبرئیلؑ اور میکائیلؑ اور اسرافیلؑ کو اور سوا انکے اور فرشتوں کو کہ تم بخشش چاہو اوس روزہ دار کے واسطے سال آئندہ تک اور عطا کرتا ہے واسطے اسکے ثواب شہدا ے بدر کا بیسویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ نہیں باقی رہتا ہے کوئی فرشتہ مگر یہ کہ اذن طلب کرتا ہے واسطے زیارت قبور روزہ داروں کے اور ہر فرشتہ کے پاس ایک تحفہ ہوتا ہے اور شراب طہور ہوتی ہے اکیسویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ خدا ے تعالیٰ ستر ہزار فرشتے بھیجتا ہے کہ وہ محافظت کریں شیطان رجیم سے اور روزہ کے عوض میں ثواب سو برس کے روزوں کا عطا کرتا ہے اور درمیان روزہ دار اور دوزخ کے ایک خندق بنا دیتا ہے اور بخشتا ہے ثواب توریت اور انجیل اور زبور اور فرقان کے قاریوں کا اور بشمار ہر بال سے جبرئیلؑ کے ثواب عبادت کا عطا کرتا ہے اور بخشتا ہے ثواب عرش و کرسی کی تسبیح کا اور زوجہ کرتا ہے بشمار آیات قرآن کے حوروں کو بائیسویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ کشادہ کرتا ہے خدا قبر کو اسکی ہزار فرسخ تک اور دور کرتا ہے تاریکی کو اور وحشت قبر کو اور شہدا کی قبروں کے مانند اسکی قبر کو کرتا ہے اور چہرہ کو اسکے مثل چہرہ یوسفؑ کے کرتا ہے تیئیسویں روزہ

کا ثواب یہ ہی کہ ملک الموت کو خدائے تعالیٰ وقت مرنے کے اُس روزہ دار پر اسطرح بہیجتا ہی کہ
جیسے انبیاء پر بہیجتا ہی اور دفع کرتا ہی منکر و نکیر کے ہول کو اور دور کرتا ہی اُس سے غم دنیا
اور آخرت کو تئیسویں روزہ کا ثواب یہ ہی کہ پار اُتارتا ہی خدا صراط پر سے ہمراہ پیغمبروں
اور صدیقوں اور شہیدوں اور صالحوں کے اور گویا کہ کھلایا اُسنے یتیموں کو میری امت
کے اور پہنایا میری امت کے برہنہ آدمیوں کو چوبیسویں روزہ کا ثواب یہ ہی کہ جسوقت
دنیا سے نکلتا ہی تو اپنے مکان کو بہشت میں دیکھتا ہی اور بخشتا ہی اُسکو خدائے تعالیٰ
ثواب ہزار مریض اور ہزار غریب کا جو کہ نکلے ہیں راہ خدا میں اور عطا کرتا ہی ثواب آزاد
کرنے ہزار غلام کا اولاد اسمٰعیل سے پچیسویں روزہ کا ثواب یہ ہی کہ بناتا ہی خدا عرش کے
نیچے ہزار قبے سبز اور ہر قبہ پر خیمہ ہی نور کا اور فرماتا ہی خدا کہ اے امت محمد صلعم میں خدا تمہارا
ہوں اور تم غلام میرے اور لونڈیاں میری ہو بیچ سایہ عرش کے سایہ میں ان قبوں میں رہو
اور کھاؤ اور پیو کہ کچھ خوف تم پر نہیں ہی اور نہ تم غمگین ہوگے اے امت محمد صلعم قسم ہی مجہکو اپنے
عزت و جلال کی کہ بہیجونگا میں تمکو طرف اُس جنت کے کہ تعجب کرینگے لوگ پہلے اور
پچھلے اور ہر ایک کو ہزار تاج نور کے پہناؤنگا اور نور کے ناقہ پر سوار کرونگا لگام اُسکی
نور سے ہوگی اور ہونگے اُسکے ہزار حلقے طلا کے کہ ہر حلقہ میں ایک فرشتہ کھڑا ہوگا اور
ہاتھ میں ہر ایک کے ایک گرز ہوگا نور کا یہانتک کہ داخل ہوں بہشت میں بدون حساب کے
چھبیسویں روزہ میں نظر رحمت کرتا ہی خدا اور بخشتا ہی گناہوں کو اور ستر گناہ کبیرہ
بخشتا ہی ستائیسویں روزہ کا ثواب یہ ہی کہ پس گویا مدد کی ہر مومن اور مومنہ کی اور
پہنایا ستر ہزار برہنہ کو اور تلاوت قرآن کی ہزار بار مرابطین کی کہ جس جگہ سرحد کفار پر
گھوڑے باندہتے ہیں واسطے حفاظت کے اٹھائیسویں روزہ کا ثواب یہ ہی کہ بناتا ہی خدا
جنت خلد میں لاکھ شہر نور کے اور جنت الماویٰ میں لاکھ محل چاندی کے اور جنت فردوس
میں لاکھ شہر سونے کے کہ ہر شہر میں ہزار حجرہ ہیں اور عطا کرتا ہی لاکھ منبر مشک کے

اور ہر منبر کے شکم میں ہزار گھر ہیں زعفران کے اور ہر گھر میں ہزار تخت ہیں موتی اور یاقوت کے اور ہر تخت پر ایک زوجہ ہے کہ وہ حور ہے اور انتیسویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ عطا کرتا ہے خدا ہزار محل اور ہر محل میں ایک قبہ سفید ہے اور ہر قبہ میں ایک تخت ہے کافور کا کہ نہایت سفید ہے اور اس تخت پر ہزار فرش ہیں سندس اور استبرق کے اور ہر فرش پر ایک حور ہے ستر ہزار حلے پہنے ہوئے اور اسکے ہزار چوٹیاں ہیں موتی کی اور یاقوتوں کی تیسویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ بعوض ہر روزہ کے کہ گذر گئے ہیں ثواب ہزار شہیدوں کا اور ہزار صدیقوں کا اور ہزار صابروں کا عطا کرتا ہے اور لکھتا ہے واسطے اسکے کہ ثواب دو برس کی ریاضت سے اگلی ہو اور درجہ بلند کرتا ہے اور بیزاری آتش جہنم سے اور گذرنا صراط سے اور امان عذاب سے عطا کرتا ہے اور جنت کا ایک دروازہ ہے کہ نام اسکا ریان ہے کہ وہ قیامت تک نہیں کھولا جاتا ہے مگر واسطے روزہ داروں کے امت محمد صلعم میں سے اور ندا کرتا ہے رضوان داروغہ بہشت کا کہ اے امت محمد صلعم آؤ تم طرف ریان کے فرمایا حضرت نے کہ نہیں داخل ہوگی امت میری اس دروازہ سے بہشت میں

فصل ۱۴ ماہ رمضان المبارک کے چاند کی حقیقت اور کیفیت میں

واضح ہو کہ چاند ماہ رمضان کا کئی چیز دن سے ثابت ہوتا ہے پہلے یہ کہ خود دیکھیں ہلال کو دوسرے یہ کہ دو مرد عادل گواہی دیں تیسرے یہ کہ شیاع ہو رویت ماہ موافق قول رجل کے یا قول معتبر اس میں عورت و مرد کبیر و صغیر کافر و مسلمان ہوں سب برابر ہیں اور ثابت ہوتا ہے ہلال گذر جانے سے پورے تیس دن ماہ شعبان کے اور یوم الشک یعنی تیسویں شعبان کو اگر اول تاریخ ماہ رمضان کی ثابت ہو تو روزہ اس روز واجب نہیں کہ وہ دن جب تک چاند ثابت نہ ہو ماہ شعبان میں محسوب ہے اور روزہ اس دن کا سنت ہے پس اگر یوم الشک یعنی تیسویں شعبان کو کوئی شخص نیت روزہ کی اس طرح پر کرے کہ اگر یہ مہینا رمضان کا ہے تو نیت ماہ رمضان کی کرتا ہوں اور اگر یہ مہینا شعبان کا ہے تو نیت روزہ شعبان کی کرتا ہوں تو ایسا روزہ باطل ہے

اور اگر نیت روزہ سنت آخر ماہ شعبان کی کرے اور بعد کو معلوم ہو کہ آج پہلی تاریخ ماہ رمضان کی تھی یا ہے تو وہ روزہ رمضان میں محسوب ہوگا اور پھر قضا کی حاجت نہیں اور اگر کسی شخص نے اس خیال سے کہ سنت ہے اس روز روزہ نہ رکھا اور قبل زوال کے چاند ثابت ہو جاوے اور استعمال کسی مفطر کا نہ کیا ہو تو نیت روزہ کی کر لے اور کافی ہوگا علی الاشہر اور اگر بعد زوال کے ثابت ہو تو امساک واجب ہے شام تک اور پھر اس پر قضا اسکی لازم ہے اور بہتر یہ ہے کہ اس امساک میں بھی قصد قربت کرے اور اسی طرح سے جس وقت کہ قبل ظہور حال کے استعمال مفطر کیا ہے تو بھی امساک کرے اور بعد ماہ رمضان کے اسکی قضا کرے اور اگر تیسویں ماہ شعبان کی روزہ قضا یا نذر کا رکھے تو اگر قبل زوال کے چاند ثابت ہو تو نیت روزہ رمضان کی کر لے اور تمام کرے اور بعد ماہ رمضان اس روز کی قضا یا نذر کو ادا کرے اور اگر بعد زوال کے ثابت ہو تو یہ مشکل ہے اور بنا بر احوط کے یہ ہے کہ بہ نیت قربت روزہ تمام کرے اور بعد ماہ رمضان کے ایک روزہ بقصد ما فی الذمہ رکھے اور اسی طرح سے اگر صورت مذکورہ میں بعد غروب کے چاند ثابت ہو تو ایک روزہ پھر بعد ماہ رمضان رکھے بقصد ما فی الذمہ بنا بر احوط کے اور جس دن ارادہ روزہ کا ہو تو نیت شب کو کرنا سنت ہے اور اگر شب کو سہو کرے تو زوال تک نیت کر سکتا ہے بنا بر مشہور کے بشرطیکہ بعد یاد آنے کے تاخیر نہ کی ہو والا روزہ باطل ہوگا اور روزہ غیر معینہ مثلاً نذر مطلق یا قضاے ماہ رمضان کی نیت اول شب سے تا زوال آفتاب ہے اور نذر معین کی نیت کا وقت اول شب سے صبح صادق تک ہے حالت اختیار میں اور حالت سہو میں اگر قبل از زوال یاد آجاے تو فوراً نیت کر لے نہیں تو قضا لازم ہوگی اور روزہ مستحبی میں قبل زوال نیت کرنا قباحت نہیں رکھتا بلکہ بعضے علماء نے فرمایا ہے کہ غروب آفتاب تک نیت اسکی کر سکتا ہے والاول اولی اور اگر نیت صوم شب کو سہو کرے ماہ رمضان میں یا روزہ نذر معین میں یا روزہ قضاے ماہ رمضان میں

بشرطیکہ زمانہ قضا مضیق ہو تو احوط یہ ہے کہ قبل زوال کے نیت کرکے روزہ اسدن رکھے اور بعد ازاں اس روزہ کی قضا کرے احتیاطاً اور اگر زمانہ قضا وسیع ہو یا نذر معین نہو تو اس دن روزہ نہ رکھے بعد اسکے صوم کو بجا لاوے اور اسی طرح سے مسافر جب اپنے وطن کو پہونچے قبل زوال کے اور استعمال مفطر نہ کیا ہو تو نیت کرکے روزہ رکھنا واجب ہے بلا خلاف اور حاجت قضا سے روزہ مذکور کی نہوگی علی المشہور اور ایسا ہی حکم ہے جبکہ اسکا عذر قبل زوال کے جاتا رہے اور کچھ مفطر عمل میں نہ لایا ہو تو بہ نیت قربت روزہ رکھے اور قصد وجوب نہ کرے اور بعد اسکے احتیاطاً اس روزہ کی قضا کرے اور چاہیے کہ بعد رفع عذر کے نیت فوراً کرلے اور اگر کسی شخص نے نیت شب کو عمداً ترک کی ہو ماہ رمضان یا قضاے مضیق یا نذر معین میں اور بعد اسکے صبح کو نادم و پشیمان ہوکر قبل زوال کے نیت کرلے تو ایک جماعت نے فرمایا ہے کہ روزہ اسکا صحیح ہے اور یہ مشکل ہے اور احوط بلکہ الزم یہ ہے کہ اس روزہ کو تمام کرے اور بعد اسکے قضا کرے اور کفارہ بھی دیوے اور اگر کوئی شخص شب اول ماہ رمضان میں نیت اس طرح سے کرے کہ روزہ رکھتا ہوں سارے ماہ رمضان کا قربۃً الی اللہ تو یہ نیت صحیح ہے مگر افضل یہ ہے کہ ہر شب ماہ رمضان میں بھی روزہ کی نیت کرے

فصل ۱۷ ۔ روزہ میں جن چیزوں سے اجتناب واجب و لازم ہے اور انکے عمل میں لانے سے قضا اور کفارہ لازم ہوتا ہے

پہلے اس چیز کا نگلنا ہے کہ عادت میں جسکو طعام و شراب کہتے ہوں اور نگلنا اس چیز کا کہ عادت میں نہ پیتے ہوں مثل عرق گیاہ کے یا پانی کو ناک کی راہ سے حلق تک پہونچانا یہ سب بنا بر مذہب مشہور اور احوط کے منافی صوم ہیں اور باعث قضا اور کفارہ کے ہوتے ہیں اور یہ مذہب خالی قوت سے نہیں ہے دوسرے کھانا اس چیز کا کہ جسے عادت میں کھاتے ہوں یا نہ کھاتے ہوں مثل سنگریزہ اور برگ درخت کے کہ

بموجب مذہب مشہور کے منافی صوم ہین اور موجب قضا اور کفارہ کے ہوتے ہین اور خالی
قوت سے نہین تیسرے غبار غلیظ کا حلق مین پہونچانا ہی مثل آٹے کے اور خاک کے اور
دھوئین غلیظ کا زیر حلق داخل کرنا مثل دود تمباکو وغیرہ کہ اسمین بھی قضا اور کفارہ احوط
ہی اور اسی طرح بلغم کے بھی اجتناب مین احتیاط ہی اگر بلغم غلیظ سینہ یا دماغ سے
منھ مین آوے اور اسکو کوئی عمداً نگل جاوے تو احوط قضا و کفارہ اسکے ذمہ ہوگا اور
اگر بلغم دماغ سے حلق مین آیا ہو بغیر اسکے کہ دہن تک پہونچا ہو تو کچھ قباحت نہین اور آب دہن
سے کچھ احتراز ضرور نہین کہ بطور عادت کے حلق مین جاتا ہی اور اسی طرح سے بعد
مضمضہ کے آب دہن کے اخراج مین مبالغہ درکار نہین بلکہ اتنا کافی ہی کہ بعد مضمضہ کے
آب دہن کو دو تین مرتبہ تھوک دے کہ اثر پانی کا باقی نرہے چوتھے جماع ہی عورت
کے ساتھ قبل مین یا مرد کے ساتھ دبر مین اگرچہ انزال نہو کہ وہ بھی موجب قضا و کفارہ ہی
اور اسی طرح سے وطی فی الدبر عورت کے ساتھ موجب قضا و کفارہ ہی علی الاحوط
پانچوین استمناء ہی یعنی بدون جماع کے منی کا نکالنا خواہ خیال کرنے سے خواہ مساس
یا بوسہ سے عمداً کہ اسمین بھی قضا اور کفارہ ہوتا ہی چھٹے ارتماس ہی یعنی پانی مین غوطہ لگانا
یا تمام سر کو ڈبو دینا اگرچہ پانی سے بدن باہر ہو کہ بعضے علماء اسکو حرام اور مفسد صوم
جانتے ہین اور بعضے فقط حرمت کے قائل ہین اور بعضے کراہت کے اور قول اول احوط ہی
اور اگر نصف سر کو پانی سے ڈبو دے اور پھر اسکو نکال کے دوسرے نصف سر کو
ڈبو دے تو اس صورت مین بعض علماء نے فرمایا ہی کہ روزہ مین کچھ خلل نہین لیکن احتیاط
یہ ہی کہ اجتناب کرے اور اگر غسل ارتماسی کرے تو جیسا روزہ مین خلل ہوتا ہی اسی طرح
غسل بھی باطل ہو جاتا ہی اور دوبارہ غسل کرنا ضرور ہی ساتوین جنابت
پر باقی رہتا ہی شب سے طلوع صبح تک کہ اسمین بھی قضا اور کفارہ ہوتا ہی پس قبل
طلوع صبح کے غسل کرنا لازم ہی اور اگر کوئی عذر شرعی مانع ہو تو تیمم کرکے صبح تک

بیدار رہے اور اسکو سالم رکھے یعنی کوئی حدث صادر ہونے نہ پاوے تو روزہ اسکا صحیح
ہے لیکن اگر خواب غالب ہوا اور بے اختیار سو جاوے تو ظاہرا قباحت نہیں لیکن قضا
احوط ہے اور اگر کسی کے ذمہ غسل مس میت ہوا اور تیمم نہ کرے یہانتک کہ صبح ہو جاوے
تو روزہ اسکا صحیح ہے اسلیے کہ مس میت مبطل صوم نہیں اور اگر کوئی عورت حیض یا
نفاس سے قبل صبح پاک ہو تو غسل کرنا اسپر واجب ہے اور اگر غسل کرنا اسکو
ضرر کرے یا متعذر ہو تو بدلے غسل کے تیمم کرے کہ صبح تک جاگتی رہے اور اگر عمدًا
غسل نکرے تو روزہ اسکا باطل ہے علی الظاہر اور قضا لازم ہے اور کفارہ بھی
بنا بر احوط کے ہے اور اسی طرح سے مستحاضہ اگر عمدًا قبل صبح کے غسل نکرے تو اسکا
بھی روزہ باطل ہے خواہ استحاضہ متوسطہ ہو یا کثیرہ پس قضا لازم ہے اور کفارہ میں خلاف
ہے اور بعضے علما کفارہ بھی لازم جانتے ہیں اور یہ احوط ہے بلکہ احوط یہ ہے کہ مستحاضہ اگر کسی غسل
میں یعنی نماز صبح اور ظہر اور عصر کے غسلوں میں سے قصور کرے اور ترک غسل کرے تو روزہ
اسکا صحیح نہیں ہے پس بعد رمضان کے قضا روزہ کی اسکے ذمہ واجب و لازم ہو جاویگی
بلکہ احتیاطًا کفارہ بھی دے اور جو صبح تک جنابت پر رہنے میں کئی شکلیں ہیں ایک پہلی
یہ کہ غسل میں کوئی عذر نہو اور وسعت وقت پر اعتماد کرکے بقصد اسکے کہ پھر
جاگ کے غسل کرونگا سو رہے اور جاگنے کی امید ہو اور صبح تک سو جاوے تو
اسپر کچھ لازم نہیں ہے لیکن اگر بے قصد غسل کے سو رہے اور صبح ہو جاوے تو قضا
لازم ہے اور کفارہ بھی احوط ہے دوسری یہ کہ اگر بقصد غسل کے جاگے اور پھر اسی قصد
سے سو رہے اور صبح ہو جاوے تو اس صورت میں بھی قضا لازم ہے اور کفارہ احوط ہے تیسری
یہ کہ اگر دو دفعہ جاگ کے اس صورت میں تیسری مرتبہ پھر سو رہے یہانتک کہ
صبح ہو جاوے تو تیسری مرتبہ کے سونے میں قضا اور کفارہ دونوں لازم ہیں اور قبل صبح
کے بیدار ہوا لیکن بسبب ضرورت آب گرم کے انتظار میں یا آب تازہ کنوئیں سے نکالنے میں

صبح ہوجاوے تو بہ نیت قربت قضا کرے اگر یہ اتفاق ماہ رمضان مین ہوا اور اگر غیر رمضان
مین ہوا اور روزہ اسی سے قضا کا ہو تو اس روز صوم کو ترک کرے اور دوسرے دن
اسکو ادا کرے بشرطیکہ ماہ رمضان آیندہ سے اسکے ادا کے ایام باقی ہون اور
اگر روزہ سنتی ہو تو اسمین طہارت کا شرط ہونا ثابت نہین لیکن احوط ہے اور روزہ واجبی
مین شرط ہے پس اگر کوئی شخص ایسا ہو کہ طہارت غسل و تیمم کی شرط اس سے ممکن نہو تو طہارت
اس سے ساقط ہے اور روزہ صحیح ہے آٹھوین عمداً قے کرنا ہے کہ اسمین بھی قضا اور کفارہ احوط
ہے لیکن اگر بے اختیار ہو تو کچھ ضرر نہین نوین خدا و رسول پر تہمت کرنا ہے مثل اسکے کہ
حدیث دروغ نقل کرے یا فتوی دینے کی قابلیت نہ رکھتا ہو اور دے پس یہ گناہ
سب سے زیادہ ہے اور اسمین قضا اور کفارہ احوط ہے دسوین حقنہ ہے کہ [illegible] علما
اسکو حرام جانتے ہین اور بعضے مکروہ اور بنا بر قول اخیر اسکے اجتناب اس سے لازم
ہے اور قضا بلکہ کفارہ احوط ہے اور پچکاری سے اجتناب کرنا احوط ہے

فصل ۸ ان چیزون کے بیان مین کہ جنکا روزہ مین عمل مین لانا مکروہ ہے

روزہ مین کئی چیزون کا کرنا مکروہ ہے پہلے یہ کہ مساس اور بوسہ لینا عورت کا مکروہ ہے اگر گمان
انزال ہوجانے کا نہو دوسرے پھولون کا سونگھنا بھی مکروہ ہے خصوصاً نرگس کا اور احوط یہ ہے کہ خوشبو
چیز [illegible] اسکے دیکھنے بھی جائین اور بلکہ جو چیز خوشبو ہو اور جسمین [illegible] کی کہ بو تیز ہو کہ حلق تک
پہونچے اس سے بھی اجتناب بہتر ہے اور استعمال عطر کا اسقدر مکروہ نہین بلکہ مستحب ہے چنانچہ
حدیث مین وارد ہے کہ جو شخص صائم ہو اور اول روز روزہ مین خوشبو لگاوے عقل
اسکی زائل نہین ہوتی تیسرے خون نکلوانا کہ باعث ضعف کا ہو مکروہ ہے بلکہ
سوا اسکے خون کے جو چیز کہ باعث ضعف کی ہو حالت روزہ مین اسکا عمل مین لانا مکروہ
ہے اگر باعث غشی کا ہو تو حرام ہے چوتھے کپڑے کو تر کرکے پہننا بھی مکروہ ہے اور کپڑا تر بدن پر
رکھنا بھی مکروہ ہے لیکن پانی مین بیٹھنا اور پانی سر پر چھڑکنا اور لوٹے [illegible] بلکہ [illegible] قباحت

اور نوح اور موسیٰ اور داؤد اور سلیمان سے اور گویا کہ عبادت کی ہمراہ ہر پیغمبر کے سو برس
تک پندرہویں روزہ کے عوض میں برلاتا ہے خدا حاجتیں دنیا و آخرت کی اور عطا
کرتا ہے وہ چیز کہ جو عطا کرتا ہے ایوب کو اور مغفرت چاہتے ہیں واسطے اسکے حاملان عرش
اور بخشتا ہے خدا قیامت میں اسکو چالیس نور کہ دس نور جانب راست ہونگے اور دس
نور جانب چپ اور دس نور آگے اور دس نور پیچھے سولہویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ جس وقت
قبروں سے نکلیں گے روزہ رکھنے والے تو خدا انکے ساتھ حلّے بہشت کے بھیجیگا اور ناقوں پر
سوار کریگا اور ایک بادل کو بھیجیگا کہ وہ سایہ کریگا اسپر روز کی حرارت سے سترھویں
روزہ کے عوض میں خداے تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے بخشا اسکو اور اسکے باپ اور دادا کو بھی
اور سختیاں روز قیامت کی دور کرتا ہے اٹھارہویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ خداے تعالیٰ
حکم کرتا ہے جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کو اور حاملان عرش اور فرشتوں کو کہ تم بخشش چاہو
اس روزہ دار کے واسطے سال آئندہ تک اور عطا کرتا ہے واسطے اسکے ثواب شہداے
بدر کا انیسویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ نہیں باقی رہتا ہے کوئی فرشتہ مگر یہ کہ اذن طلب
کرتا ہے واسطے زیارت قبور روزہ داروں کے اور ہر فرشتہ کے پاس ایک تحفہ ہوتا ہے اور
شراب طہور ہوتی ہے بیسویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ خداے تعالیٰ ستر ہزار فرشتے
بھیجتا ہے کہ وہ محافظت کریں شیطان رجیم سے اور اس روزہ کے عوض میں ثواب سو برس
کے روزوں کا عطا کرتا ہے اور درمیان روزہ دار اور دوزخ کے ایک خندق بنا دیتا ہے
اور بخشتا ہے ثواب توریت اور انجیل اور زبور اور فرقان کے قاریوں کا سا اور بشمار پرہاے
جبرئیل کے ثواب عبادت کا عطا کرتا ہے اور بخشتا ہے ثواب عرش و کرسی کی تسبیح کا اور تزویج
کرتا ہے بشمار آیات قرآن کے حوروں کو اکیسویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ کشادہ کرتا ہے
خدا قبر کو اسکی ہزار فرسخ تک اور دور کرتا ہے تاریکی کو اور روشن قبر کو اور شہدا کے قبور
کے مانند اسکی قبر کو کرتا ہے اور چہرہ کو اسکے مثل چہرہ یوسف کے کرتا ہے بائیسویں روزہ

کا ثواب یہ ہی کہ ملک الموت کو خدا تعالیٰ وقت مرنے کے اُس روزہ دار پر اس طرح پر بھیجتا ہی کہ
جیسے انبیاء پر بھیجتا ہی اور دفع کرتا ہی منکر ونکیر کے ہیبت کو اور دور کرتا ہی اُس سے غم دنیا
اور آخرت کو تئیسوین[٢٣] روزہ کا ثواب یہ ہی کہ پار اُتارتا ہی خدا صراط پر سے ہمراہ پیغمبروں
اور صدیقوں اور شہیدوں اور صالحوں کے اور گویا کہ کھلایا اُسنے یتیموں کو میری امت
کے اور پہنایا میری امت کے برہنہ آدمیوں کو چوبیسوین[٢٤] روزہ کا ثواب یہ ہی کہ جسوقت
دنیا سے نکلتا ہی تو اپنے مکان کو بہشت مین دیکھتا ہی اور بخشتا ہی اُسکو خدا تعالیٰ
ثواب ہزار مریض اور ہزار غریب کا جو کہ نکلے ہین راہ خدا مین اور عطا کرتا ہی ثواب آزاد
کرنے ہزار غلام کا اولاد اسمٰعیل سے پچیسوین[٢٥] روزہ کا ثواب یہ ہی کہ بناتا ہی خدا عرش کے
نیچے ہزار قبے سبز اور ہر قبہ پر خیمہ ہی نور کا اور فرماتا ہی خدا کہ ای امت محمد صلعم مین خدا تمھارا
ہون اور تم غلام میرے اور لونڈیان میری ہو میرے عرش کے سایہ مین ان قبون مین رہو
اور کھاؤ اور پیو کہ کچھ خوف تمپر نہین ہی اور نہ تم غمگین ہوگے ای امت محمد صلعم قسم ہی مجھکو اپنے
عزت و جلال کی کہ بھیجونگا مین تمکو طرف اُس جنت کے کہ تعجب کرینگے لوگ پہلے اور
پچھلے اور ہر ایک کو ہزار تاج نور کے پہناؤنگا اور نور کے ناقہ پر سوار کرونگا کہ لگام اُسکی
نور سے ہوگی اور ہونگے اُسکے ہزار حلقے طلا کے کہ ہر حلقہ مین ایک فرشتہ کھڑا ہوگا اور
ہاتھ مین اُسکے ایک گرز ہوگا نور کا یہانتک کہ داخل ہوں بہشت مین بدون حساب کے
چھبیسوین[٢٦] روزہ مین نظر رحمت کرتا ہی خدا اور بخشتا ہی گناہوں کو اور ستر گناہ کبیرہ
بخشتا ہی ستائیسوین[٢٧] روزہ کا ثواب یہ ہی کہ بس گویا مدد کی ہر مومن اور مومنہ کی اور
پہنایا ستر ہزار برہنہ کو اور تلاوت قرآن کی ہزار بار مرابطین کی کہ جس جگہ سرحد کفار پر
گھوڑے باندھتے ہین واسطے محافظت کے اٹھائیسوین[٢٨] روزہ کا ثواب یہ ہی کہ بناتا ہی خدا
جنت خلد مین لاکھ شہر نور کے اور جنت الماوی مین لاکھ محل چاندی کے اور جنت فردوس
مین لاکھ شہر سونے کے کہ ہر شہر مین ہزار حجرہ ہین اور عطا کرتا ہی لاکھ منبر مشک کے

اور ہر منبر کے شکم میں ہزار گھر ہیں زعفران کے اور ہر گھر میں ہزار تخت ہیں موتی اور یاقوت کے
اور ہر تخت پر ایک زوجہ ہے کہ وہ حور ہے اور انتیسویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ عطا کرتا ہے خدا
ہزار محل اور ہر محل میں ایک قبہ سفید ہے اور ہر قبہ میں ایک تخت ہے کافور کا کہ
نہایت سفید ہے اور اس تخت پر ہزار فرش ہیں سندس اور استبرق کے اور ہر فرش پر
ایک حور ہے ستر ہزار حلے پہنے ہوئے اور اسکے ہزار چوٹیاں ہیں موتی کی اور یاقوتوں کی
تیسویں روزہ کا ثواب یہ ہے کہ بعوض ہر روزہ کے کہ گذر گئے ہیں ثواب ہزار شہیدوں
کا اور ہزار صدیقوں کا اور ہزار ہزار روزوں کا عطا کرتا ہے اور بیشمار آتش کے گناہ سے
کہ جواب دریا کے رودنیل سے آگے ہو درجہ بلند کرتا ہے اور بیزاری آتش جہنم سے اور
گذرنا صراط سے اور امان عذاب سے عطا کرتا ہے اور جنت کا ایک دروازہ ہے کہ نام اسکا
ریان ہے کہ وہ قیامت تک نہیں کھولا جاتا ہے مگر واسطے روزہ داروں کے امت محمد
صلعم میں سے دو برابر کرتا ہے رضوان داروغہ بہشت کا کہ اے امت محمد صلعم آؤ تم طرف
ریان کے فرمایا حضرت نے کہ پس داخل ہوگی امت میری اس دروازے سے بہشت میں

فصل ۱۰۸ ماہ رمضان المبارک کے چاند کی حقیقت اور کیفیت میں

واضح ہو کہ چاند ماہ رمضان کا کئی چیزوں سے ثابت ہوتا ہے پہلے یہ کہ خود دیکھیں ہلال کو دوسرے
یہ کہ دو مرد عادل گواہی دیں تیسرے شیاع یعنی رویت ماہ موافق قول وعمل کے یا قول فقہا جدید
اسمیں عورت ومرد وکبیر وصغیر کا فرد مسلمان ہوں سب برابر ہیں اور ثابت ہوتا ہے ہلال گذر جانے
سے پورے تیس دن ماہ شعبان کے اور یوم الشک یعنی تیسویں شعبان کو اگر اول تاریخ ماہ رمضان
کی ثابت نہو تو روزہ اس روز واجب نہیں کہ وہ دن جبتک چاند ثابت نہو ماہ شعبان میں
محسوب ہے اور روزہ اس دن کا سنت ہے پس اگر یوم الشک یعنی تیسویں شعبان کو کوئی
شخص نیت روزہ کی اس طرح پر کرے کہ اگر یہ مہینا رمضان کا ہے تو نیت ماہ رمضان کی کرتا ہوں
اور اگر یہ مہینا شعبان کا ہے تو نیت روزہ شعبان کی کرتا ہوں تو ایسا روزہ باطل ہے

اور اگر نیت روزہ سنت آخر ماہ شعبان کی کرے اور بعد کو معلوم ہو کہ آج پہلی تاریخ
ماہ رمضان کی تھی یا ہے تو وہ روزہ رمضان میں محسوب ہوگا اور پھر قضا کی حاجت
نہیں اور اگر کسی شخص نے اس خیال سے کہ سنت ہے اس روز روزہ نہ رکھا اور قبل
زوال کے چاند ثابت ہو جاوے اور استعمال کسی مفطر کا نہ کیا ہو تو نیت روزہ کی کر لے
اور کافی ہوگا علی الاشہر اور اگر بعد زوال کے ثابت ہو تو امساک واجب ہے شام تک
اور پھر اسپر قضا اسکی لازم ہے اور بہتر یہ ہے کہ اس امساک میں بھی قصد قربت کرے
اور اسی طرح سے جسوقت کہ قبل ظہور حال کے استعمال مفطر کیا ہو تو بھی امساک کرے اور
بعد ماہ رمضان کے اسکی قضا کرے اور اگر تیسویں ماہ شعبان کی روزہ قضا یا نذر کا رکھے
تو اگر قبل زوال کے چاند ثابت ہو تو نیت روزہ رمضان کی کر لے اور تمام کرے اور
بعد ماہ رمضان اس روز کی قضا یا نذر کو ادا کرے اور اگر بعد زوال کے ثابت ہو تو یہ
مشکل ہے اور بنا بر احوط کے یہ ہے کہ بہ نیت قربت روزہ تمام کرے اور بعد ماہ رمضان کے
ایک روزہ بقصد ما فی الذمہ رکھے اور اسی طرح سے اگر صورت مذکورہ میں بعد غروب
کے چاند ثابت ہو تو ایک روزہ پھر بعد ماہ رمضان رکھے بقصد ما فی الذمہ بنا بر احوط
کے اور جس دن ارادہ روزہ کا ہو تو نیت شب کو کرنا سنت ہے اور اگر شب کو سہو کرے
تو زوال تک نیت کر سکتا ہے بنا بر مشہور کے بشرطیکہ بعد یاد آنے کے تاخیر نہ کی ہو ورنہ
روزہ باطل ہوگا اور روزہ غیر معینہ مثلاً نذر مطلق یا قضاے ماہ رمضان کی نیت اول
شب سے تا زوال آفتاب ہے اور نذر معین کی نیت کا وقت اول شب سے صبح صادق تک
ہے حالت اختیار میں اور حالت سہو میں اگر قبل از زوال یاد آجاے تو فوراً نیت کر لے نہیں تو
قضا لازم ہوگی اور روزہ سنتی میں قبل زوال نیت کرنا قباحت نہیں رکھتا بلکہ بعضے علماء
نے فرمایا ہے کہ غروب آفتاب تک نیت اسکی کر سکتا ہے والاول اولیٰ اور اگر نیت صوم شب
کو سہو کرے ماہ رمضان میں یا روزہ نذر معین میں یا روزہ قضاے ماہ رمضان میں

بشرطیکہ زمانہ قضا مضیق ہو تو احوط یہ ہے کہ قبل زوال کے نیت کر کے روزہ اُسدن رکھے اور بعد ماہ رمضان اُس روزہ کی قضا کرے احتیاطاً اور اگر زمانہ قضا وسیع ہو یا نذر معین نہ ہو تو اُس دن روزہ نہ رکھے بعد اُسکے صوم کو بجا لاوے اور اسی طرح سے مسافر جب اپنے وطن کو پہونچے قبل زوال کے اور استعمال مفطر نہ کیا ہو تو نیت کر کے روزہ رکھنا واجب ہے بلا خلاف اور حاجت قضائے روزہ مذکور کی نہ ہوگی علے المشہور اور مریض بھی جب اُسکا عذر قبل زوال کے جاتا رہے اور کچھ مفطر عمل میں نہ لایا ہو تو بہ نیت قربت روزہ رکھے اور قصد وجوب نہ کرے اور بعد اُسکے احتیاطاً اُس روزہ کی قضا کرے اور چاہئے کہ بعد رفع عذر کے نیت فوراً کر لے اور اگر کسی شخص نے نیت شب کو عمداً ترک کی ہو ماہ رمضان یا قضائے مضیق یا نذر معین میں اور بعد اُسکے صبح کو نادم و پشیمان ہو کر قبل زوال کے نیت کرلے تو ایک جماعت نے فرمایا ہے کہ روزہ اُسکا صحیح ہے اور یہ مشکل ہے اور احوط بلکہ لازم یہ ہے کہ اُس روزہ کو تمام کرے اور بعد اُسکے قضا کرے اور کفارہ بھی دے اور اگر کوئی شخص شب اول ماہ رمضان میں نیت اسطرح سے کرے کہ روزہ رکھتا ہوں سارے ماہ رمضان کا قربۃً الی اللہ تو یہ نیت صحیح ہے مگر افضل یہ ہے کہ ہر شب ماہ رمضان میں بھی روزہ کی نیت کرے

فصل ۸۷ روزہ میں جن چیزوں سے اجتناب لازم ہے اور اُنکے عمل میں لانے سے قضا اور کفارہ لازم ہوتا ہے

پہلے اُس چیز کا پینا ہے کہ عادت میں جسکو مثل پانی وغیرہ پیتے ہوں اور پینا اُس چیز کا کہ عادت میں نہ پیتے ہوں مثل عرق گیاہ کے یا پانی کو ناک کی راہ سے حلق تک پہونچانا بسبب بنا بر مذہب مشہور اور احوط کے منافی صوم ہیں اور باعث قضا اور کفارہ کے ہوتے ہیں اور یہ مذہب خالی قوت سے نہیں دوسرے کھانا اُس چیز کا ہے کہ جسکے عادت میں کھاتے ہوں یا نہ کھاتے ہوں مثل سنگریزہ اور برگ اشجار کے کہ

ہو جیسا کہ مذہب مشہور کے منافی صوم ہیں اور موجب قضا اور کفارہ کے ہوتے ہیں اور خالی
قوت سے نہیں تفسیر کے غبار غلیظ کا حلق میں پہونچانا ہے مثل آٹے کے اور خاک کے اور
دھوئیں غلیظ کا زیر حلق داخل کرنا مثل دود تمباکو وغیرہ کہ اسمیں بھی قضا اور کفارہ احوط
ہے اور اسی طرح بلغم کے بھی اجتناب میں احتیاط ہے اگر بلغم غلیظ سینہ یا دماغ سے
منھ میں آوے اور اسکو کوئی عمدًا نگل جاوے تو احوط قضا و کفارہ اسکے ذمہ ہوگا اور
اگر بلغم دماغ سے حلق میں آیا ہو بغیر اسکے کہ دہن تک پہونچا ہو تو کچھ قباحت نہیں اور دہن
سے کچھ احتراز ضرور نہیں کہ بطور نجاست کے حلق میں جاتا ہے اور اسی طرح سے بعد
مضمضہ کے آب دہن کے اخراج میں مبالغہ درکار نہیں بلکہ اتنا کافی ہے کہ مضمضہ کے
بعد آب دہن کو دو تین مرتبہ تھوک دے کہ اثر پانی کا باقی نرہے چوتھے جماع ہے عورت
کے ساتھ قبل میں یا مرد کے ساتھ دبر میں اگرچہ انزال نہو کہ وہ بھی موجب قضا و کفارہ ہے
اور اسی طرح سے وطی فی الدبر عورت کے ساتھ موجب قضا و کفارہ ہے علی الاحوط
پانچوین استمناء ہے یعنی بدون جماع کے منی کا نکالنا خواہ خیال کرنے سے خواہ مساس
یا بوسہ سے کہ اسمین بھی قضا اور کفارہ ہوتا ہے چھٹے ارتماس ہے یعنی پانی میں غوطہ لگانا
یا تمام سر کو ڈبو دینا اگرچہ پانی سے بدن باہر ہو کہ بعضے علماء اسکو حرام اور مفسد صوم
جانتے ہیں اور بعضے فقط حرمت کے قائل ہیں اور بعضے کراہت کے اور قول اول احوط ہے
اور اگر نصف سر کو پانی سے ڈبو دے اور پھر اسکو نکال کے دوسرے نصف سر کو
ڈبو دے تو اس صورت میں بعض علماء نے فرمایا ہے کہ روزہ میں کچھ خلل نہیں لیکن احتیاط
یہ ہے کہ اجتناب کرے اور اگر غسل ارتماسی کرے تو جیسا روزہ میں خلل ہوتا ہے اسی طرح
غسل بھی باطل ہو جاتا ہے اور دوبارہ غسل کرنا ضرور ہے ساتوین جنابت
پر باقی رہنا ہے شب سے طلوع صبح تک کہ اسمین بھی قضا اور کفارہ ہوتا ہے پس قبل
طلوع صبح کے غسل کرنا لازم ہے اور اگر کوئی عذر شرعی مانع ہو تو تیمم کرے صبح تک

بیدار رہے اور اسکو سالم رکھے یعنی کوئی حدث صادر نہونے پاوے تو روزہ اسکا صحیح
ہے لیکن اگر خواب غالب ہوا اور بے اختیار سو جاوے تو ظاہرا قباحت نہیں لیکن قضا
احوط ہے اور اگر کسی کے ذمہ غسل مس میت ہو اور تیمم نہ کرے یہانتک کہ صبح ہو جاوے
تو روزہ اسکا صحیح ہے اسلیے کہ مس میت مبطل صوم نہیں اور اگر کوئی عورت حیض یا
نفاس سے قبل صبح پاک ہو تو غسل کرنا اسپر واجب ہے اور اگر غسل کرنا اسکو
ضرر کرے یا مشقت ہو تو بجائے غسل کے تیمم کرے صبح تک جاگتی رہے اور اگر عمدا
غسل نکرے تو روزہ اسکا باطل ہے علی الظاہر اور قضا لازم ہے اور کفارہ بھی
بنابر احوط کے ہے اور اسی طرح مستحاضہ اگر عمدا قبل صبح کے غسل نکرے تو اسکا
بھی روزہ باطل ہے خواہ استحاضہ متوسطہ ہو یا کثیرہ پس قضا لازم ہے اور کفارہ میں خلاف
ہے اور بعضے علما کفارہ بھی لازم جانتے ہیں اور یہ احوط ہے بلکہ اولی یہ ہے کہ مستحاضہ اگر کسی غسل
کو یعنی نماز صبح اور ظہر اور عصر کے غسلوں میں سے قصدا ترک کرے اور ترک غسل کرے تو روزہ
اسکا صحیح نہیں ہے پس بعد استحاضہ کے قضا روزہ کی اسکے ذمہ واجب اور لازم ہو جائیگی
بلکہ احتیاطا کفارہ بھی دے اور صبح تک جنابت پر رہنے میں کئی شکلیں ہیں ایک پہلی
یہ کہ غسل میں کوئی عذر نہو اور وسعت وقت پر اٹھا رکھے بقصد اسکے کہ پھر
جاگ کے غسل کرونگا سو رہے اور جاگنے کی امید ہو اور صبح تک سو جاوے تو
اسپر کچھ لازم نہیں ہے لیکن اگر بے قصد غسل کے سو رہے اور صبح ہو جاوے تو قضا
لازم ہے اور کفارہ بھی احوط ہے دوسری یہ کہ اگر بقصد غسل کے جاگے اور پھر اسی قصد
سے سو رہے اور صبح ہو جاوے تو اس صورت میں بھی قضا لازم ہے اور کفارہ احوط ہے تیسری
یہ کہ اگر دو دفعہ جاگ کے اس صورت میں تیسری مرتبہ پھر سو رہے یہانتک کہ
صبح ہو جاوے تو تیسری مرتبہ کے سونے میں قضا اور کفارہ دونوں لازم ہیں اور قبل صبح
کے بیدار ہو لیکن بسبب ضرورت آب گرم کے تلاش میں یا آب تازہ کنوئیں سے نکالنے میں

صبح ہو جاوے تو بہ نیت قربت قضا کرے اگر بہ اتفاق ماہ رمضان میں ہوا اور اگر غیر رمضان میں ہوا اور روزہ اُسی سے کہ قضا کا ہو تو اُس روزہ صوم کو ترک کرے اور دوسرے دن اُسکو ادا کرے بشرطیکہ ماہ رمضان آیندہ سے اُسکے ادا کے ایام باقی ہوں اور اگر روزہ مستحبی ہو تو اُسمیں طہارت کا شرط ہونا ثابت نہیں لیکن احوط ہے اور روزہ واجبی میں شرط ہے پس اگر کوئی شخص ایسا ہو کہ طہارت غسل و تیمم کی شرط اُس سے ممکن نہ ہو تو طہارت اُس سے ساقط ہے اور روزہ صحیح ہے اگر کوئی شخص جھوٹ بات کرتا ہے کہ اُسمیں بھی قضا اور کفارہ احوط ہے لیکن اگر بلا اختیار ہو تو کچھ ضرر نہیں لیکن خدا و رسول پر تہمت کرتا ہے مثل اسکے کہ حدیث دروغ نقل کرے یا فتوی دے جسکی قابلیت نہ رکھتا ہو اور روزہ میں یہ گناہ سب سے زیادہ ہے اور اُسمیں قضا اور کفارہ احوط ہے دسویں حقنہ ہے کہ بعضے علما اُسکو حرام جانتے ہیں اور بعضے مکروہ اور بنا بر قول احوط کے اجتناب اس سے لازم ہے اور قضا بلکہ کفارہ احوط ہے اور پچکاری سے اجتناب کرنا احوط ہے

فصل ۸۸ ان چیزوں میں کہ جنکا روزہ میں عمل میں لانا مکروہ ہے

روزہ میں کتنی چیزوں کا کرنا مکروہ ہے پہلے یہ کہ مساس اور بوسہ لینا عورت کا مکروہ ہے اگر انزال ہو جانے کا خوف ہو دوسرے پھولوں کا سونگھنا بھی مکروہ ہے خصوصاً نرگس کا اور اولی یہ کہ خوشبو چیز کا اثر اُسکے دماغ میں جانے نہ پاوے بلکہ جو چیز خوشبو ہو اُسمیں تھوڑی کی بو بھی ہو کہ حلق تک پہنچے اُس سے بھی اجتناب بہتر ہے اور استعمال عطر کا مکروہ نہیں بلکہ مستحب ہے چنانچہ حدیث میں وارد ہے کہ جو شخص صائم ہو اور ابتداے روزہ میں خوشبو لگاوے عقل اُسکی زائل نہیں ہوتی تیسرے خون نکالنا اتنا کہ باعث ضعف کا ہو مکروہ ہے بلکہ سواے خون کے جو چیز کہ باعث ضعف کی ہو حالت روزہ میں اُسکا عمل میں لانا مکروہ ہے اور اگر باعث غشی کا ہو تو حرام ہے چوتھے کپڑے کو تر کر کے پہننا بھی مکروہ ہے اور کپڑا تر بدن پر رکھنا بھی مکروہ ہے لیکن پانی میں بیٹھنا اور پانی سر پر چھڑکنا اور بوریہ پر چھڑکنا قباحت

تاخیر کرے اور متصل ماہ رمضان آئندہ کے کوئی عذر لاحق ہو کہ مانع قضا کا ہو مثل مرض
یا حیض کے تو قضا واجب ہے کفارہ ثابت نہیں ہے مگر کفارہ مذکور دینا احوط ہے اور جس وقت
ماہ رمضان داخل ہو تو روزہ قضا کو ترک کرکے فریضہ حاضرہ میں مشغول ہو اور اگر مرض
تمام سال باقی رہے تو قضا ساقط ہے اور عوض ہر روزہ کے ایک مد یا دو مد فدیہ دینا
لازم ہے اور اگر دوسرے سال تک بھی عذر مانع رہے مثل سفر وغیرہ کے تو دونوں
سال کی قضا ساقط ہے اسی طرح سے وہ روزہ کہ حالت جنون یا بیہوشی میں قضا ہوا ہو
ہر چند کہ جنون یا بیہوشی تمام روز رہے تو بھی قضا ساقط ہے لیکن احتیاط یہ ہے کہ بعد
زوال عذر کے قضا بجا لاوے ان صورتوں میں

فصل ۴۹ — روزہ واجب

واضح ہو کہ روزہ واجب کئی ہیں پہلا روزہ ماہ رمضان مبارک کا ہے کہ ہر بالغ اور عاقل پر
واجب ہے خواہ مرد ہو خواہ عورت بشرطیکہ مریض اور مسافر کہ جس پر قصر واجب ہے
نہ ہو اور اگر چاند کا یقین حاصل نہ ہو تو روزہ واجب نہیں ہوتا اور تیسویں شعبان کو چاند
میں کچھ شک نہیں اور حساب تقویم اور نجوم کا کچھ اعتبار نہیں دوسرا روزہ قضا ماہ رمضان کا
ہے اور قبل ماہ رمضان آئندہ کے ادا کرنا اسکا واجب ہوتا ہے جیسا کہ سابق میں ذکر ہو چکا
ہے تیسرا روزہ کفارہ ماہ رمضان کا ہے کہ یہ واجب تخییری ہے یعنے اختیار ہے خواہ
ساٹھ روزے رکھے یا ساٹھ مسکین کو کھانا کھلاوے یا ایک بندہ آزاد کرے جس وقت
ماہ رمضان میں بدون عذر شرعی روزہ ترک کیا ہو گا واجب ہو گا چوتھا روزہ
نذر اور عہد اور قسم کا ہے کہ یہ بھی واجب ہوتا ہے اگر اپنے اوپر صیغہ نذر یا عہد اور
قسم سے واجب کرے پس اسی طور سے عمل میں لانا ضروری ہے اور صیغہ نذر کا یوں کہے
کہ اگر فلاں مطلب میرا حاصل ہو جائیگا تو واسطے خدا کے مثلاً ایک روزہ رکھونگا اور اگر
عہد کرے تو اسی طرح اسکا بھی صیغہ یوں کہے کہ عہد کیا میں نے خدا سے کہ اگر فلاں مطلب میرا

حاصل ہوجاوے تو مثلاً ایک روزہ رکھونگا تو اس سے بھی روزہ واجب ہوتا ہے اور اسی طرح اگر قسم کھاوے اور یون کہے کہ خدا کی قسم مین ایک روزہ رکھونگا مثلاً تو بھی روزہ واجب ہوجائیگا پانچوین روزہ اجارہ کا ہے کہ یہ بھی واجب ہوتا ہے یعنی جسوقت کہ اجارہ لینے سے اپنے اوپر لازم کرے اور اسی طرح روزہ اعتکاف کا ہے بعضی صورتون مین واجب ہوتا ہے اور اسی طرح سے وہ روزے جو باپ سے قضا ہوگئے ہون اور اسنے مہلت قضا رکھنے کی پائی ہو اور اسکو ادا نہ کیا ہو تو اسکے مرنے کے بعد پسر بزرگ پر واجب ہوتا ہے خواہ اسکو خود ادا کرے یا اجارہ دے یا اگر اسکی طرف سے اور کوئی بلا اجرت بجا لاوے تو بھی وہ بری الذمہ ہوجائیگا بنا بر احتمال مذہب بعض علماء کے

فصل ۹۵ - روزہ سنتی

واضح ہو کہ روزہ سنتی جب رکھیگا ثواب ہوگا اور مقرر ہی ہے ہر چیز کی زکوٰۃ ہے اور بدن کی زکوٰۃ روزہ ہے اور خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ بوے دہن روزہ دار کی مجکو مشک سے بہتر ہے اور جو کوئی ایک روزہ واسطے خدا کے رکھے برابر ہے ایک سال کے اور جو کوئی پوشیدہ روزہ رکھے خداے تعالیٰ ملائکہ سے فرماتا ہے کہ بندہ میرا پناہ ڈھونڈھتا ہے یعنی اے ملائکہ پناہ اسکو دو اور ملائکہ سے فرماتا ہے کہ واسطے روزہ دار کے دعا کرو تم کہ دعا فرشتون کی البتہ قبول ہوتی ہے اور جو کوئی ایک روز روزہ رکھے اور شدت گرما سے تشنہ ہو خدا سے تعالیٰ ہزار ملک اسپر موکل فرماوے کہ اسپر ملاطفت اور مہربانی کرین اور بشارت اسکو دین وقت افطار تک اور یہ بھی حدیث مین ہے کہ سونا روزہ دار کا عبادت ہے اور نفس اسکا تسبیح اور عمل اسکا مقبول اور دعا اسکی مستجاب ہے اور جو کوئی ایک روز روزہ غیر واجب رکھے خدا سے تعالیٰ پر مغفرت اسکے گناہون کی واجب ہو اور تین چیزین ہین کہ بلغم کو قطع کرتی ہین اور حافظہ کو زیادہ کرتی ہین (۱) روزہ (۲) مسواک (۳) تلاوت قرآن لیکن وہ روزے جنمین ثواب زیادہ ہے وہ کئی قسم مین قسم پہلی روزہ مہینے کا اول پنجشنبہ اور آخر پنجشنبہ کا ہے وہ

دوسرے ہفتہ کے اول چہارشنبہ کا ہے کہ وہ وسوسہ شیطان کو دور کرتا ہے اور تاکید اور
ثواب اسکا بہت ہے بلکہ ثواب ہمیشہ روزہ رکھنے کا رکھتا ہے لیکن اگر کسی پر یہ روزہ رکھنا
اسپر دشوار ہو تو عوض ہر روزہ کے ایک درہم راہ خدا میں دے کہ ثواب اسکا روزے کے
ثواب سے زیادہ ہوتا ہے یا ایک مد دے جیسا کہ حدیث سے مستفاد ہوتا ہے قسم
دوسری روزہ ہر مہینے کے ایام بیض میں یعنی تیرھوین اور چودھوین اور پندرھوین کا
ہے کہ ثواب اسکا تمام سال کے روزون کا ہے بنا بر بعض روایات کے قسم تیسری روزہ ہر
پنجشنبہ اور جمعہ کا ماہ ذی الحجہ کے ہے بلکہ تمام روز عشرہ اول ذی الحجہ کا ہے قسم چوتھی
روزہ دحو الارض کا پچیسوین ذیقعدہ کی ہے اور یہ روزہ برابر ساٹھ مہینے کے روزون
کے ہے قسم پانچوین روزہ ایام مخصوصہ ماہ ذی الحجہ مثل روز اول کہ روزہ اسکا برابر اسی مہینون
کے روزون کے ہے اور روزہ آٹھوین کا کہ وہ یوم الترویہ ہے کفارہ ہے ساٹھ برس کے گناہون
کا اور روزہ اٹھارھوین ذی الحجہ کا کہ عید غدیر ہے اور یہ روزہ دنیا کی تمام عمر کے روزہ کے
برابر ہے اور روزہ چوبیسوین کا کہ بنا بر مشہور عید مباہلہ ہے اور روزہ پچیسوین ذی الحجہ کا کہ جس
دن سورہ ھل اتی نازل ہوا قسم چھٹی روزہ روز اول محرم کہ موجب استجابت دعا ہے اور
روزہ اسکی تیسری تاریخ کا کہ موجب آسانی کارہاے دشوار ہے قسم ساتوین روزہ سترھوین
ربیع الاول کا ہے کہ روز ولادت باسعادت جناب رسالتماب صلعم ہے اور اس روزہ کا ثواب
تمام سال کے روزہ کے ثواب کے برابر ہے قسم آٹھوین روزے تمام ماہ رجب کے خصوصا ایام
بیض کے اور خصوصا روز ستائیسوین کا کہ عید بعثت جناب رسول خدا صلعم ہے ثواب اسکا
ایک سال کے روزے کے برابر ہے اور بروایت دیگر برابر ستر برس کے اور بروایت ثانی
ساٹھ برس کے قسم نوین روزے تمام ماہ شعبان کے خصوصا پہلی تاریخ کہ اسکے روزہ کا
ثواب عظیم ہے اور خصوصا تیسری تاریخ کہ روز ولادت باسعادت حضرت امام حسین ع ہے
علی الاشہر اور خصوصا پندرھوین تاریخ کہ روز ولادت با برکت حضرت صاحب الزمان ع ہے

اور خصوصاً تین دن آخر ماہ شعبان سے تاکہ وصل ہوں روزے اسکے ماہ رمضان سے روزہ ہاے تمام ماہ رجب و شعبان سنت ہیں قسم دوسری روزہ ہاے متبرکہ مثل روزہ ہاے ولادت معصومین صلوات اللہ علیہم اجمعین جیسا کہ بعض علما نے تصریح فرمائی ہے اور جدول پیدائش و وفات وغیرہ بہ تفصیل ائمہ معصومین علیہم السلام رسالہ لسان المتقین میں لکھی گئی ہے

فصل ۹۶ ۔ افطار روزۂ قضاے ماہ رمضان

واضح ہو کہ روزہ قضاے رمضان کا افطار کرنا قبل زوال شمس کے جبکہ وقت قضا مضیق نہو جائز ہے علی الاشہر اور بعض علما نے اسپر دعوی اجماع کا فرمایا ہے اور بعد زوال شمس کے افطار جائز نہیں بلا خلاف پس اگر بعد زوال شمس بلا عذر شرعی روزہ شکنی کرے تو اسی روزہ کے عوض پھر روزہ رکھے اور کفارہ بھی دے اور کفارہ اسکا بنا بر تصحیح محقق رحمہ اللہ اور بعض علما کے یہ ہے کہ دس مسکین کو کھانا کھلاوے اتنا کہ وہ سیر ہو جاویں یا ہر مسکین کو ایک مد گندم دے اور اگر اس سے عاجز ہو پس تین روزے پیہم رکھے جیسا کہ بعض نصوص سے ثابت ہوتا ہے اور اگر قبل زوال کے روزہ قضا کو توڑا ہو تو اسمیں کچھ قباحت نہیں اگر ماہ آئندہ سے ایام اسکے ادا کے اسقدر باقی ہوں لیکن روزہ سنتی کو تمام روز اختیار ہے جسوقت چاہے توڑ ڈالے

فصل ۹۷ ۔ افطار روزۂ سنتی

روزہ سنتی کا افطار کرنا ہر وقت جائز ہے یعنی غروب آفتاب تک جب چاہے افطار کرے لیکن بعد زوال شمس کے افطار کرنا مکروہ ہے اسوقت میں کہ جب کسی نے دعوت نہ کی ہو پس اگر کوئی مومن دعوت کرے طرف طعام کے تو اسوقت روزۂ سنتی کا افطار کرنا ہر وقت افضل و مستحب ہے اگرچہ دن کم باقی ہو بلکہ اولی یہ ہے کہ جب وہ دعوت کرے طرف طعام کے تو اس سے اظہار اپنے روزہ کا نہ کرے اور صوم کو افطار کرلے اگرچہ آپ اگرم سے ہو کیونکہ اگر اظہار کرکے افطار کریگا تو اسکو ثواب دس روزہ دن کا ملیگا اور اگر بدون

بیکھی

اظہار افطار کریگا تو برس دن کے روزون کا ثواب حاصل ہوگا انشاء اللہ تعالی بموجب حدیث
مذکور ہے کہ مین نے ایک مسئلہ جناب مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ جناب سید مصطفی معروف
بمیر آغا صاحب مجتہد العصر مدظلہ سے دریافت کیا آن قبلہ و کعبہ مدظلہ العالی نے جواب ذیل
زیب رقم فرمایا مسئلہ مثلاً کوئی برادر مومن کہ جسکا روزہ سنتی تھا کسی برادر مومن
کے مکان پر گیا اور وہان پر اُس مالک مکان نے الایچی یا پان وغیرہ کی تواضع کی تو آیا
اسوقت مین الایچی و پان وغیرہ سے بدون اظہار روزہ سنتی افطار کرے تو ثواب زیادہ ہوگا
یا نہین جواب احتمال ہے کہ صورت مذکورہ مین بھی عدم اظہار مین زیادہ ثواب ہو حررہ میر آغا عفی عنہ
اور بعض روایات مین وارد ہوا ہے کہ ہر گاہ روزہ افطار کرنا بہ اجابۃ برادر مومن مین
ستر روزے یا نوے روزون کے ثواب کے برابر ہے

فصل ۹۷ - ترک روزۂ ماہ رمضان

واضح ہو کہ ماہ رمضان کا روزہ ترک کرنا یا بعد شروع کے اُسکا فاسد کرنا عمداً بدون عذر
شرعی جائز نہین ہے اگر ترک کرے یا فاسد کرے تو حاکم شرع اُسکو تعزیر دیگا اور اگر دوسری
بار پھر ترک یا فاسد کرے تو پھر حاکم شرع تعزیر دیگا اور تیسری مرتبہ قتل کیا جائیگا بلکہ
احتیاطاً اگر چوتھی مرتبہ ترک کریگا تو مستحق قتل کا ہوگا اور اگر حلال جانکر صوم ماہ رمضان
بدون عذر شرعی ترک کرے تو وہ مرتد ہوجائیگا

التماس مؤلف رسالہ

بحضور قبلہ و کعبہ تاج العلماء جناب سید علی محمد صاحب مجتہد العصر مدظلہ و من سلطان العلماء
و جناب مولانا و مقتدانا جناب نواب جان صاحب مجتہد دام ظلہ کے عرض ہے کہ کیفیت و حقیقت
چاند ماہ رمضان سے یہانتک جو کچھ مین نے لکھا ہے مطابق انکے عمل ہو سکتا ہے یا نہین
جواب بسم اللہ تعالی ان اوراق کو جن کتابون سے مصنف نے لکھا ہے تمام و کمال نقل مہر
دیکھا مطابق و موافق ہے۔ وانا الاحقر الحاج سید نواب جان عظیم آباد سید نواب جان

نقل دستخط جناب تاج العلماء دام ظلہ العالی

الامر کما حررہ السید السند المولوی الاوحد الاکمل الادیب اللبیب الحسیب النسیب خیر الحاج ... المولوی السید نواب ... ادیب معالیہ ولو ... ادام اللہ ... محمد ابن سلطان العلماء

نقل مہر

سید علی محمد

فصل ۹۹ در دعاے ہلال ماہ رمضان

سنت ہے نسبت ہلال ماہ رمضان اور بعضوں نے واجب جانا ہے اور حضرت امام زین العابدین سے منقول ہے کہ جب چاند ماہ رمضان کا دیکھے تو اشارہ نہ کرے بلکہ ہلال کے سامنے قبلہ کی طرف منہ کرے اور ہاتھ خدا کی درگاہ میں اٹھاے اور چاند سے خطاب کرکے کہے ربی و ربک اللہ رب العالمین اللھم اھلہ علینا بالامن والایمان والسلامۃ والاسلام والمسارعۃ الی ما تحب وترضی اللھم بارک لنا فی شھرنا ھذا وارزقنا خیرہ وعونہ واصرف عنا ضرہ وشرہ اور بہترین دعاؤں میں دعاے ہلال صحیفہ کاملہ ہے کہ یہ دعا ان شاء اللہ تعالیٰ نقوش ماہ نو میں تحریر ہوئی اور ابن ابی عقیل نے اس دعا کو وقت رویت ہلال رمضان کے واجب جانا ہے الحمد للہ الذی خلقنی وخلقک وقدر منازلک وجعلک مواقیت للناس اللھم اھلہ علینا اھلالا مبارکا اللھم ادخلہ علینا بالسلامۃ والاسلام والیقین والایمان والبر والتقوی والتوفیق لما تحب وترضی

فصل ۱۰۰ اعمال اول ماہ رمضان

واضح ہو کہ شب اول ماہ رمضان میں جماع کرنا ساتھ حلیلہ اپنی کے سنت ہے اور غسل
زن منکوحہ ۱۲

شب اول میں سنت ہے اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو کوئی نہائے شب اول میں ماہ رمضان میں نہر جاری کے پانی اور تیس چلو پانی اپنے سر پر ڈالے طہارت یعنی پاک رہے ماہ رمضان آئندہ تک اور حدیث دیگر میں فرمایا ہے اور جو کوئی شب اول ماہ رمضان میں غسل کرے نماز شب پڑھے اس سال میں اسکو نہ پہونچے آزار حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو ابتدائے سال میں ایسا کرے درد و ناچار بیماریوں سے تمام سال میں ایمن ہو اور انہیں حضرت سے منقول ہے کہ جو کوئی روز اول ماہ رمضان میں ایک چلو گلاب منہ پر ڈالے خواری اور پریشانی سے نجات پائے اور جو سر پر ڈالے سرسام کے دردوں سے ایمن ہوا اور جو چلو گلاب اول ماہ میں سر پر ڈالے اس سال میں سرسام سے ایمن ہو اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جب ماہ مبارک داخل ہوتا تھا آنحضرت صلعم یہ دعا پڑھتے تھے اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ قَدْ دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ اَللّٰهُمَّ رَبَّ شَهْرِ رَمَضَانَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ فِیْهِ الْقُرْاٰنَ وَجَعَلْتَهٗ بَیِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ اَللّٰهُمَّ فَبَارِکْ لَنَا فِیْ شَهْرِ رَمَضَانَ وَاَعِنَّا عَلٰی صِیَامِهٖ وَصَلٰوتِهٖ وَتَقَبَّلْهُ مِنَّا اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو کوئی شب اول ماہ رمضان میں دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد سورۂ انعام پڑھے اور خدا تعالیٰ سے سوال کرے کہ کفایت شر اعدا کی اس سے فرمائے حق تعالیٰ دور کرے اس سے شر اس چیز کا جس سے ڈرتا ہو اور اسکو بچائے ہر بیم و درد سے اور جو کوئی اول اس ماہ میں اس دعا کو پڑھے سب فتنوں سے اور دین و دنیا کی ساری آفتوں سے محفوظ رہے اور سال آئندہ تک امان حق سبحانہ تعالیٰ میں رہے یہ دعا جمال الصالحین سے نقل کی گئی اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ دَانَ لَهٗ کُلُّ شَیْءٍ وَبِعِلْمِکَ الَّذِیْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ یَا نُوْرُ یَا قُدُّوْسُ یَا اَوَّلُ کُلِّ شَیْءٍ وَیَا بَاقِیْ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ الَّتِي تَحْبِسُ غَيْثَ السَّمَاءِ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ
الَّتِي تَكْشِفُ الْغِطَاءَ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ الَّتِي تُعَجِّلُ الْفَنَاءَ
وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ الَّتِي تُورِثُ النَّدَمَ وَاغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ
الَّتِي تَهْتِكُ الْعِصَمَ وَأَلْبِسْنِي دِرْعَكَ الْحَصِينَةَ الَّتِي
لَا تُرَامُ وَعَافِنِي مِنْ شَرِّ مَا أُحَاذِرُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ
فِي مُسْتَقْبَلِ سَنَتِي هٰذِهِ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَرَبَّ
الْأَرَضِينَ السَّبْعِ وَمَا فِيهِنَّ وَمَا بَيْنَهُنَّ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ
وَرَبَّ السَّبْعِ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنِ الْعَظِيمِ وَرَبَّ إِسْرَافِيلَ وَمِيكَائِيلَ
وَجَبْرَئِيلَ وَرَبَّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ سَيِّدِ الْمُرْسَلِينَ
وَخَاتَمِ النَّبِيِّينَ أَسْأَلُكَ بِكَ وَبِمَا سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ يَا عَظِيمُ
أَنْتَ الَّذِي تَمُنُّ بِالْعَظِيمِ وَتَدْفَعُ كُلَّ مَحْذُورٍ وَتُعْطِي كُلَّ جَزِيلٍ
وَتُضَاعِفُ الْحَسَنَاتِ بِالْقَلِيلِ وَالْكَثِيرِ وَتَفْعَلُ مَا تَشَاءُ يَا قَدِيرُ
يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيمُ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَأَهْلِ بَيْتِهِ وَأَلْبِسْنِي
فِي مُسْتَقْبَلِ سَنَتِي هٰذِهِ سِتْرَكَ وَنَضِّرْ وَجْهِي بِنُورِكَ وَأَحِبَّنِي
بِمَحَبَّتِكَ وَبَلِّغْنِي رِضْوَانَكَ وَشَرِيفَ كَرَامَتِكَ وَجَسِيمَ
عَطِيَّتِكَ مِنْ خَيْرِ مَا أَنْتَ مُعْطِيهِ أَحَداً مِنْ
خَلْقِكَ وَأَلْبِسْنِي مَعَ ذٰلِكَ عَافِيَتَكَ يَا مَوْضِعَ كُلِّ شَكْوَىٰ
وَشَاهِدَ كُلِّ نَجْوَىٰ وَعَالِمَ كُلِّ خَفِيَّةٍ وَدَافِعَ مَا تَشَاءُ مِنْ
بَلِيَّةٍ يَا كَرِيمَ الْعَفْوِ يَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ تَوَفَّنِي عَلَىٰ مِلَّةِ
إِبْرَاهِيمَ وَفِطْرَتِهِ وَعَلَىٰ دِينِ مُحَمَّدٍ وَسُنَّتِهِ وَعَلَىٰ
خَيْرِ الْوَفَاةِ فَتَوَفَّنِي مُوَالِياً لِأَوْلِيَائِكَ وَمُعَادِياً لِأَعْدَائِكَ

اَللّٰهُمَّ وَجَنِّبْنِي فِي هٰذِهِ السَّنَةِ كُلَّ عَمَلٍ أَوْ قَوْلٍ أَوْ فِعْلٍ يُبَاعِدُنِي مِنْكَ
وَاجْلِبْنِي إِلَىٰ كُلِّ عَمَلٍ أَوْ قَوْلٍ أَوْ فِعْلٍ يُقَرِّبُنِي مِنْكَ فِي هٰذِهِ السَّنَةِ يَا
أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ وَامْنَعْنِي مِنْ كُلِّ عَمَلٍ أَوْ قَوْلٍ أَوْ فِعْلٍ يَكُونُ مِنِّي أَخَافُ ضَرَرَ
عَاقِبَتِهِ وَأَخَافُ مَقْتَكَ إِيَّايَ عَلَيْهِ حِذَاراً أَنْ تَصْرِفَ وَجْهَكَ الْكَرِيمَ
عَنِّي فَأَسْتَوْجِبَ بِهِ نَقْصاً مِنْ حَظٍّ لِي عِنْدَكَ يَا رَؤُوفُ يَا رَحِيمُ اَللّٰهُمَّ
اجْعَلْنِي فِي مُسْتَقْبَلِ سَنَتِي هٰذِهِ فِي حِفْظِكَ وَفِي جِوَارِكَ وَفِي كَنَفِكَ
وَجَلِّلْنِي سِتْرَ عَافِيَتِكَ وَهَبْ لِي كَرَامَتَكَ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ
ثَنَاؤُكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي تَابِعاً لِصَالِحِي مَنْ مَضَىٰ
مِنْ أَوْلِيَائِكَ وَأَلْحِقْنِي بِهِمْ وَاجْعَلْنِي مُسَلِّماً لِمَنْ قَالَ بِالصِّدْقِ
عَلَيْكَ مِنْهُمْ وَأَعُوذُ بِكَ اَللّٰهُمَّ أَنْ تُحِيطَ بِي خَطِيئَتِي وَظُلْمِي
وَإِسْرَافِي عَلَىٰ نَفْسِي وَاتِّبَاعِي لِهَوَايَ وَاشْتِغَالِي بِشَهَوَاتِي
فَيَحُولُ ذٰلِكَ بَيْنِي وَبَيْنَ رَحْمَتِكَ وَرِضْوَانِكَ فَأَكُونَ
مَنْسِيّاً عِنْدَكَ مُتَعَرِّضاً لِسَخَطِكَ وَنِقْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ
وَفِّقْنِي لِكُلِّ عَمَلٍ صَالِحٍ تَرْضَىٰ بِهِ عَنِّي وَقَرِّبْنِي إِلَيْكَ زُلْفَىٰ
اَللّٰهُمَّ كَمَا كَفَيْتَ نَبِيَّكَ مُحَمَّداً صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَآلِهِ هَوْلَ
عَدُوِّهِ وَفَرَّجْتَ هَمَّهُ وَكَشَفْتَ غَمَّهُ وَصَدَقْتَهُ وَعْدَكَ
وَأَنْجَزْتَ لَهُ عَهْدَكَ اَللّٰهُمَّ فَبِذٰلِكَ فَاكْفِنِي هَوْلَ هٰذِهِ
السَّنَةِ وَآفَاتِهَا وَأَسْقَامَهَا وَفِتْنَتَهَا وَشُرُورَهَا وَأَحْزَانَهَا
وَضِيقَ الْمَعَاشِ فِيهَا وَبَلِّغْنِي بِرَحْمَتِكَ كَمَالَ الْعَافِيَةِ بِتَمَامِ
دَوَامِ النِّعْمَةِ عِنْدِي إِلَىٰ مُنْتَهَىٰ أَجَلِي أَسْأَلُكَ سُؤَالَ مَنْ
أَسَاءَ وَظَلَمَ وَاسْتَكَانَ وَاعْتَرَفَ وَأَسْأَلُكَ أَنْ تَغْفِرَ لِي مَا يَعْنِينِي

مِنَ الذُّنُوبِ الَّتِي حَصَرَتْهَا حَفَظَتُكَ وَأَحْصَاهَا كِرَامُ مَلَائِكَتِكَ
عَلَيَّ وَأَنْ تَعْصِمَنِي إِلٰهِي مِنَ الذُّنُوبِ فِيمَا بَقِيَ مِنْ عُمُرِي إِلٰى
مُنْتَهٰى أَجَلِي يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَأَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ
وَآتِنِي كُلَّ مَا سَأَلْتُكَ وَرَغِبْتُ فِيهِ إِلَيْكَ فَإِنَّكَ أَمَرْتَنِي
بِالدُّعَاءِ وَتَكَفَّلْتَ بِالْإِجَابَةِ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ○

اور بسند معتبر حضرت صادق ع سے منقول ہے کہ جسکی کوئی حاجت خدا کی جناب میں ہو
جسکا برآنا چاہتا ہو چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد سورۂ انعام پڑھے
اور بعد سورہ کے یہ دعا پڑھے يَا كَرِيمُ يَا كَرِيمُ يَا كَرِيمُ يَا عَظِيمُ يَا عَظِيمُ
يَا عَظِيمُ يَا أَعْظَمَ مِنْ كُلِّ عَظِيمٍ يَا سَمِيعَ الدُّعَاءِ يَا مَنْ
لَا تُغَيِّرُهُ اللَّيَالِي وَالْأَيَّامُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَارْحَمْ
ضَعْفِي وَفَقْرِي وَفَاقَتِي وَمَسْكَنَتِي فَإِنَّكَ أَعْلَمُ بِهَا مِنِّي وَ
أَعْلَمُ بِحَاجَتِي يَا مَنْ رَحِمَ أَيُّوبَ طُولَ بَلَائِهِ يَا مَنْ رَحِمَ
مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَمِنَ الْيُتْمِ آوَاهُ وَنَصَرَهُ عَلٰى
جَبَابِرَةِ قُرَيْشٍ وَطَوَاغِيتِهَا وَأَمْكَنَهُ مِنْهُمْ يَا مُغِيثُ
يَا مُغِيثُ يَا مُغِيثُ قسم ہے اس خدا کی کہ جان میری اسکے قبضۂ قدرت
میں ہے کہ اگر یہ نماز پڑھے اور یہ دعا پڑھے اور سب حاجتوں کو اپنی خدا سے مانگے تو البتہ روا کرے

فصل ۱۰۱ اعمال ہر شب و روز ماہ رمضان

بسند صحیح منقول ہے کہ جو کوئی ہر شب ماہ مبارک میں یہ دعا پڑھے گناہ چالیس برس کے
اسکے بخشے جائیں اَللّٰهُمَّ رَبَّ شَهْرِ رَمَضَانَ الَّذِي أَنْزَلْتَ
فِيهِ الْقُرْآنَ وَافْتَرَضْتَ عَلٰى عِبَادِكَ فِيهِ الصِّيَامَ صَلِّ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَارْزُقْنِي حَجَّ بَيْتِكَ الْحَرَامِ فِي عَامِي

هذا في كل عام مرة اغفر لي تلك الذنوب العظام فإنه لا
يغفرها غيرك يا رحمن يا علام اور ہر شب ہزار بار سورہ قدر اور
جو ممکن ہو تو سو بار سورۂ حم دخان پڑھنا سنت ہے اور جو عمل ہر روز و شب کا ماہ
رجب میں مذکور ہو چکا ہے اسکو بجا لاوے اور ایک روایت میں وارد ہوا ہے کہ تمام ماہ میں ہر شب
غسل مستحب ہے اور حضرت امام جعفر صادقؑ و جناب امام موسیٰ کاظمؑ سے منقول ہے کہ بعد ہر نماز کے ماہ مبارک
میں یہ دعا پڑھے يَا عَلِيُّ يَا عَظِيمُ يَا غَفُورُ يَا رَحِيمُ أَنْتَ الرَّبُّ الْعَظِيمُ
الَّذِي لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ وَهَذَا شَهْرٌ
عَظَّمْتَهُ وَكَرَّمْتَهُ وَشَرَّفْتَهُ وَفَضَّلْتَهُ عَلَى الشُّهُورِ وَهُوَ
الشَّهْرُ الَّذِي فَرَضْتَ صِيَامَهُ عَلَيَّ وَهُوَ شَهْرُ رَمَضَانَ
الَّذِي أَنْزَلْتَ فِيهِ الْقُرْآنَ هُدًى لِلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِنَ
الْهُدَى وَالْفُرْقَانِ وَجَعَلْتَ فِيهِ لَيْلَةَ الْقَدْرِ وَجَعَلْتَهَا
خَيْرًا مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ فَيَا ذَا الْمَنِّ وَلَا يُمَنُّ عَلَيْكَ مُنَّ عَلَيَّ
بِفَكَاكِ رَقَبَتِي مِنَ النَّارِ فِي مَنْ تَمُنُّ عَلَيْهِ وَأَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ
بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ اور یہ ایک دعا خوب ہے اور کم
سے کم ہر ایک شب میں ایک بار پڑھے اور دعائیں ہر روز کی ابن عباسؓ سے روایت
کرتے ہیں کہ آنحضرت صلعم نے بہت فضیلت ماہ رمضان مبارک کے روزوں کی
بیان فرمائی اور ہر روز کے واسطے ایک دعا مخصوص ہے اور فضیلت اور ثواب بسیار
واسطے اس دعا کے ذکر کیا ہے اصل دعاؤں میں سے ہر ایک دعا کے پڑھنے کا فضیلت
اور ثواب بہت زیادہ ہے بسبب تطویل رسالہ صرف اس دعا پر اکتفا کیا گیا دعا اول
روز کی اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صِيَامِي فِيهِ صِيَامَ الصَّائِمِينَ وَقِيَامِي فِيهِ
قِيَامَ الْقَائِمِينَ وَنَبِّهْنِي فِيهِ عَنْ نَوْمَةِ الْغَافِلِينَ

وَهَبْ لِي مِنْ جُرْمِي يَا إِلٰهَ الْعَالَمِينَ وَاعْفُ عَنِّي يَا عَافِياً عَنِ الْمُجْرِمِينَ
بِرَحْمَتِكَ الخ دُعَاءِ دوسرے روز کی اَللّٰهُمَّ قَرِّبْنِي فِيهِ إِلَىٰ مَرْضَاتِكَ وَجَنِّبْنِي
فِيهِ مِنْ سُخْطِكَ وَنَقِمَاتِكَ وَوَفِّقْنِي فِيهِ لِقِرَاءَةِ آيَاتِكَ بِرَحْمَتِكَ
يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ - دُعَاءِ تیسرے روز کی اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي
فِيهِ الذِّهْنَ وَالتَّنْبِيهَ وَبَاعِدْنِي فِيهِ مِنَ السَّفَاهَةِ
وَالتَّمْوِيهِ وَاجْعَلْ لِي نَصِيباً مِنْ كُلِّ خَيْرٍ تُنْزِلُ فِيهِ بِجُودِكَ
يَا أَجْوَدَ الْأَجْوَدِينَ دُعَاءِ چوتھے روز کی اَللّٰهُمَّ قَوِّنِي فِيهِ عَلَىٰ
إِقَامَةِ أَمْرِكَ وَأَذِقْنِي فِيهِ حَلَاوَةَ ذِكْرِكَ وَأَوْزِعْنِي فِيهِ
لِأَدَاءِ شُكْرِكَ بِكَرَمِكَ وَاحْفَظْنِي فِيهِ بِحِفْظِكَ وَسِتْرِكَ
يَا أَبْصَرَ النَّاظِرِينَ دُعَاءِ پانچویں روز کی اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي فِيهِ
مِنَ الْمُسْتَغْفِرِينَ وَاجْعَلْنِي فِيهِ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ
الْقَانِتِينَ وَاجْعَلْنِي فِيهِ مِنْ أَوْلِيَائِكَ الْمُقَرَّبِينَ بِرَحْمَتِكَ
يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ دُعَاءِ چھٹے روز کی اَللّٰهُمَّ لَا تَخْذُلْنِي فِيهِ
لِتَعَرُّضِ مَعْصِيَتِكَ وَلَا تَضْرِبْنِي فِيهِ بِسِيَاطِ نَقِمَتِكَ وَزَحْزِحْنِي
فِيهِ مِنْ مُوجِبَاتِ سَخَطِكَ بِمَنِّكَ وَأَيَادِيكَ يَا مُنْتَهَىٰ رَغْبَةِ
الرَّاغِبِينَ بِرَحْمَتِكَ الخ دُعَاءِ ساتویں روز کی اَللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلَىٰ صِيَامِهِ
وَقِيَامِهِ وَجَنِّبْنِي فِيهِ مِنْ هَفَوَاتِهِ وَآثَامِهِ وَارْزُقْنِي فِيهِ ذِكْرَكَ وَشُكْرَكَ
بِدَوَامِ تَوْفِيقِكَ يَا هَادِيَ الْمُضِلِّينَ يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِينَ بِرَحْمَتِكَ الخ
دُعَاءِ آٹھویں روز کی اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي فِيهِ رَحْمَةَ الْأَيْتَامِ وَإِطْعَامَ الطَّعَامِ
وَإِفْشَاءَ السَّلَامِ وَمُجَانَبَةَ اللِّئَامِ وَصُحْبَةَ الْكِرَامِ بِطَوْلِكَ يَا مَلْجَأَ
الْآمِلِينَ دُعَاءِ نویں روز کی اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِي فِيهِ نَصِيباً مِنْ رَحْمَتِكَ

الواسعة واهدني فيه لبراهينك الساطعة وخذ بناصيتي
اسْتَحْلَلْتُهَا فَاِنْ قَضَيْتَ لِيْ مِنْهَا وَلَدًا فَاجْعَلْهُ مُبَارَكًا تَقِيًّا مِنْ شِيْعَةِ
آلِ مُحَمَّدٍ وَلَا تَجْعَلْ لِلشَّيْطَانِ فِيْهِ شِرْكًا وَلَا نَصِيْبًا اور دونوں پاؤں
زوجہ کے ایک طرف میں دھووے اور اس پانی کو دروازہ سے مکان کے کونوں تک چھڑکے
کہ موجب خیر و برکت کا ہوتا اور دفع ان بیماریوں کا ہوتا ہے یعنی دیوانہ ہونے اور جذام اور کوڑھ سے
جب تک اس گھر میں رہے اور عروس کو سات دن تک دودھ اور سرکہ اور گشنیز اور سیب ترش

کھانے سے منع کرنا چاہیے اس سبب سے کہ اگر یہ چیزیں کھائیگی تو رحم اسکا سرد ہوگا اور بے
بانجھ ہوگی اور جمال [illegible] اگر [illegible] گھر کے دروازہ
سے آخر گھر تک چھڑکے تو خدا ستر ہزار قسم کی برکت اس گھر میں نازل فرماتا ہے اور ستر
طرح کی رحمت عروس پر نازل ہوتی ہے کہ برکت اسکی ہر گوشہ میں اس گھر کے پہونچتی ہے اور
معتبر ہے کہ عورت شوہر کی [illegible] اور حدیث میں وارد ہے کہ وہ [illegible] رہتا ہے جسکا مہر [illegible]
ہوا اور وارد ہوا ہے کہ اگر عورت اپنے شوہر کو مہر اپنا معاف کر دے تو ثواب عظیم اسکو
ہوتا ہے روایات صحیحہ میں وارد ہوا ہے کہ جو عورت مہر اپنا اپنے شوہر کو معاف کر دے عند اللہ
ہو یا مستقبل یعنی متعہ ہو حق تعالیٰ بعوض ہر درہم مہر کے ایک نور اسکو قبر میں عنایت فرماوے
اور بعوض ہر درہم کے ہزار فرشتوں کو حکم دے کہ واسطے اس عورت کے نیکیاں لکھیں قیامت تک

تفصیل اقسام محرمات نسبیہ و رضاعیہ و محرمات متفرقہ

واضح ہو کہ جواب مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ جناب میر آغا صاحب مجتہد العصر والزمان مدظلہ العالی
نے بجواب سوال سید رضی ساکن نانوتہ کو زیب رقم فرمایا بجنسہ ذیل میں نقل کیا جاتا ہے
سوال: مرد پر کون کون عورتیں حرام ہیں قرابت وغیرہ کی جہت سے یا رضاع کے سبب سے
اور شرائط رضاع کے کیا کیا ہیں امیدوار ہوں کہ با تفصیل احکام مذکورہ ارشاد کیے جاویں
بینوا توجروا۔ الجواب بسم اللہ تعالیٰ و تقدس [illegible] معلوم ہو کہ محرمات
کے چند اقسام ہیں قسم اول محرمات نسبیہ از روئے نسب سات ہیں (۱) امہات یعنی ماں حقیقیہ
اور دادی اور پردادی جہاں تک کہ بلند مرتبہ ہوں اور نانی اور پرنانی جہاں تک بلند مرتبہ ہوں (۲)
بنات یعنی دختران و پوتیاں اور نواسیاں جہاں تک کہ پست مرتبہ ہوں (۳)
اخوات یعنی بہنیں خواہ حقیقیہ ہوں خواہ سوتیلی خواہ مادری ہوں (۴) عمات یعنی باپ
کی بہن جسکو پھوپھی کہتے ہیں یا دادا یا پردادا وغیرہ کی بہنیں یا نانا یا پرنانا وغیرہ کی
سوتیلی ہو خواہ حقیقی اور رضاعی [illegible] پھوپھی ہو خواہ باپ دادا یا پردادا کی

پھوپھی ہو خواہ ماں کی پھوپھی ہو یا پدر کے آباء و اجداد کی پھوپھی ہو بہر صورت وہ عمات میں داخل
ہو (۵) خالات یعنی مادر کی بہن ہو اور خلاصہ یہ کہ اپنی خالہ ہو یا باپ یا دادا وغیرہ
کی خالہ ہو یا ماں کی خالہ ہو یا آباء و اجداد مادر کی خالہ ہو (۶) بنات الاخ یعنی دختران
برادر عینی و غیر عینی اور مراد اُس سے یہ ہے کہ بھائی عینی خواہ غیر عینی کی اولاد اور اولاد کی اولاد
سے جو عورتیں ہوں وہ سب حرام ہیں (۷) بنات الاخت یعنے خواہر عینیہ و غیر عینیہ
کی اولاد اور اولاد کی اولاد سے جتنی عورتیں ہوں وہ سب حرام ہیں اور حکم
مذکورہ حال اُن مردوں کا کہ جو از راہ قرابت عورت پر حرام ہیں یعنے جو اُسکے محرم ہیں
از راہ نسب کے دریافت ہو سکتا ہے قسم دوم محرمات بمصاہرہ یعنے زوجہ کے
رشتہ داروں میں سے جو عورتیں حرام ہیں مؤبداً یا جمعاً خواہ زوجہ نکاحیہ ہو خواہ متعیہ
اور وہ بھی چند عورتیں ہیں (۱) زوجہ کی مادر حقیقیہ اور زوجہ کی دادی اور پردادی اور
نانی اور پرنانی جہانتک بلند مرتبہ ہوں یہ سب حرام ہیں شوہر پر خواہ ہم بستر ہوا یا اگر چہ زوجہ سے
نوبت مباشرت کی نہ آئی ہو (۲) دختران زوجہ کہ جو اس شوہر کے نطفہ سے نہ ہوں
اور اسی طرح اولاد زوجہ کی تحریم مؤبد ہے جبکہ زوجہ مدخولہ ہو اُس شوہر کی ہو اور اگر
بعد عقد کے نوبت دخول کی اصلا نہ آئی ہو اور زوجہ کو طلاق دیوے تو اُسکی دختر سے
جو اُسکے نطفہ سے نہیں ہے اور اُسکو ربیبہ کہتے ہیں یہ شخص عقد کر سکتا ہے (۳) بہن
زوجہ کی حرام ہے جمعاً خواہ زوجہ اجازت دے خواہ نہ دے پس اگر طلاق دے زوجہ کو
اور عدہ رجعیہ اُسکا گذر جاوے تو اُسکی بہن سے عقد کر سکتا ہے اور اگر طلاق بائن ہو
جس طرح سے کہ مثلاً زوجہ غیر مدخول بہا تھی تو بعد طلاق کے فوراً اُسکی بہن سے عقد
کر سکتا ہے (۴) یہ کہ جب کسی عورت سے عقد نکاح یا متعہ کیا ہو پس تا بقائے زوجیت
کے اُسکی بھتیجی یا بھانجی سے عقد نہیں کر سکتا الا جبکہ زوجہ اجازت دیوے ہاں
اگر زوجہ کو طلاق دے تو اُسکی بھتیجی یا بھانجی سے عقد کر سکتا ہے فوراً اگر طلاق بائن ہو

برادر عینی و غیر عینی مراد بھائی عینی خواہ غیر عینی کی اولاد اور اولاد کی اولاد سے جو عورتیں ہوں وہ سب حرام ہیں [illegible] قسم دوم محرمات [illegible] رشتہ داروں میں سے [illegible]

[illegible] طلاق بائن [illegible]

وایضاً بعد عقد کے حرام ہے مرد پر زوجہ آبا و اجداد کی تحریم مؤبد اگرچہ مدخول بہا اُنکی
منکوحات نہوں اسی طرح سے حرام ہے پسر پر زوجات اولاد اور زوجات اولاد اولاد کی تحریم مؤبد
اگرچہ اُنکی مدخول بہا نہون قسم سوم محرمات رضاعیہ اور بیان اُنکا جب ہوگا کہ شرائط
رضاع معتبر جو پہلے بیان کیے جاوینگے پس معلوم ہو کہ نشر حرمت رضاعت میں چند شرطیں ہیں
اول یہ کہ دودھ عورت کا ہو نہ حیوان وغیرہ کا دوسری یہ کہ ہر ایک کا دودھ نہ ہو بلکہ زنا سے
حاصل نہوا ہو ورنہ اسکا اعتبار نہوگا تیسری یہ کہ ساتھ ولادت ہولوے کہ دودھ حاصل
ہوا ہو اگرچہ حمل مستند ہو ساقط ہو گیا ہو علی الاحوط نہ قبل وضع حمل کے اور نہ بعد انقطاع زمانہ
رضاعت سابقہ کے پس اگر کسی عورت کے دودھ خود بخود اُتر آوے بغیر حمل کے یا اثنائے
زمانہ حمل میں قبل وضع حمل کے تو اسکا اعتبار نہیں بلکہ اگر حمل ساقط ہو چند روز کا یا ایک ماہ کا
مثلاً اور قرائن علامت وغیرہ معلوم ہو جاوے کہ دودھ اسکے سبب سے نہیں اُترا بلکہ خود بخود
اُتر آیا ہے مثل زمانہ عدم حمل کے تو اسکا بھی اعتبار نہ کیا جائیگا اور اسی طرح اگر زمانہ رضاعت
کو مدت طویل گذر گئی اور دودھ خشک ہو گیا اور چند سال کے بعد مثلاً پھر دودھ خود بخود اُتر آیا
اگر اسوقت میں بھی وہ حاملہ ہو یعنی دوسری مرتبہ حمل رہا ہو جب بھی اس دودھ کا بھی
اعتبار نہوگا ہاں اگر اثنائے زمانہ رضاعت میں چند روز یا ایک ماہ تک دودھ خشک
ہو جاوے اور بعد اسکے بعد تمامی مدت رضاع دودھ اُتر آوے تو اس دودھ کا اعتبار
کیا جائیگا واللہ یعلم چوتھی یہ کہ رضیع کو دودھ پلایا ہو مقدار معین میں اور اسکی تعیین میں
آراء ہیں کہ جو صورتیں انمیں سے پائی جاویگی کافی ہوگی ایک صورت یہ ہے کہ مرضعہ نے اُس رضیع کو
پندرہ مرتبہ دودھ پلایا ہو یوں طریق کہ ہر مرتبہ اچھی طرح سیر ہو کر پیا ہو بلا شرکت مرضعہ دیگر اگرچہ
بیچ بیچ میں غذا کھائی ہو مگر زمانہ کم میں واقع ہوئے ہوں پس اگر پندرہ مرتبہ پلایا ہو مثلاً
درمیان ایک آدھ مرتبہ کی تمام نہیں گذری اور رضیع کو غذا کھلائی دودھ کی اتنی باقی رہی یا کسی
مرضعہ دیگر سے پیا ہو یا اس اثنا میں دوسری عورت نے اُسکو دودھ پلایا ہے تو رضاع کامل نہوا الخ

شیر حلال کے بطریق متعارف پس حرمت نہو گی علی الاظہر الاشہر لیکن اگر اس اثنا میں طفل کو کچھ
غذا وغیرہ بھی دیگئی ہو تو اس جہت سے کچھ خلل نہو گا یعنی حکم بحرمت کیا جاویگا واللہ یعلم
دوسری صورت یہ ہے کہ اسکو تمام روز وشب میں پلایا ہو بایں طریق کہ مجموع روز وشب
میں جب خواہش کرے اسکو دودھ پلایا جاوے اگرچہ بعضے مرتبہ سیر نہو لیکن مرتبہ اخیر
میں خواہ مخواہ سیر ہو گیا ہو حتی کہ صادق آوے عرفا کہ آٹھ پہر میں آسنے اس مرضعہ کا
دودھ سیر ہو کر پیا ہے اگرچہ لڑکا مریض او نہ قدر متعارف سے کم پیتا ہو درحالیکہ دوسری
مرضعہ کا مطلقا دودھ نہ ملا ہو بلکہ کچھ غذا وغیرہ بھی اس طفل نے اس اثنا میں نہ کھائی ہو
اگرچہ اس آٹھ پہر کے زمانہ میں شیر اسکو پندرہ مرتبہ سے کم دیا گیا ہو علی المشہور اور اگر
مثلاً ایک مرضعہ کا دودھ ایک مرتبہ پیا ہو بعد ازاں تمام روز وشب میں وہ گرسنہ اور
تشنہ رہا یا خواب یا بیہوشی میں رہا پس ظاہر نشر حرمت نہو گی واللہ یعلم تیسری صورت
یہ ہے کہ جب دونوں صورت مذکورتین میں سے کوئی نہ پائی جاوے تو اس مقدار دودھ پیا ہو
رضیع نے اس مرضعہ کا کہ جسکے سبب سے گوشت جسم رضیع میں پیدا ہوا ہو اور استخوان بھی
اسکا اس دودھ سے مضبوط اور مستحکم ہوا ہو اگرچہ اس مدت میں بعضے مرتبہ اسنے سیر ہو کر
نہ پیا ہو یا دوسری عورت نے بھی اسکو دودھ پلایا ہو لیکن بر سبیل قلت وندرت یا کچھ غذا
رضیع کو ملی ہو شاذ ونادر ونہایت قلیل کہ قابل اعتبار کے نہ تھی لیکن اگر دو ایک مرتبہ غذا
مثلاً دیجاوے اور دو ایک مرتبہ دو عورت دودھ پلاوے تو ظاہرا حکم بہ نشر حرمت نہو گا
اور اسی طرح سے اگر دو عورتیں یا زیادہ اسکو دودھ پلاویں بالاشتراک اسطرح پر کہ کسی نے
انمیں سے بالاستقلال پندرہ مرتبہ نہیں پلایا اور نہ ایکدن رات کامل پس نشر کہ مذکور ہوا میں حرمت انمیں سے
کسی مرضعہ کی نسبت نہو گی اور وجہ ثبوت تحقیقین یعنی نمو گوشت اور مضبوطی استخوان واسطے اہل خبرہ وبینا اور
آگاہ کرنا اہل تجربہ اور امتحان کا جبکہ موجب حصول علم ہو یا دو مرد مومن عادل گواہی اسکی دیں اور اگر دونوں طریق
میں سے کسی طریق کی گواہی نہ پائی جاوے پس امر دودھ یہ ہے کہ رضاعت واقع ہوئی ہو یا وجود اختلال

امور معتبرہ صورت اول دودھ کی مدت دراز تک اسقدر کہ لفظ اس عادۃ علم ہو دو وصف
مذکورہ کے تحقق کا حاصل ہو اور اگر ظن ہو نہ علم پس رعایت حرمت احوط ہوگی اور اگر شک
ہو فقط پس ان ہر دو صورتوں میں حکم بہ نشر حرمت نہ کیا جاویگا واللہ اعلم (۵) یہ کہ مرضعہ کا دودھ بمقدار
معتبر زمانہ حیات مرضعہ میں پیا ہو نہیں اگر مثلاً چودہ مرتبہ پلا کر مرضعہ مرگئی اور اسکے مرنے
کے بعد رضیع نے پندرھویں مرتبہ اسکا دودھ پی لیا پس حکم بہ نشر حرمت نہ ہوگا (۶) یہ کہ جس
طفل نے دودھ پیا ہے سن اسکا دو برس سے زیادہ نہ ہو پس اگر زیادہ ہو دو برس سے
اور دودھ پیے کسی مرضعہ کا تو نشر حرمت نہ ہوگی (۷) یہ کہ رضیع نے سر پستان منہ میں لیکر
بطریق متعارف دودھ پیا ہو پس اگر دودھ دوہ کر کسی ظرف میں یا انگلی پر اُسکو
یا شیر کو جما کر یا دہی بنا کر کھلادیں تو اسکا اعتبار نہ ہوگا علی الاظہر ہاں اگر پستان سے اسکے
منہ میں نچوڑ کر پلایا بقدر سیری طفل پس رعایت حرمت احوط ہے واللہ اعلم (۸) یہ کہ
رضیعین نے ایک شوہر مرضعہ کا دودھ پیا ہو پس اگر مرضعہ نے جو شوہر اول سے دودھ بہم
پہونچایا تھا وہ مثلاً زید کو پلایا اور جو شوہر ثانی سے دودھ حاصل ہوا تھا وہ ہندہ کو پلایا
پس زید و ہندہ میں مناکحت ہو سکتی ہے اگرچہ باقی سب شرائط پائے جاتے ہوں اور جب
شرائط رضاعت معتبرہ کے بیان سے فراغت ہوئی پس معلوم ہو کہ جب سب شرائط
نشر حرمت رضاع متحقق ہوں تو حرام ہوتی ہیں رضیع پر وہ عورتیں کہ جو حرام ہیں بجہت نسب
وغیرہ اور تفصیل اسکی بطریق تفصیل مذکورہ بالا بیان کیجاتی ہے درضمن چند امور (۱)
یہ کہ رضیع پر حرام ہوتی ہے مرضعہ اور مادر مرضعہ اور اسکی دادی اور نانی جہانتک
بلند مرتبہ ہوں اور اسی طرح سے مادر و جدات شوہر مرضعہ اور مراد شوہر مرضعہ سے
اس مقام میں اور مابعد اسکے جہاں پر ذکر اسکا ہوگا وہ شوہر ہے کہ جسکا دودھ رضیع کو ملا ہے
اور اگر رضیع ہو یعنی دختر نے دودھ پیا تھا تو اس دختر پر حرام ہے شوہر مرضعہ اور آباء و اجداد
اس شوہر کے اور آباء و اجداد مرضعہ کے (۲) یہ کہ حرام ہے شوہر مرضعہ پر رضیعہ اور اولاد رضیعہ

تفصیل محرمات [illegible]

کی جہانتک کہ منتہی بپشت پست ہون اور اسی طرح سے حرام ہی مرضعہ پر رضیع اور اولاد اسکی
اور اولاد رضیعہ کی (۲) حرام ہے رضیع پر کل اولاد شوہر مرضعہ کہ وہ سب بمنزلۂ خواہران
علاتیہ رضیع مذکور ہین بلکہ جتنی لڑکیون نے شوہر مذکور کا دودھ پیا ہوگا وہ سب اس طفل
رضیع پر حرام ہونگی اگرچہ وہ لڑکیان نطفۂ شوہر مذکور سے نہون اور اسی طرح سے
حرام ہی رضیع پر کل اولاد نسبیہ مرضعہ کہ وہ سب اسکے بمنزلۂ خواہران اخیافی کے ہین لیکن
اُس مرضعہ نے جو اور لوگون کی لڑکیون کو شیر غیر شوہر مذکور کا پلایا ہو تو وہ لڑکیان ہمی رضیع
پر حرام نہونگی پس اُنمین سے رضیع عقد کرسکتا ہی چونکہ دو شوہران مرضعہ کا دودھ اُنھون
نے پیا ہی (۴) حرام ہین رضیع پر خواہران نسبیہ شوہر مرضعہ کہ وہ بمنزلۂ عمۂ یعنی پھوپھی
رضاعیہ اُس شیرخوار کی ہونگی اور اسی طرح سے حرام ہی عمۂ شوہر مذکور کی اور عمۂ
مرضعہ کی (۵) حرام ہی شیرخوار پر خواہر نسبیہ مرضعہ کی کہ وہ خالہ رضاعیہ اس طفل کی ہوگی
اور اسی طرح سے حرام ہی خالہ مرضعہ کی اور خالہ اُسکے شوہر کی (۶) حرام ہین رضیع پر
بھتیجیان اور بھانجیان رضاعیہ یعنی دختران اولاد شوہر مذکور اور دختران اولاد
نسبیہ مرضعہ (۷) حرام ہی مرد پر مادر رضاعیہ زوجہ یعنی مرضعہ زوجہ کی (۸) حرام ہی مرد پر
خواہر رضاعیہ زوجہ کی جمعًا جیساکہ خواہر نسبیہ زوجہ کی حرام ہوتی ہی جمعًا (۹) حرام
ہی عقد زوجہ کی بھتیجی رضاعیہ سے اور زوجہ کی بھانجی رضاعیہ سے بدون اذن زوجہ جیساکہ
سابقًا مذکور ہوا (۱۰) حرام ہی رضیع پر کل زوجات شوہر مرضعہ کی (۱۱) حرام ہی شوہر
مرضعہ پر کل زوجات اُس طفل رضیع کی (۱۲) جائز نہین بنابر قول قوی یہ کہ پدر رضیع
مناکحت کرے ساتھ دختران شوہر مرضعہ کے خواہ وہ نطفۂ شوہر مذکور سے ہون خواہ
رضاعیہ ہون یعنی وہ لڑکیان اغیار کی جنھون نے دودھ شوہر مذکور کا پیا ہو اور اسیطرح
سے حرام ہین پدر رضیع پر دختران نسبیہ مرضعۂ مذکورہ اور لیکن وہ لڑکیان کہ جنکو اُس
مرضعہ نے شیر غیر شوہر مذکور پلایا ہو وہ لڑکیان پدر رضیع پر حرام نہین ہین بلکہ

خود رضیع پر بھی وہ حرام نہیں ہیں جیسا کہ سابقاً لکھا گیا (۱۳) جب کوئی عورت دودھ پلاوے
زید کو اور ہندہ کو درحالیکہ زید و ہندہ میں کچھ قرابت نہو ہیں بالتحقیق زید کے لئے حرمت
کے نکاح آپس میں جائز نہیں جیسا کہ سابقاً مذکور ہوا لیکن نکاح برادر و خواہر زید کا ساتھ
خواہر یا برادر ہندہ کے جائز ہے بلا اشکال اور آیا نکاح برادر زید کا ساتھ خود ہندہ کے یا
خواہر ہندہ کا خود زید سے جائز ہے یا نہیں یہ مسئلہ اختلافیہ ہے اور اظہر یہ ہے کہ نکاح مذکور
بھی جائز ہے بلکہ شوہر مرضعہ بھی نکاح کر سکتا ہے خواہر رضیع سے علی الظاہر المشہور جیسا کہ
تصریح کی ہے بعض فقہانے واللہ اعلم آگے تشریح ہوتے ہیں مسائل مذکورہ سے چند احکام
(۱) یہ کہ اگر مثلاً خالہ زید کی یا پھوپھی زید کی دودھ پلاوے زید کو درحالیکہ زید
رضیع ہو برضاعت معتبرہ پس زید پر حرام ہو جاوینگی دختران انکی یعنی خالہ یا پھوپھی مذکورہ اور
اگر کوئی زوجہ یا ام الولد عم زید کی یا انکے ماموں کی دودھ پلاوے زید مذکور کو وہ شیر
کہ جو حاصل ہوا ہے ماموں یا عم مذکور سے پس اولاد ماموں یا چچا کی زید پر حرام ہو جاوینگی
(۲) اگر نانی نواسہ کو دودھ پلاوے بشرائط معتبرہ پس مادر اصلی شیر خوار کی مثلاً
ہندہ پدر شیر خوار کے عقد سے خارج ہوگی اور اسپر حرام مؤبد ہو جاویگی اسلیے کہ پدر
شیر خوار پر حرام ہے اولاد نسبی مرضعہ کی اور اگر زید شیر خوار کی نانی حقیقی دودھ نہ پلاوے
لیکن زید کے نانا کی کوئی زوجہ یا ام الولد دودھ نانا کا زید کو پلاوے برضاعت معتبرہ
جب بھی مادر طفل مسماۃ ہندہ پدر زید کے عقد سے خارج ہو جاویگی اسلیے کہ نانا
شوہر مرضعہ ہے اور ہندہ اسکی اولاد سے ہے اور شوہر مرضعہ کی اولاد حرام ہے
پدر رضیع پر آن اگر مثلاً باپ زید شیر خوار کا مر گیا اور اسکے بعد اسکی مادر ہندہ نے
دوسرا شوہر کیا پس اگر زید کی نانی حقیقی یا سوتیلی زید کو دودھ پلاوے تو ہندہ عقد
شوہر ثانی مذکور سے خارج ہوگی جس طرح سے کہ اگر دادی حقیقی یا سوتیلی زید
شیر خوار کی دودھ پلاوے زید کو تو مادر زید کے عقد میں خلل نہوگا (۳) اگر مثلاً

حامد کی زوجہ اپنی بہن کو دودھ پلاوے برضاعت معتبرہ وہ ہمشیرہ حامد سے ہم شیر ہو چکی ہو
پس حامد پر ہمشیرہ مذکورہ زوجہ کی حرام موبد ہو جاویگی اور اسی طرح سے اُس ہمشیرہ
زوجہ کی اولاد بھی حامد پر حرام ہوگی تا آن زوجہ کی جو دوسری بہن ہو کہ جس نے دودھ
اسکا نہیں پیا وہ حرام موبد نہوگی چنانچہ سابقًا اشارہ کیا گیا اور سوا اسکے اور چند
صورتیں متفرع ہو سکتی ہیں لیکن ذکر انکا چنداں ضرور و اہم نہیں ہے فائدہ اگر کوئی عورت
دعوی کرے کہ میں نے زید و ہندہ کو دودھ پلایا ہے با شرائط معتبرہ پس دعوی
اسکا قبول نہوگا اور آن دونوں کے درمیان حکم رضاعت کا نہ کیا جائیگا الا جبکہ
دو مرد مومن عادل یا ایک مرد مومن عادل اور دو زن عادلہ مومنہ یا چار زنان
مومنہ عادلہ گواہی دیں رضاعت کی درمیان زید و ہندہ کے بالتفصیل یعنی جس حاکم
شرع کے سامنے گواہی دیجاوے تو گواہوں کو چاہیئے کہ بالتفصیل بیان کریں حصول
شرائط رضاعت مذکورہ تاکہ حاکم کو معلوم ہو کہ موافق اُسکے مذہب کے شرائط پائے
گئے ہیں یا نہیں تا آن بہ نسبت زن و مرد مذکورہ کے بالخصوص حکم رضاعت جاری
کیا جائیگا بسبب اُسکے اقرار کے اور یہ قبل کہ زید ہندہ کو سبب رضاعت واقع کرنی اُسکو
جائز ہوگی اور اسی طرح سے اگر کوئی مرد اقرار کرے کہ فلان عورت میری ماں رضاعی
یا خواہر رضاعی ہے مثلًا تو اُسکو بھی نکاح اُس سے جائز نہوگا اور اگر کسی زن و مرد میں
نکاح یا متعہ واقع ہو چکا ہو اور بعد از آن شوہر یا زوجہ اقرار کرے کہ درمیان ہمارے
رضاعت معتبرہ کہ باعث تحریم ہے قبل ہی واقع ہو چکی تھی پس اگر احد الزوجین اقرار کرے اور
دوسرا اُنمیں سے تصدیق اُسکے دعوی کی کرے پس آن دونوں میں عقد باطل قرار
دیا جاویگا اور دونوں علیحدہ کیے جاوینگے اور اگر دوسرا اُنمیں کا مدعی کے دعوی کی تصدیق
نکرے پس جبتک دعوی اُسکا ثابت بطریق ثبوت شرعی نہوگا حکم بطلان عقد کا نہ کیا جائیگا
واللہ العالم قسم چہارم وہ عورتیں ہیں کہ جو حرام ہوتی ہیں مرد پر بہ تحریم

مؤبد یا غیر مؤبد باسباب مختلفہ سوا ان وجہوں کے جو سابقاً ذکر کی گئیں اور بیان انکا
در ضمن چند فوائد کیا جاتا ہے (۱) اگر مثلاً زید کسی زن اجنبیہ سے وطی بشبہہ کرے یعنی مثلاً
گمان ہوا کہ وہ میری زوجہ ہے یا مملوکہ میری ہے یا کسی اور وجہ سے اسکے حلال ہونے کا
گمان ہوا اور حلال سمجھکے اس سے مجامعت کی پس وہ عورت اگر کسی شخص کی زوجیت
یا عدہ میں ہو تو حرام مؤبد زید پر ہوگی لیکن مادر زن مذکورہ اور دختران زن مذکورہ
زید پر حرام مؤبد ہوجاوینگی اور خود وہ عورت پدر زید اور پسر زید پر حرام مؤبد ہوجاویگی
علی الاظہر اور یہی حکم ہے اگر زن مذکورہ سے کسی شخص نے زنا کیا ہو علی الاشہر الاقوی اور
اگر مجامعت یعنی دخول کی نوبت نہ پہونچے بلکہ فقط ملامسہ اور بوسہ اس کیا ہو تو حکم حرمت
زنان مذکورہ جاری نہوگا یعنی اسکی مادر وغیرہ حرام نہونگی ب اگر کسی شخص کی زوجہ ہو نکاح دائم
یا منقطعہ اور وہ شخص زنا کرے مادر زوجہ سے یا دختر زوجہ سے یا خواہر زوجہ سے
تو زوجہ اسکی حلال رہیگی اور اسکی زوجیت میں کچھ خلل نہوگا ج اگر العیاذ باللہ کوئی مرد
لواطہ کرے کسی مرد سے اور نوبت ادخال کی پہونچی ہو تو فاعل پر حرام ہوجاوینگی دختران
شخص مفعول اور مادر وجدات مفعول کی اور خواہران مفعول نسبیہ ہوں یا رضاعیہ لیکن اگر
ان عورتوں میں سے کسی عورت کے ساتھ اس فاعل نے عقد کیا ہو قبل از لواطہ یعنی زوجہ
کے پسر یا برادر وغیرہ سے لواطہ کرے تو زوجہ حرام نہوگی علی الظاہر المشہور د اگر زید مثلاً
کسی عورت کے ساتھ نکاح یا متعہ کرے اور دخول نہ کیا ہو لیکن اگر جانتا تھا کہ یہ کسی
شخص کی زوجیت یا عدہ میں ہے اور حرمت عقد مذکور بھی جانتا تھا لیکن بمجرد عقد وہ عورت
حرام مؤبد ہوجاویگی زید پر اور اگر حرام ہونا اسکا نہ جانتا تھا تو عقد باطل ہوگا لیکن
حرمت ابدی نہوگی اور اگر زید مذکور نے بعد عقد کے دخول کیا ہو تو وہ عورت حرام
مؤبد ہوجاویگی زید پر مطلقاً یعنی خواہ عالم بحرمت ہو خواہ نہو اور وہ زوجیت میں اپنے
شوہر کے باقی ہو یا عدہ رجعیہ میں یا عدہ بائنہ میں ہو اور اسی طرح سے حرام مؤبد ہوجاویگی

زید پر مثلاً وہ عورت کہ زید اُس سے زنا کرے درحالیکہ وہ شوہردار ہو یا اُسکے شوہر نے اُسے
طلاق رجعی دیا تھا اور عدہ رجعیہ اُسکا باقی تھا اگرچہ زید کو وقت نہ ہوا اُسکی زوجہ یا معتدہ ہونے
سے اور اگر عدہ بائنہ تھا ایسا ہی اُسکا حکم حرمت ابدی ہو گا۔ مرد آزاد کے عقد میں اگر کوئی زن
حرہ ہو تو بغیر اُسکی اجازت کے کنیز غیر سے وہ مرد نکاح یا متعہ نہیں کر سکتا اگرچہ
مالک کنیز نے اذن دیا ہو ہاں اپنی کنیزان مملوکہ سے وطی کر سکتا ہے بغیر اذن زوجہ کے بھی
اور اگر مرد آزاد مثلاً زید کی کوئی زوجہ حرہ نہ ہو تو جب بھی کنیز غیر سے نکاح یا متعہ جائز نہ ہوگا
اِلّا جبکہ دو شرطیں پائی جاویں اول یہ کہ کسی زن حرہ سے عقد نکاح نہ کر سکتا ہو بسبب اسکے کہ
نفقہ اُسکا نہیں دے سکتا یا وہ بغیر ادائے مہر کے فی الحال عقد پر راضی نہیں اور یہ شخص فی الحال
مہر نہیں دے سکتا یا اور کوئی مانع مثل اسکے ہو دوم یہ کہ عقد کنیز سے ترک نکر سکتا ہو
بسبب اسکے کہ در صورت ترک خوف ارتکاب حرام یا مشقت شدید ہو جو اکثر ہیں اگر یہ دونوں
شرطیں پائی جاویں تو نکاح یا متعہ کنیز غیر سے جائز ہے بلا اشکال اور اگر دونوں شرطیں یا ایک
انمیں سے نہ پائی جاوے تو وہ جائز نہیں ہے علی الاقوی (۱۰) جائز ہے مرد آزاد کو چار نکاح
دائمی تک ساتھ زنان حرہ کے نہ زیادہ اُس سے یہانتک کہ اگر ایک کو انمیں سے
طلاق رجعی دیا ہو تو پانچویں عورت سے نکاح دائمی نہیں کر سکتا جبتک کہ عدہ رجعیہ اُس
مطلقہ کا باقی ہو اور اگر عدہ بائنہ ہو تو پانچویں عورت سے نکاح دائمی کرنا جائز ہے علی المشہور
لیکن مکروہ ہے اور اگر اُس مطلقہ کا عدہ نہ ہو بسبب اسکے کہ غیر مدخول بہا تھی مثلاً اگر یا منجملہ
چار منکوحات کے کوئی مرجاوے تو پانچویں عورت سے فوراً نکاح کر سکتا ہے بلا اشکال اور
متعہ کر سکتا ہے زنان حرہ سے جسقدر چاہے اور اسی طرح سے اپنی کنیزان مملوکہ سے وطی کر سکتا ہے
جسقدر کنیزیں ہوں (۱۱) جو شخص زن منکوحہ کو مجبور بطلاق دے درحالیکہ قبل اسکے وہ عورت
شخص اجنبی سے نکاح کر چکی ہو یا نہ کر چکی ہو ایسا معتبر نہیں وہ عورت اُس طلاق دینے والے
پر حرام ابدی ہو جاویگی (۸) اگر لواطت کرے کسی نوجوان سے [illegible]

حرام ہو جاویگی ۹ اور اگر زوجہ کسی کی گونگی بہری ہو اور وہ مرد قذف کرے یعنی
زنا کی تہمت کرے اسپر بطور معتبر تو وہ اسکے شوہر پر حرام مؤبد ہو جاویگی ۱۰ اگر کوئی شخص
مثلاً زید عقد کرے کسی عورت سے درحالیکہ زید مذکور احرام حج یا عمرہ کا باندھے ہوئے ہو یا بنت
کسی شخص سے کیا یا لااصالۃ باوجود علم حرمت عقد تو وہ عورت زید پر حرام مؤبد ہو جاویگی خواہ
دخول کیا ہو خواہ نہ کیا ہو اور اگر جاہل مسئلہ ہو پس اگر بعد عقد کے دخول کیا ہے تو بھی بنابر
مشہور حرام مؤبد ہو جاویگی اور اگر دخول نہیں کیا پس وہ عقد فاسد ہوگا لیکن وہ عورت
زید پر حرام مؤبد نہ ہوگی علی المشہور ۱۱ مرد و عورت میں سے اگر ایک اہل اسلام سے ہو اور
دوسرا کافر ہو اصلی یا مرتد یا حکم کافر میں ہو مانند ناصبی اور خارجی اور صلفی اور غالی وغیرہ باہم
تو ان میں مناکحت جائز نہیں ہے ۱۲ اگر مرد و عورت میں نکاح ہوا درحالیکہ وہ دونوں مسلمان تھے
اور بعد اسکے کوئی ان میں سے مرتد ہو جاوے قبل از ان کہ نوبت دخول کی آئی ہو تو نکاح
باطل ہو جائیگا تو پس اگر عورت فقط مرتدہ ہو گئی تھی تو مہر بیوی کا تمام ہی باطل اور اگر شوہر
مرتد ہو گیا تھا ارتداد فطری تو اسکے مال میں سے تمام مہر دیا جاویگا اور اگر مرتد ارتداد
ملی ہوا تھا تو بعض فقہا کے کلام سے مستفاد ہوتا ہے کہ نصف مہر عورت کو ملیگا لیکن
خالی اشکال و تامل سے نہیں ہے بلکہ ظاہر یہ ہے کہ تمام مہر اسے بھی دیا جاوے اور اگر قبل از
ارتداد دخول ہو چکا تھا پس مہر دیا جاویگا مطلقاً پس اگر زوجہ بعد دخول کے فقط مرتدہ ہوئی
تو نکاح متزلزل انکا باقی رہیگا تا زمانہ انقضا کے عدہ طلاق پس اگر اس اثنا میں
اس عورت نے توبہ معتبرہ کی تو نکاح بدستور صحیح رہیگا والا باطل ہو جاویگا اور یہی حکم
ہے اگر شوہر بعد وطی کرنے کے مرتد ہو جاوے بارتداد ملی یعنی ماں باپ اسکے دونوں کافر
تھے اور یہ مسلمان ہو کر مرتد ہو گیا اور ساتھ ہی دونوں کا ارتداد ہو یعنی زوجہ بھی مرتد ہو گئی اور
شوہر بھی مرتد ملی ہو گیا پس اگر دونوں اثنائے عدہ میں رجوع کریں تو نکاح باقی رہیگا والا
منفسخ ہو جائیگا اور اگر شوہر مرتد فطری ہو یعنی باپ اسکا مسلمان تھا یا مادر مسلمہ تھی یا دونوں

مسلمان تھے جبکہ یہ حکم اوسمیں آیا اور بعد بلوغ کے مسلمان ہو کر مرتد ہو گیا تو نکاح اس صورت میں
فورًا باطل ہو جاویگا اور اسکی زوجہ کو چاہیے کہ عدۂ وفات شوہر رکھے اور اموال اس
مرتد فطری کے بعد ادائے مہر زوجہ وغیرہ اسکے وارثان شرعیہ پر تقسیم کیے جاوینگے اور اگر یہ مرتد
توبہ کرے تو اسکا اعتبار نہ کیا جاویگا یعنی کوئی حکم مسلمان کا اسپر جاری نہ کیا جاویگا اگرچہ
احتمال ہے کہ باطنًا میان خود و خدا توبہ اسکی مقبول ہو اور آخرت میں ثمرہ بخشے اور دنیا میں اسکے
یہی حکم اس شوہر اور زوجہ کا کہ وہ دونوں کافر اصلی تھے بعد ازان ایک انمیں سے مسلمان ہو گیا
پس اگر زوجہ سے شوہر نے کبھی دخول نہ کیا تھا تو عقد فورًا باطل ہو جاویگا اور عدہ ساقط ہے
اور اگر دخول کی نوبت آئی تھی اور وہ عورت یائسہ یا صغیرہ نہیں ہے پس تا انقضائے ایام
عدۂ طلاق انتظار کی جاویگی اگر دوسرے نے انمیں سے بھی اس اثنا میں اسلام قبول
کیا تو نکاح انمیں بدستور صحیح رہیگا مثل صحت نکاح کے درصورتیکہ دونوں ساتھ ہی اسلام لاویں
اور اگر عدۂ طلاق گذر گیا اور جو کفر پر باقی تھا وہ مسلمان نہوا تو اسکے عقد سے وہ عورت خارج
ہو جاویگی واللہ یعلم مسئلہ ۱۳ اگر کسی مرد کے عقد میں کوئی عورت صغیرہ ہو یعنی سن اسکا کامل نو برس
کا نہو تو مجامعت کرنی اس سے حرام ہے لیکن اگر دسواں برس اسکو شروع ہوا اور اس
بات کا یقین حاصل ہوا یا اسکی گواہی دی دو مرد مومن عادل نے تو مجامعت اس سے
جائز ہے بشرطیکہ مظنہ اسکے ضرر معتد بہ کا نہو اور یہی حکم کنیز مملوکہ کا ہے اور اگر کسی شخص نے
دخول کیا زوجہ نابالغہ سے اور افضا ہو گیا یعنی درمیان مخرج حیض و مخرج بول زن کے اتحاد ہو گیا
یا مخرج حیض و غائط ایک ہو گیا اگرچہ یہ بعید ہے پس بسبب مذکورہ سے وطی اسکو حرام مؤبد
ہو جاویگی یعنی کبھی اس سے مجامعت اسکو جائز نہوگی اگرچہ اسکے عقد سے باہر نہوگی اور
نفقہ اسکو برابر دینا ہوگا چنانچہ کہ ظاہر کلام ایک جماعت فقہا کا یہی ہے کہ جبتک وہ زندہ
رہے تو شوہر مذکور اسکو نفقہ دیئے جاوے اگرچہ اسکو طلاق دیدی ہو اور اسنے دوسرے
مرد سے عقد کر لیا ہو لیکن اپنی کنیز صغیرہ کا افضا کیا ہو تو ظاہرا حکم مذکور جاری نہوگا اور اگر

افضا نہوا ہو تو وطی زوجہ صغیرہ مذکورہ سے حلال ہوگی بعد اسکے بلوغ کے علی الاشہر الاظہر
جس طرح سے کہ اگر وطی کرے زوجہ سے بعد ثبوت بلوغ اسکے کے لیکن اتفاق سے افضا
واقع ہو تو بھی وطی اس سے حرام نہوگی جبکہ زخم اسکا مندمل ہوجاوے واللہ یعلم
خاتمہ سواے زنان مذکورات کے اور کوئی عورت کہ جو مرد پر حرام مؤبد ہو خیال ناقص
مین فی الحال نہین آتی ہان حرمت وطی چند مدت تک اور وجہون سے بھی ہوتی ہے مثل
حیض کے اور مانند اسکے اور بسبب ظہار کے اور مانند اسکے لیکن بیان ان سب کا اس
مقام پر دشوار ہے اور اسکے بیان کی چندان ضرورت بھی نہین ہان یہ بیان کرنا چاہیے
کہ محرم اور نامحرم کے بارہ مین یعنی جن عورتون کو مرد سے پردہ کرنا لازم ہے یا پردہ لازم نہین
کوئی ضابطہ ہے یا نہین پس معلوم ہو کہ نامحرم کے بارہ مین تو ظاہرا ضابطہ کلیہ یہ ہوسکتا ہے
کہ جس عورت سے اس مرد کو نکاح یا متعہ یا عقد تحلیل یا عقد موجب مملوکیہ واقع کرنا
جائز ہے اگرچہ بعض ایام مین جائز ہو نہ بعض زمانون مین وہ عورت اسکی نامحرم ہے جبکہ
کوئی وجہ محرمیت کی نہ پائی جاوے اور محرم کے بارہ مین شاید یہ قاعدہ ہو کہ جو عورت منجملہ
محرمات نسبیہ یا محرمات ابدیہ رضاعیہ ہو یا محرمات ابدیہ مہریہ سے ہو یا اسکے نکاح یا
عدہ رجعیہ یا متعہ مین یا اسکی مملوکیہ شرعیہ مین یا عقد تحلیل مین وہ اس مرد کی محرم
ہے اور بعید نہین یہ قاعدہ کلیہ ہو پس سواے ان عورتون کے اور سب نامحرم ہونگی یہان تک
کہ خواہر زوجہ بھی نامحرم ہے واللہ یعلم - حررہ عبد المذنب مصطفے المدعو بہ آغا عظیم حسین

فصل ۱۲۷ - بیان نکاح منقطع یعنی متعہ

اول ٹھہرانا مدت و مہر کا شرط ہے فرمایا جو شخص متعہ کرے عمر مین ایک مرتبہ وہ اہل بہشت
سے ہے دوسری حدیث مین فرمایا کہ عذاب نہ کیا جاویگا وہ شخص جو متعہ کرے مگر عورت
عفیفہ ہو اور مومنہ ہو اور عورت بدکار اور فاحشہ سے متعہ جائز نہین اور صیغہ اسکا کس
زبان مین مرد و زن سمجھین جائز ہے اور اگر دونون زبان عربی پڑھین تو اس طور پر کہنا چاہیے

اوّل عورت کہے مَتَّعْتُكَ نَفْسِي عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُومِ وَالْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ
پس مرد بلا فاصلہ کہے قَبِلْتُ الْمُتْعَةَ لِنَفْسِي عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُومِ وَالْمُدَّةِ
الْمَعْلُومَةِ اور اگر دونوں طرف وکیل ہو تو وکیل زن بجائے لفظ نَفْسِي کے مُوَكِّلَتِي
کہے اور وکیل مرد بجائے لِنَفْسِي کے لِنَفْسِ مُوَكِّلِي کہے اور اگر زبان اردو میں صیغہ متعہ کا
پڑھیں تو اول عورت یوں کہے کہ متعہ میں دیا میں نے اپنے نفس کو اوپر اتنے مہر اور اتنی مدت کے پس
فوراً مرد کہے کہ قبول کیا میں نے متعہ کو واسطے اپنے نفس کے اوپر اتنے مہر کے اتنی مدت تک اور متمتع ہوا
میراث نہیں پاتی اور یہ بھی جاننا چاہیئے کہ غرض نکاح و متعہ سے توالد و تناسل ہے پس آنحضرت صلعم
نے فرمایا کہ طلب فرزند میں کوشش بلیغ کرو اور رجوع درگاہ باری میں کرو ساتھ دعا و تعویذات کے
مسائل متعلق متعہ جو جناب مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ سید مصطفیٰ معروف بہ سید آقا
صاحب مجتہد العصر والزمان مدظلہ نے زیب رقم فرمائے تحریر کیے جاتے ہیں مخفی نہ رہے
کہ جتنے صیغہ ہائے نکاح ہیں سب میں لفظ اَنْكَحْتُ کے مقام پر لفظ مَتَّعْتُ کہی جاوے
اور لفظ فِي الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ اضافہ کیا جاوے تو وہ سب صیغہ ہائے متعہ ہو جائینگے بلکہ
بنا بر قول مشہور و قوی لفظ نکاح و تزویج سے بھی واقع ہو سکتا ہے پس ہر صیغہ نکاح اگر
اپنے حال پر باقی رکھا جاوے لیکن لفظ فِي الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ اسمیں زیادہ کیا جاوے
تو وہ ہی صیغہ متعہ قرار پاویگا اور صیغہ متعہ میں ذکر مدت معینہ ضرور ہے پس اگر مدت کا ذکر
نہ کرے تو وہ متعہ منقلب بہ نکاح دائمی ہو جاویگا علی القول المشہور اگرچہ نکاح دائمی کا
قصد نہ کیا ہو اور یہی ذکر مہر کا متعہ کی صحت میں شرط ہے پس اگر مہر معین نہ کیا ہو یا ذکر مہر
کا صیغہ متعہ میں نہ کرے عمداً یا سہواً تو متعہ باطل ہو جاویگا اور متعہ کرنا زنان نصرانیہ
یا یہودیہ سے بعض فقہا کے نزدیک جائز ہے لیکن اجتناب اس سے احتیاطاً لازم ہے
اور زن سنیہ اگر متعہ پر راضی ہو تو مرد شیعہ اس سے متعہ کر سکتا ہے جبکہ وہ ناصبیہ یا
خارجیہ نہو اور جس زن آزاد سے متعہ یا نکاح کرے تو ضرور ہے کہ وہ عورت کسی شخص کی

نکاح

زوجیت میں یا عدۂ متعہ میں یا عدۂ طلاق میں یا عدۂ وفات شوہر میں اور کسی طرح کے
عدۂ وطی حلال میں یعنی عدہ غیر زنا میں نہو ہاں اگر امور مذکورہ سے وہ خارج ہے
لیکن کسی شخص نے اس سے زنا کی ہو پس اگر زنا سے حاملہ ہوئی ہو تو عدہ اسکا ساقط
ہے یعنی زمانہ حمل زنا میں شخص زانی یا غیر زانی اس سے متعہ کر سکتا ہے بلا اشکال اور اگر
اس سے کسی شخص نے زنا کی تھی لیکن حاملہ نہیں ہوئی تو آیا عدۂ زنا کی رعایت لازم
ہے یا نہیں یہ مسئلہ اختلافی ہے اور بظاہر نظر قاصر میں سقوط عدۂ زنا ہے مطلقاً لیکن احوط
یہ ہے کہ بعد از انکہ ایک حیض سے پاک ہو اس سے متعہ کیا جاوے اور اقویٰ اسکا یہ ہے یعنی
کہ بعد خروج از حیض کسی مرد سے مباشرت نہیں کی کافی ہے جبتک کہ دو حیض اسکا ثابت نہو
اور منجملہ زمانہ متعہ دو حیض ہیں جبکہ وہ عورت مستقیمۃ الحیض ہو یعنی ہر ماہ میں حائض
ہوتی ہو بعد شوہر نسوان یعنی جب مدت متعہ کی تمام ہو جاوے تو بعد اسکے تا وقتیکہ حیض دوم
سے فارغ نہو کسی دوسرے شخص سے عقد نہیں کر سکتی ہاں شخص اول سے عقد کر سکتی ہے اثناء
عدہ میں بھی اور اگر حیض اسکا بند ہو گیا ہو کسی امر عارضی سے لیکن سن یاس کو نہیں
پہونچی ہے پس عدہ اسکا پینتالیس دن ہیں اور جب عدہ متعہ اسکا تمام ہو جاوے تو
شوہر دیگر اس متعیہ کی خواہش سے عقد کر سکتا ہے بالاتفاق اور اگر عدہ متعہ تمام نہوا ہو پس
جواز اسکا مختلف فیہ ہے اور بنظر قاصر خاطی میں جواز اسکا ہے واللہ یعلم اور عدۂ طلاق
مثل زوجۂ حرہ تین طہر ہیں جبکہ مستقیمۃ الحیض ہو اور اگر حیض بند ہو گیا ہو کسی عارضہ سے
قبل پہونچنے سن یاس کے تو عدہ اسکا تین مہینے ہیں علی الاشہر لیکن یہ حکم زن متعیہ
اور اسکا حکم مطلقہ کا جب ہے کہ وہ مدخول بہا شوہر کی ہوں اور حاملہ نہوں اور شوہر زندہ
ہو پس اگر مدخول بہا نہوں تو عدۂ متعہ اور عدۂ طلاق دونوں ساقط ہیں اور اگر حاملہ ہو
تو عدہ وضع حمل ہے یعنی جب وضع حمل ہوگا تو عدۂ متعہ یا عدۂ طلاق سے خارج ہوگی
اور اگر شوہر مر جاوے زوجہ متعیہ یا مثل حرہ چھوڑ کر پس اگر وہ حاملہ نہو تو عدہ

وفات شوہر چار مہینے اور دس دن کا ہوگا خواہ مدخول بہا ہو خواہ نہو اور نہیں تو عدہ ابعد الاجلین ہے یعنی قبل مدت مذکورہ کے اگر وضع حمل ہو جاوے تو تمامی مدت مذکورہ کا انتظار کرے اور اگر مدت مذکور تمام ہوگئی درحالیکہ وہ حاملہ ہے پس اب بعد وضع حمل کے عدہ سے خارج ہوگی اور زیادہ تفصیل کی گنجائش نہیں ہے اور معلوم ہو کہ متعہ میں طلاق نہیں ہے بلکہ بعد تمامی مدت کے وہ اسکی زوجیت سے خارج ہوگی جسطرح سے کہ اگر مدت متعہ کی اسکو معاف کردی جب بھی وہ جدا ہو جاویگی اور بدون عقد جدید شوہر اس سے رجوع نہیں کرسکتا اور زن متعیہ کو نفقہ دینا شوہر پر لازم نہیں ہے اور نہ شب باشی اسکے گھر میں شوہر پر واجب ہے ہاں اگر صیغہ متعہ میں اسکی شرط ہوگئی ہو تو نفقہ دینا اور شب باشی کرنا حق لازم ہے اور درمیان زن متعیہ اور شوہر کے توارث نہوگا بدون اشتراط توارث اور اگر اسکی شرط کی گئی ہو درمیان صیغہ کے پس بعض فقہا نے فرمایا ہے کہ توارث ہوگا لیکن خالی اشکال و تامل سے نہیں اور اگر زن متعیہ کو قبل دخول کے مدت متعہ کی معاف کردے تو نصف مہر ساقط ہوگا اور نصف مہر دینا ہوگا اور اگر بعد دخول کے مدت متعہ کی معاف کردے تو تمام مہر دینا لازم ہوگا جبکہ اسنے نشوز یعنی امتناع وطی سے بلا عذر شرعی نہ کیا ہو اور اگر زن متعیہ بعد عقد متعہ کے امتناع کرے مباشرت شوہر سے از ابتدائے عقد تا اینکہ مدت متعہ کی تمام ہوگئی پس اگر اس اثنا میں تمام مدت تک وہ حائض رہی یا بیمار رہی ساتھ ایسے مرض کے کہ مانع از وطی تھا پس تمام مہر دینا ہوگا خواہ دخول ہوا ہو یا نہوا ہو علی الظاہر اور اگر بلا عذر شرعی تمام مدت میں امتناع از وطی کیا تو تمام مہر ساقط ہوگا جبکہ دخول اصلاً نہ واقع ہوا ہو اور اگر بعد دخول کے باقی مدت میں امتناع کیا ہے یعنی کچھ زمانہ میں دخول کرا طاعت کی اور کچھ زمانہ میں مباشرت سے امتناع کیا تو ہو سکتا ہے کہ حساب بمقدار زمانہ اطاعت فقط مہر دیوےگا اور باقی نہ دیوے مثل اسکے کہ اگر تین دن کا متعہ کیا تھا تین روپیہ مہر پر اور ایک دن اسنے اطاعت کی اور بعد اس دن کے پھر دو دن کامل امتناع کیا بلا عذر شرعی پس اس صورت میں وہ مستحق ایک روپیہ کی ہوگی نہ زیادہ کی اور

اسی طرح سے حساب کرنا چاہیے باقی صورتوں میں حررہ العبد الذلیل المستہام المصطفیٰ
المدعو بمیر آغا عفی عنہ

فصل ۱۲۸۔ بیان اوقات جماع میں

واضح ہو کہ اوقات جماع کتاب سفینۃ النجاۃ سے مفصلہ ذیل درج ہیں پس شب دوشنبہ اور شب سہ شنبہ اور شب پنجشنبہ کو اور شب جمعہ کو خصوصاً بعد نماز عشا اور وقت زوال روز پنجشنبہ اور بعد عصر روز جمعہ اور شب اول ماہ رمضان میں جماع کرے اور اجتناب کرے جماع سے اوقات ذیل میں اور شب عید فطر میں و شب عید قربان اور شب نصف شعبان اور روز نیمہ شعبان اور شب آخر شعبان اور شب اول ماہ اور درمیان ماہ اور آخر ماہ میں اور سفر کو جاتے وقت جبکہ مسافت سفر تین شبانہ روز کی ہو اور جس شب کہ سفر سے آیا ہو اور چاند گہن کی رات میں اور سورج گہن کے دن میں اور وقت حدت آفتاب اور آندھی سیاہ و سرخ و زرد کے وقت اور زلزلہ کے وقت اور جس وقت برہنہ ہو اور جس وقت رو بقبلہ یا پشت بقبلہ ہو اور جس وقت کشتی میں ہو اور جس وقت محتلم ہو مگر یہ کہ وضو کر لے اور مابین غروب آفتاب و برطرف ہونے سرخی مغرب کے اور مابین طلوع صبح و طلوع آفتاب کے اور درمیان اذان و اقامت کے اور ساعت اول شب میں اور ساعت بعد زوال و قریب زوال اور چھت پر اور جبکہ عورت حاملہ ہو مگر یہ کہ وضو کر لے اور اس گھر میں جس میں سوائے تیرے اور عورت کے کوئی اور ہو خواہ طفل خواہ غیر طفل اور اجتناب کرو لیٹے سے وقت جماع اور نگاہ کرنے سے فرج زن پر اور دوسری عورت کی یاد میں اپنی عورت سے جماع کرنا اور کھڑے ہو کر جماع کرنا اور عورت کی پشت اپنی طرف کر کے جماع کرنا اور درخت میوہ دار کے نیچے جماع کرنا اور روبآفتاب جماع کرنا مگر یہ کہ پردہ حائل ہو اور عورت کے پاس لیٹے ہوئے جنابت میں قرآن پڑھنا اور چاہیے کہ کپڑا پاک کرنے جسم مرد کا اور جسم عورت کا علیحدہ علیحدہ ہو اسواسطے کہ ایک کپڑا ہونا باعث ہونے عداوت کا ہے اور جب چاہتا ہے کہ جماع کرے تو او شیطان سے تارک نہو پڑھے

وہ دعا جو کافی میں جناب امیر علیہ السلام سے روایت ہوئی ہے وہ یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ
اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنِی الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنِی

اب جو جو خرابیاں دربارہ کرنے جماع اوقات مذمومہ کی ہیں وہ لکھی جاتی ہیں احادیث میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جماع نہ کرے شب چہارشنبہ کو اور اول ماہ اور درمیان ماہ اور آخر ماہ میں کہ باعث گرجانے حمل کا ہوتا ہے اور اگر فرزند پیدا ہوگا تو دیوانہ یا صاحب صرع ہوگا اور احادیث کا خلاصہ یہ ہے کہ جب جماع کرے پہلے وسمت بازی اور خوش طبعی کرے اور وقت جماع کے بات نہ کرے کہ اگر فرزند پیدا ہوگا تو گونگا ہوگا اور بوقت مجامعت فرج زن پر نظر نہ کرے کہ اگر فرزند پیدا ہوگا اندھا ہوگا اور ایک روایت میں ہے کہ مضائقہ نہیں نگاہ کرنے میں فرج زن پر وقت جماع کے اور منع ہے مجامعت کرنا خضاب لگا کے اور جائز ہے زن کو برہنہ کر کے دیکھنا اور حرام ہے مجامعت کرنا فرج زن میں اس وقت کہ حائض ہو یا خون نفاس کا رکھتی ہو اور نفاس سے پاک ہو کے حائض اور نفساء سے مساس کرنا مکروہ ہے اور نہ چاہیے طفل کے سامنے جماع کرنا کہ وہ طفل زناکار ہوتا ہے یا جو فرزند پیدا ہوتا ہے زناکار ہوتا ہے اور چاہیے کہ وقت مجامعت کے مرد اور زن کو برہنہ کرنا اور پردے ڈالنا اور مستحب ہے کہ اگر زن آزاد سے جماع کرے اپنی منی کو باہر نہ گرائے اور بعض علما حرام جانتے ہیں منی گرانا سبب خرچ عورت کے اور کنیز سے مجامعت کرکے منی باہر گرائے تو مضائقہ نہیں اور جائز ہے دو کنیزوں میں سونا اور دو زن آزاد میں سونا مکروہ ہے اور منع ہے قبلہ رو جماع کرنا اور برہنہ جماع کرنا اور پشت بقبلہ جماع کرنا اور کشتی میں جماع کرنا مگر پانی میں جماع کرنا جائز ہے اور بعض علما قائل حرمت ہوئے ہیں کہ کوئی شخص محتلم ہوا ہے پانی نہ پائے واسطے غسل کے اور جماع کرے اگر خوف ضرر کا رکھتا ہو تو مضائقہ نہیں اور مکروہ ہے محتلم کو پہلے غسل سے جماع کرنا اس واسطے کہ جو فرزند پیدا ہوگا تو دیوانہ ہوگا اور حضرت رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ یا علی نہ کر اپنی زن سے جماع اول ماہ اور درمیان ماہ اور آخر ماہ میں

کہ دیوانگی و جذام و خبط و داغ ہوتا ہے اُس عورت کو اور اُسکے فرزندون کو اور جماع نہ کر بعد
بعد بلہرسے کہ اگر فرزند پیدا ہوگا احول ہوگا اور بات نہ کر وقت جماع کے کہ فرزند گونگا
ہوگا اور نظر نہ کر فرج زن پر کہ فرزند اندھا ہوگا اور بہ غیر عورت کی خواہش پر اپنی زن
سے جماع نہ کر کہ فرزند ہوگا تو مخنث یا دیوانہ ہوگا اور کھڑے ہو کر جماع نہ کر کہ فعل
گدھون کا ہے اگر فرزند پیدا ہوگا تو مثل گدھے کے تخت خواب پر پیشاب کریگا اور
شب عید فطر کو جماع نہ کر کہ اگر فرزند پیدا ہوگا بہت شر اُس سے ظاہر ہونگے اور شب
عید قربان کو جماع نہ کر کہ اگر فرزند پیدا ہوگا تو اُسکے چھہ یا چار انگلیان ہونگی اور زیر
درخت میوہ دار کے جماع نہ کر کہ اگر فرزند پیدا ہوگا تو جلاد و کشندہ مردم یا رئیس
دیگر گروہ ظالمان ہوگا اور آفتاب کے سامنے جماع نہ کر کہ فرزند پیدا ہوگا تو بد حال و پریشانی
مین مبتلا ہوگا تا بمرگ اور درمیان اذان و اقامت کے جماع نہ کر کہ فرزند پیدا ہوگا
تو خونریزی پر راغب ہوگا یا علی جب زن حاملہ ہو اُس سے جماع نہ کر بے وضو کہ فرزند
پیدا ہوگا تو کوردل و بخیل ہوگا اور شب نیمہ شعبان مین جماع نہ کر کہ اگر فرزند پیدا ہوگا
تو مشوم ہوگا اور اُسکے منہ پر نشان سیاہی کا ہوگا اور روز آخر شعبان مین جماع
نہ کر کہ فرزند ہوگا عشار یا یاور ظالمون کا ہوگا اور بہت آدمی اُسکے ہاتھ سے ہلاک ہونگے
اور پشت بام پر جماع نہ کر کہ فرزند منافق و ریا کنندہ و صاحب بدعت ہوگا جب سفر
مین جانا ہو تو اُس شب جماع نہ کر کہ فرزند پیدا ہوگا تو مال کو ناحق صرف کریگا اور جب تین
دن کے سفر مین جانا ہو تو جماع نہ کر کہ فرزند پیدا ہوگا تو یاور ظالمون کا ہوگا اور شب دوشنبہ
جماع کر کہ اگر فرزند پیدا ہوگا تو حافظ قرآن اور راضی قسمت خدا پر ہوگا اور شب
سہ شنبہ کو جماع کر کہ اگر فرزند پیدا ہو تو بعد اسلام کے شہادت پائے اور دہن اُسکا
خوشبو اور دل اُسکا رحیم اور ہاتھ اُسکا جوانمرد اور زبان اُسکی غیبت و بہتان سے
پاک ہو اور شب پنجشنبہ کو جماع کر کہ فرزند پیدا ہو تو حاکم شرع یا عالم ہو اور روز پنجشنبہ

جسوقت کہ آفتاب درمیان آسمان کے ہو جماع کرے کہ فرزند پیدا ہوگا تو شیطان نزدیک اسکے
نہ ہوگا پیری تک اور خدا سلامتی دین و دنیا کی اسکو دیگا اور اگر شب جمعہ کو جماع کریگا جو فرزند
پیدا ہو خطیب و سخن گو ہو اور اگر جمعہ کے دن بعد نماز عصر جماع کریگا تو فرزند دانا مشہور
ہوگا اور اگر جماع کرے شب جمعہ بعد نماز عشا کے امید ہے جو فرزند پیدا ہو ابدال میں سے ہو
اور جماع نہ کرو رات کی پہلی ساعت میں کہ امان اس بات سے نہیں ہے کہ فرزند ساحر ہو اور
دنیا کو آخرت پر اختیار کرے یا علی ان وصیتوں کو مجھ سے سیکھو جس طرح میں نے جبرئیل
سے سیکھیں اور منع کیا حضرت رسول خدا صلعم نے جماع کرنے کو زیر آسمان مگر جبکہ پردہ
حائل ہو درمیان میں تو جماع کرلے اور منع کیا جماع کرنے کو سر راہ کہ آدمی آتے جاتے
ہوں اور فرمایا کہ جو راہ میں جماع کرتے ہیں خدا اور ملائکہ اور آدمی اُن پر لعنت کرتے ہیں اور
جو کوئی اسم خدا کی نقش کی ہوئی انگوٹھی پہنے ہو تو وقت جماع اتار لے اور جسوقت کہ عورت
حیض سے پاک ہو چکی ہو مگر غسل نہیں کیا ہے تو اول غسل سے جماع کرنا بعضے حرام جانتے
ہیں اور احوط اجتناب ہے مگر ضرور ہو تو بعد دھونے فرج کے اُس سے مقاربت کرسکتا ہے
اور یہ مسئلہ غسل حیض میں بیان ہو چکا ہے احتیاطاً اس جگہ بھی لکھدیا اور چند کتابوں
میں مثل تحفۃ العوام وغیرہ کے میں نے دیکھا کہ ایّام حاملہ کے ساتھ جماع کرنیکی مدت
تحریر ہے اور یہ بھی تحریر ہے کہ بعد اتنی مدت کے حرام ہے مگر کتابہائے معتبرہ میں میری نظر
سے کسی جگہ نہیں گذرا لہذا میں نے جناب ممتاز العلما سید مصطفی صاحب مجتہد العصر دام ظلہ
سے دریافت کیا کہ حاملہ عورت کے ساتھ جماع کرنا کے مہینے تک جائز ہے اور بعد کتنی مدت کے
حرام ہے یہ جواب آیا کسی وقت میں حرام نہیں الا جبکہ ضرر معتد بہ مظنون ہو بنسبت حمل
کے یا حاملہ کے واللہ یعلم حررہ میر آقا عفی عنہ اور جب مرد کو فراغ ہو مباشرت یا انزال
تو مستحب ہے کہ مفارقت نہ کرے عورت سے تا وقتیکہ اسکا مطلب حاصل نہو

فصل ۱۲۹ حقوق زن کے شوہر پر

اُن حقوق میں سے جو عورت مرد پر رکھتی ہی اور جو کچھ شیخ کلینی رح نے کافی میں ائمہ علیہم السلام سے روایت کی ہی یہ ہی کہ شوہر کو لازم ہی کہ عورت کو نفقہ دے اور کپڑا دے اور جو گناہ کہ از روے جہل اُس سے ظہور میں آئیں اُنکو بخشدے اور نفقہ میں ایسا کرے کہ ایک ماہ میں کم سے کم دو بار گوشت اور ہر یار رہ بار گھی کھلاوے اور ہر میوے فصل کے اُسکے واسطے لاوے اور عیدوں میں اور جمعہ میں ایسا کرے کہ کھانا اُسکا اور دنوں کے کھانے سے بہتر ہو اور جناب امیر ع نے فرمایا کہ عورتوں کو بالاخانہ پر رہنے کو جگہ نہ دو اور لکھنا اُنکو نہ سکھلاؤ اور اُسی کتاب میں ائمہ ع سے روایت ہوئی ہی کہ بد عورتوں سے پناہ مانگو خدا کی طرف اور نیک عورتوں سے بھی حذر میں رہو اور نیکی میں اطاعت عورتوں کی نہ کرو کہ طمع ہوگی بد بات کی بھی اور یہ بھی منع فرمایا کہ عورتوں کو زین پر سوار نکرو اور جناب رسول خدا صلعم جب جنگ کفار کو تشریف لیجاتے تھے تو عورات سے مصلحت فرماتے تھے اور جو کچھ وہ کہتی تھیں اُسکے خلاف عمل کرتے تھے اور حضرت امام محمد باقر ع نے فرمایا کہ راز عورتوں سے نہ کہو اور عزیزوں کے بارہ میں جو کچھ یہ تمسے کہیں اطاعت نکرو اور حضرت امیر ع نے حضرت امام حسن ع کو وصیت کی کہ ہرگز مشورہ عورتوں سے نکرو کہ راے اُنکی ضعیف ہی اور عزم اُنکا سست ہی اُنکو ہمیشہ پردہ میں رکھو اور باہر نہ بھیجو اور جہانتک ہو سکے ایسا کرو کہ سواے تمہارے اور مرد کو نہ پہچانیں اور جو خدمت اُنسے لینے کی منظور ہو وہ لو کہ یہ واسطے اُنکے حال اور خوشی اور حسن و جمال کے بہتر ہی اس واسطے کہ زن گل ہی نہ خدمتگار نہیں اور اپنے کو اُنکے آگے گرامی رکھو اور اُنکا سخن اوروں کے حق میں قبول نکرو اور آپ کو بہت اُنکے ہاتھ میں نہ دو اور حضرت امیر ع نے فرمایا کہ وہ مرد کہ جو اپنے کاموں کو عورت کی تدبیر پر رکھے ملعون ہی اور حضرت رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ جو کوئی اطاعت عورت کی کرے ان کاموں میں کہ وہ رخصت طلب کرے سیر کرنے کو اور حمام میں جانے کو اور شادی میں یا غمی میں جانے کو اور عید گاہ میں جانے کو اور لڑائی میں جانے کو اور کپڑا باریک کہ جسمیں رنگ جسم کا

معلوم ہو باہر جانے کو پہننے کے لیے اور شوہر اسکا انہیں اطاعت اسکی کرے تو خدا اسے بہرہ
اور نابینا محشور جہنم میں ڈالتا ہے اور کتاب جمال الصالحین میں ہے کہ جو کوئی بدخوئی زن پر صبر کرے
ہر ایک مرتبہ کہ صبر کرے مثل ثواب صبر ایوب کے لکھا جاوے اور عورت پر روز و شب مثل ریگ
صحرا کے عالج کے گناہ لکھے جاویں اور وارد ہے کہ جو شخص اپنی عورت سے جماع کرنا واجب
ہے اگر موجود ہو اور سفر میں یا کوئی عذر طرفین سے نہو اور اگر کئی عورتیں رکھتا ہو تو ایک زن
کے پاس ایک شب سونا واجب ہے اسی طرح ہر ایک کے پاس ایک شب سووے اور
بعض علماء کا یہ اعتقاد ہے کہ مطلقاً واجب ہے کہ عورت کے پاس چار شبوں میں ایک شب
سووے خواہ ایک زن رکھتا ہو خواہ زیادہ اور یہ احوط ہے

فصل ۱۳۰ - حقوق شوہر کے زن پر

کتاب کافی میں شیخ کلینی نے ائمہ سے روایت کی ہے کہ زوجہ پر واجب ہے کہ اپنے خاوند
کی اطاعت کرے اور بے رضا اُسکے کوئی کام نہ کرے اور بے رضا و اذنکے مال میں سے کچھ تصدق
نہ کرے مگر باجازت شوہر تصدق کر سکتی ہے اور اگر بغیر اجازت شوہر کے کسی کو کچھ دیوے
تو اُس عورت کو گناہ اور وبال ذخیرہ ہوتا ہے اور ثواب اُسکا مرد کو ہوتا ہے اور سنتی روزہ بھی
بغیر اجازت شوہر نہ رکھے مگر باجازت شوہر رکھ سکتی ہے اور شوہر کو جماع سے منع نکرے
اگرچہ پالان شتر پر ہو بلکہ اپنے کو فاخرہ لباسوں اور خوشبو سے آراستہ کرے اور ہر صبح و شام
آراستگی اپنی شوہر کو دکھلائے اور گھر سے باہر نہ جائے مگر باجازت اُسکے اگر بے اجازت
باہر جائے تو ملائکہ زمین و ملائکہ رحمت و ملائکہ غضب اُسپر لعنت کرتے ہیں جبتک کہ
گھر میں واپس ہو کر آوے چنانچہ کتاب جمال الصالحین میں ہے کہ ایک عورت کا شوہر
سفر کو گیا اور اپنی عورت سے کہہ گیا کہ جبتک میں واپس نہ آؤں گھر سے نہ نکلنا اسی اثناء
میں اُس عورت کا باپ بیمار ہوا عورت نے بخدمت جناب پیغمبر خدا صلعم کہلا بھیجا کہ اگر فرمایئے تو
اپنے باپ کی عیادت کو جاؤں فرمایا کہ بموجب کہنے شوہر کے گھر سے باہر نہ نکلنا چاہیے وہ باپ

پھر عورت نے آدمی آنحضرت صلعم کی خدمت میں بھیجا چنانچہ پھر آنحضرت صلعم نے یہی جواب
میں فرمایا تھا تاکہ باپ اس عورت کا فوت ہوا بعد فوت اپنے پدر کے اس عورت نے واسطے
نماز جنازہ و رسومات موت کے آنحضرت صلعم سے اذن طلب کیا آنحضرتؐ نے وہی جواب دیا تھا تاکہ
کہ اس عورت کا باپ دفن ہو گیا آنحضرت صلعم نے اس عورت کے پاس کہلا بھیجا کہ خدا تعالیٰ
نے تیرے باپ کو بخشدیا بسبب اسکے کہ تو نے اپنے شوہر کی اطاعت کی اور زوجہ کو
چاہیے کہ ایسا نکرے کہ شوہر ایک شب اس سے ناراض ہو ہرچند کہ زیادتی شوہر کی جانب
سے ہو اسواسطے کہ وہ عورت کہ جس سے شوہر ناراض ہوگا نماز اسکی مقبول درگاہ الٰہی نہوگی
اور حدیث دیگر میں حضرتؐ نے فرمایا کہ دس میں ایک حصہ حق عورت کا مرد پر ہے اور نو ۹۹
حصے حق مرد کے عورت پر ہیں اور حدیث میں ہے کہ عورت اپنے شوہر کو ناراض نکرے اگرچہ وہ
ظلم بھی کرے اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ جو عورت ناراضی شوہر میں رات کو
بسر کرے نماز اس عورت کی قبول نہوگی جب تک کہ اسکا شوہر اس سے راضی نہوا اور جو
عورت کہ خوشبو غیر مرد کے لیے لگاوے تو نماز اسکی قبول نہوگی جب تک کہ اس خوشبو کو
پانی سے دھو کر دور نہ کرے اور حضرت نے فرمایا کہ کوئی عمل نیک اس عورت کا آسمان پر
نہیں جاتا جسکا شوہر ناراض ہو اور حدیث میں ہے کہ جہاد مردوں کا راہ خدا میں جان و مال
دینا ہے اور جہاد عورتوں کا یہ ہے کہ شوہر کے رنج و ایذا دینے اور دوسرا نکاح کرنے پر
صبر کریں اور حضرت رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ اگر حکم کرتا میں کسی کو سوائے خدا کے
سجدہ کرنے کا تو ہر آئینہ کہتا میں کہ عورتیں اپنے شوہروں کو سجدہ کریں اور حضرت نے
فرمایا کہ جس عورت کو شوہر واسطے مجامعت کے طلب کرے اور وہ اسقدر دیر کرے
کہ مرد سو جاوے تو ملائکہ اس عورت پر لعنت کرتے ہیں جب تک کہ شوہر اسکا بیدار ہووے اور
حدیث صحیح میں ہے کہ جو عورت اپنے شوہر سے کہے کہ میں نے کبھی تجھ سے کوئی نیکی نہیں دیکھی
تو اسکے اعمال سابقہ یعنی نیکیاں وغیرہ جو اعمال نیک کیے ہیں سب کے سب جاتے رہتے ہیں۔

فصل ۱۳۱ ادعیہ و اعمال طلب فرزند

ثواب جماع کے احکام نکاح میں بیان ہو چکے ہیں اس جگہ صرف ادعیہ و اعمال طلب فرزند لکھے جاتے ہیں کتاب سفینۃ النجاۃ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہوئی ہے کہ وقت جماع یہ کہے اَللّٰهُمَّ اِنْ رَزَقْتَنِيْ ذَكَرًا سَمَّيْتُهُ مُحَمَّدًا اور جو کوئی سورۂ حجرات گیارہ مرتبہ پڑھکر ذکر پر پھونکے پھر جماع کرے خدا تعالیٰ اسکو فرزند دے انشاء اللہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جس کسی کو کوئی فرزند پیدا نہ ہوتا ہو چاہیے اس دعا کو پڑھے اَللّٰهُمَّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ وَحِيْدًا وَحْشًا فَيَقْصُرُ شُكْرِيْ عَنْ تَفَكُّرِيْ بَلْ هَبْ لِيْ عَاقِبَةَ صِدْقٍ ذُكُوْرًا وَّاِنَاثًا آنَسُ بِهِمْ مِنَ الْوَحْشَةِ وَاَسْكُنُ اِلَيْهِمْ مِنَ الْوَحْدَةِ وَاَشْكُرُكَ عِنْدَ تَمَامِ النِّعْمَةِ يَا وَهَّابُ يَا عَظِيْمُ يَا مُعَظَّمُ ثُمَّ اَعْطِنِيْ فِيْ كُلِّ عَافِيَةٍ شُكْرًا حَتّٰى تُبَلِّغَنِيْ مِنْهَا رِضْوَانَكَ فِيْ صِدْقِ الْحَدِيْثِ وَاَدَاءِ الْاَمَانَةِ وَوَفَاءِ الْعَهْدِ۔ اور حدیث دیگر میں فرمایا کہ واسطے طلب فرزند کے سجدہ میں یہ دو آیتیں پڑھے رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ اور حدیث دیگر میں فرمایا کہ جس کسی کے فرزند نہ ہوتا ہو نیت کرے کہ اگر فرزند ہوگا علی نام رکھونگا انشاء اللہ اسکے واسطے فرزند عطا ہوگا اور حدیث دیگر میں منقول ہے کہ ایک شخص نے خدمت حضرت امام علی بن موسیٰ الرضا میں شکایت کی کہ میں بیمار رہتا ہوں اور میرے فرزند نہیں ہوتا فرمایا کہ اپنے گھر میں اذان باواز بلند کہو اسنے ایسا ہی کیا پس اسکا مرض صحیح ہو گیا اور بہت سے فرزند ہوئے اور مکارم الاخلاق میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ مصباح کفعمی میں لکھا ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام موسیٰ کاظم سے قلت اولاد کی شکایت کی فرمایا کہ استغفار بہت پڑھا اور مرغ کا انڈا خاص کھایا کر اور مصباح میں حضرت امیر سے منقول ہے کہ جبکہ کوئی شخص ارادہ طلب

فرزند کا کرے پس بعد وضو کے کامل کے دو رکعت نماز پڑھے باشرائط و آداب اور بعد نماز کے سجدہ
کرے اور اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ ایک سو مرتبہ کہے اور اپنی زوجہ سے ہم بستر ہو اور یہ دعا پڑھے
اَللّٰهُمَّ اِنْ تَرْزُقْنِیْ وَلَدًا لَاُسَمِّیَنَّهٗ بِاِسْمِ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنْشَاءَ اللّٰہ فرزند عطا ہوگا۔ طب الائمہ میں جابر بن یزید جعفی سے روایت کی ہے
کہ ایک شخص بنی امیہ میں سے خدمت حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام میں حاضر ہوا اور آل محمد کو
دوست رکھتا تھا اور عرض کیا کہ ایک کنیز حاملہ رکھتا ہوں وہ ماہ نہم میں داخل ہوئی ہے امیدوار
دعا ہوں میں کہ حق تعالیٰ مجھکو لڑکا عطا فرماوے آنحضرت نے دعا کی اور فرمایا کہ لکھ سورہ
اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ مشک و زعفران سے اور اسکو دھو کر پلا دے اور یہ دعا لکھکر آویزان
کر کہ اسمیں حفاظت حاملہ اور بچہ کی ہے اُعِیْذُ مَوْلُوْدِیْ بِسْمِ اللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ
اِنَّا اَمْسَکْنَا السَّمَآءَ اور سفینۃ النجاۃ میں ہے کہ جو کوئی سورہ آل عمران کو
زعفران و گلاب سے لکھے اور اس عورت پر باندھے جسکو حمل نہ رہتا ہو حاملہ ہو جاوے اور یہ بھی
حدیث میں ہے کہ واسطے امن پانے گرنے مکان کے یہ آیہ لکھکر مکان پر لگا دے اور واسطے ساقط ہونے حمل کے یہ
آیہ لکھے اور حاملہ پر باندھے حمل ساقط ہونے سے محفوظ رہے اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ
اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا اور جو کوئی ان آیات کو سورہ انبیاء میں سے لکھے پوست آہو پر
اور حاملہ پر باندھے ابتدائے حمل سے چالیس دن تک اور بعد چالیس دن کے کھول ڈالے اور
پھر اسی ماہ میں کہ وقت ولادت ہے باندھے فرزند اسکا آفات سے محفوظ رہے وہ آیات
یہ ہیں وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ
فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ
رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ جمال الصالحین میں ہے کہ عورت حاملہ کندر بہت
کھاوے واسطے کہ حضرت پیغمبر صلعم سے روایت ہے کہ باعث زیادتی عقل و قوت دل فرزند کا ہوتا ہے

اگر پسر ہو تو نجابت ہو اور اگر دختر ہو تو بزرگ سرین ہو اور شوہر کی نظر میں عزیز اور صاحب منزلت ہو
اور نافتنا بہت کھاے اسواسطے کہ کافی میں شیخ کلینی نے روایت کی ہے کہ باعث زیادتی جمال
فرزند کا ہوتا ہے چاہیے کہ جس دن فرزند پیدا ہووے تو اُس دن سات دانہ خرما کھاوے
اسواسطے کہ کافی میں کلینی رح نے حضرت امیر المومنین ع سے روایت کی ہے کہ باعث زیادتی فہم فرزند کا ہو

فصل ۱۳۲ - فضائل حمل و اعمال آسانی وضع حمل میں

جمال الصالحین میں مروی ہے کہ عورت حاملہ کو مثل روزہ دار کے خداے تعالیٰ ثواب عطا
فرماتا ہے اور عورت حاملہ مثل اُس شخص کے ہے کہ جسنے نفس و مال خود راہ خدا میں جہاد کیا ہو
اور جسوقت وضع حمل ہوتا ہے خداے تعالیٰ اُسکو ثواب اسقدر عطا فرماتا ہے کہ تحریر میں
نہیں آسکتا اور مروی ہے کہ جسوقت بچہ دودھ پینے میں پستان کو دانت سے کاٹتا ہے
اُسوقت خداے تعالیٰ اُس عورت کو ثواب ایک بندہ آزاد کرنے کا اولاد اسمعیل سے عطا
فرماتا ہے اور اگر دودھ پلانے کے ایام میں مرجاوے تو مثل شہید کے ثواب پاوے اور اگر ایام
نفاس میں مرے تو خداے تعالیٰ واسطے لینے اُسکی روح کے فرشتے بھیجتا ہے اور وہ
فرشتے اُسکی روح کو قید میں نہیں جانے دیتے آسمان پر روبرو خدا کے لیجاتے ہیں اور وہ
روح پیش خداے تعالیٰ قیامت کے دن تک رہتی ہے اور قیامت کے دن خداے تعالیٰ اُس سے
کچھ حساب نہیں لیتا بے حساب داخل بہشت کرتا ہے اور کتاب جمال الصالحین میں ہے کہ اسکو
لکھکر عورت کی کمر پر باندھے وضع حمل بآسانی ہو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ
وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِنْ أَمْرِكُمْ مِرْفَقًا وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا وَعَلَى
اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهُ أَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَنَّ
السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَاهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ
حَيٍّ أَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَآيَةٌ لَهُمُ اللَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَإِذَا هُمْ

يَنْظُرُونَ ۝ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُمْ مِنَ الْأَجْدَاثِ إِلَى رَبِّهِمْ يَنْسِلُونَ
كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ ۝ وَلَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ ۝
اور مصباح کفعمی میں ہے کہ جب وضع حمل عورت پر دشوار ہو تو ان آیات کو لکھے اور
ران راست پر باندھے اور جب وضع ہو جاوے کھول لے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ ۝ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ
بَلَاغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ ۝ كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا
لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا عَشِيَّةً أَوْ ضُحَاهَا إِذْ قَالَتِ امْرَأَةُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي
نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا اور مکارم الاخلاق میں ہے کہ واسطے
آسانی وضع حمل کے ان آیات و شکل کو لکھ کر ران راست پر حاملہ کے باندھے
آیات و شکل یہ ہیں مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ
تَارَةً أُخْرَى يَا خَالِقَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ وَمُخَلِّصَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ
فَرِّجْ مِنْهَا النَّفْسَ سَوِيًّا بِإِذْنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

اخرج نفسی من هذا المجلس

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

[illegible] لسلمو اسٹے انن اس لٹ

حلیہ میں بسند دیگر حضرت
جعفر صادق عسے روایت
کی ہے کہ ان آیات کو واسطے حاملہ
کے ایک کاغذ پر لکھ کر کپڑے میں
لپیٹے اگر گرہ دے پس جس وقت وضع
حمل دشوار ہو عورت کی کمر پر باندھے
پس وضع حمل بہت آسانی سے ہو اور جس وقت وضع حمل ہو جاوے فوراً کھول لے اور
پھر ایک ساعت عورت کے پاس نہ چھوڑے آیات یہ ہیں أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا
أَنَّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَاهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ

كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا
هُمْ مُّظْلِمُوْنَ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ
وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ لَا الشَّمْسُ
يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ
يَّسْبَحُوْنَ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ وَ
خَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ
وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ
فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ اور اسی کاغذ کی پشت پر
دوسری طرف ان آیات کو لکھے كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا
سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ؁ كَاَنَّهُمْ
يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ؁ اور مکارم الاخلاق میں ہے کہ جس
عورت کا [illegible] وضع حمل دشوار ہو پس لکھے ان آیات کو [illegible] تا کہ
وضع حمل باسانی ہو اَللّٰهُمَّ يَا فَارِجَ الْهَمِّ وَكَاشِفَ الْغَمِّ وَرَحْمٰنَ الدُّنْيَا ۱۰۰
وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا ارْحَمْ اس جگہ نام عورت کا اور اس کی ماں کا اس طرح
لکھے کہ فُلَانَةَ بِنْتَ فُلَانٍ رَحْمَةً تُغْنِيْهَا بِهَا عَنْ رَحْمَةِ جَمِيْعِ خَلْقِكَ تُفَرِّجُ
بِهَا كُرْبَتَهَا وَتَكْشِفُ بِهَا غَمَّهَا وَتُيَسِّرُ بِهَا وِلَادَتَهَا وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ
بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اور منقول ہے
کہ جس وقت کسی عورت کا بچہ پیدا ہونا دشوار ہو پس اس دعا کو [illegible] پڑھے اور
عورت کو پلا دے [illegible] دونوں [illegible]
[illegible] وضع حمل باسانی ہو [illegible] اَللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۱۲۰

پاس جانے کے اور صدقہ اس روز مقبول ہے اور جو کہ اس روز بیمار ہو جلد اچھا ہو اور
جو کہ اس روز سفر کرے عافیت سے پھرے تیئیسویں تاریخ حضرت یوسف
پیدا ہوئے ہیں نیک ہے واسطے طلب حاجات اور تجارت اور خواستگاری زن اور
ملاقات بادشاہ کے اور جو کہ اس روز سفر کرے غنیمت پاوے اور خیر ہو اور جو فرزند
اس دن پیدا ہو تربیت اسکی نیک ہو چوبیسویں تاریخ نحس ہے اور بد ہے واسطے ہر کام کے
اس دن فرعون پیدا ہوا ہے اور جو فرزند اس دن پیدا ہو زندگی اسکی تنگ ہو اور کار خیر
کی توفیق نہ پاسکے اور آخر عمر میں کشتہ ہو یا غرق ہو اور جو کہ اس روز بیمار ہو تا رنجہ
اسکا طول کھینچے پچیسویں تاریخ نحس ہے طلب نکرو اس دن کوئی حاجت اور نگاہ رکھو
اپنے نفس کو بہ تحقیق کہ اس روز خدا نے اہل مصر کو ساتھ فرعون کے عذاب میں مبتلا
کیا اور جو اس روز بیمار ہو مشقت میں رہے اور جو کہ پیدا ہو بابرکت اور فراخ روزی
اور برگزیدہ ہو اور ایک عارضہ سخت اسے ہو اور بچ جائے اس سے اور بہ نہایت نیکو

جو اس دن بیمار ہو صحت نہ پائے چھبیسویں (۲۶) تاریخ حضرت موسیٰ نے عصا دریا پر مارا اور
دریا شگافتہ ہوا یہ روز نیک ہے واسطے سفر اور واسطے ہر ایک امر کے کہ ارادہ کیا جائے
اور جو اس روز خواستگاری زن کرے جدائی ہو اور اگر سفر سے اس روز آئے اپنے
اہل وعیال میں نہ پائے اور جو کہ اس روز پیدا ہو بری زندگی ہو اور جو کہ بیمار ہو بیماری
اسکی طول کھینچے ستائیسویں (۲۷) تاریخ سبک اور نیک ہے واسطے ہر کام کے اور جو فرزند کہ
اس روز پیدا ہو باجمال اور نیک ہو اور عمر اسکی دراز ہو اور نیکی اسکی بہت ہو اور محبوب
دل انسان ہو اور یہ دن سفر کرنے کا ہے اور بروایت دیگر جو اس دن پیدا ہو ستمگار ہو
اور فراخ روزی اور دراز عمر ہو اٹھائیسویں (۲۸) تاریخ واسطے طلب ہر حاجت اور ہر امر کے
خوب ہے اس دن حضرت یعقوبؑ پیدا ہوئے ہیں اور جو کہ اس دن پیدا ہو غمناک اور
دراز عمر ہو اور اسکو غم ہو نجیں اور اسکے بدن میں عارضے ہوں مگر یہ کہ خدا خلاف اسکے چاہے
اور بروایت دیگر جو اس دن پیدا ہو فراخ روزی اور احسان کرنے والا اپنے اہل اور سب آدمیوں
سے ہو اور اثر اس دن کے خواب کا اُسی روز ظاہر ہو انتیسویں (۲۹) تاریخ نیک ہے واسطے
سب کاموں کے اور نیک ہے واسطے مطلبوں اور عملوں کے اور جو فرزند کہ اس دن
پیدا ہو بردبار ہو اور جو کہ سفر کرے اس دن بہت مال پائے اور جو کہ اس روز بیمار ہو
شفا پاوے اور مکروہ ہے وصیت کرنا اس دن میں اور بروایت دیگر نیک ہے واسطے
ہر مطلب کے خصوصاً ملاقات بھائیوں اور دوستوں کے اور اثر اس دن کے خواب کا
اُسی روز ظاہر ہو تیسویں (۳۰) تاریخ نیک ہے واسطے خرید و فروخت اور خواستگاری زن کے
اور جو فرزند کہ اس دن پیدا ہو بردبار اور بابرکت ہو اور دشوار ہو زیست اسکی اور جو کہ اس
روز بھاگے گرفتار ہو اور جو چیز کہ اس دن گم ہو جائے اور جو کوئی اس روز کسی سے
قرض لے جلد اسے پہونچائے پس مؤلف التماس ضروری یہ ہے کہ اگر تاریخہائے مذکورہ بالا
میں سے کسی تاریخ کو ولادت معصوم کی ہو گی تو وہ تاریخ نحس نہ ہو گی نحوست اسکی بسبب پیدایش

معصوم کے جاتی رہیگی اور اگر کسی نیک تاریخ کو وفات معصوم کی ہو تو وہ تاریخ بسبب وفات معصوم کے نحس ہو جائیگی لہذا ہر مہینے کی تاریخیں بروایات مختلفہ لکھی جاتی ہیں کہ جسکے ملاحظہ سے معلوم ہو جاوے کہ فلان تاریخ فلان مہینے کی نحس ہے

حل سل ۱۶۲۳ استخراج تاریخہائے سعد و نحس ہر ماہ جو بسبب ولادت و وفات ائمہ ہدیٰ کے ہیں

محرم الحرام ماہ محرم کا سارا مہینا بنا بر واقع ہونے شہادت خامس آل عبا علیہ التحیۃ والثنا کے لائق امور شادی و خوشی کے نہیں ہیں تمام مہینا نحس ہے اور بائیسویں تاریخ وفات حضرت امام زین العابدین کی ہے اور بنا بر ایک قول کے بارھویں اور بقولے پچیسویں اور بقولے اٹھارھویں اور پچیسویں اور سترھویں اور بائیسویں اس مہینے کی نحس اکبر ہے ماہ صفر تمام مہینا نحس ہے کیونکہ بیسویں تک اس مہینے کی چہلم جناب امام حسین ہے اور اہلبیت رسم تعزیت اور ماتم داری میں مشغول تھے اس مہینے کی ساتویں تاریخ ولادت امام موسیٰ کاظم ہے اور بقولے سترھویں کو وفات حضرت امام رضا ہے اور اٹھائیسویں کو وفات حضرت رسول صلعم اور شہادت امام حسن علیہ السلام کی ہے اور پہلی اور دسویں اور بیسویں اس مہینے کی نحس اکبر ہے ماہ ربیع الاول بقولے گیارھویں ربیع الاول کو پیدائش امام رضا ہے اور بروایت کلینی آٹھویں کو وفات حضرت امام حسن عسکری کی ہے اور نویں کو وفات عمر ہے اور سترھویں تاریخ تولد جناب رسول خدا صلعم اور جناب امام جعفر صادق کی ہے سترھویں شب کو معراج جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہوئی ہے اور چھبیسویں تاریخ وفات حضرت ابو طالب ہے اور چوتھی اور دسویں اور بیسویں اس کی نحس اکبر ہے ربیع الثانی بقولے چوتھی اور بقولے آٹھویں اور بقولے دسویں پیدائش حضرت امام حسن عسکری کی ہے اور پہلی اور گیارھویں اور اٹھائیسویں اس مہینے کی نحس اکبر ہے جمادی الاولیٰ چودھویں اور پندرھویں کو احتمال وفات جناب فاطمہ زہرا ہے بنا بر روایت زندگانی کرنے انکی معصومہ کے پچھتر روز بعد وفات جناب رسول خدا صلعم کے

کہ اٹھائیسویں کو ماہ صفر کی واقع ہوئی بنابر مشہور کے اور بقولے پندرھویں کو ولادت حضرت
امام زین العابدین ہے اور دسویں اور گیارھویں اور اٹھائیسویں اس مہینے کی
نحس اکبر ہے جمادی الثانی بقولے تیسری کو وفات جناب سیدہ ہے اور بقولے
پندرھویں کو ولادت حضرت امام زین العابدین ہے اور اکیسویں شب کو اس مہینے کی
حضرت آمنہ ساتھ رسول خدا صلعم کے حاملہ ہوئی ہیں اور بیسویں کو حضرت فاطمہ زہرا
علیہا السلام پیدا ہوئی ہیں اور اس مہینے کی پہلی اور گیارھویں اور بارھویں نحس اکبر
ہے رجب المرجب پہلی تاریخ ولادت حضرت امام محمد باقر علیہ السلام
ہے اور بقولے دوسری کو ولادت امام علی نقی علیہ السلام ہے اور بنابر روایت
ثانی تیسری کو احتمال وفات حضرت امام علی نقی علیہ السلام ہے اور پندرھویں
کو وفات حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ہے اور تیرھویں شب کو پیدائش
حضرت علی مرتضی علیہ السلام ہے اور چوبیسویں اور پچیسویں کو وفات حضرت
امام موسی کاظم ہے اور ستائیسویں کو روز وفات معاویہ ہے اور انیسویں کو دن
زخمی ہونے حضرت امام حسن کا ہے اور ستائیسویں کو روز بعثت یعنی تاریخ مذکور کو جناب
رسالت مآب صلعم ساتھ رسالت کے امت پر ظاہر ہوئے ہیں اور گیارھویں اور
بارھویں اور تیرھویں اس کے نحس اکبر ہے لیکن نحوست تیرھویں کی بسبب ولادت حضرت علی
زائل ہوگئی ہے ماہ شعبان بقولے تیسری ماہ شعبان کو حضرت امام حسین پیدا
ہوئے اور بقولے پانچویں کو ولادت حضرت امام زین العابدین ہے بقولے آٹھویں
تاریخ اور بقولے پندرھویں شب کو ولادت حضرت صاحب الامر ہے اور چودھویں اور
بیسویں اور چوبیسویں اس مہینے کی نحس اکبر ہے رمضان المبارک تیسری تاریخ انجیل
نازل ہوئی ہے اور دسویں کو حضرت خدیجۃ الکبری کی وفات ہے اور پندرھویں کو
ولادت امام حسن ہے اور بقولے تاریخ مذکور کو ولادت امام محمد تقی ع کی بھی ہے اور

۱۹ انیسویں شب کو ضربت ابن ملجم ملعون سے مبارک حضرت علی کو پہونچی ہے اور اکیسویں کو شہادت
اُس جناب کی ہے اور بقولے بائیسویں اور بقولے ستائیسویں اور بقولے اکیسویں وفات حضرت امام
رضا ہے اور بقولے تئیسویں کو ولادت حضرت صاحب الامر ہے اور تیئیسویں اور چوبیسویں اور
چوبیسویں نحس کبیر ہے شوال اور بنا بر بعض روایات کے اس مہینے میں نکاح
عائشہ کا واقع ہوا ہے اور تیسری اور چھٹی اور آٹھویں نحس اکبر ہے ذی القعدہ
بقولے گیارھویں یا اکیسویں کو ولادت اور تیئیسویں کو وفات حضرت امام رضا ہے اور
گیارھویں یا آخر ماہ میں وفات حضرت امام محمد تقی کی ہے اور پچیسویں تاریخ کو عید
دحو الارض ہے یعنی اس روز زمین نیچے مکہ معظمہ کے بچھائی گئی ہے اور اسی رات کو حضرت
ابراہیم اور حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے ہیں اور چھٹی اور دسویں اور اٹھائیسویں نحس اکبر
ہے ذی الحجہ بقولے چھٹی کو وفات امام محمد تقی اور ساتویں کو وفات امام محمد باقر ہے اور بقولے
گیارھویں کو پیدائش حضرت امام رضا ہے اور پندرھویں کو یا ستائیسویں کو ولادت
حضرت امام علی نقی کی ہے اور اٹھارھویں کو عید غدیر ہے اور چوبیسویں کو عید
مباہلہ ہے اور آٹھویں اور بیسویں اور اٹھائیسویں نحس اکبر ہے

فصل ۱۶۴ ۔ نقوش اور سبز ان چیزوں کا دیکھنا بعد چاند کے مناسب ہے

جب چاند محرم الحرام کا دیکھے تو مناسب ہے کہ سورہ کہف یا سبزہ یا سونا یا چاندی
یا فیروزہ دیکھے اور چاند ماہ صفر میں سورہ حمعسق یا پانی یا انگوٹھی یا ہتھیلی
ہاتھ کی اور ماہ ربیع الاول میں سورہ قد سمع اللہ یا آب جاری یا روئے
خوبصورت یا انگوٹھی اور ماہ ربیع الثانی میں سورہ تبارک الذی
یا جواہر یا گھوڑا یا گوسفند اور ماہ جمادی الاولیٰ میں سورہ مزمل یا روئے
پیران یا روپیہ یا چاندی اور ماہ جمادی الاخریٰ میں سورہ حشر یا فیروزہ
یا مرد پیر اور ماہ رجب میں سورہ یٰس یا مٹی یا کپڑا یا ہتھیلی ہاتھ کی یا قرآن

شریف یا پھول ماہ شعبان میں سورہ حج یا سبزہ یا کپڑا رنگین یا مردے خوب
یا پاک مٹی ماہ رمضان میں سورہ محمد یا تلوار یا زلزلہ یا جبال یا مردے پیر محتشم اور
ماہ شوال میں سورہ فتح یا ہتھیلی ہاتھ کی یا فیروزہ یا پانی یا سبزہ اور ماہ
ذیقعدہ میں سورہ انساء یا مردے خوب یا آئینہ یا صحرا یا پہاڑ اور ماہ
ذی الحجہ میں سورہ حجر یا مردے نیک یا پانی جاری یا عورت جوان کتاب
جمال الصالحین میں ہے کہ جو کوئی چاند کو دیکھ کر سات مرتبہ سورہ الحمد پڑھے درد چشم
سے اس ماہ میں محفوظ رہے اور جو کوئی اول ماہ میں پنیر کھاوے امید ہے کہ اس ماہ میں
دعا اور حاجت اسکی رد نہ ہو اور جو کوئی ہر ماہ میں زیارت جناب امام حسینؑ کرے
ثواب سو ہزار شہید کا شہداء بدر سے پاوے اور گناہان گذشتہ و آئندہ اسکے بخشے جاویں
اور زیارت جناب امام حسینؑ کی اعمال ماہ شعبان میں تحریر ہو چکی ہے اور اسی کتاب میں
اہلبیت طاہرینؑ سے مروی ہے کہ جناب پیغمبر خدا صلعم جب چاند دیکھتے تھے تو یہ
دعا پڑھتے تھے اَیُّهَا الْخَلْقُ الْمُطِيعُ الدَّائِبُ السَّرِيعُ الْمُتَصَرِّفُ فِي
مَلَكُوتِ الْجَبَرُوتِ بِالتَّقْدِيرِ رَبِّي وَرَبُّكَ اللهُ اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ
عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِيمَانِ وَالْاِسْلَامِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِحْسَانِ
كَمَا بَلَّغْتَنَا اَوَّلَهُ فَبَلِّغْنَا آخِرَهُ وَاجْعَلْهُ شَهْرًا مُبَارَكًا تَمْحُو فِيهِ
السَّيِّئَاتِ وَتُثْبِتُ لَنَا فِيهِ الْحَسَنَاتِ وَتَرْفَعُ لَنَا فِيهِ الدَّرَجَاتِ
يَا عَظِيمَ الْخَيْرَاتِ اور دعائے صحیفہ کا بھی پڑھنا بعد دیکھنے ماہ نو کے نہایت
مناسب ہے روایت ہے کہ جو کوئی یہ دعا پڑھے تمام ماہ بخوشی گذرے وہ یہ ہے بسم اللہ
الرحمن الرحیم ○ اَيُّهَا الْخَلْقُ الْمُطِيعُ الدَّائِبُ السَّرِيعُ الْمُتَرَدِّدُ
فِي مَنَازِلِ التَّقْدِيرِ الْمُتَصَرِّفُ فِي فَلَكِ التَّدْبِيرِ آمَنْتُ بِمَنْ
نَوَّرَ بِكَ الظُّلَمَ وَاَوْضَحَ بِكَ الْبُهَمَ وَجَعَلَكَ آيَةً مِنْ آيَاتِ

مُلْكِهِ وَعَلَامَةٌ مِنْ عَلَامَاتِ سُلْطَانِهِ وَامْتَهَنَكَ بِالزِّيَادَةِ وَ
النُّقْصَانِ وَالطُّلُوعِ وَالْأُفُولِ وَالْإِنَارَةِ وَالْكُسُوفِ فِي كُلِّ ذٰلِكَ
أَنْتَ لَهُ مُطِيعٌ وَإِلَى إِرَادَتِهِ سَرِيعٌ سُبْحَانَهُ مَا أَعْجَبَ مَا دَبَّرَ فِي
أَمْرِكَ وَأَلْطَفَ مَا صَنَعَ فِي شَأْنِكَ جَعَلَكَ مِفْتَاحَ شَهْرٍ حَادِثٍ
لِأَمْرٍ حَادِثٍ فَأَسْأَلُ اللّٰهَ رَبِّي وَرَبَّكَ وَخَالِقِي وَخَالِقَكَ
وَمُقَدِّرِي وَمُقَدِّرَكَ وَمُصَوِّرِي وَمُصَوِّرَكَ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَى
مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَأَنْ يَجْعَلَكَ هِلَالَ بَرَكَةٍ لَا تَمْحَقُهَا الْأَيَّامُ وَطَهَارَةٍ
لَا تُدَنِّسُهَا الْآثَامُ هِلَالَ أَمْنٍ مِنَ الْآفَاتِ وَسَلَامَةٍ
مِنَ السَّيِّئَاتِ هِلَالَ سَعْدٍ لَا نَحْسَ فِيهِ وَيُمْنٍ لَا نَكَدَ مَعَهُ
وَيُسْرٍ لَا يُمَازِجُهُ عُسْرٌ وَخَيْرٍ لَا يَشُوبُهُ شَرٌّ هِلَالَ
أَمْنٍ وَإِيمَانٍ وَنِعْمَةٍ وَإِحْسَانٍ وَسَلَامَةٍ وَإِسْلَامٍ اللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَاجْعَلْنَا مِنْ أَرْضَى مَنْ طَلَعَ عَلَيْهِ
وَأَزْكَى مَنْ نَظَرَ إِلَيْهِ وَأَسْعَدَ مَنْ تَعَبَّدَ لَكَ فِيهِ وَوَفِّقْنَا
فِيهِ لِلتَّوْبَةِ وَاعْصِمْنَا فِيهِ مِنَ الْحَوْبَةِ وَاحْفَظْنَا فِيهِ مِنْ
مُبَاشَرَةِ مَعْصِيَتِكَ وَأَوْزِعْنَا فِيهِ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَأَلْبِسْنَا
فِيهِ جُنَنَ الْعَافِيَةِ وَأَتْمِمْ عَلَيْنَا بِاسْتِكْمَالِ طَاعَتِكَ فِيهِ الْمِنَّةَ
إِنَّكَ الْمَنَّانُ الْحَمِيدُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ

اور بنا بر مشہور کے بعد دیکھنے ماہ نو کے ان نقوش کو دیکھے۔

هلمج هملج	هلمج هلمج		هلمج هملج	هلمج هلمج	ه	ههههه

۶۶۶۶۶۶۶ ـــ ه ص ـــ م

لا الٰہ الا اللہ موسیٰ کلیم اللہ	لا الٰہ الا اللہ ابراھیم خلیل اللہ
لا الٰہ الا اللہ عیسیٰ روح اللہ	لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

یا اللہ	یا رحمن	یا رحیم	یا کریم
یا قادر	۹۵۱۳	یا آ ا ا	۵ ع ۹ ھ
یا حی	[illegible]	محمد ۹۳۵ س ۹۲	[illegible]
یا قیوم	۸۷۱۲ ۱۱۲۱۴	۲۹۱۲ ۱۱۲۱۴	۹۱۱ ع ۱ ۸ ۸۰۲۲

لا الٰہ الا اللہ موسیٰ کلیم اللہ

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ


علیاً ولی اللہ وصی رسول اللہ صلی اللہ علیہ

حقاً حقاً انا فتحنا لک فتحا مبینا یا فتاح یا اللہ

وینصرک اللہ نصرا عزیزا یا فتاح یا اللہ

لا الٰہ الا اللہ ابراھیم خلیل اللہ

[illegible]



اور جو کوئی یہ نقش دیکھے تمام ماہ جمیع امراض سے محفوظ رہے۔ وہ یہ ہے

لا	اللہ	الا	اللہ	محمد
رسول	اللہ	لا ح	لا و	۱۲
۲۱	۷۳	۳۷۳	۸۷	۷۲
۹۸	۳۰۳۳	۲۸۷	۲۵۸	۷۷
۳۷	۷۷۱	۲۳۸۱	۲۷	۳۵۱

روایت میں ہے کہ اس نقش کو دیکھ کر تین مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ درود پڑھ کر دعا طلب کرے نقش یہ ہے

لا اِلٰہَ	اِلَّا	اَللّٰہُ	مُحَمَّدٌ	رَسُوْلُ اللّٰہِ
لاح	ابر	بدح ۱۲۲	۲۲	۱۲۳
۱۵ دبط	۷۸	۷	۳۲۲۷۱۹	۳۲۲۵
۳۵۱	۷۸		۱۸۷۹۱	۱۱
۱۳	۷۱	۱۲۰۱	۳۱۵	۵۱

ہر ماہ کی پہلی تاریخ دو رکعت نماز پڑھے اول رکعت میں بعد الحمد تین مرتبہ قل ھو اللہ اور دوسری رکعت میں بعد الحمد تین مرتبہ اِنَّا اَنْزَلْنَا پڑھے اور پھر بعد نماز کچھ تصدق کرے اور یہ دعا پڑھے گویا سلامتی اُس ماہ میں خریدی ہو وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَمَا مِنْ دَآبَّۃٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُہَا وَیَعْلَمُ مُسْتَقَرَّہَا وَمُسْتَوْدَعَہَا کُلٌّ فِیْ کِتَابٍ مُّبِیْنٍ ۝ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَہٗ اِلَّا ھُوَ وَاِنْ یُّرِدْکَ بِخَیْرٍ فَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سَیَجْعَلُ اللّٰہُ بَعْدَ عُسْرٍ یُّسْرًا مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۝

اور یہ نماز تا اسناد سورہ اِنَّا اَنْزَلْنَا کا میں تحریر ہو چکی ہے مگر چونکہ یہ دعا اس جگہ تحریر نہ تھی لہٰذا اس جگہ مع دعا تحریر ہو گئی ہے

فصل ۱۲۵ـ آداب قطع لباس

پس واسطے قطع کرنے لباس کے اس طرح سے حدیث وارد ہوئی ہے رُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یعنی روایت کی گئی ہے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
سے کہ مَنْ قَطَعَ الثَّوْبَ یَوْمَ الْاَحَدِ یَکُوْنُ لَہٗ مُبَارَکًا یعنے جو شخص کہ قطع
کرے لباس کو اتوار کے دن تو وہ لباس اُس شخص کو مبارک ہوگا وَمَنْ
قَطَعَ الثَّوْبَ یَوْمَ الْاِثْنَیْنِ یَکُوْنُ لَہٗ مُبَارَکًا اور جس شخص نے روز دوشنبہ
کو لباس اپنا قطع کیا تو وہ لباس اُس شخص کو مبارک ہوگا وَمَنْ قَطَعَ الثَّوْبَ یَوْمَ
الثُّلَاثَاءِ حَرَقَہٗ اَوْ سَرَقَہٗ اَوْ یَغْرَقُ یعنی جو شخص کہ منگل کو لباس اپنا قطع کرے
تو وہ لباس جل جائیگا یا اُس لباس کو چور لیجائیگا یا ڈوب جائیگا وَمَنْ قَطَعَ الثَّوْبَ
یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ یُرْزَقُ بَہَائِمَ بِغَیْرِ تَعَبٍ اور جو شخص قطع کرے لباس چہارشنبہ کے
دن تو حق تعالیٰ اُس شخص کو چار پائے عطا کریگا بغیر تعب کے وَمَنْ قَطَعَ الثَّوْبَ
یَوْمَ الْخَمِیْسِ یُرْزَقُ الْعِلْمَ یعنے جو شخص قطع کرے لباس پنجشنبہ کو تو حق تعالیٰ
اُسکو علم عطا کریگا وَمَنْ قَطَعَ الثَّوْبَ یَوْمَ السَّبْتِ یَکُوْنُ
مَرِیْضًا مَادَامَ الثَّوْبُ فِیْ بَدَنِہٖ اِلَّا اَنْ ذَھَبَ اَوْ بَاعَ اور جو
شخص کہ قطع کرے لباس شنبہ کے دن تو وہ مریض رہیگا جب تک کہ کپڑا اُسکے بدن میں
رہے مگر یہ کہ کسی کو دیڈالے یا بیچڈالے اور مخفی نہ رہے کہ کپڑا سیا ہوا مسلمان
درزی کے ہاتھ کا ہو تو اُسکا استعمال جائز ہے اور اگر ہندو درزی سے کپڑا سلوایا
اور یہ گمان ہو کہ ہندو درزی کے ہاتھ کا پسینا کپڑے میں لگا ہوگا یا یہ کہ اُس درزی
نے ڈورے میں تھوک لگایا ہوگا جیسا کہ قاعدہ ہے یا یہ کہ اُس درزی نے اُس کپڑے کو
منہ یا ہاتھ سے مس کیا ہوگا یا کہ وہ کپڑا اُس درزی کے کسی تر عضو سے مس کیا ہوگا تو
اُس کپڑے کو بغیر تطہیر کیے ہوئے نماز نہیں پڑھ سکتا اگر پڑھیگا تو نماز باطل ہوگی

فصل ۱۶۶ ۔ آداب نئے کپڑے پہننے کے

حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جب نیا کپڑا پہنے تو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ کہے تاکہ سب آفتوں سے نجات پائے اور مخفی نہ رہے کہ باقی دعائیں نیا کپڑا پہننے کی سورہ اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ کے اسناد میں تحریر ہو چکی ہیں وہاں سے دیکھ کر عمل کرنا چاہیے اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ لباس پہننے کے لیے کوئی تاریخ اور دن مخصوص نہیں ہے بلکہ جو تاریخ اور دن اچھا ہو اُس روز پہننا چاہیے کیونکہ تاریخ نحس و منحوس میں کوئی کام کرنا نہ چاہیے چنانچہ میں نے اس بارہ میں جناب مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ سید محمد ابراہیم صاحب مبرور مجتہد العصر سے دریافت کیا ان قبلہ و کعبہ نے جواب حسب ذیل رقم فرمایا۔ مسئلہ لباس پہننے کے لیے کسی دن و تاریخ میں ممانعت ہے یا نہیں اور کوئی تاریخ و دن مخصوص واسطے پوشیدن لباس کے ہے یا نہیں۔ سید محمد تقی۔ جواب۔ مخصوص کسی تاریخ و دن میں ممانعت سے پہننے لباس کی نہیں جس طرح قطع کرنے کی ممانعت ہے لیکن ہر روز میں سکتا ہے لیکن دو شنبہ اور چہار شنبہ کو اگر جدید لباس نہ پہنے تو بہتر ہے واللہ العلم۔ نقل مہر [سید محمد ابراہیم] محمد ابراہیم عفی عنہ

اور کتاب حلیۃ المتقین میں ہے کہ جامہ دراز پہننا اور آستین کو دراز کرنا اور جامہ کو تکبر سے خاک پر کھینچنا مکروہ و مذموم ہے اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ حضرت امیرؑ بازار میں تشریف لے گئے اور ایک اشرفی میں تین جامے اپنے واسطے خریدے ایک پیراہن تا نصف ساق پہنا اور ایک آدھی پنڈلی تک اور ردا سر سے ساق تک اور عقب کے نیچے تک پھر ہاتھ آسمان کی طرف اُٹھائے اور برابر حمد خدا کرتے تھے اس نعمت پر جب تک گھر کو واپس آئے اور حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ جو جامہ پاؤں سے گذر جائے آتش جہنم میں ہے اور روایت میں ایسا حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ حضرت رسول خدا صلعم نے ایک شخص کو وصیت فرمائی کہ ہرگز اپنے

پیراہن کی درازی کو بلند نہ لٹکا کہ یہ تکبر سے ہی اور خدائے تعالی اُسکو دوست نہیں رکھتا اور حضرت امام موسی کاظم سے منقول ہی کہ حق تعالی نے اپنے پیغمبر سے فرمایا کہ ترجمہ اُسکا یہ ہی کہ اپنے کپڑوں کو پاک کر تو بعض فرمایا کہ کپڑے آنحضرت صلعم کے پاک تھے لیکن مراد الہی یہ ہی کہ کپڑوں کو کوتاہ کر کہ آلودہ نہوں اور دوسری روایت میں ہی یعنے اُٹھا کہ زمین پر کشیدہ نہوں اور دوسری حدیث معتبر میں منقول ہی کہ حضرت امیر جب پیراہن پہنتے تھے تو آستینوں کو کھینچتے تھے جو انگلیوں سے نکلتی تھیں تو اُنکو کاٹ ڈالتے تھے اور آنحضرت صلعم نے ابوذر رضہ سے فرمایا کہ جو کوئی تکبر سے اپنے لباس کو زمین پر کھینچے حق تعالی قیامت میں نظر رحمت اُسپر نفرمائے

فصل ۱۶۷ فضیلت تجمل و زینت

واضح ہو کہ موافق احادیث معتبرہ کے بہت خوب ہی زینت کرنا اور کپڑا پاکیزہ و فاخرہ پہننا جبکہ حلال سے بہم پہونچے اور مناسب اُسکے حال کے ہو سنت ہی اور موجب خوشنودی پروردگار کا ہی جمال الصالحین میں ہی کہ حضرت امیر نے فرمایا کہ پاک کرو تم جامہ اور بدن کو بو بد سے کہ خدائے تعالی دشمن رکھتا ہی کثافت اور بوے بد کو اور ضروری ہی کہ پاک کرنا جامہ اور بدن کا اخلاق انبیاء سے ہی اور اگر جامہ حلال سے بہم نہ پہونچے جو کچھ میسر ہو قناعت کیجے اور تحصیل زیادتی لباس کو مانع عبادت الہی کا نہ کرے اور جو حق تعالی روزی کو اُسپر کشادہ کرے اُسکے لائق کھائے اور پہنے اور صرف کرے اور برادران مومن کو دے اور جو روزی تنگ ہو قناعت کرے اور حرام و شبہہ میں اپنے کو آلودہ نہ کرے حدیث معتبر میں حضرت امام جعفر صادق ع سے منقول ہی کہ جب خدائے تعالی کوئی نعمت بندہ کو کرامت فرمائے اگر اثر اُس نعمت کا اُسپر ظاہر ہو تو اُسکا خدا دوست نام رکھتا ہی اور یاد کرنے والا نعمت کا پروردگار کا دوست ہوگا — اور جو اثر اُس نعمت کا اُسپر ظاہر نہو اُسکا خدا دشمن نام رکھتا ہی اور وہ جھٹلانے والا نعمت خدا کا

ہوگا اور حضرت امیر المومنینؑ سے منقول ہے کہ چاہیے کہ واسطے برادر مومن کے زینت
کرو جیسا کہ بیگانون کے لیے زینت کرتے ہین کہ تمکو بہت اچھی ہیئت سے دیکھین اور
بسند معتبر منقول ہے کہ حضرت امام علی بن موسی رضاؑ گرمیون مین چٹائی کے فرش پر بیٹھتے تھے
اور جاڑون مین ٹاٹ پر اور گھر مین موٹے کپڑے پہنتے تھے اور جب باہر آتے تھے لوگون
کے واسطے زینت کرتے تھے اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ حق تعالی زینت
و اظہار نعمت کو دوست رکھتا ہے کہ اثر نعمت اپنے بندہ مین دیکھے اسطور پر کہ اپنے ملبوس کو
پاکیزہ اور اپنے آپ کو خوشبو کرے اور گھر کو اچھا رکھے اور صبح کو گھر کو جھاڑے یہان تک
کہ چراغ کو قبل غروب آفتاب روشن کرنا فقر کو زائل کرتا ہے اور روزی کو زیادہ کرتا ہے

فصل ۱۶۸ پہننے جامۂ حریر و مطلا و کتان و روئی وغیرہ مین

جاننا چاہیے کہ مردون کو جامۂ حریر محض پہننا اور زردوزی کپڑے پہننا حرام ہے اور احوط
یہ ہے کہ رومال اور کیسہ اور وہ کپڑا بھی کہ جس سے شرمگاہ نہین چھپا سکتے ہون حریر سے
نہون اور پھر احوط یہ ہے کہ اجزاے جامہ مثل سنجاف وغیرہ بھی حریر کے نہون اور ریشمی کپڑا
پہننا بھی جائز نہین اور بہتر یہ ہے کہ ولی اطفال نابالغ کو بھی منع کرین طلاباف اور حریر
کے پہننے سے اور حضرت رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ یا علی جامۂ حریر نہ پہن کہ وہ تیری پوشش
ہے بہشت مین اور حدیث دیگر مین فرمایا کہ جامۂ حریر نہ پہن کہ حق تعالی اس سبب سے پوست
کو جہنم مین ڈالےگا اور جلائیگا اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے پوچھا کہ آیا جائز ہے کہ مرد
اپنی اہل کو طلا سے زینت کرے فرمایا کہ ہان بلکہ عورتون کے اور کنیزون کے لیے لڑکون
کو نہین اور بہتر کپڑون مین وہ جامہ ہے کہ روئی سے بنا ہوا ہو پھر کتان سے اور جامۂ پشمینہ
کا ہمیشہ پہننا کراہت رکھتا ہے مگر کبھی واسطے قناعت اور دفع سرما کے پہننا برا نہین
چنانچہ بسند معتبر حضرت امیرؑ سے منقول ہے کہ سوتی جامہ پنبہ بافتہ کہ وہ پوشش رسول خدا
صلعم کی ہے اور پوشش اہلبیتؑ کی اور آنحضرت صلعم جامۂ صوف و ریشم نہین پہنتے تھے

مگر واسطے دفع کسی علت کے اور حدیث معتبر مین حضرت امام جعفر صادق ع سے منقول ہی کہ
نہ پہننا چاہیے جامہ پشمینہ کو مگر بسبب کسی ضرورت کے اور روایت مین حسین بن کثیر سے
منقول ہی کہ حضرت امام جعفر صادق سے کہا مین نے کہ آپ پر فدا ہون لوگ کراہت کرتے ہین
جامہ پشمینہ کے پہننے سے فرمایا کہ میرے والد ماجد پہنتے تھے اور امام زین العابدین بھی پہنتے تھے
اور جبکہ نماز کے لیے کھڑے ہوتے تھے بہت موٹا کپڑا پہنتے تھے اور ہم بھی ایسا ہی کرتے ہین اور
آنحضرت صلعم سے منقول ہی فرمایا کہ پانچ چیزین ہین کہ مرتے وقت تک مین ترک نکرونگا
روے زمین پر غلامون کے ساتھ کچھ کھانا اور بے جھول کے الاغ پر سوار ہونا اور
بکری کا اپنے ہاتھ سے دوہنا اور لڑکون کو سلام کرنا اور پشمینہ کا کپڑا پہننا اور وجہ
جمع درمیان ان دو حدیثون کے یہ ہی کہ پشمینہ اگر اس غرض سے پہنے کہ متنفر
ہون اورون سے تو مذموم ہی مگر کبھی واسطے قناعت یا تنگدستی یا رفع سرما
کے پہنین تو قصور نہین رکھتا اور موید اسکا ہی جو کچھ حدیث ابو داؤد مین واقع
ہوا کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ آخر زمانہ مین کچھ لوگ ہونگے کہ گرمی اور جاڑے مین
پشمینہ پہنینگے اور گمان کرینگے کہ وہ اس سبب سے اورون پر فضیلت رکھتے ہین اُن
لوگون کو لعنت کرینگے ملائکہ آسمان و زمین اور حضرت امیر سے منقول ہی کہ کتان
کا پہننا بدن کو فربہ کرتا ہی

فصل ۱۶۹ - رنگتین جو کپڑے مین سنت ہین اور مکروہ -

حلیۃ المتقین مین ہی جناب ملا محمد باقر مجلسی علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہین کہ رنگون مین
بہترین رنگ سفید ہی پھر سبز پھر زرد پھر سرخ پھر نیلگون اور زرد اور سرخی مکروہ ہی
لیکن سرخ بہ خصوصاً نماز مین اور پہننا جامہ سیاہ کا کراہت شدید رکھتا ہی مگر
عمامہ و عبا و موزہ سیاہ ہون تو کچھ حرج نہین اور جو عمامہ و عبا بھی سیاہ نہون
بہتر ہی اور حدیث معتبر مین آنحضرت صلعم سے منقول ہی کہ پہنو جامہ سفید کہ زیادہ تر

اور پاکیزہ تر رنگوں میں ہی اور اپنے مردوں کو انہیں کفن دو اور حضرت امام جعفر صادق ع
سے منقول ہے کہ حضرت امیر ع اکثر اوقات جامہ سفید پہنتے تھے اور حدیث حسن میں زرارہ
سے منقول ہے کہ حضرت امام محمد باقر ع باہر آئے اور جبہ خز زرد رنگ کا اور عمامہ خز زرد
رنگ کا اور رداے خز زرد رنگ کی پہنے تھے اور حدیث معتبر میں منقول ہے کہ حکیم
بن عتیبہ خدمت میں امام محمد باقر ع کی گیا دیکھا کہ جامہ سرخ تیرہ کہ ساتھ گل کسم کے
رنگ لیا ہے آپ پہنے ہیں حضرت نے فرمایا کہ اس جامہ کے باب میں کیا کہتا ہے تو حکیم نے کہا
وہ چیز کہ آپ پہنتے ہیں اسمیں کیا کہوں لیکن جوانان شوخ کہ ہم میں یہ لباس پہنتے ہیں ہم انکو
منع کرتے ہیں اور عیب جانتا ہوں میں حضرت نے فرمایا کہ زینت خدا کو کسنے حرام کیا اور پھر
فرمایا کہ اس سبب سے اس جامہ کو پہنا ہے کہ تازہ داماد ہوا ہوں میں اور حدیث حسن میں
حضرت امام جعفر صادق ع سے منقول ہے کہ جامہ سرخ تیرہ پہننا کراہت رکھتا ہے مگر واسطے نو داماد
کے اور حدیث معتبر میں یونس سے منقول ہے کہ حضرت امام رضا ع کو دیکھا میں نے کہ چادر کبود رنگ
کی پہنے تھے اور حسن زیات سے منقول ہے کہ حضرت امام ابی جعفر ع کو دیکھا میں نے کہ جامہ
برنگ گل سرخ پہنتے تھے اور محمد بن علی نے روایت کی ہے کہ حضرت امام موسی کاظم ع کو دیکھا
میں نے کہ جامہ عدسی رنگ کا پہنتے تھے اور ابی العلاء سے منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق ع
کو دیکھا میں نے حال احرام میں کہ چادر یمنی سبز پہنے تھے اور حضرت امام جعفر صادق ع سے
منقول ہے کہ جبرئیل ع آخر روز ماہ رمضان میں آنحضرت صلعم پر نازل ہوئے بعد نماز عصر
کے جب آسمان پر گئے آنحضرت صلعم نے حضرت فاطمہ زہرا ع کو طلب فرمایا اور ارشاد کیا کہ اپنے
شوہر علی بن ابی طالب کو طلب کر جب حاضر ہوئے آنحضرت صلعم نے حضرت امیر ع کو دہنی
جانب بٹھلایا اور ہاتھ انکا پکڑ کر اپنے بر رکھا پھر فرمایا کہ چاہتے ہو تم عید کے دن میں کچھ
تحفہ جبرئیل نے مجکو خبر دی عرض کیا ہاں فرمایا کہ جبرئیل ع نے کہا کہ قیامت کے دن میں
جانب راست عرش پر ہونگا اور خدا سے تعالی دو جامہ مجکو پہنائیگا ایک سبز دوسرا سرخ رنگ کا

اور یا علی تو میری سیدھی طرف ہوگا اور ایسے ہی دو لباس تجکو پہنائینگے پس راوی نے عرض کیا کہ لوگ رنگ سرخ کو اسطرح مکروہ جانتے ہیں فرمایا کہ جب اللہ تعالی حضرت عیسیٰؑ کو آسمان پر لے گیا ایسے ہی کپڑے انکو پہنائے اور بسند معتبر حضرت امیرؑ سے منقول ہے کہ کوئی پہنتا ہے جامہ سیاہ کہ وہ پوشش فرعون کی ہے اور حدیث معتبر میں آیا ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے پوچھا کہ سیاہ ٹوپی پہنکر نماز پڑھوں میں فرمایا کہ نماز نہیں پڑھ کہ لباس اہل جہنم ہے اور حضرت رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ مکروہ ہے رنگ سیاہ مگر تین میں یعنی موزہ و عبا و عمامہ میں مکروہ نہیں ہے

فصل ۱۷۰ - پہننا اُس لباس کا جو عورتوں یا کافروں سے ہو

حلیۃ المتقین میں جناب ملا محمد باقر مجلسی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ جاننا چاہیے کہ مردوں کو پہننا اُس لباس کا کہ مخصوص عورتوں سے ہو مثل مقنعہ وغیرہ کے حرام ہے اور ایسے ہی حرام ہے عورتوں کو پہننا اُس لباس کا کہ جو مخصوص مردوں سے ہو مانند ٹوپی و قبا و عمامہ کے اور کسی کو جائز نہیں پہننا اُس لباس کا کہ مخصوص کافروں سے ہے مثل زنار کے اور فرنگی ٹوپیوں کے اور حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جائز نہیں ہے عورتوں کو کہ مشابہ مردوں سے ہوں اور نہ مردوں کو جائز ہے کہ مشابہ عورتوں سے ہوں اسواسطے کہ لعنت کی ہے رسول خداؐ نے اُن مردوں پر کہ جو مشابہ عورتوں کے ہوں اور اُن عورتوں پر کہ جو مشابہ مردوں کے ہوں اور روایت ہے کہ اللہ نے ایک پیغمبر کو اپنے پیغمبروں میں سے وحی فرمائی کہ مومنوں سے کہو کہ نہ پہنیں کپڑے میرے دشمنوں کے اور نہ کھائیں کھانا میرے دشمنوں کا اور آنحضرت صلعم کئی قسم کی ٹوپیاں رکھتے تھے اور پہنتے تھے اور ملبی ٹوپیوں میں کہ برطلہ کہتے ہیں وارد ہوا ہے کہ پہننا انکا شبیہ یہودیہ عورتوں کی ہے اور علما نے کہا ہے کہ مکروہ ہے اور بعض حدیثوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ بانات کلاہ تو توڑنا اور پھیرنا مکروہ ہے اور آنحضرت صلعم سے منقول ہے کہ جب تنگی تو پہان امت میں جہت

ہونگی تو تر نا اُنمیں شایع ہوگا

فصل ۱۷۱ - پائجامہ پہننا

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ حق تعالیٰ نے وحی فرمائی حضرت ابراہیم کو کہ زمین سے
مجھ سے نسلکا بہتر کی تیری شرمگاہ سے کہ دیکھتے ہیں درمیان زمین کے اور اپنی شرمگاہ کے
ایک حجاب قرار دے پس انہوں نے پائجامہ حضرت نے بنایا اور جامع برقی میں روایت ہوئی
ہے کہ جو کوئی پائجامہ کھڑے ہوکر پہنتا ہے تین دن تک حاجت اسکی بر نہیں آتی اور فقہ الرضا
میں منقول ہے کہ پائجامہ بیٹھکر پہنیں کھڑے ہوکر نہ پہنیں کہ موجب ہلاکت اور درد اور
وغم و الم ہوتا ہے اور وقت پہننے پائجامہ کے یہ دعا پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ
اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِيْ وَلَا تَهْتِكْنِيْ فِيْ عَرَصَاتِ الْقِيَامَةِ
وَآمِنْ فَرْجِيْ وَلَا تَخْلَعْ عَنِّيْ زِيْنَةَ الْإِيْمَانِ اور حضرت امیر سے منقول ہے کہ
آنحضرت صلعم جسوقت لباس پہنتے تھے پیراہن کو زیر جامہ سے پہلے پہنتے تھے اور
دوسری روایت میں ہے کہ کھڑے ہوکر اور رو بقبلہ اور آدمی کی طرف منہ کر کے
پائجامہ نہ پہنیں اور حضرت امیر سے منقول ہے کہ کھڑے ہوکر پائجامہ پہننا سوزش کا ہوتا
ہے اور پائجامہ مرد کا نصف ساق یعنی پنڈلی تک ہے اور پاؤں کے ٹخنے تک بھی جائز ہے
اور زیادہ آگے نہیں ہے

فصل ۱۷۲ - رنگ نعلین و موزہ وغیرہ

جاننا چاہیئے کہ جوتہ و موزہ وغیرہ جو مسلمان سے لیا جاوے اُسکا استعمال جائز ہے اور جو
ہندو چمار کے ہاتھ کا بنا ہوا ہوگا اُسکا استعمال جائز نہیں اگر اُسمیں پاؤں تر ہوا سے لگا اور پس
اُن پاؤں کی تری کپڑے میں لگجائیگی تو وہ کپڑا بھی نجس ہوجائیگا اور اسی طرح اگر
پاؤں میں پسینا آجائیگا تو بھی پاؤں نجس ہوجاینگے بغیر پاک کیے پاؤں اور اس
کپڑے کے نماز نہیں پڑھ سکتا اگر پاؤں خشک ہوں اور نجس نہ ہوئے ہوں تو اُسکو اتار کر

نماز پڑھ سکتا ہے بہترین رنگ موزہ و چکمہ میں رنگ سیاہ اور سفر میں رنگ سرخ یا
ہے اور حضر میں مکروہ اور نعلہ اسکا آگے اور پیچھے بلند ہوا اور درمیان میں خالی ہو اس طرح پر
کہ سب تلا اسکا زمین کو نہ چھوے اور سوائے اسکے مکروہ ہے اور ظاہرا کفش بھی اسی کا
حکم رکھتی ہے اور کفش سریانی مکروہ ہے اور کسی سند معتبر حضرت امیرؑ سے منقول ہے
کہ اچھا جوتہ پہننا بدن کو بلاؤن سے نگاہ رکھتا ہے اور معین ہے تکمیل نماز و وضو پر
اور دوسری حدیث میں فرمایا کہ جو کوئی چاہے عمر اسکی دراز ہووے ناشتہ صبح
کھاوے اور جوتہ اچھا پہنے اور ردا اور بالاپوش کو سبک کرے اور ساتھ عورتون
کے جماع بہت نہ کرے اور حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ اول جس شخص نے جوتا پہنا
وہ حضرت ابراہیمؑ تھے اور حدیث معتبر میں انھین حضرت سے منقول ہے کہ جوتا ہموار
پہننا کہ تلا اسکا سب زمین کو لگتا رہے پوشش یہود کی ہے اور ایسے جوتہ کی مذمت
مین بہت حدیثین وارد ہوئی ہین اور حدیث معتبر مین وارد ہوا ہے کہ جوتہ سیاہ
نہ پہنو کہ آنکھ کو ضعیف کرتا ہے اور موروث غم واندوہ ہے اور لازم ہے تجھ پر پہننا
زرد جوتہ کا کہ آنکھ کو جلا دیتا ہے ذکر کو سخت کرتا ہے اور غم کو برطرف کرتا ہے اور پوشش
پیغمبرون کی ہے اور دوسری حدیث مین وارد ہوا ہے کہ پہننا سیاہ جوتہ کا موجب غرور
وتکبر ہے اور جو کوئی پہنے قیامت مین جبارون کے ساتھ محشور ہوا اور حضرت امام
محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جو کوئی زرد جوتہ پہنے جب تک اثر اسکا بوسیدہ نہووے
شادی و سرور مین رہے اور کسی سند معتبر سدیر صراف سے منقول ہے کہ خدمت حضرت امام
جعفر صادقؑ مین گیا مین اور جوتا سفید پہنے تھا مین فرمایا آیا جانتا ہے جوتا پہنا ہے تو نے جو کوئی
کہ داخل بازار ہوا اور جوتہ سفید خرید کرے پرانا نہو گا وہ مگر کما لے کسی مال کو ایسی جگہ سے کہ
گمان نہ رکھتا ہو راوی کہتا ہے کہ سدیر نے مجھکو خبر دی کہ ابھی وہ پرانا نہوا تھا کہ سو اشرفی
ایک جگہ سے ایسی ہاتھ آئی کہ گمان نہ رکھتا تھا مین اور دوسری حدیث مین وارد ہوا ہے

کہ جو کوئی زرد یا سفید جوتہ پہنے اسے مال و اولاد بہم پہونچے جو کوئی سیاہ جوتہ پہنے کچھ نہ پائے اور حدیث معتبر میں حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ موزہ پہننا آنکھوں کے نور کو زیادہ کرتا ہے اور دوسری روایت میں فرمایا کہ ہمیشہ موزہ پہننا امان دیتا ہے سل کے مرض سے اور مرگی سے اور داؤد رقی روایت کرتا ہے کہ حضرت امام جعفر صادقؑ کو دیکھا سفر میں کہ موزہ سرخ پہنے تھے پوچھا میں نے کہ یہ موزہ سرخ کیا ہے فرمایا کہ اسکو میں نے سفر کے واسطے لیا ہے اور کیچڑ پانی کے لیے خوب ہے مگر حضر میں کوئی رنگ موزہ کے لیے سیاہ سے بہتر نہیں ہے اور بسند معتبر حضرت امام محمد باقرؑ و حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جب جوتا پہنے تو ابتدا سیدھے پاؤں سے اور اتارنے میں بائیں پاؤں سے کرے اور فرمایا کہ جو کوئی ایک پاؤں میں جوتہ اور ایک پاؤں ننگا کرکے راہ چلے شیطان اُسکی راہ میں دخل پائے اور دیوانہ ہو جائے اور منقول ہے کہ آنحضرت صلعم نے منع فرمایا ایک پاؤں میں جوتہ پہنکر راہ چلنے سے اور کھڑے ہوکر جوتہ پہننے سے اور ممکن ہے کہ کراہت کھڑے ہوکر پہننے کی مخصوص اس جوتے سے ہو کہ بند اسکے باندھنا چاہیے اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ بہت استعمال کرنا موزہ پہننے پر امان دیتا ہے مرض خورہ سے اور دوسری حدیث میں آنحضرت صلعم سے منقول ہے کہ تین چیزیں ہیں جو کوئی کرے خوف اسکا ہے کہ دیوانہ ہو جائے پاخانہ پھرنا قبروں میں اور موزہ سے راہ چلنا اور اکیلے گھر میں سونا

فصل ۳۷، ۱۳ مرد و عورت کا خضاب کرنا

مردوں کو خضاب کرنا سر کے بالوں کا اور داڑھی کا سنت موکدہ ہے اور عورتوں کو خضاب سر کے بالوں اور ہاتھوں کا ہے اور پاؤں کا اور مردوں کا مہندی لگانا ہاتھ پاؤں میں مکروہ ہے البتہ تھوڑا رنگ بعد نورہ لگانے کے تمام بدن پر سنت ہے بسند ہائے معتبر آنحضرت صلعم سے منقول ہے کہ چار چیزیں پیغمبروں کی سنتوں میں سے ہیں خوشبو و قربت عورتوں سے کرنا مسواک کرنا خضاب کرنا مہندی کا اور دوسری حدیث میں کہ آنحضرت سے

منقول ہے کہ ایک درہم جو خضاب میں خرچ ہو بہتر ہے ہزار درہم سے جو راہ خدا میں صرف ہوں اور خضاب میں چودہ خصلتیں ہیں گرانی ریح کو کان سے دور کرتا ہے اور غبار کو آنکھ سے دور کر کے جلا دیتا ہے اور ناک کو نرم کرتا ہے اور منہ کو خوشبو کرتا ہے اور دانتوں کی جڑ کو مستحکم کرتا ہے اور گندہ بغل کو دفع کرتا ہے اور وسوسہ شیطان کو دور کرتا ہے اور ملائکہ اسکے سبب سے شاد ہوتے ہیں اور سبب مومنین کے خوش ہونے کا اور کافروں کے غصہ کا ہے اور زینت ہے اور خوشبو ہے اور موجب خلاصی ہے عذاب قبر سے اور نکیرین شرم کرتے ہیں اس مرد سے اور دوسری حدیث میں فرمایا کہ اپنے سفید بالوں کو رنگ کرو اور یہودیوں کی شبیہ مت ہو اور حسن بن جہم نے کہا کہ خدمت حضرت امام رضاؑ میں گیا میں دیکھا میں نے کہ ان حضرت نے خضاب ریش مبارک میں برنگ سیاہ کیا تھا پھر فرمایا کہ خضاب کرنے میں ثواب عظیم ہے اور اپنے آپ کو جوان کرنا عورتوں کی عفت کا سبب ہے ایک جماعت عورتوں کی ہے کہ انھوں نے عفت سے ہاتھ اٹھایا اس سبب سے کہ مرد انکے اپنے آپ کو آراستہ نہ کرتے تھے راوی نے کہا کہ ہمکو پہونچا ہے کہ مہندی سفید بالوں کو زیادہ کرتی ہے حضرت نے فرمایا کہ سفید بال خود زیادہ ہوتے ہیں بے مہندی کے اور دوسری حدیث میں فرمایا کہ ایک شخص خدمت آنحضرت صلعم میں آیا حضرت نے دیکھا کہ سفید بال اسکی ڈاڑھی میں ہو گئے ہیں فرمایا کہ یہ نور کے بال ہیں پس فرمایا کہ جس کسی کی حالت اسلام میں ڈاڑھی کا ایک بال سفید ہو اسکے واسطے ایک نور ہو قیامت میں پھر اس شخص نے مہندی سے خضاب کیا اور حاضر ہوا حضور میں آنحضرت صلعم نے دیکھ کر فرمایا کہ نور بھی ہے اور اسلام بھی پھر وہ شخص گیا اور خضاب سیاہ کر کے حاضر ہوا فرمایا کہ نور ہے اور اسلام ہے اور ایمان ہے اور محبوب کرتا ہے عورتوں کی طرف اور خوف و بیم کرتا ہے کافروں کے دل میں اور حدیث حسن میں منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادقؑ سے پوچھا کہ خضاب سر اور ڈاڑھی کا آیا سنت ہے فرمایا ہاں حضرت امیر عم اسواسطے خضاب نہیں فرماتے تھے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا تھا کہ تیری ریش تیرے سر کے

خواہش سر سے خضاب ہونگے انتظار اُنکی خضاب کا کرتے تھے اور حضرت امام حسینؑ اور حضرت امام محمد باقرؑ دونوں بزرگوار خضاب کرتے تھے اور بسند معتبر حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ سزاوار نہیں عورت کو کہ ہاتھ اُسکا خضاب سے خالی ہو اگرچہ مہندی کی ملنے سے ہو اور فرمایا حکم کیا آنحضرت صلعم نے زنان شوہردار و بیشوہر کو خضاب کرنے کا شوہردار واسطے شوہر کے اور بے شوہر اسواسطے کہ ہاتھ اُسکا مثل عورتوں کے ہیں مردوں کا سا نہو جاوے اور بحدیث صحیح یہ بھی منقول ہے کہ مضائقہ نہیں خضاب وسمہ کا کرنے سے مرد بیچ گو اور کئی معتبر حدیثوں میں وارد ہوا ہے کہ جب حضرت امام حسینؑ شہید ہوئے خضاب وسمہ کا ریش مبارک میں تھا اور حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ خضاب کرنا وسمہ سے عورتوں کے انس کا موجب ہے اور ہیبت اُسکے کافروں کے دلوں میں ہم پہنچتی ہے اور بحدیث حسن میں ان حضرت سے منقول ہے کہ خضاب کرنا حنا سے آبرو کو زیادہ کرتا ہے اور بالوں کی سفیدی بھی زیادہ کرتا ہے اور حضرت امام موسیٰ کاظمؑ سے منقول ہے کہ جب عورت کا حیض موقوف ہو جاوے مہندی کا خضاب کرے تا کہ حیض پھر آوے اور بحدیث دیگر میں منقول ہے کہ حضرت امام حسینؑ اور حضرت امام محمد باقرؑ حنا و وسمہ سے ملا کر خضاب کرتے تھے اور بحدیث دیگر حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ آنحضرت صلعم نے اجازت دی عورتوں کو کہ اپنے سر کا خضاب سیاہی سے کریں۔ جاننا چاہیے کہ بیان علما مشہور یہ ہے کہ جنب کو خضاب کرنا مکروہ ہے اور خضاب باندھکر جنب ہونا بھی مکروہ ہے اور بعض اخبار معتبرہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ جب مہندی رنگ دیوے جبکہ ہو تو بعد اُسکے جنب ہونے کا مضائقہ نہیں ایسا ہی مکروہ ہے واسطے

حائض کو خضاب کرنا

فصل ۱۷۴۔ فضیلت شارب اور ناخن لینے میں

جمال الصالحین میں اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے مروی ہے کہ ہر جمعہ کو شارب و ناخن لینا امان ہے دیوانگی و جذام و برص سے اور پریشانی کو دفع کرتا ہے اور روزی کو زیادہ

اور یہ بھی مروی ہے کہ ایک شخص نے خدمت حضرت امام جعفر صادق میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ لوگ
روایت کرتے ہیں کہ بعد نماز صبح کے [illegible] طلوع آفتاب [illegible] مستحب [illegible] دن
روز جمعہ کے [illegible] فرمایا کہ ناخن و شارب لینا [illegible] ہے اور ناخن
دراز [illegible] مروی ہے کہ ناخن [illegible] ناخن
و شارب لینا [illegible] اور [illegible] مروی ہے کہ اگر
[illegible] ناخن [illegible] خدا تعالی
پریشانی [illegible] ناخن و شارب لیوے اور کہے
بسم اللہ و باللہ و علی ملۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ [illegible] اللہ
تعالی [illegible] ناخن کا [illegible] ایسا ہی [illegible]
[illegible] ہے کہ
جو کوئی [illegible] ناخن [illegible] ہاتھ کی انگشت [illegible]
[illegible] آنکھیں [illegible]
حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے مروی ہے کہ ناخن لینے میں اول ابتدا انگشت [illegible]
دست راست سے کرے انگشت کوچک دست راست تک اور پھر انگشت کوچک دست چپ
سے انگشت بزرگ دست راست یعنی سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے پر ختم کرے اور حضرت
امیر المومنین علیہ السلام سے مروی ہے کہ سیدھے ہاتھ میں ناخن اول سیدھے ہاتھ
کی انگلی کا اور بعد بیچ کی انگلی کا اور بعد ازاں انگشت سبابہ کا لیوے اور بائیں ہاتھ
میں اول انگوٹھے کا پھر بیچ کی انگلی کا بعد ازاں سبابہ کا بعد ازاں چھنگلیا کے پاس کی
انگلی کا ناخن لیوے

فصل ۱۵ ۔ آداب سرمہ لگانے کے

حضرت امام جعفر صادق سے حدیث معتبر میں منقول ہے کہ حضرت رسول خدا صلعم سرمہ سنگ کا

آنکھ میں لگاتے تھے اور وقت خواب طاق طاق اور بسند معتبر حضرت امام جعفر صادق سے
منقول ہے کہ سرمہ لگانا شب میں آنکھ کو نفع دیتا ہے اور دن میں زینت ہے اور دوسری حدیث معتبر
میں منقول ہے حضرت امام محمد باقر سے کہ اثمد کا سرمہ آنکھ میں لگانا منہ کو خوشبو کرتا ہے اور پلکوں کو
مضبوط کرتا ہے اور بسند موثق حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ سرمہ لگانا منہ کو میٹھا کرتا ہے
اور حدیث دیگر میں فرمایا کہ اثمد کا سرمہ آنکھ میں لگاؤ کہ آنکھ کو جلا دیتا ہے اور پلکیں جماتا ہے اور
آنکھ سے پانی بہنے کو زائل کرتا ہے اور روایت دیگر میں فرمایا کہ سرمہ لگانا قوت جماع کو زیادہ کرتا ہے
اور فرمایا کہ جو کوئی اثمد کا سرمہ آنکھ میں لگائے اسکی آنکھ میں ہرگز پانی نہ اترے اور حدیث معتبر
میں حضرت امام رضا سے منقول ہے کہ جو کوئی سرمہ اثمد کا لگائے چاہیے کہ سلائی اسکی طاق لگائے
اور جو ایسا نہ کرے تو کوئی باک نہیں اور حدیث صحیح میں آنحضرت صلعم سے منقول ہے کہ سونے
کے وقت سرمہ لگاتے تھے چار سلائیاں سیدھی آنکھ میں اور تین سلائیاں بائیں
آنکھ میں اور حدیث معتبر میں حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ چار چیزیں منہ کو
نورانی کرتی ہیں نظر کرنا اچھی صورت پر اور آب جاری و سبزہ زار پر اور سرمہ لگانا سونے کے وقت
اور حضرت امام رضا سے منقول ہے کہ جو کوئی خدا اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہے چاہیے
کہ سرمہ لگائے اور حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا کہ سرمہ لگانا سونے کے وقت پانی اترنے سے
امان بخشتا ہے اور حضرت امام محمد باقر سے منقول ہے کہ آنحضرت سونے کے وقت ہر آنکھ میں
تین سلائیاں لگاتے تھے اور دوسری روایت ہے کہ تین سلائیاں سیدھی آنکھ میں لگاتے
تھے اور حضرت نے فرمایا کہ لازم ہے تمکو مسواک کرنا کہ آنکھ کو جلا دیتا ہے اور لازم ہے تمکو سرمہ
لگانا کہ منہ کو خوشبو کرتا ہے اسواسطے کہ جب آدمی مسواک کرتا ہے بلغم آنکھ سے اترتا ہے اور سر
جلا دیتا ہے اور جب سرمہ لگاتا ہے بلغم دفع ہوتا ہے اور منہ میں نہیں اترتا اور منہ خوشبودار ہوتا ہے

فصل ۱۷۶ - آداب آئینہ دیکھنے کے

بسند معتبر حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ خدا جب کرتا ہے

سنت ہے اس جوان کے لیے جو آئینہ میں بہت نظر کرے اور تعاہد بہت کرے بایں طور کہ خدا
نے جسکو اچھی صورت پیدا کیا اور معیوب نہیں کیا اور بعضی روایات میں مذکور ہے کہ
آنحضرت صلعم نظر کرتے تھے آئینہ میں اور درست سر مبارک اور ریش مطہر کو شانہ کرتے تھے
اور چہرۂ مبارک کو اپنے اصحاب اور ازواج کے لیے آراستہ کرتے تھے اور فرماتے تھے
کہ خدا پسند کرتا ہے اور دوست رکھتا ہے اپنے بندہ سے کہ جب برادران مومن کے پاس جائے
اور انکے واسطے زینت کرے اور روایات میں منقول ہے کہ آنحضرت صلعم نے حضرت امیر
سے فرمایا کہ یا علی جس وقت آئینہ میں نظر کرو کہو اَللّٰهُمَّ كَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِي فَحَسِّنْ
خُلُقِي وَرِزْقِي

فصل ۱۱ [illegible] آداب شانہ کرنے کے

واضح ہو کہ حدیث معتبر میں حضرت امام جعفر صادق ؑ سے منقول ہے کہ ریش کو شانہ کرنا دانتوں کو
مضبوط کرتا ہے اور رنج و غم بلکہ بدحالی اور پریشانی کو زائل کرتا ہے اور سر میں کنگھی کرنا
تپ کو دور کرتا ہے اور ڈاڑھی اور سر میں شانہ کرنا دانتوں کو مضبوط کرتا ہے اور حضرت
رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ سر میں بہت شانہ کرنا تپ کو دور کرتا ہے اور روزی کو
لاتا ہے اور قوت جماع کو زیادہ کرتا ہے اور حضرت امام جعفر صادق ؑ سے منقول ہے کہ شانہ کرنا
فقر کو زائل کرتا ہے اور بالوں کو اچھا کرتا ہے اور حاجت کو روا کرتا ہے اور پشت کو مضبوط کرتا ہے
اور بلغم کو قطع کرتا ہے اور دوسری حدیث میں ہے کہ سبب زیادتی اولاد کا ہے اور بعد حدیث
دیگر میں فرمایا کہ رخسارہ پر شانہ کرنا دانتوں کو مضبوط کرتا ہے اور بائیں ریش کے نیچے شانہ
کرنا وباؤں کو اس شخص سے دور کرتا ہے اور شانہ کرنا زلفوں میں وسوسہ سینہ کو
دور کرتا ہے اور شانہ کرنا سر کے بالوں کو قطع کرتا ہے حدیث معتبر میں منقول ہے کہ جناب
حضرت صلعم [illegible] شانہ [illegible] سے [illegible] شانہ کرتے تھے اور دو [illegible]
حدیث میں فرمایا کہ جب شانہ کرو [illegible] شانہ کرو [illegible]

کو دور کرتا ہے اور حضرت امام جعفر صادق ع سے منقول ہے کہ جو کوئی ڈاڑھی میں سر بار شانہ کرے
اور ایک ایک بار گنتا جاوے شیطان چالیس روز اسکے پاس نہ آسکے اور دوسری حدیث
میں فرمایا کہ حمام میں شانہ نہ کر کہ بالوں کو تھوڑا کرتا ہے اور حضرت امام علی رضا ع سے
منقول ہے کہ کھڑے ہو کر شانہ نہ کر کہ باعث ضعف دل ہوتا ہے اور بیٹھ کر شانہ کر کہ دل کو
قوی کرتا ہے اور دوسری حدیث میں وارد ہوا ہے کہ آنحضرت صلعم پانی میں بھگو کر شانہ کرتے
تھے اور دوسری حدیث میں وارد ہوا ہے کہ جب ڈاڑھی میں شانہ کرنا چاہے تو
نیچے سے اوپر کو چالیس بار شانہ کر اور سورہ اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ پڑھ اور پھر اوپر سے
نیچے کو سات بار کر اور سورہ والعادیات پڑھ کہ اَللّٰھُمَّ سَرِّحْ عَنِّیْ الْھُمُوْمَ
وَالْغُمُوْمَ وَوَحْشَۃَ الصُّدُوْرِ وَوَسْوَسَۃَ الشَّیْطَانِ اور حضرت
امام رضا سے منقول ہے کہ جو کوئی سات بار شانہ سر و ریش و سینہ پر کھینچے کوئی درد
اسکے نزدیک نہ آوے اور دوسری حدیث میں منقول ہے کہ آنحضرت صلعم ڈاڑھی میں
نیچے سے چالیس بار اور اوپر سے سات بار شانہ کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ روزی کو
زیادہ اور بلغم کو قطع کرتا ہے اور قاسم بن ولید سے منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق ع
سے پوچھا کہ روغندان و شانہ ہاتھی دانت کا بنائیں فرمایا کہ کوئی باک نہیں اور حسن بن جہم
سے منقول ہے کہ خدمت حضرت امام علی رضا میں گیا میں حضرت کے ہاتھ میں ہاتھی دانت
کا شانہ تھا اور اسکو استعمال فرما رہے تھے میں نے عرض کیا کہ آپ پر فدا ہوں ایک جماعت
عراق میں ہے کہ ہاتھی دانت کا شانہ کرنا حلال نہیں جانتی فرمایا کیوں میرے والد ماجد
ایک یا دو شانہ اسکے رکھتے تھے شانہ کرو ہاتھی دانت کا کہ تپ کو دور کرتا ہے اور بہت
سی حدیثوں میں وارد ہوا ہے کہ ائمہ علیہم السلام ہاتھی دانت کا شانہ کرتے تھے اور
ایک روایت میں حضرت امام جعفر صادق ع سے منقول ہے کہ شانہ فقر اور [illegible]
[illegible] شانہ کرنا [illegible]

فصل ۱۷۸ - فضیلت و آداب بدن پر روغن ملنے کے

حضرت امیرؑ سے منقول ہے کہ روغن بشرہ کو نرم کرتا ہے اور دماغ کو زیادہ کرتا ہے اور بدن میں کی خشونت جلد یا بدحالی و تنگی روزی کو برطرف کرتا ہے اور منہ کو نورانی کرتا ہے اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ روغن بدن پر ملنا تونگری کو ظاہر کرتا ہے اور حدیث میں فرمایا کہ فقر کو زائل کرتا ہے اور حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ شب میں روغن ملنے سے عروق بدن میں جاری ہوتا ہے اور بشرہ کو سیراب کرتا ہے اور منہ کو سفید کرتا ہے اور حدیث دیگر میں فرمایا کہ جو کوئی ہر بال میں روغن ملے حق تعالی اسکے واسطے بقدر ہر بال کے ایک نور کے کہ قیامت میں اسکو عطا کریگا اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جب روغن ہتھیلی پر ڈالے کہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الزَّیْنَ وَالزِّیْنَةَ وَالْمَحَبَّةَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّیْنِ وَالشَّنَانِ وَالْمَقْتِ پس ہتھیلی کو سر پر رکھے اور وہاں سے ابتدا کرے روغن ملنے کی اور کئی حدیثوں میں نہی وارد ہوئی ہے ہمیشہ روغن بدن پر ملنے سے ہر روز اور ایک روایت میں ہے کہ مہینہ میں ایک بار ملے اور دوسری روایت میں ہفتہ میں ایک بار یا دو بار مگر عورتوں کو ہر روز ملنا برا نہیں ہے

فصل ۱۷۹ - فوائد روغن بنفشہ میں

حدیث حسن میں حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ تمہارے سب روغنوں میں روغن بنفشہ بہتر ہے اور دوسری حدیث میں فرمایا کہ فضیلت روغن بنفشہ سب روغنوں پر مثل ہمارے ہے سب مردم پر اور حدیث دیگر میں مثل ہمارے شیعوں کے ہے سائر خلق پر اور حدیث دیگر میں فرمایا کہ اچھا روغن ہے روغن بنفشہ بہت ملو اسکو کہ درد سر و چشم کو دور کرتا ہے اور دوسری حدیث میں فرمایا کہ تمہاری پیشانی سے کوئی چیز ظاہر نہیں کہ ہم زیادہ دوست رکھتے ہوں اسکو روغن بنفشہ سے اور دوسری روایت میں عقیقہ کی منقول ہے کہ ایک شخص اونٹ سے گر پڑا تھا اور اسکے دماغ میں صدمہ ہوا تھا پس حضرت امام

جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ روغن بنفشہ اُسکے دماغ پر ٹپکاؤ ایسا ہی کیا شفا پائی پھر فرمایا کہ
اے مفضل روغن بنفشہ نہ جاڑون مین گرم ہے نہ گرمیون مین سرد ہے ہمارے شیعون کے واسطے
نرم ہے اور ہمارے دشمنون کے واسطے خشک ہے اور حضرت امیرؑ نے فرمایا کہ اگر لوگ
بزرگی روغن بنفشہ کی جانین تو ضرور اُسکو بہت کھائین اور دوسری حدیث مین
فرمایا کہ گرمی تپ کو توڑو روغن بنفشہ سے اور حدیث دیگر مین منقول ہے کہ درد سر کو
زائل کرتا ہے اور دماغ کو اصلاح مین لاتا ہے

فصل ۱۸۰ ۔ فضیلت روغن بان و زنبق و زیتون ۔

جاننا چاہیے کہ بان ہندی ہے کہ اُس سے روغن لیتے ہین اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے
منقول ہے کہ اچھا روغن ہے روغن بان اور دوسری حدیث مین منقول ہے کہ ایک شخص نے
حضرت سے شکایت کی ہاتھون کی رگون کی فرمایا کہ روئی لے اور روغن بان اُسپر ڈال
اور ناف پر رکھ یا روغن ناف مین ڈال اُس شخص نے ایکبار یہ کام کیا اور آزار اُس سے
زائل ہوا اور بسند معتبر حضرت رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ جو کوئی روغن بان اپنے اوپر ملے
شیطان بقدرت الٰہی اُسکو ضرر نہین پہونچا سکتا اور حضرت امیرؑ سے منقول ہے کہ اپنے
اوپر روغن بان ملے جاؤ کہ امان ہے بہروسے اور پیغمبر خدا اُسکو استعمال فرماتے تھے اور
آنحضرت صلعم سے منقول ہے کہ کوئی چیز بدن کے واسطے روغن زنبق سے بہتر نہین ہے
دوسری حدیث مین منقول ہے کہ حضرت امام موسیٰ کاظمؑ اور حضرت امام رضاؑ بہی مبارک مین
ملا کرتے تھے اور دوسری روایت مین آنحضرت صلعم سے منقول ہے کہ روغن زنبق مین بہت منافع
ہین اور شفا ستر دردون کی ہے اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ روغن زنبق بہت
نفع رکھتا ہے اور مراد روغن زنبق سے چنبیلی یا جنبیلی ہے اور چنبیلی اور جنبیلی دونون پھول
خوشبودار ہوتے ہین اور محاسن مین حضرت رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ فرمایا کہ جو کوئی
روغن زیتون لگاوے اور بدن پر ملے اُسکے نزدیک چالیس روز تک شیطان نہین آتا

فصل ۱۸۱ ۔ فوائد سب روغنوں کے

منقول ہے کہ آنحضرت صلعم نے حضرت امیر سے فرمایا کہ یا علی روغن زیتون کھاؤ اور بدن پر ملو جو کوئی اسکو کھائے اور بدن پر ملے شیطان چالیس روز تک اسکے پاس نہیں آتا اور دوسری حدیث میں وارد ہوا ہے کہ حضرت امام موسی کاظم نے روغن گل خیرو اپنے اوپر ملا اور حدیث موثق میں منقول ہے کہ جس وقت آنحضرت صلعم کو درد سر عارض ہوتا تھا تیل تل کا بینی مبارک میں ٹپکاتے تھے اور دوسری حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلعم دوست رکھتے تھے کہ تل کا تیل ناک میں ٹپکائیں

فصل ۱۸۲ ۔ فضیلت خوشبو لگانے کی

واضح ہو کہ فضیلت بوے خوش کی بابت وارد ہوئی ہے کہ عطر اور بوے خوش لگانا اخلاق پسندیدہ انبیا میں سے ہے اور حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ بوے خوش دل کو قوی کرتی ہے اور قوت جماع کو زیادہ کرتی ہے اور حضرت امام رضا سے حدیث صحیح میں منقول ہے کہ سزاوار نہیں ہے مرد کو کہ چھوڑے خوشبو کو ہر روز اگر قادر نہو ایک دن بیچ لگائے ورنہ ہر جمعہ کو اور بالبتہ اسکو ترک نکرے اور حضرت امیر سے منقول ہے کہ خوشبو کو شارب پر ملنا اخلاق پیغمبران میں سے ہے اور حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ جو کوئی اول روز میں خوشبو لگاوے شب تک عقل اسکی زائل نہو اور فرمایا کہ دو رکعت نماز خوشبو کے ساتھ بہتر ہے ستر رکعت نماز سے کہ بغیر خوشبو کے پڑھی ہو اور فرمایا تین چیزیں ہیں کہ خدا نے پیغمبروں کو دیں خوشبو اور رکھنی زنیں اور مسواک اور دوسری حدیث میں فرمایا کہ لازم ہے ہر بالغ کو کہ ہر جمعہ میں شارب اور ناخن لے اور خوشبو لگانے اور سنت ہے ہر روز استعمال بوے خوش کا کرنا اور ایک دن عثمان بن مظعون آنحضرت صلعم کے پاس آئے اور عرض کیا چاہتا ہوں میں کہ خوشبو اور رکھنی لذتیں ترک کروں فرمایا کہ ترک نکرو کہ ملائکہ خوشبو مومن کی دوست رکھتے ہیں اور ہر جمعہ میں البتہ ترک نکرو

اور فرمایا کہ جو کچھ صرف کرے خوشبو میں وہ اسراف نہیں ہے اور حدیثوں میں ہے کہ آنحضرت
صلعم کے پاس مشکدانی تھی کہ بعد ہر وضو کے اسکا استعمال فرماتے تھے اور دوسری
حدیث میں منقول ہے کہ آنحضرت صلعم بوئے خوش میں کھانے سے زیادہ صرف کرتے تھے
اور فرمایا کہ عورتوں کو خوشبو کا چاہیے کہ رنگ ظاہر اور بو پوشیدہ ہو اور مردوں
کی بو ظاہر اور رنگ پوشیدہ ہو اور حضرت امام رضا سے منقول ہے کہ چار چیزیں ہیں کہ دل کو
کھولتی ہیں اور غم کو زائل کرتی ہیں خوشبو لگانا شہد کا کھانا سواری کرنا سبزہ پر نگاہ
کرنا اور حضرت امیر نے فرمایا کہ زن مسلمان کو چاہیے اپنے شوہر کے واسطے خوشبو کرے
اور آنحضرت صلعم سے نقل ہے کہ جو عورت خوشبو کرے اور گھر سے باہر نکلے اس پر لعنت خدا
کی ہو جب تک گھر میں آئے اور جمال الصالحین میں ہے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جو
کوئی چاہے کہ میری بو سونگھے پس وہ گل سرخ کو یعنی گلاب کو سونگھے اور نیز فرمایا کہ
گل سفید میرے عرق سے جما ہے اور گل سرخ عرق جبرئیل سے اور گل زرد عرق
براق سے دوسری روایت میں آیا ہے کہ شب معراج کو پسینہ آنحضرت سے زمین پر ٹپکا
تو اس سے گل سرخ پیدا ہوا اور جو کوئی کسی کو بوئے خوش دیوے تو لازم ہے کہ اسکو
رد نہ کرے اسواسطے کہ بوئے خوش اکرام ہے اور اکرام کو رد نہ کرے مگر احمق اور
جو کوئی کسی کو گل یا بوئے خوش دیوے تو چاہیے کہ اسکو سونگھے اور آنکھوں پر
رکھے اور صلوات محمد اور آل محمد پر بھیجے پس ہنوز آنکھوں سے ہاتھ نہ اٹھایا ہو کہ گناہ
اسکے بخشے جائیں اور دوسری روایت میں ہے کہ بوسہ دے اور آنکھوں پر رکھے اور
صلوات بھیجے بعد رگ بیابان علاج کے خدا تعالی واسطے اسکے حسنات
لکھے اور گناہ محو کرے اور علاج اس بیابان کو کہتے ہیں کہ جیسے رگ پشت ہو۔

فصل ۱۸۳ ۔ فضیلت انگوٹھی پہننے اور بنا رکھنی انگوٹھی میں

جاننا چاہیے کہ انگشتری ہندو سنار کی بنی ہوئی اپنے کئیں نہ پہنیں اور جو چاندی سے ...

ہوگی اہیں سنت ہے کہ انگوٹھی چاندی کی ہو اور سنت ہے کہ دہنے مردوں اور عورتوں کو انگوٹھی
سیدھے ہاتھ میں پہننا اور بعض احادیث میں فرمایا ہے کہ بائیں ہاتھ میں بھی پہنی جائے اگر
نقش انگشتری حضرت ساتھ کسی نگین پتھر کے کھدا ہو تو چاہیے کہ وقت استنجا باہر
نکال لیں اور حدیث صحیح میں حضرت امام رضا سے منقول ہے کہ چاہیے کہ داہنے ہاتھ میں
انگوٹھی پہنے اور چاہیے بائیں ہاتھ میں اور بسند معتبر حضرت امیر سے منقول ہے کہ
حضرت رسول خدا صلعم انگوٹھی کو سیدھے ہاتھ میں پہنتے تھے اور سلمان فارسی سے
روایت ہے کہ آنحضرت صلعم نے حضرت امیر سے فرمایا کہ یا علی انگوٹھی سیدھے ہاتھ میں
پہنو کہ مقربوں میں سے ہو جاؤ عرض کیا یا حضرت کون مقرب فرمایا جبرئیل و میکائیل پوچھا
کونسی انگوٹھی ہاتھ میں پہنوں فرمایا عقیق سرخ پہنو کہ اس نے اقرار کیا ہے یکتائی
خدا اور پیغمبر کی رسالت اور تیری وصایت اور تیرے فرزندوں کی امامت اور تیرے
دوستوں کے لیے بہشت کا اور تیرے شیعوں اور فرزندوں کے لیے جنت
فردوس کا اور حضرت امیر نے فرمایا کہ جو کوئی انگوٹھی بائیں ہاتھ میں رکھتا ہو کہ
نام خدا اس میں کندہ ہو وقت استنجا کے دوسرے ہاتھ میں اتار کر وہ انگوٹھی پہن لینا چاہیے
اور حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ انگوٹھی بیچ کی پور میں پہنا کرے اور ایک روایت میں
وارد ہوا ہے کہ انگشتری کو سر انگشت یعنی پوروں میں پہننا عمل قوم لوط کا ہے اور حضرت
امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ آنحضرت صلعم نے منع فرمائی ہے انگشت شہادت اور بیچ کی
انگلی میں انگوٹھی پہننے سے اور مردوں کو سونے کی انگوٹھی پہننا حرام ہے اور لوہا اور
پیتل کی انگوٹھی مرد اور عورتوں کو پہننا مکروہ ہے چنانچہ حضرت امام جعفر صادق سے بسند
معتبر منقول ہے کہ انگشتر آنحضرت صلعم چاندی کی تھی اور کئی حدیث معتبر میں منقول
ہے کہ آنحضرت صلعم نے جناب امیر سے فرمایا کہ انگشتر طلا ہاتھ میں نہ پہنو کہ وہ آخرت میں
تمھاری زینت ہے اور حضرت امیر سے منقول ہے کہ سوا چاندی کے اور انگوٹھی

ہاتھ میں نہ پہنو بہ سبب سستی کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ پاک نہیں ہے وہ ہاتھ کہ جسمیں لوہے کی انگوٹھی ہو اور حدیث معتبر میں آنحضرت صلعم سے منقول ہے کہ نماز نہ پڑھے مرد لوہے کی انگوٹھی پہنکر اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ انگشتر آنحضرت صلعم چاندی کی تھی اور نگین نہ تھا اور اسپر نقش تھا محمد رسول اللہ

فصل ۱۸۴ - فضیلت عقیق میں

منقول ہے کہ حضرت امیرؑ چار انگوٹھیاں ہاتھ میں پہنتے تھے ایک انگشتر یاقوت واسطے شرافت اور زینت کے اور انگشتر فیروزہ واسطے نصرت و یاری کے اور انگشتر حدید چینی واسطے اپنی قوت کے اور عقیق واسطے حرز و دفع دشمنان اور بلاؤں کے اور حدیث جناب امام رضاؑ میں مروی ہے کہ عقیق فقر اور درویشی کو برطرف کرتا ہے اور عقیق کا ہاتھ میں پہننا نفاق کو زائل کرتا ہے اور حدیث معتبر میں حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ انگشتر عقیق انگلی میں پہنو کہ مبارک ہے اور جو کوئی انگشتر عقیق ہاتھ میں رکھتا ہو امید ہے کہ عاقبت اسکی سفروں میں بخیر و نکوئی ہو اور دوسری حدیث صحیح میں آن حضرت سے منقول ہے کہ جو کوئی قرعہ انگشتر عقیق کے ساتھ مارے بہرہ اسکا نور یا بہتر آئیگا اور حدیث [illegible] سے منقول ہے کہ امام زین العابدینؑ کے ہاتھ میں انگوٹھی عقیق کی دیکھی لوگوں نے پوچھا کہ یہ کیا نگین ہے فرمایا کہ عقیق رومی ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جسکے ہاتھ میں انگوٹھی عقیق کی ہو اسکی حاجت بر آتی ہے اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ انگشتر عقیق موجب ایمنی ہے سفر میں اور جو کوئی انگشتر عقیق پہنے پریشان نہ ہو اور عاقبت اسکی البتہ نیک ہو اور دوسری حدیث میں وارد ہوا ہے کہ حاکم نے ایک شخص کی طلبی میں کسی کو بھیجا بسبب کسی جرم کے حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ انگشتر عقیق اسکو پہونچاؤ ایسا ہی کیا کوئی مکروہ اسکو نہ پہونچا اور دوسری حدیث میں منقول ہے کہ ایک شخص نے آنحضرت صلعم کے پاس آکر شکایت کی کہ راہ میں میرے چور پہونچے اور مال میرا سب لیگئے حضرت صلعم نے

فرمایا کہ انگشتر عقیق ہاتھ میں کیوں نہیں رکھتا تھا تو کہ وہ ہر بلا سے آدمی کو بچانیوالا ہے
اور دوسری حدیث میں فرمایا کہ انگشتر عقیق ہاتھ میں پہنو کہ جب تک آدمی وہ انگوٹھی اپنے
پاس رکھے کوئی اندوہ اسکو نہ پہونچے دوسری حدیث میں بشیر دہقان سے منقول ہے کہ
میں نے حضرت امام علی نقی سے عرض کیا کہ کونسا نگین اپنی انگوٹھی پر رکھوں فرمایا کہ کیوں
غافل ہے تو عقیق سرخ و زرد و سفید سے کہ تینوں پہاڑ ہیں بہشت میں کہ وہ عقیق سرخ
مشرف ہے خانہ آنحضرتصلعم پر اور عقیق زرد مشرف ہے خانہ جناب سیدہ علیہا السلام
پر اور عقیق سفید مشرف ہے خانہ جناب امیر پر اور یہ سب ایک قصر ہیں اور ہر کوہ سے
ایک نہر جاری ہے جو برف سے سرد تر اور شہد سے شیرین تر اور دودھ سے سفید تر
اور نہیں پیتا اسکا کوئی مگر آل محمد اور شیعیان آل محمد اور تینوں نہریں کوثر
سے نکلی ہیں اور سب ایک جا جمع ہو کر گرتی ہیں اور یہ تینوں کوہ تقدیس و تمجید و تسبیح الٰہی کرتے
ہیں پس جو کوئی شیعیان آل محمد سے ان تینوں کو ہاتھ میں رکھتا ہو نہ دیکھیگا مگر خیر و
نیکی و کشادگی روزی و سلامتی سب بلاؤں سے اور امان پائیگا بادشاہ ظالم سے
اور جس چیز سے آدمی ڈرتے ہیں اور حذر رکھتے ہیں اور روایت دیگر میں حضرت امام جعفر صادق
سے منقول ہے کہ جو ہاتھ آسمان کی طرف بلند ہوتا ہے خدا دوست رکھتا ہے کہ اس میں انگشتر عقیق
ہو اور دوسری حدیث میں حضرت امام رضا سے منقول ہے کہ جب حضرت موسی کوہ طور پر
اللہ تعالی سے مناجات کرتے تھے زمین پر نظر کرتے تھے حق تعالی نے اسکے نور سے عقیق پیدا کیا
اور پھر فرمایا کہ خدا نے اپنی ذات مقدس کی قسم کھائی کہ عذاب نکرونگا میں آتش جہنم سے اس
ہاتھ کو جسمیں عقیق کی انگوٹھی ہو اور روایت علی ابن ابی طالب رکھتا ہو اور حضرت
امیر نے پوچھا کہ یا رسول اللہ عقیق کو کیا ہے فرمایا کہ ایک پہاڑ ہے یمن میں کہ اسنے خدای تعالی
کی وحدانیت اور میری نبوت اور تیری وصایت اور تیری اولاد کی امامت اور تیرے شیعوں کے لیے
بہشت [illegible] اور تیرے دشمنوں کے لیے دوزخ کا اقرار کیا ہے اور حضرت امیر سے منقول ہے کہ آنحضرت

اُس شخص کی جو انگشتر عقیق پہنے ہو چالیس حصہ اُس سے زیادہ ہے جو عقیق نہ پہنے ہو اور سلمان اعمش روایت کرتے ہیں کہ خدمت حضرت امام جعفر صادقؑ میں خانۂ منصور عباسی میں تھا میں کہ ایک شخص کو باہر لائے کہ اُسکے کوڑے مارے تھے حضرت نے فرمایا ای سلمان دیکھ کہ انگشتری اسکی کیا رنگ رکھتی ہے میں نے دیکھکر عرض کیا عقیق ہے یا ابن رسول اللہ فرمایا کہ ای سلمان تحقیق ہوتا تو کوڑے نہ کھاتا میں نے عرض کیا یا ابن رسول اللہ اور کچھ فرمائیے فرمایا ای سلمان عقیق امان دیتا ہے خوف سے میں نے عرض کیا اور کچھ فرمائیے فرمایا کہ ای سلمان خدا دوست رکھتا ہے کہ اُسکی طرف دعا میں جو ہاتھ اٹھایا جاوے کہ اُسمیں عقیق ہو میں نے عرض کیا اور کچھ فرمائیے فرمایا کہ جب ہاتھ میں عقیق ہو تعجب رکھتا ہوں میں کہ وہ درہم دینار سے کیونکر خالی رہے میں نے عرض کیا یا ابن رسول اللہ اور کچھ فرمائیے فرمایا کہ بچا لانے والا آدمی کا ہے ہر بلا سے میں نے عرض کیا اور کچھ فرمائیے فرمایا کہ امین کرتا ہے فقر سے میں نے عرض کیا کہ یا ابن رسول اللہ روایت کروں میں اس حدیث کو آپکے جد سے یا حضرت امام حسینؑ اور جناب امیر سے فرمایا کہ ہاں اور دوسری روایت میں منقول ہے کہ دو رکعت نماز انگشتر عقیق کے ساتھ بہتر ہے ہزار رکعت سے کہ بغیر عقیق کے پڑھی ہو اور آتش جہنم میں نہیں جاتے وہ ہاتھ کہ انگوٹھی عقیق کی جنمیں ہوتی ہے

فصل ۱۸۵۔ فضیلت یاقوت و زبرجد و زمرد میں

بسند معتبر حدیثوں میں حضرت امام علی بن موسی الرضاؑ سے منقول ہے کہ انگشتر یاقوت ہاتھ میں پہننا پریشانی کو زائل کرتی ہے اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ سنت ہے انگشتر یاقوت ہاتھ میں رکھنا اور موجب آسانی ہے کہ اُسمیں کوئی دشوار نہیں اور دعوات قطب راوندی میں ہے کہ جناب امیرؑ کی انگشتری پر یاقوت تھا اور یاقوت پر لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ کندہ تھا اور تحفۂ عالم شاہی میں ہے کہ یاقوت سرخ باعث شجاعت و مہابت و معظم ہونے کا نظروں سے مردم میں ہوتا ہے اور اگر اطفال پہنیں

جب تک لٹکا رہے ام الصبیان سے امن ہو اور لٹکانا حاملہ پر یاقوت کا حفاظت کرتا ہے بچہ
کی اور مانع ہوتا ہے ساقط ہونے سے اور انگشتری یاقوت کی واسطے قضائے حاجات کے
مفید ہے۔ مگر یہ خاصیتیں احادیث میں میری نظر سے نہیں گذریں کتاب مذکور میں یہ
خاصیتیں تحریر ہیں اور انگشتر زمرد ہاتھ میں رکھنا فقر کو تونگری سے بدل دیتا ہے اور دوسری
حدیث میں حضرت امام رضا سے یہی حکم زبرجد میں واقع ہوا ہے اور فرمایا کہ انگوٹھی زبرجد کی
ہاتھ میں رکھنا فقر کو تونگری سے بدلتا ہے اور خواص الصالحین میں ہے زمرد کا انگشتری کا
خواب سے تشویش اور پریشانی سے محفوظ رہتا ہے اور باعث انشراح و سرور ہے باندھنا اس کا
گردن یا بازو میں واسطے باطل ہونے زہر کے اور ران پر واسطے سرعت ولادت کے نافع
اور مجرب ہے مگر یہ خاصیتیں احادیث میں میری نظر سے نہیں گذریں اور جو کوئی انگشتر یاقوت
زرد ہاتھ میں پہنے فقیر ہو اور مراد یاقوت زرد سے پکھراج ہے

فصل ۱۹۶ - فضیلت فیروزہ و جزع یمانی

حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو کوئی انگشتر فیروزہ ہاتھ میں پہنے فقیر نہ ہو اور
حسن بن علی بن مہران سے منقول ہے کہ خدمت حضرت امام موسیٰ کاظمؑ میں گیا ان حضرت کی
انگلی میں انگشتری فیروزہ دیکھی کہ اس پر اللہ الملک کندہ تھا میں بہت نظر کرتا تھا
انگوٹھی پر فرمایا کیا دیکھتا ہے تو میں نے کہا کہ حضرت مگر فیروزہ [illegible] نقش کر اللہ
الملک اس پر کندہ تھا فرمایا کہ اس کو پہچانتا ہے تو میں نے کہا نہیں فرمایا کہ یہ وہی
انگوٹھی ہے اور یہ وہ پتھر ہے کہ جبرئیل آنحضرت صلعم کے لیے بہشت سے ہدیہ لائے تھے
آنحضرت صلعم نے جناب امیرؑ کو عنایت کی اور ان سے ہم تک پہنچی اور حضرت امیرؑ سے
منقول ہے کہ انگشتری جزع یمانی کی ہاتھ میں پہنو کہ رد کرتی ہے مکر شیاطین کو [illegible]
اور حضرت علی بن ابی طالبؑ سے منقول ہے کہ حضرت رسول صلعم نے فرمایا کہ اے علی [illegible]
یا ہم سے [illegible] اور انگشتر جزع یمانی کی ہاتھ میں پہنے گا اور [illegible]

سے فارغ ہوئے انگشتری مجھکو عنایت کی اور فرمایا کہ اس انگشتری کو ہاتھ مین پہن لے
اور نماز پڑھ کہ جزع یمانی پہنکر ستر نماز کے برابر ہے اور جزع یمانی تسبیح و استغفار کرتا ہے اور
ثواب اسکا صاحب انگشتری کے لیے لکھا جاتا ہے اور علی بن محمد ضمیری نے کہا کہ دختر
جعفر بن محمد کی خواستگاری کی مین نے اور اسکو بہت دوست رکھتا تھا مین اور
اس سے اولاد نہین ہوتی تھی مین نے خدمت حضرت امام علی نقیؑ مین جا کر عرض کی حضرت نے
تبسم کیا اور فرمایا کہ انگشتری فیروزہ لے اور اسپر یہ نقش کر رَبِّ لَا تَذَرْنِي
فَرْدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ مین نے ایسا ہی کیا ایک سال نہین گذرا تھا کہ
اس عورت سے ایک لڑکا پیدا ہوا اور حضرت صلعم سے منقول ہے کہ خداوند عالم فرماتا ہے
کہ مین شرم کرتا ہون اس ہاتھ سے کہ میری طرف بلند ہو دعا مین اور اس ہاتھ مین انگشتری
فیروزہ ہو پس اسکو رد و نا امید نہ کرون مین۔

فصل ۱۸۷ - فضیلت در نجف و بلور و حدید چینی وغیرہ مین

بسند معتبر مفضل بن عمر سے منقول ہے کہ کہا ایک دن خدمت حضرت امام جعفر صادقؑ مین گیا
مین انگشتری در نجف ہاتھ مین پہنے تھا فرمایا کہ اے مفضل یہ نگین سیرگاہ دیدہ ہاے
مومنین و مومنات ہے اور دور کرنے والا دردون کا ہے آنکی آنکھون سے اور مین دوست
رکھتا ہون واسطے مومن کے کہ پانچ انگوٹھیان ہاتھ مین رکھتا ہو۔ اوّل یاقوت اور وہ سب
مین بزرگتر ہے دوم عقیق کہ وہ خالص ہے واسطے خدا کے اور واسطے ہم اہلبیتؑ کے سوم
فیروزہ کہ وہ آنکھ کو قوت دیتا ہے اور سینہ کو کشادہ کرتا ہے اور قوت دل کو زیادہ کرتا ہے اور
جو کسی کام کو پہنکر جائے تو حاجت اسکی برآئے اور چہارم حدید چینی مین دوست نہین
رکھتا کہ اسکو ہمیشہ ہاتھ مین رکھتا ہو مگر اسوقت پہنتا اسکا برا نہین سمجھتا کہ جب ایسے
شخص کے سامنے جائے جس سے ڈرتا ہو اُن شرون سے اسواسطے کہ نشان اسکا ساکن کرتا ہے اور
حدید چینی شیاطین کو دور کرتا ہے اس سبب سے دوست رکھتا ہون پنجم کہ ہاتھ مین رہے

پنجم ورنجف اشرف ہی یادرکھنی کہ اسکو جو کوئی ہاتھ مین پہنے ہر نظر مین اللہ تعالی ثواب حج
یا عمرہ اسکے عملنامہ مین لکھے کہ ثواب اسکا انبیاء و صالحین کا ہوا اور اگر خدا اسے تعالی
رحم نہین کرتا ہمارے شیعون پر ضرور یہہ نگینہ انمین سے بہت قیمت کو پہونچتا لیکن خدانے
ارزان کیا ہی واسطے انکے کہ امیر و فقیر آسانی سے ہاتھ مین پہن سکتا ہی الیوا ہر کہتا ہی کہ اس
حدیث کو مین نے حضرت امام حسن عسکری سے عرض کیا فرمایا کہ یہ حدیث میرے جد امجد حضرت امام
جعفر صادق کی ہی مین نے عرض کیا کہ آپ کچھ عقیق سرخ کے لیے اختیار نہین فرماتے فرمایا ہان
اسمین فضیلت بسیار وارد ہوئی ہی یادرکھنی کہ میرے والد ماجد نے مجھکو خبر دی کہ اول جسنے انگوٹھی
عقیق کی پہنی وہ حضرت آدم تھے کہ دیکھا انکی مہر مین نور عرش الہی سے لکھا ہی
أَنَا اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا وَحْدِيْ وَمُحَمَّدٌ صَفْوَتِيْ مِنْ خَلْقِيْ أَيَّدْتُهُ
بِأَخِيْهِ عَلِيٍّ وَنَصَرْتُهُ یہ آخر اسماے پنجتن آل عبا تک ہین جب حضرت
آدم نے اس درخت سے میوہ کھایا اور زمین پر متوسل ہوئے خدا کی درگاہ مین ان نامون
سے اور انھین اسماے مبارک کی برکت سے توبہ انکی قبول ہوئی پھر حضرت آدم نے
چاندی کی انگوٹھی بنائی اور عقیق سرخ کا نگینہ رکھا اور یہ پانچون نام اسپر نقش کیے
اور وہ انگوٹھی سیدھے ہاتھ مین پہنی ایس یہ ایک سنت ہوئی کہ پیغمبر کے فرزندون
انکے نے انکی سنت پر عمل کیا اور مراد پانچ نامون سے محمد و علی و فاطمہ و حسن
و حسین علیہم السلام ہین اور حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہی کہ اچھا نگین بلور
اور حسین بن عبد اللہ سے مروی ہی کہ پوچھا حضرت امام علی نقی سے کہ آیا جو سنگریزہ
چاہ زمزم سے نکلے اسکی انگوٹھی بنانا خوب ہی فرمایا ہان مگر جب استنجا کرنا چاہیے
باہر نکال لین یعنی اگر بائین ہاتھ مین ہو وگرنہ کچھ حاجت نہین

فصل ۱۸۸ - نقوش کہ جنکا انگشتری پر نقش کرنا سزاوار ہے -

حسن بن خالد نے حضرت امام رضا سے عرض کی کہ جائز ہی کہ کوئی شخص استنجا کرے اور

اُسکے ہاتھ مین انگوٹھی ہو کہ اُسپر نقش لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہو فرمایا خوب نہین جانتا
مین اُسکو اُسکے لیے اور حضرت امام رضا ع سے منقول ہے کہ نقش نگین حضرت آدم ع
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ تھا اور اپنے ساتھ بہشت سے
لائے تھے اور حضرت نوح ع جب کشتی پر سوار ہوئے حق تعالی نے اُنکو وحی بھیجی کہ اے
نوح ع جو غرق سے ڈرے تو ہزار بار کہہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مین تجکو اور مومنون کو
نجات دون پس جب کشتی راہ مین پڑی اور تیز ہوا چلی اور حضرت غرق سے
ڈرے یہ مجال نہوئی کہ ہزار بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہین زبان سریانی مین کہا ھلو لیا
الفا الفا یا ماریا اتقن پس طوفان برطرف ہوا اور کشتی راہ پر پڑی پس خود
ترجمہ اُسکا عربی مین کیا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَلْفَ مَرَّۃٍ یَا رَبِّ اَصْلِحْنِیْ اور حضرت ابراہیم ع کو
جب کفار منجنیق مین رکھا کہ آگ مین ڈالین حضرت جبرئیل ع غصہ مین آئے حق تعالے
نے اُنکو وحی کی کہ کیا چیز تجکو غصہ مین لائی عرض کی بار آلہا یہ خلیل تیرا ہے سوا
اُسکے اسوقت مین کوئی نہین کہ تیری پرستش ساتھ یگانگی کے کرے تو اُسپر تو نے اُسکے
دشمن کو مسلط کیا ہے پھر خدا نے وحی فرمائی کہ ساکت ہو پس وہ بندہ میرا ہے جب چاہون
اُسکو پکڑ سکتا ہون مین پھر جبرئیل ع مطمئن ہو کر ابراہیم ع کی طرف ملتفت ہوئے اور کہا
آیا تمکو کوئی کام اور حاجت ہو نہین اُسوقت فرمایا تمسے نہین پس حق تعالی نے انگوٹھی
اُنکے واسطے بھیجی کہ اُسمین چھ کلمے نقش تھے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ فَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اَسْنَدْتُ
ظَهْرِیْ اِلَی اللّٰہِ حَسْبِیَ اللّٰہُ پس خدا نے وحی کی کہ یہ انگوٹھی ہاتھ مین پہن
آگ کو تجھپر سرد اور سلامت تجکو پھیر دونگا اور نقش نگین حضرت موسی ع دو حرف یعنی توریت سے
باہر لائے تھے اِصْبِرْ تُؤْجَرْ اُصْدُقْ تَنْجُ یعنی صبر کر کہ مزدوری پائے اور سچ بول
تاکہ نجات پائے اور نقش نگین سلیمان بن داود ع یہ تھا سُبْحَانَ مَنْ اَلْجَمَ الْجِنَّ

بکلمته اور نقش نگین حضرت عیسیٰ ع یہ دو حرف تھے کہ انجیل سے نکالے تھے طوبیٰ
لعبدٍ ذُکِرَ اللہُ من اجلہ وویلٌ لعبدٍ نَسِیَ اللہَ من اجلہ یعنی خوشا
حال اُس بندہ کا جسکے سبب خدا یاد کیا جاوے اور وائے اُس بندہ خدا پر کہ جسکے سبب
خدا کو بھول جائیں اور نقش نگین آنحضرت صلعم لا الٰہ الا اللہ محمد رسول
اللہ تھا اور نقش نگین حضرت امیر ع اللہ الملک تھا اور نقش نگین حضرت امام حسن ع
العزۃ للہ اور نقش نگین حضرت امام حسین ع ان اللہ بالغ امرہ تھا اور حضرت
علی بن الحسین ع انگشتری پدر بزرگوار کا ہاتھ میں پہنے تھے اور وہی انگوٹھی امام محمد باقر ع
پہنے تھے اور نقش نگین حضرت جعفر صادق ع اللہ ولیّی و عصمتی من خلقہ تھا
اور نقش نگین حضرت موسیٰ کاظم ع حسبی اللہ تھا پس امام رضا ع نے ہاتھ بڑھایا اور
انگشتری والد ماجد دکھائی کہ ہاتھ میں پہنے تھے اور صحیح حدیث میں حضرت صادق ع سے منقول ہے
کہ نقش نگین آنحضرت صلعم محمد رسول اللہ تھا اور نقش نگین حضرت امیر ع اللہ
الملک تھا اور نقش نگین حضرت امام ابو محمد الحسن العزۃ للہ تھا خداوندا اگر ہو یہ جو
نقش کہ تو خلق پر مسلط ہو اور نظر خلائق میں معزز ہو اور نقش نگین جناب امام حسین ع
ان اللہ بالغ امرہ تھا یہ کلمہ نگین پر نقش کرانا واسطے وسعت رزق کے فائدہ عظیم
رکھتا ہے اور بروایت دیگر توفیقی باللہ تھا کہ یہ کلمہ نقش کرانا انگشتری پر واسطے عافیت
کے اچھا ہے اور دوسری حدیث معتبر میں منقول ہے کہ اُن حضرت سے پوچھا کہ آیا کراہت
رکھتا ہے کہ نگین میں کوئی شخص اپنے اور اپنے باپ کے نام کے سوا کچھ اور نقش کرے
فرمایا کہ نہیں چنانچہ نقش میری انگشتری کا اللہ خالق کل شیء ہے اور نقش
نگین میرے والد ماجد کا العزۃ للہ تھا اور نقش نگین امام زین العابدین ع الحمد
للہ العلی تھا اور نقش نگین امام حسن و امام حسین ع حسبی اللہ تھا اور نقش
نگین حضرت امیر ع اللہ الملک تھا اور دوسری روایت معتبر میں منقول ہے کہ

کہ نقش نگین حضرت صادق ع یہ کلمات تھے اَنْتَ ثِقَتِیْ فَاعْصِمْنِیْ مِنْ خَلْقِکَ
اور بروایت دیگر اَللّٰہُ وَلِیِّیْ وَعِصْمَتِیْ مِنْ خَلْقِهٖ تھا ہر ایک ان کلمات میں
سے نگین پر نقش کرانا موجب محفوظ رہنے بدیوں سے ہے اور بقولے اَللّٰهُ
وَلِیِّیْ اَغْنِنِیْ بِہٖ تھا کہ یہ واسطے تونگری و دولت کے مؤثر ہے اور حدیث صحیح میں
حضرت امام رضا ع سے منقول ہے کہ نقش نگین حضرت صادق ع اَنْتَ ثِقَتِیْ
فَاعْصِمْنِیْ مِنَ النَّاسِ تھا اور بروایت دیگر اَللّٰھُمَّ اَنْتَ ثِقَتِیْ فَقِنِیْ
شَرَّ خَلْقِکَ تھا اور نقش نگین حضرت موسی کاظم ع حَسْبِیَ اللّٰہُ تھا اور اسکے نیچے
ایک پھول کی شکل تھی اور اوپر ایک ہلال نقش تھا اور دوسری حدیث صحیح میں
منقول ہے کہ نقش نگین حضرت امام رضا ع میں مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
تھا اور یہ نقش اگر نگین زرد پر ہو تو واسطے تونگری کے بہت مفید ہے بتخصیص
اگر نیچے محمد و علی کندہ ہو اور بروایت دیگر حَسْبِیَ اللّٰهُ حَافِظِیْ تھا کہ نقش
اس کلمہ کا واسطے حفاظت جنگ و امان دشمن کے بہت نفع رکھتا ہے اور روایت
ہے کہ روز جمعہ اول ماہ رمضان نگین عقیق پر ان کلمات کو کھدواوے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰهِ نقش کرے واسطے ہر علت کے نافع ہے اور نقش نگین امام محمد تقی ع
حَسْبِیَ اللّٰهُ حَافِظِیْ تھا اور بقولے عقیق سرخ پر کندہ کرنا
کفایت مہمات اور دفع اعدا کے مجرب ہے اور بروایت دیگر اَلْعِزَّةُ
لِلّٰهِ جَمِیْعًا تھا کہ یہ واسطے دفع نقمت و وسعت معیشت کے بہت
نفع رکھتا ہے اور دوسری حدیث معتبر میں امام رضا ع سے منقول ہے کہ نقش نگین
امام زین العابدین ع یہ تھا خَزِیَ وَشَقِیَ قَاتِلُ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ اور بروایت دیگر یہ کلمہ
حَسْبِیَ اللّٰهُ تھا اور یہ کلمہ نگین پر نقش کرانا واسطے دفع اندوہ کے خوب
ہے اور عبد اللہ بن سنان کہتا ہے کہ حضرت صادق ع نے انگوٹھی آنحضرت صلعم کی

صحابو دکھائی نگین سیاہ رکھتی تھی اور اسمین دو سطرون مین تھا محمد رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وآلہ اور حدیث معتبر مین منقول ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے نہی فرمائی اس سے کہ صورت کسی کی حیوانات مین سے انگشتری پر نقش کرے
اور حدیث دیگر مین منقول ہے کہ نقش کرے انگشتری پر ما شاء اللہ لا قوۃ
الا باللہ استغفر اللہ اسمین ہو فقر سے امن دوسری روایت مین امام محمد باقر
سے منقول ہے کہ انگشتر حضرت امیر علیہ السلام چاندی کی تھی اور نقش نگین اسکا یہ تھا نعم
القادر اللہ اور بعض روایات مین وارد ہوا ہے کہ حدید چینی کی انگشتری رکھتے تھے
سپید صاف اور یہ کلمات اسمین نقش تھے سات سطرون مین اور لڑائیون مین اور
شدتون مین پہنتے تھے کلمات یہ ہین اعددت لکل ھول لا الہ الا اللہ ولکل
کرب لا حول ولا قوۃ الا باللہ ولکل مصیبۃ نازلۃ حسبی اللہ ولکل
نعمۃ متجددۃ الحمد للہ ما تعلق ابن ابی طالب من نعم اللہ
فیّن اللہ اور حضرت اسمعیل بن موسیٰ سے منقول ہے کہ انگشتری حضرت صادق علیہ السلام
کی تمام چاندی کی تھی اور اسپر نقش یہ تھا یا ثقتی فقنی شر جمیع خلقک اور
حضرت امام محمد باقر سے منقول ہے کہ جو کوئی اپنی انگشتری مین آیہ قرآن نقش کرے
بخشا جاوے اور سید ابن طاوس رضوانہ بروایت قاسم بن علی روایت کی ہے صافی
خادم امام علی نقی سے کہ رخصت طلب کی مین نے ان حضرت سے کہ آپکے جد امجد امام رضا
کی زیارت کو جاؤن مین فرمایا کہ اپنے ساتھ ایک انگوٹھی رکھنا کہ نگین اسکا زرد عقیق
یمنی ہو اور اسپر یہ نقش ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ استغفر اللہ ایک طرف
اور دوسری طرف محمد و علی نقش ہو جو اسکو ساتھ رکھتا ہوگا تو امان پائیگا رہزنون
اور چورون کے شر سے اور تیرے ایمان کی سلامتی کے واسطے ہے اور تیرے دین کی بڑی
حافظ ہے صافی کہتے ہین کہ باہر آیا مین اور اسطرح کی انگوٹھی بہم پہونچائی اور پھر گیا مین

وداع کرون جب وداع کیا مین نے اور دور ہوا مین فرمایا کہ مجکو پھیلائیو جب مین پھر کر آیا فرمایا کہ ای صافی مین نے کہا لبیک ای آقا کہا چاہیے کہ انگشتر فیروزہ بھی اپنے ساتھ رکھ کہ درمیان طوس و نیشاپور کے ایک شیر تجکو ملیگا اور قافلہ کو روکیگا تو آگے جاکر انگشتری شیر کو دکھلانا اور کہنا کہ ہمارے مولا نے کہا ہی کہ راہ سے دور ہو اور چاہیے کہ ایک طرف نگین فیروزہ پر اَللّٰهُ اَلْمَلِکُ کندہ کرے اور دوسری طرف اَلْمُلْکُ لِلّٰہِ اَلْوَاحِدِ اَلْقَهَّارِ اسواسطے کہ نقش نگین حضرت امیرؑ اَللّٰهُ اَلْمَلِکُ تھا اور جب خلافت حضرت کی پھر آئی تو آپنے اَلْمُلْکُ لِلّٰہِ اَلْوَاحِدِ اَلْقَهَّارِ نقش کرایا اور نگین اُسکا فیروزہ تھا یہ امان بخشتا ہی حیوانات درندہ سے اور باعث ظفر اور غلبہ ہوتا ہی لڑائیون مین خادم نے کہا گیا مین سفر مین قسم خدا کی اُس جگہ جہان حضرت نے فرمایا تھا ایک شیر سر راہ آیا اور جو کچھ ارشاد ہوا تھا مین عمل مین لایا شیر پھر گیا جب زیارت سے پھرا مین جو کچھ گذرا تھا عرض کیا فرمایا کہ ایک خبر رہ گئی کہ تو نے نقل نہ کی اگر چاہے تو مین نقل کرون مین نے عرض کیا ای آقا شاید مین بھول گیا ہون فرمایا ایک شب طوس مین نزدیک روضہ حضرت امام رضاؑ کے تو سوتا تھا کہ ایک گروہ جنیون مین سے چاہتے تھے کہ زیارت قبر کو جائین اُس نگین کو تیرے ہاتھ مین دیکھا اور نقش اُسکا پڑھا اور تیرے ہاتھ سے اُتار لے گئے اور پانی مین دھو کر ایک بیمار کو پلایا اُسنے صحت پائی پھر انگوٹھی کو لائے تو نے سیدھے ہاتھ مین پہنی تھی بائین ہاتھ مین پہنا گئے جب بیدار ہوا تو بہت تعجب کیا تو نے اور سبب اُسکا نہ جانا اور اپنے سرہانے ایک یاقوت پایا تو نے اُسکو اُٹھا لیا اب تیرے ہمراہ ہی بازار مین ستر اشرفی کو فروخت ہوگا اور یہ یاقوت ہدیہ جنیون کا ہی تیرے واسطے لائے تھے صافی کہتے ہین کہ یاقوت کو بازار مین لے گیا اور ستر اشرفی کو فروخت کیا اور نقش نگین حضرت فاطمہ زہرا صلوات اللہ وسلامہ علیہا اٰمَنَ الْمُتَوَکِّلُوْنَ تھا کہ یہ واسطے دفع دشمن و حفظ اموال و اولاد

وبدن جن وانس او جمیع مکارہ سے تاثیر عظیم رکھتا ہے دوسری حدیث میں روایت
ہوئی ہے کہ اگر عقیق یمنی زرد پر مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ
اور دوسری طرف مُحَمَّدٌ وَعَلِیٌّ کندہ کرے واسطے تو انگری کے از بس مفید ہے اور
سید ابن طاؤس نے روایت کی ہے کہ ایک شخص خدمت حضرت امام جعفر صادق میں گیا اور عرض
کیا کہ میں ڈرتا ہوں حاکم ظالم شہر جزیرہ سے کہ دشمن اسکو مجھ پر غصہ میں لائے ہیں اور
ایمن نہیں ہوں میں اس سے کہ مجکو نہ ماریں حضرت نے فرمایا کہ انگوٹھی بنا کر نگین اسکا
حدید چینی ہو اور اس نگین پر تین سطریں نقش کر سطر اول میں اَعُوذُ بِجَلَالِ اللّٰهِ
اور سطر دوم میں اَعُوذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ اور سطر سوم میں اَعُوذُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ
اور نیچے نگین کے دو سطریں نقش کر اول میں اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَکُتُبِهٖ اور سطر دوم
میں اَنِّیْ وَاثِقٌ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ اور گرد نگین کے اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ مُخْلِصًا پس ہاتھ میں پہن اس انگوٹھی کو ہر حاجت میں کہ تجھ پر دشوار ہو
جسوقت کہ کسی کی آزار دہی سے ڈرے تو یاد رکھ کہ حاجتیں تیری بر آئینگی اور ڈر تیرے
خوشی سے بدل ہونگے اور جس عورت پر وضع حمل دشوار ہو اسپر باندھیں کہ بمشیت الٰہی
وضع حمل بآسانی ہو اور اسی طرح دفع کرتا ہے چشم بد کو اور حذر کر کہ نجاست اور سبیل
اُس نگین کو نہ پہونچے اور حمام اور بیت الخلا میں اپنے ساتھ نہ لیجا اور خوب محافظت کر
اُسکی کہ اسرار خدا سے ہے اور تم شیعہ جسکا اپنے دشمنوں سے ڈرو چاہیے کہ جان کے
برابر اس انگوٹھی کو رکھتے رہو اور دشمنوں سے چھپا رکھو اور تعلیم نکرو مگر اُس شخص کو
کہ جسپر اعتماد رکھتے ہو راوی حدیث کہتا ہے کہ میں نے تجربہ کیا اور اثر اسکا پایا اور
حضرت امام محمد باقر سے روایت ہے کہ جو کوئی صبح کرے اور اُسکے ہاتھ میں انگوٹھی عقیق
کی ہو کہ سیدھے ہاتھ میں پہنے ہو پہلے اُس سے کہ نظر اُسکی کسی پر پڑے نگین کو
ہتھیلی کی طرف پھیرے اور اسمیں نظر کرے اور سورۂ قدر پڑھے پھر کہے اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ

وَحْدَہٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَكَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَاٰمَنْتُ بِسِرِّ
اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلَانِيَتِهِمْ وَظَاهِرِهِمْ وَبَاطِنِهِمْ وَاَوَّلِهِمْ وَاٰخِرِهِمْ

جب ایسا کرے تو خدا وند عالم اوسکو نگاہ رکھے اور اوسدن جو خیر آسمان سے اُترے پا وے اور جو بلا آسمان سے اُترے دور ہوجائے اور جو کچھ زمین کے اندر جائے اور باہر آئے اوسکے شر سے حرز و حمایت خدا و دوستان خدا میں رہے شام تک اور دوسری حدیث میں منقول ہے کہ جو کوئی انگشتری عقیق کی بنائے اور اوسکے نگین پر نقش کیا ہو مُحَمَّدٌ نَبِيُّ اللّٰهِ عَلِيٌّ وَلِيُّ اللّٰهِ خدا اوسکو مرگ بد سے بچائے اور نہ مرے مگر دین حق پر اَلْتِمَاس ہو گیت رسالہ اور چونکہ عقیق سفید کندہ کرنے کے لیے کوئی دعا مخصوص کتب معتبرہ میں سے میری نظر سے نہیں گذری لہٰذا میں نے جناب مولانا و مقتدانا سید مصطفیٰ معروف بہ میر آغا صاحب مجتہد العصر مدظلہ سے دریافت کیا جواب اوسکے قبلہ و کعبہ نے یہ رقم فرمایا کہ درحقیقت اس نگین کیواسطے کوئی دعاء خاص میری بھی نظر سے نہیں گذری مگر ہاں اس زمانہ میں صِرَاطُ عَلِيٍّ حَقٌّ نُمْسِكُهٗ کہ بعد حذف مکررات مقطعات قرآنی چودہ حرف بعدد چہاردہ معصومین ہو باقی رہے ہیں اور اونسے یہ کلمات مرکب ہیں نقش کرتے ہیں واسطے بہت سے فوائد و تاثیرات کے کتب میں مذکور ہیں حررہ میر آغا عفی عنہ اور بہت سے نقوش میں نے کتاب لسان المتقین میں لکھے ہیں لہٰذا اس جگہ اسی قدر پر اکتفا کیا گیا

فصل ۱۸۹۔ تجارت و طلب معاش و معاملات

جمال الصالحین میں ہے کہ عبادت کے ستر جزو ہیں افضل جزو طلب حلال ہے اور مال حلال پیدا کرے سب سے مستغنی ہو اور نیز مروی ہے کہ خدائے تعالیٰ نے روزی حلال قسمت کی ہے نہ حرام پس جو کوئی صبر کرے اور حرام سے پرہیز کرے خدائے تعالیٰ رزق اوسکو حلال سے پہونچائے اور جس قدر مال حرام سے پیدا کرے اوسی قدر مال حلال سے کم ہوجائے کیونکہ حدیث میں آیا ہے کہ جس قدر خدائے تعالیٰ نے روزی قسمت میں لکھی ہے

جب تک وہ تمام نہو جائے تب تک انسان نہیں مرتا ہے احادیث معتبرہ میں حضرت رسول خدا
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے منقول ہے کہ تونگری خوب معین ہے پرہیزگاری پر معاصی خدا سے
اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ کوئی خیر نہیں ہے اُس شخص میں جو نچاہے کہ مال حلال سے
جمع کرے تاکہ بسبب اُس مال کے اپنے تئین سوال اور گدائی سے بچالے اور قرض اپنا ادا
کرے اور اپنے اقارب سے احسان کرے اور حدیث حسن میں منقول ہے کہ ایک شخص نے
حضرت امام جعفر صادقؑ سے دریافت کیا کہ ہم دنیا کو طلب کرتے ہیں اور دوست رکھتے ہیں کہ
مال دنیا ہماری طرف متوجہ ہووے حضرت نے فرمایا کس واسطے چاہتے ہو عرض کی اس واسطے کہ خرچ
اپنا اور اپنے عیال کا کریں اور صلہ رحم کریں اور تصدق کریں اور حج و عمرہ کریں حضرت نے فرمایا کہ
ان چیزوں کے لیے حاصل کرنا مال کو طلب دنیا نہیں ہے طلب آخرت ہے اور دوسری حدیث
میں ہے کہ استعانت طلب کرو ساتھ دنیا کے اوپر آخرت کے اور بار لوگوں پر نہو اور حضرت
رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ ملعون وہ شخص ہے کہ بار عیال اپنا اوروں پر ڈالے اور حدیث میں
منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادقؑ نے احوال عمرو بن مسلم کا دریافت کیا کہا تجارت ترک کی ہے حضرت
نے تین مرتبہ فرمایا کہ عمل شیطان ہے آیا نہیں جانتے ہو کہ حضرت رسول خدا صلعم نے تجارت فرمائی ہے اور حقتعالی
مدح فرماتا ہے ایک جماعت کی رِجَالٌ لَا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ
ذِكْرِ اللّٰهِ یعنی چند لوگ ہیں کہ غافل نہیں کرتی انکو تجارت اور بیچنا یاد خدا سے وہ لوگ
ایک جماعت تھے کہ تجارت کرتے تھے اور جب وقت نماز ہوتا تھا مشغول نماز ہوتے تھے اور
بہتر ہے اُس شخص سے کہ تجارت نکرے اور اول وقت نماز پڑھے دوسری حدیث میں ہے کہ
ایک شخص نے آنحضرتؐ سے عرض کی چاہتا ہوں میں کہ دعا کیجیے خدا روزی دے مجھکو ساتھ
راحت کے فرمایا کہ طلب روزی کر جس طرح کہ خدا نے حکم کیا ہے میں دعا نکرونگا واسطے تیرے
اور دوسری حدیث میں منقول ہے کہ کسی نے حضرتؑ سے عرض کی ایک شخص کہتا ہے کہ میں گھر میں
بیٹھا ہوں اور نماز پڑھتا ہوں اور روزہ رکھتا ہوں اور عبادت اپنے پروردگار کی کرتا ہوں

روزی مجکو البتہ پہونچیگی حضرتؑ نے فرمایا کہ یہ مرد ایک اُن تین آدمیون مین سے ہی کہ
دعا انکی قبول نہین ہوتی دوسری حدیث مین منقول ہی کہ آنحضرتؐ نے احوال ایک شخص کا
پوچھا کہ کس کام مین مشغول ہی اُسنے عرض کی کہ گھر مین بیٹھا ہی اور عبادت الٰہی کرتا ہی
فرمایا کہ معاش اُسکی کیونکر ہوتی ہی عرض کی کہ بعضے برادران مومن خبر لیتے ہین حضرتؑ نے
فرمایا وہ شخص کہ جو روزی اُسکو دیتا ہی عبادت اُسکی بہتر ہی اس شخص کی عبادت سے اور
حدیث معتبر مین حضرت امیرؑ سے منقول ہی کہ حق تعالیٰ نے خطاب کیا حضرت داؤدؑ سے
کہ نیک بندہ تھا تو اگر بیت المال سے نہ کھاتا اور اپنے ہاتھ سے کسب کرتا جب یہ خطاب
پہونچا حضرت داؤدؑ چالیس روز تک رویا کیے پس حق تعالیٰ نے لوہے کو وحی کی کہ نرم ہو
واسطے بندہ میرے داؤدؑ کے پس لوہا ہاتھ مین اُن حضرت کے مثل موم کے نرم ہوا پس
ہر روز ایک زرہ بناتے تھے اور ہزار درہم کو بیچتے تھے یہانتک کہ تین سو ساٹھ زرہین
بنائین اور بیت المال سے مستغنی ہوگئے اور حدیث معتبر مین حضرت امام محمد باقرؑ سے
منقول ہی کہ جو شخص طلب دنیا کرے اسواسطے کہ لوگون سے سوال نکرے اور روزی اپنے عیال کی
زیادہ کرے اور ساتھ ہمسایون کے احسان کرے روز قیامت مین منہ اُسکا مانند ماہ شب چاردہ کے
ہوگا اور حضرت رسولِ خداصلعم سے منقول ہی کہ عبادت کے ستر جزو ہین بہتر انمین سے حلال سے طلب
کرنا ہی اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہی کہ اگر بندہ بیچ سوراخ کے ہو خداوند تعالیٰ روزی اُسکی پہونچاتا
ہی پس زیادہ مبالغہ طلب روزی مین نکرو اور جو کوئی تحصیل معیشت واسطے عیال اپنے کے کرے ثواب
اُسکا زیادہ اُس سے ہی کہ راہ خدا مین جہاد کرے اور احادیث معتبرہ مین اُن حضرت سے منقول ہی کہ خدا
نے روزی مومنون کی چند مقامون سے مقرر فرمائی ہی کہ گمان نہین رکھتے ہین اسواسطے کہ
جب نہ جانینگے کہ روزی انکی کہان سے آتی ہی دعا بہت کرینگے اور احادیث معتبرہ مین
حضرت رسول خداصلعم سے منقول ہی کہ بیچ حجۃ الوداع کے فرمایا کہ بہ تحقیق جبرئیلؑ نے میرے
دل مین پھونکا کہ کوئی صاحب جان نہین مرتا مگر یہ کہ روزی مقدر اپنی پوری کھا لیتا ہی

پس خدا سے ڈرو اور بہ اجمال طلب روزی میں کرو اور باعث نہو تم کو دیر میں ملنا روزی کا
اس امر پر کہ تم طلب معصیت کرنے لگو بوجہ حرام اسواسطے کہ حق تعالی نے روزی کو درمیان
خلق کے حلال سے قسمت کیا ہے اور حرام سے قسمت نہیں کیا ہے پس جو شخص معصیت خدا سے
پرہیز کرے اور صبر کرے روزی اسکی حلال سے پہونچتی ہے اور جو شخص کہ پردہ دری کرے
اور جلدی کرے حرام سے لیوے روزی حلال سے وہ مقدار کم ہوتی ہے اور روایت معتبر
میں منقول ہے کہ جب اپنی دوکان کھولی تو تم اور اسباب پھیلایا جو کچھ کہ اوپر تیرے تھا کر چکا
تو اب خدا پر توکل کر اور احادیث میں حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ تجارت کرنا
عقل کو زیادہ کرتا ہے اور ترک تجارت کا کرنا عقل کو کم کرتا ہے اور حضرت امام موسی کاظم نے
ایک تاجر سے فرمایا کہ صبح کو جا طرف اُس چیز کے کہ باعث عزت کا ہے یعنی بازار اور احادیث
میں منقول ہے کہ صبح کو طلب کرنے کو روزی کے جاؤ اور حضرت امیر سے منقول ہے کہ
اوپر منبر کے فرمایا کہ اے گروہ سوداگران پہلے یاد کرو مسائل تجارت کے بعد اسکے
مشغول ہو تجارت میں واللہ کہ سود بیچ اس امت کے زیادہ مخفی ہے چیونٹی کے پاؤن
کے مقام سے اوپر سنگ سخت کے اور قسم جھوٹی نہ کھاؤ بدرستیکہ تاجر فاجر ہے اور فاجر
جہنم میں ہے مگر وہ شخص کہ حق سے لیوے اور حق سے دیوے اور حضرت رسول خدا
صلعم سے منقول ہے کہ جو شخص مول لے اور بیچے پانچ چیزوں سے پرہیز کرے
سود کھانے سے اور قسم کھانے سے اور عیب چھپانے سے اُس چیز کے
اور تعریف کرنے سے اُس چیز کے کہ فروخت کرے اور مذمت کرنے سے اُس چیز کے
کہ خریدے اور حدیثوں میں منقول ہے کہ حضرت امیر ہر روز صبح کو دُرہ یعنی کوڑہ کندھے پر
رکھکے بازارہاے کوفہ میں جاتے تھے اور فرماتے تھے کہ جب مشغول مول لینے
اور بیچنے کے ہو پہلے نیکی اپنے لیے خدا سے طلب کرو اور مول لینا اور بیچنا آسانی سے لوگوں
سے کرو اور کام کو تنگ نہ کرو تو برکت پاؤ اور نزدیکی اور مہربانی کرو خریداروں ۱۸

کے ساتھ اور بردباری کو اپنی زینت کرو اور قسم کھانے اور جھوٹ بولنے سے پرہیز کرو اور
ستم اوپر لوگوں کے نہ کرو اور ساتھ مظلوموں کے انصاف کرو اور نزدیک ربا اور سود
کے نہ جاؤ اور کیل و وزن کو تمام دو اور ترازو میں چوری نہ کرو اور دوسری حدیث
میں فرمایا کہ نہ بیٹھے بازار میں مگر وہ شخص کہ مسائل مول لینے اور بیچنے کے جانتا ہو اور
جو شخص ساتھ نادانی مسائل کے تجارت کرے بیچ سود کھانے کے ڈوب جاوے گا
اور حدیث معتبر میں حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جو شخص صبح اور شام کو بازار
میں جاوے اور جب پاؤں بازار میں رکھے کہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ
خَیْرِهَا وَخَیْرِ اَهْلِهَا حق تعالیٰ ساتھ اسکے ایک فرشتہ موکل کرتا ہے کہ اُسکی اور
اُسکے اسباب کی حفاظت کرے جبتک کہ گھر پھرے پس وہ فرشتہ اس سے کہتا ہے
کہ آج امان پائی شر سے اس بازار کے اور اہل بازار کے آج ملی تجھکو خیر اس بازار اور
اہل بازار کی پس جب دوکان پر بیٹھے کہے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ رِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا وَاَعُوْذُ بِكَ
مِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ صَفْقَةٍ خَاسِرَةٍ وَ
یَمِیْنٍ كَاذِبَةٍ جب یہ دعا پڑھے وہ فرشتہ کہ موکل ہے کہے بشارت ہو تجھکو
کہ آج اس بازار میں کسی کا نفع تجھ سے زیادہ نہیں ہے جلدی کی جمع کرنے ثوابوں میں
اور مٹایا تو نے اپنے گناہوں کو اور جلدی آویگی طرف تیرے جو کچھ خدا نے تجھکو روزی
مقرر کی ہے حلال اور طیب اور پاک اور احادیث میں وارد ہوا ہے کہ معاملہ نہ کرو
اس جماعت کے ساتھ کہ مرض سرایت کرنے والے رکھتے ہوں مانند برص و جذام وغیرہ
کے اور احادیث میں فرمایا کہ ساتھ تازہ دولت کے سودا نہ کرو اور اس شخص سے سودا کرو
کہ جسنے مال میں اور نعمت میں نشو و نما پایا ہو اور دوسری حدیث میں ہے کہ جو شخص فریب دے

کسی مؤمن کو دہ ہے نہیں ہے اور فرمایا کہ حضرت رسول خدا صلعم نے منع فرمایا دودھ میں
پانی ملانے کو اور حدیث حسن میں منقول ہے کہ حضرت امام موسی کاظم نے ہشام سے فرمایا
کہ اندھیرے میں اور نیچے چھت کے اسباب نہ فروخت کر کہ اسباب اچھا معلوم ہوتا ہے اور
وہ بخشش ہے یعنی فریب اور فریب حرام ہے اور فرمایا کہ جو شخص نہ خریدے مگر ساتھ قسم کے
حق تعالی اسکی طرف روز قیامت کو نظر رحمت نہیں فرماتا اور حضرت امیر سے منقول ہے
کہ ہرگز قسم نہ کھا اگرچہ مال بک جاوے لیکن برکت جاتی رہتی ہے اور حضرت رسول خدا صلعم
سے منقول ہے کہ جو شخص فروخت کرتا ہے اور خریدتا ہے روزی پاتا ہے اور جو شخص کہ ذخیرہ کرے
اس واسطے کہ مہنگا ہو وہ ملعون ہے اور حدیث معتبر میں منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق ع
نے اسحاق بن عمار سے فرمایا کہ اپنے لڑکے کو صرافی نہ سکھلاؤ کہ صراف ربا سے محفوظ
نہیں رہتا ہے اور مروی ہے کہ ایک درہم ربا کا ستر درجہ زنا سے زیادہ ہے کہ وہ زنا
ماں اور بہن سے کیا ہوا اور کفن فروشی نہ سکھا کہ کفن فروش لوگوں کے مرنے کی
آرزو رکھتا ہے اور زیادہ مرنا لوگوں کا اسے اچھا معلوم ہوتا ہے اور جو
و گیہوں فروخت کرنا نہ سکھا کہ محفوظ نہیں رہتا جمع کرنے سے واسطے گرانی کے اور
قصابی نہ سکھاؤ کہ رحم دل سے بر طرف کرتا ہے اور جو شخص کہ سخت دل ہے خدا سے
دور ہے اور بردہ فروشی نہ سکھاؤ کہ بدتر لوگوں میں وہ شخص ہے کہ آدمی کو فروخت کرے
اور احادیث میں وارد ہوا ہے کہ جب قرآن کو فروخت کرو کاغذ اور جلد کو فروخت کرو
اور قصد بیچنے لکھے ہوئے کا نہ کرو اور حدیث صحیح میں حضرت امام موسی کاظم سے
منقول ہے کہ حرج نہیں ہے مزدوری لینے میں واسطے لکھوائی قرآن کے

فصل ۱۹ ۔ فضیلت زراعت و پالنے جانوران برائے تجارت

احادیث فضیلت زراعت میں بہت ہیں چنانچہ حدیث معتبر میں منقول ہے کہ حضرت رسول خدا
صلعم سے پوچھا کہ کون مال بہتر ہے فرمایا وہ زراعت کہ آدمی بوئے اور وقت اناج لینے کے

حق اپنا لے اور حق خدا کا دے عرض کی حضرت صلعم سے کہ بعد زراعت کے کونسا مال بہتر
ہے فرمایا کہ جو شخص چند گوسفند رکھتا ہو اور جس جگہ کہ پانی اور گھاس ہو لے جا کے انکو چرائے اور
نماز پڑھے اور زکوٰۃ اپنے مال کی دے پھر عرض کی کہ بعد گوسفند کے کونسا مال بہتر ہے فرمایا
گاے کہ صبح و شام کو دودھ دیتی ہے پھر عرض کی کہ بعد گاے کے کونسا مال بہتر ہے فرمایا وہ
چیزیں کہ جو پانی کی تہ میں لگتی ہیں اور خشک سالی میں میوہ دیتی ہیں یعنی درخت
خرما فرمایا اچھا مال ہے درخت خرما جو کوئی انکو بیچے قیمت انکی مثل راکھ کے ہے کہ بلند پہاڑ کی
چوٹی پر ہو تند ہوا میں اڑا دیں مگر یہ کہ عوض اسکے اور درخت خرما بوئے کے خرما [illegible] پوچھا
کہ بعد درخت خرما کے کون مال بہتر ہے حضرت نے جواب نہ دیا ایک شخص نے کہا [illegible]
شتر فرمایا کہ اونٹ میں مشقت اور تعب اور دوری منزل ہے [illegible]
جاتا ہے علی بن حمزہ سے منقول ہے کہ حضرت امام موسی کاظم کو دیکھا کہ اپنی زمین میں کام
کرتے تھے اور پاؤں آنحضرت کے پسینے میں ڈوبے ہوئے تھے کہا فدا ہوں میں آپ پر لوگ
کہاں گئے کہ آپ یہ کام کرتے ہیں فرمایا کہ اپنے سے بہتر نے زمین میں کام کیا ہے اس شخص نے
کہا وہ کون ہے اور [illegible] پوچھا فرمایا کہ حضرت رسول خدا صلعم اور حضرت امیر
اور تمام میرے پدران بزرگوار نے زمین میں اپنے ہاتھ سے کام کیا ہے اور یہ کام پیغمبران
اور وصیون اور صالحون کا ہے اور حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ کیمیائے اکبر
زراعت کرنا ہے اور حضرت رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ حضرت عیسیٰ ایک شہر میں گئے اور وہاں
کے میوون میں کیڑے پڑ جاتے تھے اس باب میں آنحضرت سے شکایت کی فرمایا کہ سبب اسکا یہ ہے کہ جب درخت
بونے ہو پہلے مٹی ڈالتے ہو اور بعد اسکے پانی دیتے ہو اس سبب سے کیڑے میوون میں پڑ جاتے
ہیں چاہیے کہ پہلے پانی ڈالیں اور بعد اسکے مٹی ڈالیں ایسا کیا کیڑے انکے میوون سے دور
ہوئے اور دوسری روایت میں فرمایا کہ وقت درخت بونے کے اور زراعت کرنے کے
اس آیہ کو پڑھو وَمَثَلُ كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا

فی السماء تؤتی اکلها کل حین باذن ربها اور حدیث حسن میں حضرت
امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جب چاہے کہ زراعت کرے تو ایک مٹھی بیج کی لیوے اور رو بقبلہ
کھڑا ہو اور تین مرتبہ کہے أَفَرَأَيْتُم مَّا تَحْرُثُونَ أَأَنتُمْ تَزْرَعُونَهُ
أَمْ نَحْنُ الزَّارِعُونَ پھر کہے اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ حَبًّا مُبَارَكًا وَارْزُقْنَا فِيهِ
السَّلَامَةَ پھر وہ بیج کہ جو ہاتھ میں ہے کھیت میں پھینکے اور جمال الصالحین
میں ہے کہ جس کھیت یا بوستان میں اندیشہ کیڑا لگنے کا ہو لیں اس افسون کو اوپر چار
ٹکڑے کاغذ کے لکھے اور درمیان چار لکڑیوں یا نرسل کی رکھ کر چاروں طرف کھیت یا
بوستان کے دفن کر دیں مضرت جانوران سے امین ہو أَيَّتُهَا الدُّودُ وَالدَّوَابُّ وَالْهَوَامُّ
وَالْحَيَوَانَاتُ اخْرُجُوا مِنْ هَذِهِ الْأَرْضِ وَالزَّرْعِ إِلَى الْخَرَابِ كَمَا
خَرَجَ ابْنُ مَتَّى مِنْ بَطْنِ الْحُوتِ وَإِنْ لَمْ تَخْرُجُوا أُرْسِلَ عَلَيْكُمْ
شُوَاظٌ مِنْ نَارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ خَرَجُوا
مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ أُلُوفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللَّهُ مُوتُوا
فَمَاتُوا اخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ فَخَرَجَ مِنْهَا خَائِفًا يَتَرَقَّبُ سُبْحَانَ
الَّذِي أَسْرَى بِعَبْدِهِ لَيْلًا مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَى الْمَسْجِدِ
الْأَقْصَى الَّذِي كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا عَشِيَّةً أَوْ ضُحَاهَا
فَأَخْرَجْنَاهُمْ مِنْ جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ
وَنَعْمَةٍ كَانُوا فِيهَا فَاكِهِينَ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ
وَمَا كَانُوا مُنْظَرِينَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُومًا مَدْحُورًا
فَلَنَأْتِيَنَّهُمْ بِجُنُودٍ لَا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِنْهَا أَذِلَّةً
وَهُمْ صَاغِرُونَ اور کتاب مذکور میں ہے کہ واسطے حفظ غلّہ کے ٹڈی اور اولے کے
جو آسمان سے گرتے ہیں اسکو لکھ کر کوزہ میں رکھ کر ہر چہار جانب مزرعہ کے دفن کرے

وہ شکل یہ ہے

بسم الله الرحمن الرحيم لا اله الا الله محمد رسول الله إني
وثقت بالله بانه ... [illegible] ... فلاں بن فلاں کی ... [illegible]
طرفوں سے فسيكفيكهم الله وهو السميع العليم إنما أمره
إذا أراد شيئا أن يقول له كن فيكون فسبحان الذي بيده
ملكوت كل شيء وإليه ترجعون ألم تر أن الله يزجي سحابا ثم
يؤلف بينه ثم يجعله ركاما فترى الودق يخرج من خلاله و
ينزل من السماء من جبال فيها من برد فيصيب به من يشاء
ويصرفه عن من يشاء يكاد سنا برقه يذهب بالأبصار سبحان
ربك رب العزة عما يصفون وسلام على المرسلين والحمد
لله رب العالمين سلام على نوح في العالمين إنا كذلك نجزي
المحسنين ... اللهم ... بحق ... محمد وآله وبحق جميع المرسلين والملائكة المقربين يا أرحم الراحمين

فصل ۱۹۱ صحبت عالم و ذکر تعلیم و طلب علم

مروی ہے کہ ملائکہ علماء کے ساتھ صحبت کرتے ہیں اور واسطے ان کے دعا کرتے ہیں اور ہر چیز
تعلق واسطے عالم کے استغفار کرتی ہے یہاں تک کہ ماہیان دریا و وحشیان صحرا اور مروی ہے
کہ خواب عالم کا ایک عبادت ہے اور ہر دو رکعت نماز عالم کی افضل ہے ستر رکعت نماز جاہل سے
ایک ساعت سامنے عالم کے بیٹھنا افضل ہے ہزار سال کی عبادت کرنے سے اور نظر کرنا
روئے علما پر افضل ہے مسجد الحرام کے ایک سال کے اعتکاف سے اور زیارت علما کی

افضل ہے ستر حج وعمرہ سے اور مروی ہے کہ جو کوئی علماء کے پاس بیٹھے خدا سے تعالیٰ واسطے
اُسکے درجہ بلند فرماتا ہے اور رحمت نازل کرتا ہے اور بہشت اُسپر واجب کرتا ہے اور
شخص نے پوچھا کہ مراد علم سے علم دین ہے نہ کوئی دوسرا علم اور مروی ہے کہ قیامت کے دن
مداد علما ساتھ خون شہدا کے وزن کیا جائیگا تو مداد علما خون شہدا پر غالب آئیگی مروی ہے
کہ تعلیم علوم دینیہ و حفظ کرنا و نصیحت با امر معروف و نہی منکر افضل ہے بہت سے
امر روم و ترک کے ساتھ ہزار بار جہاد کرنے سے اور مروی ہے کہ جو شخص کسی کو راہ راست
یا کوئی علم تعلیم کرے اور اُسپر جس قدر بندگان خدا عمل کریں مثل اُنکے اُس شخص کو خدا سے تعالیٰ
عطا فرما وے اور اسی طرح کوئی راہ باطل یا عمل بد تعلیم کرے تو جس قدر
لوگ اُسپر عمل کریں مثل گناہ ان لوگوں کے وہ شخص بھی داخل گناہ و عذاب
ہوگا مروی ہے کہ علم ایک راہ راست ہے واسطے بہشت کے اور مروی ہے کہ
تعلیم کرنا علم کا مثل صدقہ کے ثواب رکھتا ہے اور سیکھنا علم کا حسنہ ہے اور مذاکرہ تسبیح
اور عمل اُسپر کرنا مثل جہاد کے ہے اور جب عالم مرتا ہے فرشتے اور مواضع زمین
کہ جہاں عبادت کرتا تھا اور دروازے آسمان کہ جن میں اُسکے اعمال اوپر جاتے تھے اُسپر
سب روتے ہیں اور دین میں رخنہ پیدا ہوتا ہے کہ کوئی اُسکا علاج نہیں کر سکتا اور
علم کے چند لوازم اور علامات ہیں از انجملہ تقویٰ و پرہیزگاری و صلاح و طاعت
ہے اور عمل کرنا مطابق علم کے کہ بغیر اسکے علم بیکار ہوتا ہے بلکہ عمل بے علم حسرت
و ضلالت موجب ہے اور تعلیم نہیں ہے ... حسرت اُس عالم کی ہے کہ دوسرے لوگوں نے
اُسکے علم پر عمل کیا اور وہ خود ... سے محروم رہا ہو اور ... گناہ وبال ...
... عالم کا ... جاتا ہے حضرت امام جعفر صادق سے تفسیر آیہ فلله
الحجة البالغة سے سوال کیا فرمایا کہ روز قیامت خدا کے تعالیٰ بندوں سے
سوال کریگا کہ تم جانتے تھے اگر کہینگے کہ ہم جانتے تھے فرمائیگا کہ کیوں نہ ...

عمل نہیں کیا اور اگر کہینگے کہ ہم جانتے نہ تھے تو فرمائیگا کس لیے تم نے تحصیل علم نہیں کی نہ عمل کرتے پس خدا اور نہ عالم انکو ملازم کریگا اور ان آیات میں جاننے والے ... توفیقات الٰہی اور نہ بعد دنیا میں اور نہ بہشت آخرت میں اور علم اور ... اور رسالہ کو ... باطل سے اور ... اسکو آراستہ کریگا اور ... عالم وہ ہے کہ اسکا فعل اسکے قول کی تصدیق کرے اور جو ایسا نہ ہو وہ عالم نہیں ہے اور آثار میں ... سلامت نفس ... کہ علم زیادہ ہو آثار و علامات ... اسمیں زیادہ ہوں ... اسکو ... ہیں ... کیا ... الله ... اور ... کو وضو ... اور ... روایت ... ہے کہ ... کام ... کے لیے مناسب ... اور ... علما ... ہیں اور یہ مناسب ... کیا ہے ... تاکہ ... لوگوں کے ساتھ ... نواضع کرنی چاہیے اور علم کے بہت حقوق ہیں لیکن حق خدا تعالیٰ کا عالم پر یہ ہے کہ جس چیز کو نہ جانے نہ کہے اگر لاعلمی سے کہیگا تو ملائکہ رحمت و عذاب تمام اسپر لعنت کرینگے اور جو کوئی اسکے قول پر عمل کریگا وہ عالم بھی اسمیں شریک ہوگا اور ... جاتا ہے ... کہ ... اہل ... ایسا ہے کہ ظلم کیا ... [illegible] ... کو ... [illegible] ... ضروری ہے کہ ... [illegible] ... ہے ... [illegible] ... مناسب ہیں ... کرتا ہے اور ... جب کوئی شخص کسی مجلس میں ... [illegible]

اور عالم کو لازم ہے کہ جو تا ہے تعظیم و تکریم سے سلام کرے اور عالم کے سامنے بیٹھا کرے کہ
نہ بیٹھے اور عالم کا دامن نہ پکڑے اور اس کی طرف اشارہ نہ کرے اور بہت سوال نہ کرے
اور اس کے قول کے خلاف نہ کہے کہ فلاں فلاں شخص نے ایسا کہا ہے اور آپ ایسا کہتے ہیں
اور اجمال جو کچھ کہ [illegible] آداب یہ ہے کہ اس سے احتراز کرے اور [illegible] عالم [illegible]
عالم سے پوچھے بیان ہو [illegible] جو کچھ [illegible] اور [illegible]
اور اس کے سوال سے [illegible] گردانی نہ کرے اور تعلیم [illegible] اگر دوں [illegible]
[illegible] جو کچھ [illegible] کرے کہ حدیث [illegible]
جو کوئی راہ [illegible] طالب علم [illegible] اس کے [illegible] طرف [illegible]
کہ [illegible] طالب علم [illegible] اور [illegible]
[illegible] اور [illegible] طالب علم [illegible] جو کہ [illegible]
[illegible] اور [illegible] عالم [illegible]
[illegible] فرمایا کہ [illegible]
[illegible] مسائل دین [illegible]
میں فرمایا کہ ایک دوسرے سے [illegible] کرو اور [illegible]
[illegible] تحقیق [illegible] تلوار [illegible]
[illegible]
[illegible] فضائل طالب علم [illegible]
[illegible] کیا گیا۔

فصل ۱۹۲ - فضائل ذکر خدا

[illegible] ہیں کہ جو کوئی ذکر خدا [illegible] کرے [illegible] اور [illegible]
[illegible] حضرت امام [illegible] علیہ السلام سے منقول ہے کہ [illegible] خدا

کو یاد کرو کہ وہ سب جگہ تمھارے ساتھ ہے اور حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا کہ خدا ئے تعالی
فرماتا ہے کہ ای بنی آدم تم اپنے دل میں مجھکو یاد کرو تاکہ میں اپنے دل میں تمکو یاد کروں اور تم
مجالس مومنین میں مجھکو یاد کرو تاکہ میں تمکو مجالس ملائکہ میں یاد کروں اور جن گھروں میں کہ ذکر خدا
اور تلاوت قرآن کرتے ہیں برکت اُن گھروں میں بہت نازل ہوتی ہے اور ملائکہ نزدیک
اور شیاطین دور ہوتے ہیں اور وہ گھر واسطے اہل آسمان کے ایسا نورانی معلوم ہوتا ہے کہ
جیسے ستارہ واسطے اہل زمین کے اور جو کوئی خدا کو یاد کرے ثواب اُسکا سواے خدا کے
اور کوئی نہیں جانتا اور احادیث معتبرہ میں منقول ہے حضرت رسول صلعم سے جو کوئی
درمیان غافلان و مشغولان دنیا کے ذکر خدا کرے خداے تعالی ہزار حسنہ واسطے اسکے لکھے اور
روز قیامت میں اسکو بخشے اور وہ شخص مانند اس شخص کے ہے کہ جہاد کرے راہ خدا میں
جس وقت کہ لوگ جہاد سے بھاگیں اور جو ایسا شخص ہے ثواب اسکا جنت ہے اور آنحضرت
سے منقول ہے کہ جو مجلس کہ جمع ہو اور اس مجلس میں یاد خدا نہو اور صلوات محمد پر نہ بھیجیں
وہ مجلس حسرت و وبال ہے روز قیامت میں اور جو کوئی جماعت مجلس میں مشغول ذکر خدا ہوتی ہے
اُس جماعت کے ساتھ ایک جماعت فرشتوں کی بھی شریک ہوتی ہے اور انکے رونے پر فرشتے
بھی روتے ہیں اور انکی دعا پر فرشتے آمین کہتے ہیں اور منادی آسمان سے ندا کرتا ہے کہ
تمھارے سب گناہ بخشے گئے اور حسنات کے ساتھ بدل ہوئے اور جو کوئی بعض آدمی
مجلس میں ذکر نہ کرے وہ بھی سبب اسکے بخشا جاوے گا اور حضرت موسی نے خدا سے سوال کیا
کہ آیا جب نزدیک ہوں تب مناجات کروں یا دور سے آواز پہونچاؤں فرمایا کہ جو کوئی ذکر میرا
کرنے میں اسکا ہمنشین ہوں اور بھی حضرت موسی نے خدا سے مناجات کی کہ بعض وقت
میں شرم کرتا ہوں تیرا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ کسی وقت میں بیجا ذکر سے خالی نہ رہ کہ ذکر
میرا سب حال میں خوب ہے اور جاننا چاہیے کہ ذکر دو قسم پر ہے اول دل کے ساتھ
باطن میں خدا کو یاد رکھنا اور دل کو طرف خدا کے رکھنا ہے اور دوسرے زبان کے ساتھ

تہلیل و تسبیح و تلاوت قرآن و مذاکرہ مسائل دین و ایمان وغیرہ کے آداب سیت ساتھ
اعضاء و ارکان کے متعلق عبادت [illegible] ذکر [illegible] ہیں جو کوئی ذکر خدا دل
کے ساتھ کرے [illegible] ہے جو کوئی چاہے کہ قیامت
میں [illegible] سبحان ربک رب
العزۃ عما یصفون و سلام علی المرسلین والحمد للہ رب
العالمین [illegible] دوسری حدیث [illegible] کا ہونا [illegible]

فصل ۱۹۲ [illegible]

[illegible] ہیں کہ کسی [illegible] کوئی [illegible] لکھا ہوا ورق کاغذ [illegible]
[illegible] تعالیٰ [illegible] فرشتے [illegible] ملائکت [illegible]
[illegible] کوئی اس کاغذ کی تعظیم کرے [illegible]
[illegible] خدا [illegible] والدین [illegible] غالب کرے [illegible]

فصل ۱۹۳ [illegible] ذکر اہلبیت طاہرین علیہم السلام

حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ خدا کے چند فرشتے ہیں کہ وہ پھرتے ہیں زمین پر اور
[illegible] آل محمد [illegible] کرتے ہیں ایک دوسرے سے
[illegible] ہیں اور [illegible] ہوتے ہیں
[illegible] اگر بیمار ہوں انکی عیادت کے لیے جاتے ہیں اور اگر
[illegible] جنازہ پر حاضر ہوتے ہیں اور اگر غائب ہوتے ہیں [illegible] کرتے ہیں اور
دوسری حدیث [illegible] منقول ہے کہ ذکر ہمارا ذکر خدا کا ہے اور ذکر ہمارے دشمنوں
کا ذکر شیطان ہے [illegible] صلی اللہ علی محمد و
آل محمد [illegible] تعالیٰ [illegible] درود [illegible]
[illegible] حضرت رسول خدا صلعم نے

فرمایا کہ زینت دو اپنی مجلسوں کو ذکر فضائل علی بن ابیطالب سے کہ انہیں میں فضیلتیں
فضیلت انہیں سے پیغمبروں میں سے ہیں اور دوسری حدیث میں فرمایا کہ حق تعالی نے واسطے
میرے بھائی علی بن ابیطالب کے کتنی فضیلتیں قرار دی ہیں بسبب زیادتی کے
کوئی انکا شمار نہیں کر سکتا ہے پس جو کوئی ایک فضیلت فضائل علی بن ابیطالب میں سے
از روے اقرار و یقین کے بیان کرے سب گناہان گذشتہ و آئندہ اُسکے بخشے جاتے ہیں اگرچہ
مثل گناہان جن و انس کے ہوں اور جو کوئی ایک فضیلت اُسکے فضائل میں سے
لکھے جب تک کوئی علامت اُس ورق کی باقی رہے ملائکہ واسطے اُسکے استغفار کریں
اور جو کوئی ایک فضیلت اُسکے فضائل میں سے سنے خداے تعالی اُن گناہوں کو بخشے
جو بسبب سننے کے کیے ہوں اور جو کوئی دیکھے ایک فضیلت اُسکے فضائل میں سے
خداے تعالی بخشے اُسکے وہ گناہ کہ آنکھ سے کیے ہوں اور بعد ازان فرمایا کہ نظر روے
علی بن ابیطالب پر کرنا عبادت ہے اور ذکر اُسکا عبادت ہے اور ایمان کسی بندہ کا مقبول
نہیں ہوتا مگر ساتھ ولایت علی بن ابیطالب کے اور برات اُنکے اعداء سے اور بہت
سی حدیثیں ذکر فضائل اہلبیت علیہم السلام میں مروی ہیں بسبب تطویل رسالہ کے نہیں لکھا گیا

فصل ۱۹۵ ہمنشینی و مصاحبت

حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ متابعت کر اُس شخص کی جو تجھکو رولاوے اور
خیرخواہ تیرا ہو اور متابعت نکر اُس شخص کی جو تجھکو ہنساوے اور فریب دیوے اور
حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ بہتر میرے بھائیوں میں میرے نزدیک وہ شخص ہے کہ
عیب میرے مجھ سے کہے اور فرمایا کہ چاہیئے کہ مصاحبت پرانے رفقا کی اور حذر کر مصاحبت
سے نئے مصاحبوں کی کہ انہیں عہد اور امانت اور وفا نہیں ہے اور حذر کر زیادہ سب
آدمیوں سے جسپر اعتماد رکھتا ہو اور منقول ہے کہ پرہیز کرو اُس تہمت سے کہ
جہان لوگ بیٹھنے سے گمان بد کریں اور حضرت امام موسی کاظمؑ سے منقول ہے کہ پرہیز کرو

ان مقاموں سے جو جگہ شک و تہمت کی ہووین آیا ہے کہ کوئی اپنی ماں کے ساتھ رستہ
مین نہ کھڑا ہووے اس واسطے کہ آدمی نہیں جانتے ہیں کہ ماں اوسکی ہے اور بعضی احادیث مین ہے کہ
مصاحبت بد کی مانند اوس آہنگر کی ہے جو اس شخص ہمنشین کو ہلاک کرتا ہے اور دروغگو
سے مصاحبت نکر اور فاسق سے مصاحبت نکر اور بخیل سے مصاحبت نکر کہ وقت احتیاج کے
اپنے مال سے تیری مدد نکریگا اور احمق سے مصاحبت نکر اگر وہ چاہے گا کہ تجھکو نفع
پہونچاوے ضرر پہونچاویگا اور جو کہ قطع رحم کرے اوس سے مصاحبت نکر کہ خدا نے تین جگہ
قرآن مین اوسپر لعنت کی ہے اور منقول ہے کہ تین آدمیوں کی ہمنشینی دل کو مردہ
کرتی ہے اول بیٹھنا مرد ہرزہ کے پاس دوسرے باتین کرنا عورتوں سے تیسرے بیٹھنا
توانگروں مین اور حضرت رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ حکیم تر مین وہ شخص ہے کہ صحبت سے
جاہلوں کی بھاگے اور حضرت امیر نے فرمایا کہ بدترین مصاحب تیرے وہ لوگ ہین کہ معصیت
خدا کو تیری نظر مین زینت دین اور حضرت رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ حواریوں نے حضرت عیسیٰ
سے کہا کس سے ہمنشینی کرین فرمایا اوس شخص سے کہ خدا کو یاد دلوائے دیکھنا اوسکا اور علم تمہارا
زیادہ کرے باتین کرنا اوسکا اور تمکو عاقبت کی طرف رغبت دلاوین کردار اوسکے اور دوسری
حدیث مین فرمایا کہ اہل دین کے ساتھ بیٹھنا شرف دنیا و آخرت کا ہے اور حضرت امام
موسیٰ کاظم سے منقول ہے کہ سزاوار ہے کہ آدمی اپنے باپ کے مصاحبوں کی محافظت
کرے کہ نیکی اونسے کرنا گویا نیکی کرنا اپنے باپ سے ہے اور حدیث مین حضرت امیر نے فرمایا کہ عاقلوں
نے زمانہ گذشتہ مین کہا ہے کہ سزاوار ہے کہ جانا گھروں مین دس وجہوں سے ہووے پہلے جانا
خانہ خدا مین واسطے ادائے حج و عمرہ کے دوسرے جانا خانہ بادشاہان دین مین کہ
طاعات اونکی ولا طاعات خدا سے متصل ہین اور حق اونکا واجب ہے کہ نفع اوسکا عظیم و ضرر
اونکی مخالفت کا سخت تر ہے تیسرے جانا خانہ علماء مین کہ اونسے استفادہ علوم دین و دنیا
کرین چوتھے جانا خانہ اہل جود و بخشش مین کہ مال اپنا امید ثواب آخرت پر دیوین پانچوین

جانا گھر میں بے عقلوں کے کہ آدمی حاجات زمانہ میں محتاج ہو ہمیشہ اور طرف حاجتوں
میں پناہ اُنکے پاس لیجاتے ہیں چھٹے جانا گھروں میں اشرافوں اور بزرگوں کے واسطے طلب
عزت کے بسبب احتیاج کے ساتویں جانا اُس جماعت میں کہ اُنکے پاس امید منفعت
کی رکھیں بسبب اُنکی رائے مستقیم کے اور نظر قوی کے اور منفعت دریافت کرنیکے اُنسے آٹھویں
جانا خانہ برادران مومن میں بسبب اسکے کہ صلت اُنکی واجب اور حق اُنکا لازم ہے نویں جانا
گھر میں دشمنوں کے کہ اُنکے ملنے سے اور مدارا کرنے سے دور ہوتا ہے ضرر اُنکا اور رفاقت
اور ملاقات سے عداوت اُنکی دور ہوتی ہے دسویں جانا گھر میں اُس جماعت کے کہ
دیکھنے سے اُنکے آداب حسنہ سیکھے اور اکثر اُنکی باتوں سے نفع لے اور حضرت امام جعفر صادق
سے منقول ہے کہ ہم میں سے نہیں ہے وہ شخص کہ اچھی مصاحبت نکرے اپنے مصاحبوں سے
اور اچھی رفاقت نکرے اپنے رفیقوں سے اور نمک حلالی نکرے اُس سے کہ جسکے ساتھ
نمک کھایا ہو اور اچھی مہربانی نکرے اُس شخص سے کہ ساتھ جسکے اُسپر مہربانی کی ہو اور حضرت
امام محمد باقر سے منقول ہے کہ منافق سے بزبان خوش ساز کرو اور محبت قلبی خالص کرو
مومنوں سے اور اگر یہودی بیٹھے ہمنشینی کرے اُسکے ساتھ اچھی طرح ہمنشینی کرو اور حدیث
صحیح میں حضرت امام موسی کاظم سے منقول ہے کہ جو کوئی موجود ہو اُسے کنیت سے پکارو اور
جو غائب ہو نام اُسکا لو جناب مجلسی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ درمیان عجم کے اظہار بجائے
کنیت ہے مثل آخوند اور آقا اور میرزا اور نواب کے اور مثل اسکے اور حضرت امام جعفر صادق
سے منقول ہے کہ جو کوئی روئے برادر مومن سے گھاس یا تنکا یا کوئی کثافت اُٹھائے
خدا دس حسنہ اُسکے نامہ عمل میں لکھے اور جو کہ مسکرائے برادر مومن کا منہ دیکھ کے خدا
ایک حسنہ واسطے اُسکے لکھے اور حضرت رسول خدا صلعم نے منع کیا اُس قسم سے کہ کوئی کہے
تمہاری زندگی کی قسم یا فلان شخص کی زندگی کی قسم اور حضرت امام جعفر صادق سے
منقول ہے کہ کینہ مومن کا اُس جگہ رہتا ہے کہ جس جگہ بیٹھتا ہے جب اپنے برادر سے

پیدا ہوتا ہے پھر اسکے دل میں کینہ نہیں رہتا اور کینہ کافر کا کام ہمیشہ رہتا ہے اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو غصہ کو کھا جائے اور قادر ہو اسپر کہ غصہ کرے خدا دل اسکا ایمنی سے اور ایمان سے پر کرے روز قیامت میں

فصل ۱۹۶ - فضائل دینے طعام و جامہ اور مومن سے احسان کرنے میں

جمال الصالحین میں مروی ہے کہ جو کوئی ایک مومن کو کھانا کھلا دے بہتر ہے اس سے کہ ایک بندہ آزاد کرے اور دس حج بجا لاوے اور اگر ایک مومن محتاج کو طعام دے ایسا ہے کہ ایک شخص کو اولاد اسمٰعیل سے وقت ذبح کے نجات دی اور اگر مومن فقیر کو طعام دے ایسا ہے کہ سو آدمی کو اولاد اسمٰعیل سے وقت ذبح کے نجات دی اور جو کوئی ایک لقمہ کسی مومن کو دے خدائے تعالیٰ اسکے عوض میں میوہ ہائے بہشت اسکو عطا فرماوے اور بہتر اس سے ہے کہ ایک بندہ آزاد کرے اور اگر تین مومن کو طعام دے خدا انہیں بہشت سے سیراب کرے اور مروی ہے کہ جو کوئی کسی مسلمان گرسنہ کو سیر کرے یا کسی مسلمان برہنہ کو کپڑا دے تا کہ اسکو لوگوں سے سوال کرنے کی ضرورت نہ رہے پس زیادہ ہے ستر حج بجا لانے سے ہے اور ایک حج زیادہ ہے ستر بندہ آزاد کرنے سے اور مروی ہے کہ جو کوئی کسی مومن کی معاش میں اعانت کرے اور یا اگر وہ برہنہ ہو تو کپڑا پہنا دے خدائے تعالیٰ ستر ہزار فرشتے اسکے واسطے مقرر کرے کہ قیامت تک اسکے لئے استغفار کریں اور مروی ہے کہ ہر ایک میں ہزار فرشتے لکھے ہیں اور جو کوئی کسی مومن کو کپڑا پہنا دے سکرات موت کو خدائے تعالیٰ اسپر آسان کرے اور قبر کو اسکی وسیع کرے اور جس وقت قبر سے باہر آوے فرشتے اسکا استقبال کریں اور بشارت اسکو جامہ ہائے بہشت کے پہننے کی دیں اور مروی ہے کہ جو کوئی مومن برہنہ کو کپڑا پہنا دے خدائے تعالیٰ اسکو سبز حلہ جنت پہناوے گا اور رحمت خدا اسپر نازل ہوتی رہے گی کہ

اس جامہ کا ایک تار باقی رہے

فصل ۱۹۷ ثواب سلام و مصافحہ و معانقہ میں

جمال الصالحین میں اہلبیت طاہرین سے مروی ہے کہ جو دو شخص باہم سلام کریں خدا تعالیٰ واسطے انکے سو رحمت ثابت فرماوے انہتر اس شخص کو کہ جسنے پہلے سلام کیا اور ایک واسطے اس شخص کے کہ جسنے جواب سلام دیا اور جو کوئی دس مسلمانوں پر سلام کرے ثواب ایک بندہ آزاد کرنے کا پاوے اور مستحب ہے ہر ایک کو سلام کرنا اگرچہ لڑکا ہو اور بخیل ترین وہ شخص ہے کہ بخل کرے سلام میں اور جو کوئی غنی و فقیر کو اسطرح پر سلام کرے کہ جیسے غنی و فقیر کے سلام میں تمیز ہو جاوے وہ مستوجب غضب الٰہی ہوا اور مستحب ہے سلام کو با آواز بلند کہنا اسطرح پر کہ آدمی سن لیں اور مروی ہے کہ جو کوئی السلام علیکم کہے خدا تعالیٰ واسطے اسکے دس حسنہ لکھے اور جو کوئی السلام علیکم و رحمۃ اللہ کہے خدا تعالیٰ واسطے اسکے بیس حسنہ لکھے اور جو کوئی السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ کہے تیس حسنہ واسطے اسکے لکھے اور مستحب ہے سلام کرنا صیغہ جمع کے ساتھ اگرچہ ایک آدمی ہو کیونکہ ہر آدمی کے ساتھ دو فرشتے رہتے ہیں لیکن جب سلام صیغہ جمع کے ساتھ کہا جاتا ہے تو ملائکہ بھی جواب سلام دیتے ہیں اور جبکہ ملائکہ سلام کریں وہ شخص عذاب خدا سے ایمن رہتا ہے اور مستحب ہے کہ سوار پیادہ پر سلام کرے اور پیادہ بیٹھے ہوئے پر اور اسپ سوار خر سوار پر اور شتر سوار اور کھڑا بیٹھے ہوئے پر اور تھوڑے بہت پر اور قلیل کثیر پر سلام کریں اور مروی ہے کہ جواب خط کا مثل جواب سلام کے واجب ہے اور مستحب ہے آنحضرت صلعم سے منقول ہے کہ اگر ایک جماعت کسی پر گزرے اور ایک آدمی ان میں سے سلام کرے کافی ہے اور اگر کوئی کسی جماعت پر سلام کرے اور ایک آدمی ان میں سے جواب دے کافی ہے اور حضرت رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ جب مجلس سے اٹھو اس وقت اہل مجلس کو سلام کرتے جاؤ

اگر بعد اسکے کوئی حرف خیر کہینگے تو یہ سلام کرنے والا انکے ثواب مین شریک ہوگا اور اگر اہل مجلس حرف بد کہینگے تو گناہ انکا انھین پر ہوگا اور یہ انکے گناہ مین شریک نہوگا اور حضرت امام جعفر صادق ع سے منقول ہے کہ تمامی تحیت اور سلام اس شخص کا کہ حضر مین ہو مصافحہ کرنا ہے اور تمامی سلام کرنیکی اس شخص کی کہ سفر سے آیا ہو گلے ملنا ہے اور حدیث معتبر مین ابو عبیدہ سے منقول ہے کہ کہا اشتر مین کبھی کجاوہ مین حضرت امام محمد باقر ع کے ساتھ تھا پہلے مین کجاوہ پر جاتا تھا پھر وہ حضرت تشریف لاتے تھے اور جب حضرت بھی اور مین بھی درست بیٹھ لیتے تھے تو حضرت مجھے سلام کرتے تھے اور احوال میرا پوچھتے تھے مانند اُن دو آدمیون کے کہ ایک نے دوسرے کو مدت سے نہ دیکھا ہو اور مصافحہ کرتے تھے اور جب کجاوہ سے اترتے تھے تو حضرت پہلے اترتے تھے اور سلام کرتے تھے اور احوال میرا پوچھتے تھے مانند ان دو شخصون کے کہ مدت سے ایک نے دوسرے کو نہ دیکھا ہو مین نے عرض کی یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ ایسی باتین کرتے ہین کہ ہمارے لوگ یہان ایسی باتین نہین کرتے حضرت نے فرمایا کہ نہین جانتا تو اور مصافحہ کرنا کیا ثواب رکھتا ہے تحقیق کہ جب دو مومن باہم ملاقات کرتے ہین اور مصافحہ کرتے ہین خدائے تعالی گناہ دونون کے مثل برگ درخت کے گراتا ہے کوئی گناہ باقی نہین رہتا اور مروی ہے کہ جب دو آدمی ملاقات کرتے ہین اور مصافحہ کرتے ہین تو ننانوے رحمت اس شخص پر ہے کہ جو محبت زیادہ کرتا ہو اور خدائے تعالی بھی اس سے مصافحہ کرتا ہے کہ جس نے پیشتر ہاتھ واسطے مصافحہ کے دراز کیا ہو اور مروی ہے کہ جب دو مومن معانقہ کرین تو رحمت خدا انکو گھیر لیتی ہے اور اگر کچھ توقف کرین اور بیٹھ جاوین اور باتین دنیاداری کی درمیان انکے نہون تو ایک فرشتہ ندا کرتا ہے کہ سب گناہ تمھارے بخشے گئے اور مروی ہے کہ کسی کے ہاتھ پر بوسہ دینا نہ چاہیے مگر دست پیغمبر یا وصی پیغمبر صلوات اللہ علیہما پر دوسری روایت مین ہے کہ ہاتھ پر بوسہ دینا ایسا ہے کہ نماز اسکی

اوا کی یعنی پرستش و بندگی اُس شخص کی کی اور مروی ہی کہ جو کوئی مجلس مین اپنے مرتبہ سے
کمتر جگہ مین بیٹھے تو پیغمبر خداے تعالیٰ و ملائکہ صلوات بھیجتے ہین جبتک کہ اُس جگہ سے
اُٹھے اور مروی ہی کہ حضرت پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم تین طرح پر بیٹھتے تھے
اول دوزانو دوسرے اسطرح پر کہ مربع نہو تیسرے اسطرح پر کہ ایک پاؤن کو دوسرے
پاؤن پر رکھکر اور بہت احادیث وارد ہوئی ہین کہ بعضے ائمۂ طاہرین اسی طرح پر
بیٹھتے تھے کسی نے کہا کہ اسطرح پر بیٹھنا مکروہ ہی فرمایا کہ یہ قول یہود کا ہی کہ وہ
کہتے ہین کہ خداے تعالیٰ آسمان و زمین پیدا کرکے اسطرح پر بیٹھا تھا اور مروی ہی کہ حضرت
پیغمبر خدا صلعم کبھی مربع نہین بیٹھے کیونکہ مربع بیٹھنے والون کو خداے تعالیٰ دشمن رکھتا ہی

فصل ۱۹۸ آن شخصون مین جنھین سلام کرنا نہ چاہیے

حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہی کہ تین شخص ہین کہ جنکو سلام نکرنا چاہیے وہ
شخص کہ جنازہ کے ساتھ جاتا ہو۔ اور وہ شخص کہ نماز جمعہ مین جاتا ہو اور وہ شخص
کہ حمام مین ہو اور علما حمل کرتے ہین اسپر کہ جب لنگی باندھے ہو اور حضرت امام محمد باقرؑ
سے منقول ہی کہ اگر داخل مسجد ہو اور لوگ نماز پڑھتے ہون انکو سلام نکرو اور بہت سے
اخبار مین وارد ہوا ہی کہ چند آدمی ہین کہ انھین سلام نکرنا چاہیے یہود اور نصاری
اور آتش پرست اور وہ کہ بیت الخلا مین ہو اور وہ شخص کہ خوان شراب پر
بیٹھا ہو اور وہ شاعر کہ زنان محصنہ عفیفہ کو فحش کہے اور وہ جماعت کہ جو فحش بکی
آپس کی گالی بات ہنسی کی ہو اور وہ شخص کہ نرد بازی یا شطرنج یا قمار بازی کرتا ہو اور
وہ شخص کہ طنبور یا عود بجاوے اور وہ جو کہ لوگ اُس سے لواطہ کرین اور وہ شخص کہ
نماز مین مشغول ہو اور وہ شخص کہ سود کھاوے اور وہ فاسق کہ علانیہ فسق کرے اور
پروا نکرے اور دوسری روایت مین وارد ہوا ہی کہ سلام کرنا اُس شخص پر کہ شطرنج کھیلتا ہو
گناہ کبیرہ ہی اور اسی طرح ممانعت وارد ہوئی ہی اُس شخص پر کہ شراب پیتا ہو اور خود بد

مجلسی علیہ الرحمہ کہتے ہیں کہ اکثر یہ اخبار اسپر محمول ہیں کہ سلام کرنا آن لوگوں پر فضیلت
بہت رکھتا ہو یا یہ کہ اسکے رو سے مہربانی اور محبت اور راضی ہونے کے انکے گناہ پر یہ ایک تخصیص بالسلام
منجاہیے کرنا اسی واسطے اخبار بہت وارد ہوئے ہیں کہ سب آدمیوں پر سلام کرنا خوب ہے

فصل ۱۹۹ – صفات مؤمن

جمال الصالحین میں تحریر ہے کہ جناب اہلبیتؑ سے مروی ہے کہ مومن وہ شخص ہے کہ دین خدا
و مراسم دین کا عالم ہو اور عقائد دین میں کوہ گران سے اور طاعت خدا میں سنگ آہن
سے زیادہ سخت ہو اور منہ اسکا شگفتہ و خندان رہے اور دل اسکا محزون و گریاں اور
حسنات کی جانب مائل اور قبائح و سیئات سے گریزاں رہے اور اسکا دل حسد و کینہ
سے پاک اور خلق میں مثل آئینہ کے صاف رہے عیب جوئی و غیبت سے بری ہو اور نام
و شہرت کا طالب نہو اور زبان کو فضول گوئی و لغویات سے بند رکھے اور اپنے غم و الم
و مصیبت میں صابر رہے اور نعمت میں شاکر رہے اور نعمت کے ہم پہونچنے سے عیش و خوشی
میں پڑکر احکام دین سے غفلت نکرے اور مصیبت میں آہ و زاری و بیقراری نکرے اپنی
فکر میں مغموم رہے اور اپنے فقر پر مسرور رہے اسکا خلق و مدارات موافق طبیعت کے
ظاہر و باطن میں یکساں رہے اور وفا پر ثابت رہے اور جفا سے دور رہے اور اپنے کلام
میں کذب کو دخل نہ دے اور کسی کی ہتک آبرو کا درپے نہو اور ذلت ہمیشہ کے عذاب الہی
سے غافل نہو اور وقت پہونچنے رنج کے غیظ و غضب نکرے اور اسکا ہنسنا بطور تبسم کے
ہو اور علم دین میں حاصل کرے اور حلم اختیار کرے اور کاموں میں جلدی نکرے اور امر حق میں
دلگیر و رنجیدہ نہو اور امر حق کے کہنے میں دریغ و رعایت نکرے اور اپنے نفس کو عقائد دین
میں شک سے محفوظ رکھے و دولت و مال کے جمع کرنے میں حریص نہو اور فقیروں سے حلیم
نہو اور ازحد اسراف و گزاف نکرے اور عہد شکنی نکرے اور شرط کو پورا کرے اور لوگوں پر
مہربان رہے اور آہستگی جسم پر تحمل کرے اور رحم دلی زیادہ ہو اور [illegible] احکام پر پابندی [illegible]

اور اپنے نفس حرامی کی مخالفت کرے اور غفلت وسختی سے بری رہے اور دین کا ناصر
رہے اور مسلمین کا پشت وپناہ رہے اور اپنی مدح وثنا کی طرف نظر نہو اور طمع وفساد میں
نہو اور امور میں لہو ولعب کو دخل نہو اور قول وفعل مطابق ہو علم اسکا رسا اور وافر
ہو اور قلب اسکا دانا اور دل اسکا بینا ہو اور معاملہ میں عیب اور اختلاط میں حیلہ ومکر نہو اور
مومنین کے عیوب کو پوشیدہ رکھے انکی مضرت پر راضی نہو عاجزوں کا دستگیر ضعیفوں
کا اعانت پذیر ہو پوشیدہ اسکا وسعت خلق اور پیشہ اسکا سعی حوائج خلق ہو پیشہ
[illegible] عیب اور اندیشہ اسکا ستر عیب ہو عذر خواہوں کا عذر قبول کرے عفو اور
درگذر کو مبذول کرے مومنین سے وصل اور فقرا سے بذل چاہیے وصل میں اسکے
درشتی اور اختلاف اور بذل میں اسکے بخل واسراف نہو کام اسکا خیرخواہی مومنین کی
اور مدار اسکا اصلاح آدمیوں کی ہو لوگوں میں خوش گمان اور نیکوکاری میں مشہور زبان
ہر قوم وقبیلہ میں اپنی اور اخلاق پر تزئین ہو صفات رذیلہ سے بری ہو عالم سے
سیکھتا رہے جاہل کو سکھلاتا رہے کسی کو خوف آزار وشدت واندیشہ تعب ومشقت
نہو سب کو آپ سے بہتر جانے اور آپ کو سب سے بدتر سمجھے غربا کا معین ہو اور بیوہوں
کا شوہر اور یتیموں کا باپ مساکین کا مہربان اور مومنین کا غمخوار ہو کسی کے عیب پر نظر
نہ کرے اپنے عیب کو دیکھتا رہے لوگوں سے اختلاط اور کاموں میں احتیاط ہو اور
خیالات نفسانی پر غالب رہے سوائے خیر کے بات نہ کہے رفتار میں متواضع طاعت
خدا میں خاشع وخاضع راضی برضا رہے حکمت کا کلام اور فکر کا سکوت ظاہر وباطن میں
خیرخواہ ہو اور مکر وحیلہ سے جدا ہو مومنوں سے ثابت قدم ہو مجبوروں پر ظلم نہو حرام پر راغب نہو

فصل ۲۰۳ امور باعث طاعت خدا واحکام مکارم اخلاق وغیرہ

صاحب جمال الصالحین لکھتے ہیں کہ معصومین علیہم السلام سے روایت ہے کہ ایمان میں تقسیم ہیں بعضے
تمام اور ناقص اور زیادہ تمام وہ ہے کہ تمام محرمات ومعاصی سے پرہیز کرے اور

تمام فرائض و واجبات کو بجا لاوے اس حیثیت سے کہ کوئی معصیت صادر نہو اور کوئی فریضہ ترک نہو تو ایمان ناقص وہ ہی کہ بعضے معاصی صادر ہوں یا بعضے واجبات ترک ہوں اور جسقدر واجبات کمتر اور معاصی زیادہ تر ہونگے اُسی قدر نقصان ایمان زیادہ تر ہوگا اور ایمان زائد یہ ہی کہ زیادہ واجبات بہ مستحبات صادر ہوں اور زیادہ مکروہات بہ مستحبات اور مندوبات صادر ہوں اور جسقدر مستحبات زیادہ اور مکروہات کمتر ہونگے ایمان زیادہ تر ہوگا۔ اور یہی اُن حضرات علیہم السلام سے روایت ہی کہ اگر کوئی شخص ترک فریضہ کرے کہ اُنمیں اذیت اور شہوت نہو مانند ترک نماز کے کافر ہی اسلیے کہ سبب ترک کا اس صورت میں سوا استخفاف اور بے حرمتی اس فریضہ کے کوئی دوسرا امر نہیں ہی اور جو شخص استخفاف اور بے حرمتی کسی فریضہ کی کرے کافر ہی۔ اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہی کہ فرمایا کہ اے جابر آیا کافی ہی اس شخص کو کہ دعوی شیعہ ہونے کا کرے اور شیعہ ہونے کو اپنی نسبت دے اور کہنے کہ میں دوستدار اہلبیت ہوں واللہ شیعہ ہمارا نہیں ہی مگر وہ شخص کہ معصیت خدا سے پرہیز کرے اور اطاعت خدا کی کرے اور اے جابر ہمارے شیعہ نہیں پہچانے جاتے ہیں مگر تواضع اور خشوع اور امانت اور کثرت ذکر خدا سے اور روزہ اور نماز ادا کریں اور ساتھ ... اعمال میں اور نماز ادا کریں اور ساتھ نیکی اور اطاعت والدین کریں اور انکی خوشنودی کے جویاں ہیں اور ہمسایگان اور فقرا اور مساکین اور قرضداروں اور یتیموں کے ساتھ اعانت کریں اور انکے قرض کو ادا کریں اور زبان کو آدمیوں کی روکیں مگر خیر کے ساتھ اور اپنی قوم کے امین رہیں میں جابر نے کہا یا ابن رسول اللہ جو صفات کہ آپ نے ارشاد فرمائے اس صفات پر اس زمانہ میں کسی کو نہیں جانتا ہوں میں حضرت نے فرمایا کہ اے جابر بیفائدہ خیال مت کر اور بے منفعت کی راہ مت چل آیا کیا کافی ہی کہ کہے کہ علی کو دوست رکھتا ہوں میں اور انسے تولا کرتا ہوں میں اور حالانکہ انکی اطاعت اور پیروی نہو اور ہماری ... پس اگر کہے کہ رسول اللہ کو دوست رکھتا ہوں حالانکہ

رسول اللہ علی سے بہتر تھے اور پیروی نکرے اور آنکے طریقہ پر نہ چلے اور انکی سنت پر
عمل نکرے محبت اس جناب کی اس شخص کو کچھ فائدہ مند ہوگی پس معصیت خدا سے
پرہیز کرو اور اطاعت خدا کی کرو تا کہ اس فضل و ثواب سے تم فائز ہو خدا کی کسی
بندہ سے قرابت و خویشی نہیں ہے کہ اسپر کچھ عطا کرے اور وسیلہ گردانے دوست ترین
مردم نزدیک خدا کے وہ لوگ ہیں کہ پرہیزگار زیادہ ہیں اور عمل اسکی اطاعت پر زیادہ کرتے
ہیں اے جابر واللہ خدا سے نزدیکی حاصل نہیں ہوتی مگر اسکی اطاعت سے اور برأت آتش
دوزخ سے ہمارے ساتھ نہیں ہے اور کسی کو خدا پر حجت نہیں ہے اور جو شخص کہ مطیع خدا ہے
دوست ہمارا ہے اور جو شخص کہ عاصی خدا ہے دشمن ہمارا ہے اور کسی شخص کو ہماری دوستی پر
دسترس نہوگا مگر اطاعت خدا اور ہماری فرمان برداری سے اور پرہیزگار اس معصیت سے کہ
آدمی اسکے عمل سے فائدہ مند ہوں بہتر ہے ستر برس عبادت سے اور اہلبیت طاہرین علیہم السلام
سے مروی ہے کہ راس یعنی سر طاعت کا صبر و رضا ہے احکام الٰہی میں اور اسکا حکم خواہ موافق بندہ
کے ہو یا نہو صبر و رضا اختیار کرے اسلیے کہ جب صبر و رضا عبادت کا سر ہے جب سر بدن سے
جدا ہوجائیگا تو بدن بیکار ہوجائیگا یونہیں صبر جب ایمان سے اٹھ جائیگا تو ایمان زائل ہوجائیگا
یعنی صبر و رضا پر قائم نہونے سے اطاعت و عبادت بیکار ہے اور صبر تین قسم ہے ایک وہ کہ
بلا و مصیبت و رنج و محن میں صبر کرنا دوسرے مشقت و طاعت میں صبر کرنا تیسرے
ترک معصیت میں صبر کرنا جو شخص کہ بلا و مصیبت میں صبر کرے خدا تعالیٰ اسکے واسطے تین سو
درجے بلند کرتا ہے کہ فصل و دوری ہر درجہ کی مثل زمین و آسمان کے ہے اور جو شخص کہ طاعت میں صبر
کرے خدائے تعالیٰ اسکے واسطے چھ سو درجے بلند فرماتا ہے اور فصل ہر درجہ کا زمین سے انتہا
عرش تک ہے اور جو کوئی ترک معصیت میں صبر کرے خدائے تعالیٰ واسطے اسکے نو سو درجے
بلند فرماتا ہے کہ مابین ہر درجہ کا اطراف زمین سے انتہائے عرش تک ہے اور بہشت محفوف
ہے مکارہ اور صبر پر اور دوزخ محفوف ہے لذات و شہوات پر جو شخص مکارہ پر صبر کرے گا

داخل بہشت ہوگا اور جو شخص شہوات کی پیروی کریگا وہ داخل دوزخ ہوگا جب مومن داخل
قبر ہوتا ہی تو نماز اسکے سر کے داہنے جانب اور زکوٰۃ بائین طرف کھڑی ہوتی ہی اور عمل خیر اسکے
سر پر سایہ کرتا ہی اور صبر اسکے کنارے کھڑا ہو کر نماز اور زکوٰۃ اور عمل خیر سے کہتا ہی کہ تم اپنے
صاحب کی منکر نکیر کے جواب مین اعانت کرو اگر تم عاجز آؤ تو مین دستگیری کرونگا اور جو شخص قضائے
الٰہی پر صبر کریگا اور نفع و ضرر و خیر و شر مین راضی رہے اور سوائے رضا و تسلیم کے کوئی
چیز اسکے دل مین نہ گذرے خدائے تعالیٰ اسکے واسطے سوائے خیر کے راضی نہوا اور کسی
چیز کا خدا سے سوال نکریگا مگر یہ کہ دعا اسکی مستجاب ہوگی خدا وند عالم اپنے بندون
سے نہین چاہتا مگر خیر اور اگر کسی شخص کو انواع بلا مین مبتلا کرتا ہی اسکی خیر اسمین ہی
اور اگر کسی کو بادشاہ مشرق و مغرب کرتا ہی اسکی مصلحت اسمین ہی اور حق تعالیٰ نے
فرمایا کہ جو شخص میرے حکم پر راضی رہے اور میری بلا پر صبر کرے اور میری نعمتون پر شکر
کرے تو وہ شخص میرے جوار رحمت مین جملہ صدیقین سے ہوگا اور جو شخص قضائے الٰہی پر
راضی رہے قضائے الٰہی اسپر گذرے اور اجر اسکا عظیم ہوا اور اگر قضائے الٰہی پر راضی نہو تو
قضائے الٰہی اسپر جاری ہوا اور اجر اسکا باطل ہوا اور فرمایا کہ جو شخص تمام خلق سے امید قطع
کرے اور طمع دور کرے اور توکل و اعتماد مجھ پر کرے اور میری طرف پناہ لاوے اور اس امر
مین اسکی نیت صادق ہو اگر تمام آسمان و زمین اور اہل آنکے بیابان و مکر وغیرہ سے اسکو
ضرر پہونچانا چاہین مین اسکو انکے ضرر سے بچاؤنگا اور کوئی ضرر اسکو نہ پہونچیگا اور
اگر خلق پر اعتماد کرے تو اسباب رحمت کو اس سے قطع کرونگا اور جو کچھ اسپر گذرے
پروا نکرونگا اور جناب امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ جو شخص چاہے کہ خدا سے کسی چیز کا
سوال نکرے مگر یہ کہ عطا فرماوے چاہیے کہ ہر شخص سے امید قطع کرے اور امید سوائے
خدا کے نرکھے جب خدائے تعالیٰ اسکے دل کو اسمین صادق پاتا ہی تو جو کچھ سوال کرتا ہی عطا
فرماتا ہی اور توکل سے یہ معنی نہین ہین کہ اپنے کامون مین سعی و کسب نکرے اسلیے کہ حبیب

ہے جب ایسا شخص دعا کرتا ہے تو وہ مستجاب نہیں ہوتی بلکہ یہ ہے کہ مکاسب و معاملات جسقدر
کہ حکم ہو بطریقہ حلال سے کرتا رہے لیکن اعتماد اپنا کسی چیز پر سوائے خدا کے نہ رکھے اور
سوائے خدا کے اور کسی چیز اور کسی شخص کو کارساز نہ جانے اور یہ سعی و معاملات وغیرہ کو فقط وسیلہ
و واسطہ جانے کہ خدائے تعالیٰ نے واسطے مصلحت حال کے نظام خلق مقدر فرمایا ہوتا کہ ہر ایک
شخص حکم و رضائے الٰہی کی آئین رعایت کرے خدائے تعالیٰ کے احکام پر عمل کرے فضل و
ثواب و نعمت بیحساب کا مستحق ہوگا اور جو شخص اُسکی مخالفت کرے اور نفس و حرص کی متابعت
اور شیطان کی اطاعت کرے اور حلال پر اکتفا نہ کرے حرام میں ہاتھ لگائے پس وہ شخص مستوجب
زجر و عقاب کا ہوتا ہے اور حضرت امامؑ نے کسی شخص سے فرمایا کہ تو ہمیشہ دعا کر کہ خدائے تعالیٰ
تجھ کو جملہ معارین سے نہ قرار دے اور حد تقصیر سے باہر نہ لاوے اُس شخص نے عرض کیا
کہ معارین کو جانتا ہوں کہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ اُنکا اقرار ایمان میں ٹھہراؤ عاریتاً
ہے اور غیبت میں دور ہو جاتا ہے لیکن حد تقصیر سے نکلجانے کے کیا معنی ہیں فرمایا کہ جسقدر تو
زیادہ تر عبادت کرے اپنے کو اہل تقصیر سے جانے کہ خدائے تعالیٰ کی عبادت کا حق کوئی
شخص ادا نہیں کرسکتا اور خدائے تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اپنے عمل پر تکیہ نہ کرو کہ اگر کوئی اپنی
تمام عمر عبادت میں بسر کرے اور ایک لمحہ فارغ نہ ہووے ہنوز مقصر ہے اور بندگی کا حق
نہیں بجالایا ہے بلکہ رحمت پر اعتماد کرو اور میرے فضل پر امید رکھو اور معاملات میں میری
طرف حسن ظن کرو کہ جس طرح سے میرے عباد میری طرف گمان اور مجھ سے امید رکھتے
ہیں ایسا ہی اُنسے معاملہ کرتا ہوں اور اسقدر امید خدا کی رحمت پر رکھنا چاہیے کہ اگر تو
معاصی ثقلین کے ساتھ محشر میں آئیگا تو خدا تجھپر رحم کریگا اور اسقدر خوف اُسکے
عذاب سے رکھنا چاہیے کہ اگر ثقلین کے حسنات کے ساتھ محشر میں آئیگا تو قبول
نہ فرمائیگا اور مومن کے دل میں دو سطریں نور سے لکھی ہیں ایک خوف کی دوسری رجا
کی اگر باہم وزن کیجائیں اُنمیں سے ایک بقدر ذرہ کے زیادتی نہیں کرسکتی اور حضرت

امام جعفر صادقؑ سے لوگون نے عرض کیا کہ ایک جماعت آپ کے دوستون مین سے گناہ
کرتی ہی اور کہتی ہی کہ ہم خدا کی رحمت پر امید رکھتے ہین پس فرمایا کہ وہ لوگ جھوٹ
کہتے ہین کہ نہ وہ میرے دوستون سے ہین اور نہ امیدوار رکھتے ہین جس کسی کو امید کسی چیز سے
ہوتی ہی اُس سے گریز نہین کرتا ہی واللہ کہ ہمارے شیعون سے نہین ہی مگر وہ شخص کہ
طاعت خدا کرے اور اُسکی معصیت نکرے اور مروی ہی کہ ایک دن حضرت پیغمبر خدا صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ای بنی عبد المطلب تم کہتے ہو کہ محمدؐ ہمسے ہین جس جگہ کہ وہ
ہین ہم بھی ہین واللہ کہ میرے دوستون سے نہین ہین مگر میرے پرہیزگار جب روز
قیامت تم دنیا کو اور دوسرے لوگ آخرت کو دوش پر لیکر آوینگے تو ہم تمکو نہ بچانینگے
اور تمھاری قرابت کچھ فائدہ نہ دیگی اور جناب امیرؑ نے ایک روز خطبہ پڑھکر فرمایا کہ
ایہا الناس واللہ کہ مین ایک درہم تمھارے حق سے کم نہین کرتا ہون عقیل برادر
اُن حضرت کے اُٹھکر عرض کرنے لگے کہ آپ مجکو اور سیاہ حبشی کو برابر دیتے ہین
حضرت نے فرمایا کہ ای عقیل خاموش ہو تجھ مین اور سیاہ حبشی مین کیا فرق ہی جسکا
تقوی زیادہ ہی اُسکا درجہ بلند تر ہی اور جناب امام جعفر صادقؑ سے اس آیہ کی تفسیر سے
سوال کیا وَقَدِمْنَا اِلٰی مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَّنْثُورًا یعنی خدا تعالی
فرماتا ہی کہ روز قیامت کو اُنکے اعمال کی طرف متوجہ ہونگے ہم اور مثل غبار کے اُن
اعمالون کو ہم پریشان کردینگے مروی ہی کہ فرمایا کہ وہ شخص ہمسے نہین ہی جو شخص کہ ہر روز
اپنے نفس کا محاسبہ نکرے اور اپنے عمل کا ملاحظہ نکرے اور نہ دیکھے کہ کیا کیا اور کیا کرتا
ہون روز قیامت مین پچاس موقف واسطے حساب کے مقرر ہین اور ہر ایک
موقف ہزار سال کی راہ ہی جو شخص دنیا مین اپنے نفس کا محاسبہ کرتا ہی اُتنی قدر موقف
حساب سے قیامت کے دن خلاص ہوگا اور جو شخص غفلت مین بسر کرتا ہی قیامت کے دن
اُسکو واسطے حساب کے زیادہ تر توقف ہوگا پس اپنے نفس کا محاسبہ کرو پہلے اُس سے کہ

واسطے حساب کے موقف حساب مین توقف کرو اور معنی محاسبۂ نفس کے یہ ہین جیسا کہ
شریک تجارت یار کے ساتھ ہر دانگ و دینار مین تو معاملہ کرتا ہے ایسا ہی اپنی عمر کی ہر ساعت
و ہر دقیقہ کا حساب خود سے طلب کر ہر لمحہ کو ملاحظہ کر اگر طاعت و خیر مین گذرا شکر ادا کر
اور اگر باطل و معصیت مین گذرا اپنے آپ کو سرزنش و عتاب کر اور استغفار کر اور
اُسکا تدارک کر کہ کوئی شر دفتر اعمال مین باقی نرہے اور کوئی حق فوت نہووے اور
جو کام کرے اُسمین اول تامل کرے اگر اُس کام مین نفع آخرت کا ہو تو کرے یا دنیا کا
بشرطیکہ آخرت مین مضرت نکرے اُس سے درگذرا اور عمر کو اُسمین صرف نکرے شغل منفعت
دنیا کا اگرچہ اُسمین عذاب نہو یہی مضرت اُسکو بہت ہے کہ مانع خیر و منفعت آخرت کا ہوا ہے کہ
روز قیامت کوئی شخص حسرت و ندامت سے خالی نہوگا جن لوگون نے دنیا کے ایسے
شغل و کام کیے کہ ان کامون کی منفعت نے آخرت کو ضرر نہین پہونچایا ان لوگون کو
قیامت کے دن حسرت ہوگی کہ عمل خیر کسطرح زیادہ نکیا اور بد لوگون کو یہ حسرت
ہوگی کہ عمل بد کیون کیے مگر جن لوگون نے اپنی عمر عزیز کو عمل خیر مین صرف کیا اور اُسکو اشغال
باطلہ و بیفائدہ مین صرف نہین کیا اور حق تعالی کی عبادت و طاعت مین بسر کی
اُنکو حسرت نہوگی پس لازم ہے کہ اپنے آپ کو ایسے امور سے بچائے اور طاعت و عبادت
خدا مین مشغول رہے اور جو شخص اپنے آپ کو اشغال باطلہ و افعال بیفائدہ سے خدا
کی طاعت و عبادت کے لیے فارغ کرے خداے تعالی اُسکے دل کو اپنے خوف سے
لبریز کرتا ہے اور اُسکے مطالب اور حوائج کا خود متکفل ہوتا ہے اور اُسکے کام کسی دوسرے
پر نہین چھوڑتا ہے اور جو شخص طلب باطل و شغل لاحاصل کے لیے خدا کی طاعت و
عبادت کو ترک کرے تو خداے تعالی اُسکے دل کو دنیا مین اور اُسکی محبت مین مشغول
کر دیتا ہے اور اپنی رحمت کی کفالت سے اُسکو علیحدہ کرکے اُسکو اُسکی حالت پر چھوڑ دیتا
ہے اور نعوذ باللہ جب خداے تعالی کسی شخص کو اپنی رحمت و کفالت سے علیحدہ کرکے

کسی دوسرے پر چھوڑ دے پس وہ شخص ہمیشہ خیرات و کرامات سے بے نصیب ہوگا اگر وہ
شخص اپنی حالت پر صبر کرے تو عاقبت میں وہ فرحت میں رہیگا اور مروی ہے کہ حضرت
یونس علیہ السلام بقدر ایک پل مارنے کے غافل ہوگئے تھے پس خدا تعالیٰ نے انکو
مچھلی کے شکم میں پہونچا دیا اور لازم ہے جو شخص کہ عبادت کی نیت اور جو کار خیر کرے
بیا واسطے اغراض یا طالب دنیا سے خالص ہو اور خدا کی خوشنودی اور اسکی رحمت و ثواب مقصود
ہو کیونکہ ہر عمل کی جزا نیت پر ہے اگر نیت خیر و نیک ہے تو طاعت خدا ہے اور اسکی جزا بھی
نیک ہے اور اگر نیت بری یا دنیا کی ہے تو طاعت شیطان کی ہے اور جزا بھی اسکی بری ہے
جو شخص کوئی کام خدا کی خوشنودی کے لیے کرے اسکا اجر و ثواب خدا پر ہے اور اگر سوا اسکے
خدا کے دوسرے کے لیے کرے تو خدا تعالیٰ اسکو اسی شخص پر کہ جسکے واسطے اسنے
وہ کام کیا ہے حوالہ کرتا ہے اور اپنے فضل و رحمت سے اسکو محروم کرتا ہے اور حضرت
پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ایک زمانہ ایسا آئیگا کہ لوگ عبادت واسطے
کو واسطے ریا اور اغراض دنیا کے کرینگے پس خدا تعالیٰ انکو ایسی مصیبت و بلا میں مبتلا
کریگا اور ہر چند کہ مثل ڈوبتے ہوئے آدمی کے ہاتھ پاؤں مارینگے اور گریہ و زاری
اور دعا کرینگے خدا تعالیٰ انکی دعا مستجاب نہ کریگا اور مروی ہے کہ چھپا کر طاعت کرنا
کھلے ہوئے عمل خیر کی زیادہ مشکل ہے اسکے کرنے سے جو شخص کہ کوئی عمل نیک مثل
تصدق اعانت صلۂ رحم وغیرہ کے پوشیدہ خدا کی خوشی کے لیے کرے پس خدا تعالیٰ
اسکے ثواب کو پوشیدہ سے ستر درجہ زیادہ اسکے نامہ اعمال میں ثبت فرماتا ہے اگر بعد
کرنے عمل خیر کے اسی عمل خیر کا ذکر کرے اور ظاہر کرے تو اس عمل کا ثواب آدھا رہ
رہ جاتا ہے اور جو پھر دوبارہ ذکر کرے تو بالکل ثواب اسکا نامہ اعمال سے محو ہو کر ریا
لکھا جاتا ہے اور جو شخص کہ کوئی عمل خیر واسطے خوشنودی خدا کے کرے تو خدا تعالیٰ
اسکے واسطے فرشتوں کو حکم کرتا ہے کہ نیکی لکھیں پس لازم ہے کہ جس عمل خیر کا ارادہ کرے

اسکو جلد بجالاوے اس سبب سے کہ نہ معلوم کہ بعد کو کیا صورت ہوا ور جس کار خیر میں کرنا خیر ہوگی شیطان کو مہلت ملیگی اور اُس عمل خیر کا مانع ہوگا اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ بندہ دو رکعت نماز ادا کرتا ہے یا ایک روز روزہ رکھتا ہے یا تصدق کرتا ہے اور کوئی عمل خیر کرتا ہے اسلیے کہ خدا اُس سے خوش ہووے تو خداے تعالیٰ اُسکے سبب سے اُسکے تمام گناہ بخش دیتا ہے اور فرماتا ہے کہ بعد اسکے ہرگز تجھ پر گناہ نہ لکھونگا اور اگر کوئی عمل شر دل میں گذرے تو چاہیے کہ اسکو ترک کرے اور اُس سے احتراز کرے کیونکہ شیطان اپنا مقصد پورا کرتا ہے اور اکثر ہوتا ہے کہ بندہ کوئی ایسا عمل کرتا ہے کہ خداے تعالیٰ کو وہ بُرا معلوم ہوتا ہے تو خداے تعالیٰ فرماتا ہے کہ قسم ہے مجھکو عزت و جلال کی کہ ہرگز بعد اسکے تجھکو نہ بخشونگا اور خداے تعالیٰ نے فرمایا کہ جو بندہ میری اطاعت کرے اور میری خوشی کا طالب رہے میں اسکو کسی دوسرے پر نہ چھوڑونگا اور میں اُسکی خوشی کا طالب ہونگا اور جو بندہ کہ میری نافرمانی کرے اور میری رضا کی مخالفت کرے اسکو اُسکے حال پر چھوڑ دونگا اور پروا نہ کرونگا جس جگہ کہ ہلاک ہوا اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ اے دعوی کرنے والو ہماری دوستی اور محبت کے تم فریفتہ مت ہو یعنی صرف ہماری محبت و دوستی پر نازان ہو کر احکام خدا کو ترک نہ کرو اور اطاعت خدا کرو واللہ کہ ہم میں اور خدا میں کوئی قرابت نہیں ہے اور ہمکو خدا پر کوئی حجت نہیں ہے اور خداے نزدیکی حاصل نہیں ہوتی مگر طاعت سے پس جو کہ خدا کا اطاعت گذار ہے اسکو ہماری دوستی نافع ہوگی اور جو کہ خدا کی معصیت و نافرمانی کرے ہماری دوستی اسکو فائدہ نہ دیگی ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ آپ سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں کہ جو ہمارا شیعہ ہو وہ جو کچھ چاہے کرے فرمایا ہاں ایسا ہی ہے شیعہ نے کہا کہ اگرچہ زنا و چوری کریں شراب پئیں حضرت نے فرمایا کہ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ ۝ لوگ انصاف نہیں رکھتے ہیں ہم خود اطاعت

وعبادات سے نجات کی امید بہشت میں رکھتے ہیں پس ہم دوسروں کو کس طرح سے
معصیت اور گناہ کی اجازت دیں کہ بغیر طاعت خدا محض ہماری محبت سے نجات پا دیں
بلکہ معنی اس حدیث کے یہ ہیں کہ جو شخص مومن ہوگا اعمال خیر اسکے خواہ زیادہ ہونگے خواہ کم
داخل بہشت ہوگا اور یہ بھی آنحضرتؐ نے فرمایا کہ خدائے تعالی اعراض فرمائیگا اس جماعت
سے کہ دعوی ہماری محبت اور دوستی کا کرتے ہیں اور عمل خلاف کرتے ہیں خدائے تعالی
روز قیامت انکو باہم ایک منزل میں نازل فرمائیگا قسم خدا کی ایک بھی انمیں
سے دین پر نہوگا مروی ہے کہ فرمایا کہ اگر شیعوں کو غربال کروں اور نیک و بد کو انمیں
سے جدا کروں ہزار شیعوں میں سے ایک شخص خالص نہوگا اور اکثر انمیں سے اہل قول
ہیں اور اہل فعل باطن انکا نہایت نادرست سب مسندوں پر تکیہ لگاتے ہیں اور رزدست و
[illegible] سے کہتے ہیں کہ ہم شیعہ علی ابن ابی طالب ہیں شیعہ علی ابن ابی طالب
نہیں ہے مگر وہ شخص کہ اطاعت احکام علیؑ کی کرے اور اسکا فعل اسکے قول کی
تصدیق کرے اور یہ بھی اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے مروی ہے کہ افضل عبادات
تفکر ہے اور تفکر کی دو قسمیں ہیں ایک تفکر معرفت خدا و علم میں اور اس قسم کے فضائل
حد شرح سے باہر ہیں اور کچھ تھوڑے فضائل سابق میں بیان کیے گئے ہیں
دوسرا تفکر احوال دنیا اور اسکی بے اعتباری اور اسکی لذات کی بے اصلی میں اور
ایک ساعت یہ تفکر افضل ہے ایک شب کی عبادت سے کہ سبب [illegible] دنیا میں
اور بے [illegible] اسکی طرف ہو اور [illegible] محبوب [illegible] اور اسکی محبت کو دل
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

اور حرام ہو دل پر کہ حلاوت ایمان کی پاوے جبتک کہ محبت دنیا کی اس سے باہر نجاوے
فرمایا جناب امام جعفر صادقؑ نے کہ زہد سے افضل زیادہ دنیا میں کوئی چیز نہیں کہ طلب کرے
اسکو اور دنیا کی محبت کو ترک کرے اور معرفت خدا اور اسکے رسولؐ و اہلبیت رسولؐ
سے کوئی چیز افضل نہیں ہے کہ بغض دنیا سے ہو اور دنیا کی محبت سے مومن کا دل جب
خالی ہوگا تو خدا کی محبت سے پر ہوگا کہ کسی چیز پر التفات سوائے خدا کے اور اسکی رضا
کے نکریگا اور اہل دنیا ایسے ہی شخص کو دیوانہ اور صاحب آسیب کہتے ہیں حالانکہ وہ
محبت خدا میں فنا ہے اور فرمایا انحضرتؑ نے کہ لقمان نے اپنے فرزند کو جب
نصیحتیں کیں ان میں سے یہ ہے کہ تو دنیا میں واسطے ایک کام کے آیا ہے اور اسکی اجرت
تو واسطے تیرے مقرر ہے اس کام کو اچھی طرح کرتا تو مستحق اجرت کا ہوا ورنہ بکریوں کی مثل کہ
جسوقت چراگاہ میں چھوڑی جاویں اسواسطے کہ فربہ ہو ویں اور انجام اسکا ذبح ہو
بلکہ پل کی مثال دنیا کو جان کہ جب تو پل پر سے گذرے پھر اسکی جانب کو رخ نکرے
جان کہ قیامت کے دن خدا کے سامنے کھڑا ہونا ہے اور سوال تجھ سے کیا جاویگا
چار چیز کا اول یہ کہ تو نے جوانی کو بڑھاپے تک کیونکر پہونچایا اور عمر کو کس طور پر آخر
کیا اور مال کو حاصل کہاں سے کیا اور صرف کہاں کیا پس جواب کا اول سے آمادہ
رہ اور دنیا کے غم سے فارغ ہو اور زہد کا کمال یہ ہے کہ حرام کو ترک کر عذاب کے خوف
سے اور حلال کو ترک کر حساب کے اندیشہ سے مگر ضرورت کے موافق اور کمتر اس سے بھی
کر اپنے ہاتھ کو حرام سے روک اور موافق عمل کے ہر ایک کے درجے بلند ہوتے ہیں اور
اسکے عمل کے موافق معاملہ ہوگا جو کوئی خدا کی تھوڑی سی روزی پر راضی ہوگا اسکے
تھوڑے سے عمل سے خدا بھی راضی ہوگا جو دولتمند ہیں انکو عمل بھی بہت سے کرنا چاہیے فرمایا
انحضرتؑ نے کہ ہمارے خاص شیعہ دولت باطل کے زمانہ میں مشرق و مغرب کسی
طرف جاوینگے زیادہ قوت سے نصیب نہوگا ایمان جنکا خالص ہے ہمیشہ اسپر شکر زیادہ ہے

خدا کے نزدیک دنیا و اہل دنیا یعنی دوست و دشمن محتاج و توانگر کافر و مومن زندگی کے
خوان نعمت کی چاشنی اور موت کے مزے کو چکھنے والے ہیں مگر مومنین غربا، اغنیا سے
چالیس خریف پہلے بہشت میں داخل ہو کر مشغول صحبت و نعمت ہونگے اور اغنیا حساب
کتاب میں گرفتار رہینگے مروی ہے کہ ایک خریف ہزار سال کا اور ایک سال ہزار سال دنیا
کے برابر ہے اور نیز مروی ہے کہ جس وقت واسطے حساب کے دو مومن ایک غنی اور ایک
فقیر حاضر کیے جاینگے فقیر کہیگا کہ اے خدا تو میری حالت جانتا ہے کہ نہ کوئی منصب مجھکو
دیا تھا کہ اسکی عدالت کا اور نہ مال دیا تھا کہ اسکی سخاوت و بخل کا حساب دوں
حکم ہوگا کہ سچ کہا تو نے اے بندے میرے داخل بہشت کیا جائیگا اور غنی حساب میں اپنے
مشغول ہوگا اور اسقدر پسینا اسکا جاری ہوگا کہ چالیس اونٹ اس سے سیراب ہوں
جس وقت داخل بہشت ہوگا اور وہ فقیر رفیق اسکا دیکھے گا کہے گا کہ اسقدر کس وجہ
سے تمنے دیر کی کہیگا کہ طول حساب میں اپنے گرفتار تھا حق سبحانہ و تعالے ایک عمل کو
میرے بخشتا تھا کہ دوسرا عمل روبرو آتا تھا یہانتک کہ سب کو اسنے بخشا اور اپنی رحمت
کو زیادہ کیا اور نجات پائی میں نے مروی ہے کہ قیامت کے دن جو کوئی درجات
مومنین فقرا کے دیکھیگا آرزو کریگا کہ کاش دنیا میں زیادہ مال نہ رکھتے تو بہتر ہوتا
اور روایت ہے کہ فقیر ایک امانتدار ہے اور یہ امانت اسکو رکھے گا ثواب اسکا مثل
ثواب روزہ دار کے ہے کہ تمام عمر اسنے رکھے ہوں اور جو کوئی اسمیں بددیانتی کرے
یعنی مخالفین سے شکایت کرے یعنی دشمنان خدا سے تو اسکا بہت ہی ہوگا قیامت کے
دن حق سبحانہ و تعالی مثل اسکے کہ کوئی اپنے دوست سے عذر کرتا ہے فقرا کے مومنین سے
ارشاد فرمائیگا کہ قسم ہے مجھکو اپنی عزت و جلال کی کہ تمکو دنیا میں حقیر سمجھکر فقیر نہیں کیا میں نے
بلکہ زیادتی ثواب کے لیے اور درجات بہشت کے لیے آج دیکھو کہ تمکو اسکا عوض کیا
دیتا ہوں میں ستر درجہ زیادہ اس سے تمکو دیتا ہوں کہ ابتدا سے دنیا کے آخر تک

اہل دنیا کو دیا تھا اور بخشش کرتا ہون مین اُس شخص کو کہ دنیا مین تم پر مہربانی کی تھی اور
دستگیری تمھاری کی تھی جس جگہ چاہو ہاتھ اُسکا پکڑ کہ بہشت مین لیجاؤ اور فرمودی ہو کہ
مومنین کامل الایمان وہ ہو کہ خلق اُسکا بہتر ہو اور واجبات کے بعد کوئی عمل خلق سے بہتر
نہین اور بیشک صاحب خلق خوش درجہ صائم قائم اور اجر مجاہد پاتا ہے اور اکثر امت بہشت
مین تقوی اور حسن خلق سے داخل ہوگی ایک تقوی اور دوسری حسن خلق ہے یہ دونون گناہون
کو ایسی گلاتی ہین کہ جیسے آفتاب برف کو اور خوش خلقی باعث درازی عمر اور آبادی شہر
ہوتی ہے جس شخص مین چار صفت موجود ہون کامل ہوگا ایمان اُسکا اور بچیگا گناہ سے
اور راضی ہوگا خدا اُس سے اگرچہ گناہ اُسکے بہت ہون اول یہ کہ وفا کرے اپنے
وعدہ پر اور راست گو ہو اور برائیون سے خدا اور اُسکے بندون کے سامنے حیا کرے
دوسرے یہ کہ اپنے اہل و عیال اور سب آدمیون سے خوش خلقی کرے اور بدخلقی
نیک عمل کو فاسد کرتی ہے جیسے کہ شہد کو سرکہ اور نہیں ہے حلم کہ دوست تر خدا کے
نزدیک غصہ کھانے سے زیادہ نہین ہے جو شخص صبر کرے اور غصہ کو کھاوے اور
حلم اپنا دکھاوے حق سبحانہ تعالی دنیا اور آخرت مین عزت اُسکی زیادہ کرتا ہے جو قدرت
عوض لینے کی رکھتا ہو اور وہ صبر کرے اور غصہ کھاوے حق سبحانہ تعالی شہیدون کا
ثواب عطا فرماتا ہے اور قیامت کے دن امن و امان اور اپنی رضا سے اُسکے دل کو
بھر دیگا اور جو شخص اپنے غصہ کو روکے حق تعالی قیامت کے دن اُسکے عیبون
کو چھپا دیگا اور اپنے غضب سے بچا دیگا حق سبحانہ تعالی نے حضرت موسی سے
ارشاد فرمایا کہ ای موسی غصہ کے وقت مجھکو یاد کر تو مین بھی غضب کے وقت تجھکو
یاد کرون ہر شر کی غضب کنجی ہے اور فاسد کرنے والا ایمان کا ہے جب دو شخص آپس مین
جھگڑا کرتے ہین تو دو فرشتے نازل ہوتے ہین جسکی زیادتی دیکھتے ہین اُس سے
کہتے ہین کہ تو بھی زیادتی کے لائق ہے اور جو صبر و حلم قبول کرتا ہے کہتے ہین کہ گناہ صبر

پہنچے گا اگر تو اپنے حلم پر قائم رہا اور پیشتر اسکے حماقت نہ کی تو اسکے تیرے؛ اسلئے بہتر ہوگا
کہ وہ معصیت کریں اور تو صبر و طاعت اختیار کرے بہترین اخلاق دنیا و آخرت سے یہ
ہے کہ جو تجھ پر ظلم کرے تو عفو کرے اور جو تجھ سے قطع و دوری کرے تو وصل و نزدیکی کرے
اور جو تجکو خیر و نعمت سے محروم کرے اور بخل کرے تو اسکے ساتھ جود و عطا کرے اور جو تیرے
ساتھ بدی کرے تو اسکے ساتھ نیکی و احسان کرے جو شخص ان صفتوں کے ساتھ آراستہ ہو
حق سبحانہ تعالیٰ عزت اسکی زیادہ کرتا ہے تین خصلتیں ہیں جس شخص میں نہوں طاعت
اسکی اور عمل اسکا تمام نہیں ہوتا وہ پرہیزگاری کہ معصیت سے باز رکھے اور خلق
ایسا کہ آدمیوں سے تواضع کرے اور ایسا حلم کہ دفع کرے جاہلوں کے جہل کو نعمت
ایمان ہے آدمیوں کے ساتھ مدارا کرنا اور نصف زندگانی ہے انکے ساتھ نرمی اور ایمان
نصیب ہوا جسکو نرمی حاصل ہوئی اور کسی شخص کو ملائمت نصیب نہو مگر یہ کہ زینت
اسکی ہوا اور کوئی شخص ملائمت سے بے نصیب نہوا مگر یہ کہ اس سے عار و ننگ
ہوئے اور روزی اسکی زیادہ ہوتی ہے جسمیں ملائمت ہوتی ہے اور جسمیں ملائمت
نہیں ہوتی نیکی سے بھی بے نصیب ہوتا ہے اور جسوقت دو شخص آپسمیں ملائمت
اور مدارا زیادہ کرتے ہیں اجر اسکا زیادہ ہوتا ہے اگر ملائمت کو دیکھ سکتے کوئی چیز
بہتر ملائمت سے نظر نہ آتی اور جس شخص میں درشتی ہوتی ہے محروم ہوتا ہے ایمان سے اور اگر
درشتی ایسی چیز ہوتی کہ دیکھ سکتے تو بری زیادہ کوئی چیز اس سے نظر نہ آتی جو شخص
تواضع کرے واسطے خوشنودی خدا کے خدا اسکو بزرگ کرتا ہے اور پست کرتا ہے خدا
اس شخص کو جو تکبر کرے اور نزدیک ترین خدا سے تواضع کرنے والے ہیں اور دوری
کرنے والے متکبر ہیں اور کسی نے امام علیہ السلام سے پوچھا کہ تواضع کی حد کیا ہے
حضرت نے فرمایا کہ بہت درجے ہیں ان سب میں سے یہ ہے کہ جو کوئی قدر اپنی جانے
اور زیادہ قدر نہ رکھے کسی سے توقع نہ کرے اور آدمیوں سے ایسا سلوک کرے کہ

جیسا اپنے واسطے چاہتا ہے اور جو وہ ساتھ اسکے بدی کریں تو یہ ساتھ نیکی کے اسکو دفع کرے
اور کھانے والا اپنے غصہ کا ہو اور بخشش کرنے والا ہو مروی ہے کہ حیا تواضع سے
یہ ہے کہ مجلس میں اپنے مرتبہ سے کمتر جگہ بیٹھے اور جس سے ملاقات کرے سلام
کرے اور ترک خصومت کرے اگرچہ اپنی جانب حق ہو اور اپنی مدح و ثنا کسی سے
نہ چاہے مروی ہے کہ جناب امام رضا علیہ السلام نے ایکروز کھانا طلب فرمایا اپنے غلاموں
اور نوکروں کو بھی جمع فرمایا اور انکے ساتھ ایک خوان پر بیٹھے ایک شخص نے عرض کیا اگر
ارشاد ہو تو انکے واسطے کھانا علیحدہ کریں حضرت نے فرمایا کہ نہیں اور فرمایا کہ خدا
ایک ہے اور دین ایک ہے اور جزا ہر شخص کی بقدر اسکے عمل کے ہوتی ہے اور جناب امام
جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ تم میں سے کون ہے کہ چار صفتوں کا مجھ سے
ضامن ہوتا کہ میں اسکے لیے چار گھروں کا بہشت میں ضامن ہوں اول وہ کہ عطا
کرے اور دوسرے وہ کہ فقر سے نہ ڈرے اور تیسرے وہ کہ افشاء سلام کرے عالم میں اور
چوتھے وہ کہ ترک خصومت کرے اگرچہ حق پر ہو اور انصاف سے نہ گذرے اور جو کوئی انصاف
کرے اور فقیروں سے مال میں مواسات کرے حقیقت میں وہ شخص مومن ہووے
اور خداوند تعالی عزیز اسکو کرے اور یہ بھی فرمایا کہ بہترین اعمال تین خصلتیں ہیں انصاف
اور مواسات اور ذکر خدا ہر حال میں نہ فقط سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر
کہے بلکہ تمام احوال و افعال میں خدا کو یاد کرے اور جس کام میں خوشنودی خدا ہو عمل
میں لاوے اور جو کام خلاف مرضی خدا ہو اس سے باز رہے اور جو شخص منصف ہو
دشمن بھی اسکے دوستوں کا شکوہ [illegible] اور [illegible] شخص [illegible]
[illegible] نزدیک تر ہیں خدا سے [illegible] اختیار رکھتا ہو کسی
[illegible] ظلم کرے [illegible]
[illegible]

داخل نہونگے مگر تین شخص ایک وہ کہ اپنے نفس پر حکم ساتھ حق کے کرے اور جو شخص کہ ایمان
خدا اور روز آخرت پر رکھتا ہو چاہیے کہ وعدہ وفا کرے اور جو شخص خلاف وعدہ کرے
اول خدا سے خلاف وعدہ کیا اور متعرض اسکے غضب کا ہوا اور جناب رسول خدا صلعم
نے فرمایا کہ ہم میں سے نہیں گویا کہ جو خلاف امانت کے کرے اور امانت کشتہ کو اندر فقر
اور خیانت کشتہ کو فقر ہے اور حضرت عیسی علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر قاتل یحیی بن زکریا کا
وہ شمشیر کہ جس سے اسنے ان حضرت کو شہید کیا مجھکو سپرد کرے البتہ اسکو واپس دوں
اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر قاتل جناب علی ابن ابیطالب علیہ السلام
کا مجھ سے مشورہ کرے اور طالب خیر ہو اور شمشیر اپنی مجھے امانت دے اور میں قبول کروں
البتہ ادا اسکی امانت کو کروں میں آیا ہے حدیثوں میں کہ جو مومن عزت دے مومن کو خدائے تعالی
اسکو بالاتر بغیر فنا کے عزت و کرامت و شرف دیگا اور ہیں تمام اہل علیین ... کر سکے
اول وہ شخص کہ یتیم کو پناہ میں اپنی رکھے اور شفقت کرے باپ کے مثل اسکی ... اور دوسرا
شخص کہ عاجزوں و ضعیفوں پر رحم کرے اور امانت انکا خرچ کرے اور تیسرا
وہ شخص کہ والدین کو نفقہ دے اور ساتھ انکے امانت و مہربانی کرے اور وہ شخص
خدمت کے لیے اپنے غلام و کنیز کو حکم کریں اس کام کو خود کرے اور ہر ...
انکی مدد و اعانت کرے

فصل ۴۰۱ ۔ قضائے حاجت و سرور مومنان

جمال الصالحین میں اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے مروی ہے کہ کوئی عبادت نزدیک
خدا کے افضل مسرور کرنے مومن سے نہیں ہے بلکہ یہاں تک کہ اگر قرض دار ہو تو قرض
اسکا ادا کرے یا بھوکا ہو تو اسکو سیر کرے روایت ہے کہ جو کوئی مومن کو مسرور کرے
خدائے تعالی قیامت میں اسکو مسرور کرے اور اسکا ... گویا خدائے تعالی و جناب
رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور جناب ائمہ ہدی صلوات اللہ علیہم اجمعین کو مسرور کیا

اسی طرح مومن کو رنجیدہ کرے تو گویا خدا و پیغمبر خدا و ائمہ ہدیٰؑ کو رنجیدہ کیا ہو اور مروی ہے کہ
خدائے تعالیٰ نے وقت مناجات حضرت موسیٰؑ سے فرمایا کہ جو کوئی کسی کو مسرور کرے
بہشت میں اسکو حاکم کرونگا میں اور حضرت پیغمبر خدا صلعم نے فرمایا کہ دل مومن عرش خدا ہے
جو کوئی دل مومن کا خوش کرے حق تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کرے کہ ہزار بدن اسکے ہوں
اور ہر بدن میں ہزار سر ہوں اور ہر سر میں ہزار منھ ہوں اور ہر منھ میں ہزار زبان ہوں
اور ہر زبان سے ہزار بار تسبیح خدا کی کرے اور استغفار کرے روز قیامت تک اور
ثواب اسکا خدائے تعالیٰ اس شخص کو عطا فرماوے کہ جس نے مومن کو مسرور کیا ہے
مروی ہے کہ ایک مومن ایک ملک سے بھاگ کر بسبب ظلم کے کافروں کے شہر میں گیا ایک
کافر نے اس مومن کی مہمانی کی جب وہ کافر مرا تو خدائے تعالیٰ نے اس سے فرمایا کہ اگر تو
مشرک نہ ہوتا تو تجھکو ضرور بہشت میں بھیجتا کیونکہ مشرکوں پر میں نے بہشت کو حرام کیا
ہے پس خدائے تعالیٰ نے دوزخ کا حکم فرمایا مگر خدائے تعالیٰ ہر صبح و شام اسکا رزق
دوزخ میں رزق پہونچاتا تھا اور راوی کہتا ہے کہ میں نے پوچھا کہ وہ رزق بہشت
سے آیا کیا حضرت امامؑ نے فرمایا کہ جس جگہ سے خدا نے چاہا اور مروی ہے کہ جو کوئی مضرت
پانی یا آگ کی مومن سے دفع کرے خدائے تعالیٰ بہشت اسپر واجب فرماتا ہے اور
جو کوئی غم و سختی مومن سے علیحدہ کرے بہتر رحمت واسطے اسکے لکھتا ہے خدائے تعالیٰ
ایک رحمت سے بہت جلد دنیا میں اسکو معاش پہونچاتا ہے اور اکہتر رحمت واسطے
رفع اہوال قیامت کے اٹھا رکھتا ہے تاکہ قیامت کے دن کسی طرح کا اسکو خوف نہو
مروی ہے کہ جو کوئی عیوب زمین کو یا کسی عیب کو مومن کے چھپاوے خدائے تعالیٰ ستر
عیب اسکے دنیا و آخرت کے چھپاوے اور مروی ہے کہ جو کوئی کسی مومن کی حاجت کو برلاوے
خدائے تعالیٰ روز قیامت اسکی ہزار حاجت اسکی برلاوے کہ اول حاجت یہ ہوگی کہ آگ سے
[illegible] اور [illegible] بہشت میں پہونچاوے [illegible]

ہاتھون اور قضاے حاجت مومن بہتر ہی دس بندے آزاد کرنے سے اور ہزار گھوڑے
راہ خدا مین واسطے جہاد کے بھیجنے سے اور افضل ہی بیس حج سے کہ ہر حج مین ہزار درہم
راہ خدا مین صرف کیے ہون اور بروایت دیگر خداے تعالی چھ ہزار حاجتین اسکی برلاتا ہی
اور مروی ہی کہ قضاے حاجت مومن بہتر ہی دس طواف کعبہ سے اور ایک طواف
کعبہ مین چھ ہزار حسنہ خداے تعالی عطا فرماتا ہی اور چھ ہزار گناہ مٹاتا ہی اور چھ ہزار درجہ
بلند کرتا ہی اور مروی ہی کہ جس کسیکے سامنے مومن حاجت کو لیجاوے اور وہ شخص
قادر قضاے حاجت مومن پر ہووے اور بسبب اسکے رنجیدہ ہو تو خداے تعالی بسبب
اس رنج کے اسکو بہشت عطا فرماتا اور جو کوئی کوشش قضاے حاجت مومن
مین کرے خداے تعالی ہزار حسنہ واسطے اسکے لکھے کہ بسبب انکے خداے تعالی اسکے
نسبا قرابا اور ہمسایہ و دوست و آشناؤن کو بخشدیوے اور جو قدم کہ واسطے
قضاے حاجت مومن کے اٹھاوے خداے تعالی ہر قدم پر ایک حسنہ واسطے اسکے لکھے
اور ایک گناہ نامۂ اعمال سے مٹا دیوے اور اگر وہ حاجت برآوے تو ثواب ایک حج و عمرہ کا
اور مروی ہی کہ جو کوئی سعی حاجت مومن مین کرے ایسا ہی کہ گویا نو ہزار سال عبادت
خدا کی کی کہ ان دنون مین روزے رکھے ہون اور شبون مین نمازین پڑھی ہون اور مروی
ہی کہ جو کوئی اعانت کسی مومن کی کرے خداے تعالی تہتر غم اور اپنا غصہ اس سے
دور کرے اور مروی ہی کہ جو کوئی کسی ضعیف اور عاجز کا ہاتھ تھام کر گھر یا مسجد تک
پہونچاوے یا جس حاجت کے لیے وہ جاتا ہی اس حاجت کے لیے لیجاوے خداے تعالی
ہر قدم پر ثواب بندہ آزاد کرنے کا لکھے اور ملائکہ اسپر صلوات بھیجتے ہین اور جو کوئی
کسی عاجز کی حاجت کو برلاوے خداے تعالی بہتر ہزار حاجتین اسکی برلاتا ہی اور
رحمت نازل کرتا ہی اور مروی ہی کہ جو کوئی قادر بر مومن کی حاجت برلانے پر ہو اور وہ
شخص حاجت کو نہ برلاوے خداے تعالی اسکی قبر مین اژدہا عظیم اسپر متسلط کرے کہ اسکو

قیامت تک کا ثنا رہے بعد ازان اگر خدا چاہے تو بخشدے اور مروی ہے کہ جو کوئی قدرت اور قضاے حاجت مومن پر ہوا در بر نہ لاوے اور دوسرے کو بھی منع کرے تو وہ شخص قیامت کے دن رو سیاہ اور ازرق چشم اور دونوں ہاتھ بندھے ہوئے محشور ہوا ور ملائکہ اسکو دیکھکر کہین کہ یہ کون شخص ہے کہ اسنے خدا و رسول کے ساتھ خیانت کی ہے وہ شخص آتش دوزخ مین ڈالدیا جاوے

فصل ۲۰۲ — اکرام و توقیر مومن

جمال الصالحین مین اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے مروی ہے کہ جو کوئی کسی مومن کا اکرام کرے ایسا ہے کہ گویا خدا کا اکرام کیا اور جو کوئی مومن کو دیکھکر تبسم کرے خداے تعالی واسطے اسکے ایک حسنہ ثبت فرماوے اور جو کوئی کسی مومن سے مرحبا کہے خداے تعالی روز قیامت تک واسطے اسکے رحمت لکھے اور اگر ایسا کلمہ کہے کہ مومن اسکو سنکر شگفتہ و خوش ہو بس وہ شخص سایہ رحمت خدا مین رہیگا اور مروی ہے کہ جو شخص راہ مومن سے کوڑا وغیرہ ہٹا وے ثواب پڑھنے چار سو آیات قرآنی کا پاوے کہ ہر حرف کے عوض مین دو حسنہ ہون اور جو کوئی جماعت مومنان کی خدمت کرے خداے تعالی اسکو بعدد آن مومنان کے خدام جنت عطا فرماوے اور جو کوئی مومن محاسن سفید کی توقیر و احترام کرے وہ شخص قیامت کے دن ڈر نے سے ایمن ہوا ور حضرت پیغمبر خدا صلعم نے فرمایا کہ وہ شخص ہم سے نہین ہے کہ جو کبیر کی توقیر اور صغیر پر رحم نہ کرے اور مروی ہے کہ جو کوئی مومن فقیر کی تحقیر کرے خداے تعالی اسکو دشمن رکھے اور اسکی تحقیر کرے اور جو کوئی مومن فقیر کی تحقیر کرے خداے تعالی قیامت مین اسکو رسوا کرے

فصل ۲۰۳ – الفت و محبت و زیارت مومنان

جمال الصالحین مین اہل بیت طاہرین صلوات اللہ علیہم اجمعین سے مروی ہے کہ جو

بجماعت باہم محبت و دوستی کرین قیامت کے دن بہشت مین زمین زبرجد سایہ عرش مین
خداے تعالی منبر نور پر اسکو بٹھلائے اور چہرہ اسکا آفتاب سے زیادہ روشن ہو اور مروی ہے کہ جب
دو مومن باہم ملاقات کرتے ہین انمین سے جسکے دل مین محبت زیادہ ہوتی ہے اسی کی قدر
و منزلت نزدیک خدا کے زیادہ ہوتی ہے اور مروی ہے کہ جب تین یا تین سے زیادہ مومن
جمع ہوتے ہین تو انکے پاس اسی قدر ملائکہ بھی شریک ہوتے ہین جسوقت وہ مومن دعا
کرتے ہین تو فرشتے آمین کہتے ہین اور جسوقت وہ مومن دعا کرتے ہین تو فرشتے شفیع ہوتے
ہین اور مروی ہے کہ جو مومن حق و حرمت مومن کا پہچانے اور صرف واسطے زیارت کے
نہ بغرض کار دنیا کے مومن کے پاس گھر سے جاوے اور جسوقت کہ دروازہ کھٹکھٹائے
درہاے آسمان اسکے لیے کھولے جاتے ہین اور ہر قدم پر خداے تعالی واسطے
اسکے ایک حسنہ لکھے اور ایک گناہ مٹا دے اور درجہ بلند کرے اور خداے تعالی
ستر ہزار فرشتے اسپر موکل کرے کہ حفاظت اسکی کرین جب تک کہ گھر مین واپس آوے
اگرچہ ایک سال کی راہ ہو اور جسوقت ملاقات اور مصافحہ اور معانقہ کرین اسوقت
خداے تعالی انکی طرف متوجہ ہو کر انکو ملائکہ پر فخر کرے اور ملائکہ سے کہے کہ اے ملائکہ ان
دونون بندون کو دیکھو کہ واسطے میرے باہم محبت کرتے ہین مجھپر لازم ہوا کہ انکو آتش
دوزخ سے بری کرون مین اور جسوقت مومن کے گھر مین داخل ہوا اسوقت خداے تعالی
فرماتا ہے کہ اے بندے میرے تونے تعظیم حق و متابعت سنت میرے پیغمبر کی کی جو
سوال کرے تو عطا کرون مین اور جو دعا کرے تو قبول کرون مین مین نے بہشت
تجھپر واجب کیا اور تجھکو شفیع اپنے بندون کا کیا ہین سے اور جسوقت مراجعت کرے
[illegible]
گھر جو کام ہو ملائکہ اسکی نشانیان کرتے ہین اور تین سو سال تک ... دن تک
بلاہاے دنیا و آخرت سے محافظت کرتے ہین اور اگر درمیان اس سال کے مر جاوے

حساب سے نجات پاوے اور زیارت ایک مومن کی مخصوص برائے خدا بہتر ہے اس سے کہ
دو بندے مومن آزاد کرے مروی ہے کہ جو مومن بقصد زیارت یا واسطے کسی حاجت کے کسی کے
مکان پر جاوے اور صاحب خانہ گھر میں ہو مگر اُسکو اذن نہ دے تو اُس صاحب خانہ پر
خدائے تعالیٰ لعنت فرماتا ہے اُسوقت تک کہ باہم ملاقات کریں اور حضرت امام جعفر صادق ع
نے فرمایا کہ جسوقت دو آدمی باہم رنج کر کے علیٰحدہ علیٰحدہ ہوتے ہیں وہ دونوں مستوجب
لعنت خدا ہوتے ہیں مروی ہے کہ جو کوئی واسطے صلح کے سبقت کرے گویا واسطے جنت کے
سبقت کی جو کوئی درمیان مردوں یا عورتوں کے واسطے کرانے صلح کے سعی کرے
ثواب ہزار شہید کا پاوے اور ہر قدم پر کہ اٹھاوے اور ہر کلمہ پر کہ جو کہے خدائے تعالیٰ
ایک سال کی عبادت لکھے کہ دنوں میں روزے رکھے ہوں اور راتوں میں عبادت
کی ہو

فصل ۲۰۴ - حق ہمسایہ

جمال الصالحین میں اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے مروی ہے کہ ہمسے نہیں ہے وہ
شخص کہ جو ہمسایگی اچھی نہ کرے اچھا کرنا ہمسایگی کا عمر کو دراز کرتا ہے اور رزق کو زیادہ
کرتا ہے اور سبب آباد ہونے اُس شہر یا قریہ کا ہوتا ہے اور مروی ہے کہ جو کوئی خوف خدا یا
خوف آخرت کرے چاہیئے کہ ہمسایہ کو رنج نہ دے اور مہمان کو گرامی رکھے اور جو بات
کہے اچھی کہے یا خاموش رہے اور جو کوئی ہمسایہ کو رنج نہ دے اور نہ آزار پہونچاوے
خدائے تعالیٰ روز قیامت میں اُسکی خطاؤں کو بخشے اور حضرت رسولخدا نے فرمایا کہ جبرئیل
نے دربارہ ہمسایہ اسقدر وصیت کی کہ گمان کیا میں نے کہ شاید ہمسایہ میرا وارث
ہو جاوے اور مروی ہے کہ جناب رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ وہ شخص میرے
ساتھ ایمان نہیں لایا کہ جو شخص شب کو سیر ہو کر کھاوے اور آرام سے سووے اور
ہمسایہ اُسکا بھوکا ہو روز قیامت میں خدائے تعالیٰ نظر نہ کرے اُسپر اور نہ پاک اُسکو

اہل قریہ پر کہ جسمین خانہ گرسنہ ہو اور مروی ہی کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے مناجات
کی اور عرض کیا کہ ای خدا تو مجھ پر رحم نہین کرتا کہ میری آنکھون کی بینائی لے لی تو نے اور
دو پسر میرے لے لیے تو نے پس خدا ے تعالی نے فرمایا کہ اگر بیٹے تیرے مردہ ہو گئے
تو واسطے تیرے زندہ کرتا ہون لیکن تو یاد نہین کرتا ہی کہ فلان روز تو نے گوسفند کو ذبح کر کے
بھون کر کھایا تھا اور فلان تیرا ہمسایہ بیمار و روزہ دار تھا تو نے اسکو نہین دیا پہر اسیکا ہر روز
جاتا تھا اور شام کے وقت ایک فرسخ تک حضرت یعقوب منادی کرتے تھے
کہ جو کوئی بہوکا ہو چاہیے یعقوب کے پاس آوے اور حضرت نبی نے فرمایا کہ خوبی ہمسایگی کی
یہ ہی کہ ہمسایہ کو آزار نہ دے بلکہ اگر وہ آزار دین تو انکا آزار دینے پر برداشت اور
تحمل کرے اور مروی ہی کہ جو کوئی ایک ہاتھ زمین ہمسایہ کی زمین مین سے خیانت کرے
خدا ے تعالی اسکی زمین کو تا ہفت زمین اسکی گردن کا طوق کرے اور جو کوئی ہمسایہ کو
رنج پہونچاوے بہشت اسپر حرام ہو

فصل ۵ ۰ ۳ — جود و بخل

جناب باری قرآن مجید مین ارشاد فرماتا ہی کہ جو جماعت بری ہی زکوٰۃ انکے بخل سے وہ
رستگار اور اہل نجات ہی اور یہ بھی فرماتا ہی کہ جو شخص مال راہ خدا مین صرف کرے
مثل اس دانہ کے ہی کہ اس سے سات خوشے اُگین اور ہر خوشہ مین سو دانے ہون اور
اللہ دو چند کرتا ہی جس شخص کے لیے چاہتا ہی اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے روایت
ہی کہ سخی آسمان اور زمین مین محبوب ہی اور طینت پاک سے پیدا کیا گیا ہی اور آب چشمہ اسکا
کوثر ہی اور بخیل آسمان و زمین مین بغض کیا گیا ہی اور پیدائش اسکی زمین شور سے ہی اور
آب چشمہ اسکا غسلین ہی سخی رحمت خدا کی پناہ مین ہی جب تک کہ داخل بہشت ہو وے
اور جس شخص کے لیے خداے تعالی امید خیر نہین رکھتا اسکو بخل مین مبتلا کرتا ہی اور
سخی بہشت سے نزدیک ہی اور سخاوت ایک درخت ہی بہشت مین کہ جو شخص ایک

شاخ میں اسکی لٹکے داخل بہشت ہوا اور خدا سے نزدیک اور آگ سے دور ہوا اور بخل
ایک درخت ہے دوزخ میں جو شخص کہ اسکی کسی شاخ میں لٹکے دوزخ اسکو کھینچ لے
اور جسکی سخاوت زیادہ ہے اسکو آسائش زیادہ اور رتبہ ہے اور قیامت کے دن سخی کو
لائینگے اور کہینگے کہ اگر کوئی حجت یا بات کہتا ہو کہے یہ کہیگا کہ اے خدا تو نے مجھکو پیدا کیا اور بہت
فرمائی اور وسعت عطا کی میں نے بھی تیری نعمت کو اس امید سے تیرے بندوں پر منتشر کیا
کہ آج تو مجھپر نشر رحمت فرماوے پس خداے تعالی فرمائیگا میرا بندہ سچ کہتا ہے اسکو
داخل بہشت کرو اور جوان سخی کہ گناہ میں افراط کرے خداے تعالی کے نزدیک پیر بخیل
سے دوست زیادہ ہے اور بہترین مردم اہل سخاوت ہیں اور بدترین مردم اہل بخل ۔ اور
نیکی کرنا برادران مومن سے اور انکی حاجتوں کا روا کرنا خلوص ایمان سے ہے اور حمایہ اخوان
یعنی برادران مومن سے نیکی کرنا موجب ہے محبت رحمان کا اور حسرت شیطان کا اور دوری
ہے دوزخ سے اور سبب ہے دخول جنت کا اور جو سخی متقی اس امر کی تصدیق کرے کہ خداے تعالی
عوض ایک درہم کے سو درہم اور اس سے زیادہ دیتا ہے کسی چیز کا ارادہ نکریگا مگر یہ کہ
وہ زیادہ ہو ۔ اور بخیل روز قیامت کو دوزخ میں قیام کریگا ۔ جو شخص خوشنودی
خدا میں مال کے صرف کرنے پر بخل کرے مبتلا ہوگا اس سے دو چند صرف کرنے پر معصیت
خدا میں ۔ اور محمد صادق امام بحق ناطق جناب جعفر صادق علیہ السلام سے تفسیر میں آیہ وافی
ہدایہ کذلک یریہم اللہ اعمالہم حسرات کی سوال کیا ارشاد فرمایا کہ
جو کوئی مال اپنا سواے طاعت خدا کے صرف کرے حسرت ہووے اسکو اس
دن کہ جب ثواب اپنے مال کا اوروں کو دیکھے اور اپنے آپ کو محروم دیکھے اور اگر
معصیت میں صرف کرے تو اسکو حسرت ہو کہ آپکو ثواب سے محروم کیا اور
دوسروں کی اعانت کی معصیت میں مدد کی ہے کہ ایک دن حضرت امیر المومنین نے
سنا کہ ایک شخص کہتا ہے کہ بخیل ظالم سے معذور ہے فرمایا جھوٹ کہتا ہے کبھی ایسا

ہوتا ہے کہ ظالم توبہ و استغفار کرے اور رد مظالم بجالاوے تو نجات پاتا ہے اور بخیل مانع زکوٰۃ اور صلہ رحم اور ضیافت اور تمام حقوق کا ہوتا ہے حرام ہے کہ بخیل داخل بہشت ہو

فصل ۲۰۲ ـ صلہ رحم

جمال الصالحین میں اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے مروی ہے کہ جملہ حقوق میں سے صلہ رحم ہے اگرچہ ایک سال کی راہ ہو یا ساتھ شربت آب کے ہو اور جو کوئی واسطے صلہ رحم کے جاوے ہر قدم پر چالیس حسنہ لکھے جاویں اور چالیس ہزار گناہ مٹائے جاویں اور چالیس ہزار درجہ بلند ہوں اور خدا تعالیٰ ثواب سو شہیدوں کا لکھے اور ایسا ہو کہ سو سال عبادت کی ہو اور مروی ہے کہ صلہ رحم کرنا بلاؤں کو دور کرتا ہے اور حساب قیامت کو آسان کرتا ہے اور خلق نیک اور اعمال کو پاکیزہ کرتا ہے اور سبب آبادی شہر و قریہ و زیادتی عمر کا ہوتا ہے اور مروی ہے کہ رحم عرش پر لٹکا ہوا ہے اور خدا تعالیٰ سے کہتا ہے کہ خدایا وصل کر اپنی رحمت سے اس شخص کو جو مجھکو قطع کرے اور مروی ہے کہ روز قیامت میں رحم اور امانت دونوں جانب صراط کے کھڑے ہونگے جب کوئی شخص رحم کرنے والا اور امانت کا دینے والا گذرے گا اسکو داخل بہشت کرینگے اور جب کوئی شخص قاطع رحم اور خائن امانت گذرے گا اسکو سر کے بل جہنم میں ڈال دینگے مروی ہے کہ ایک شخص نے خدمت جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عرض کیا کہ رشتہ دار میرے مجھ سے بدی اور مخالفت عداوت کرتے ہیں اور ایذا دیتے ہیں میں چاہتا ہوں کہ ان سے قطع تعلق کرلوں فرمایا کہ اگر ایسا کریگا تو خدا تعالیٰ تمکو اپنی رحمت سے قطع کریگا اور آپ نے ایسا ہی [illegible] ہے کہ آپس میں محبت اور آشتی کرتے ہیں [illegible] خدا تعالیٰ [illegible] فرماتا [illegible] نیکوں کی [illegible]

کرتے ہیں نسبت اسکے وہ لوگ پریشان ہوتے ہیں اور درمیان انکے باہم نزاع ہوتی ہے
اور مروی ہے کہ کسی شخص نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے عرض کیا کہ اقربا میرے میرے
ساتھ مخالفت کرتے ہیں امام علیہ السلام نے فرمایا کہ تو انکے ساتھ مواصلت اور مدارا کر
کہا کہ ہر چند مدارا و مواصلت کرتا ہوں مگر وہ میرے ساتھ برائی کرتے ہیں فرمایا کہ تو
چاہتا ہے کہ مثل انکے تو بھی کرے خدائے تعالیٰ ایسے آدمیوں پر نظر نہیں کرتا ہے اور
مروی ہے کہ وہ بیمار شخص بخدمت آنحضرت علیہ السلام آیا اور اپنے بھائیوں کی اور اپنے
چچازاد بھائیوں کی شکایت کی اور کہا کہ میرے گھر کو تنگ کر دیا ہے فرمایا کہ صبر کر
خدائے تعالیٰ تجھکو نجات دے راوی کہتا ہے کہ آخر ایک بلا الٰہی نازل ہوئی کہ وہ
سب ہلاک ہو گئے

فصل ۲۰۷ ـ فضائل معروف واحسان

جمال الصالحین میں اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے مروی ہے کہ بہشت کا ایک دروازہ
ہے اسکا نام معروف ہے اسمیں داخل نہیں ہوتا ہے مگر وہ شخص کہ جو دنیا میں معروف ہو اور اول
جو شخص کہ حوض کوثر پر داخل ہونگے وہ شخص اہل معروف ہیں مروی ہے کہ تین چیزیں موجب
زیادتی عمر و بقائے دولت کی ہیں ایک طول دینا رکوع و سجود میں دوسرے
زیادہ بیٹھنا دسترخوان پر تیسرے نیکی و احسان کرنے میں معروف ہونا اور مروی
ہے کہ صاحب معروف ہلاک ہونے سے محفوظ رہتا ہے اور مروی ہے کہ جسوقت اہل بہشت
داخل بہشت ہونگے اسوقت خدائے تعالیٰ خوشبو کو حکم کریگا کہ اہل معروف سے ملحق
ہو پس اہل معروف کے بدن میں سے خوشبو آنے لگے گی اور اہل بہشت خوشبو سے پہچانینگے
کہ یہ شخص صاحب معروف ہے اور مروی ہے کہ دوست ترین آدمیوں میں سے
نزدیک خدا کے وہ آدمی ہے کہ صاحب معروف کو دوست رکھے اور کوئی
چیز بہتر معروف سے نہیں ہے مگر ثواب اسکا اور جو کوئی جانتا ہے اسکا گالی دیکر

بجانب حبیب اگر عذر خواہی کرے تو لازم ہے کہ قبول کرے اور مروی ہے کہ آپس میں واسطے
ایک دوسرے کے ہدیہ بھیجنا چاہیے کہ سبب محبت اور دور ہونے عداوت کا ہوتا ہے اور
مروی ہے کہ کوئی شخص کسی کے ساتھ احسان کرے تو لازم ہے اس شخص کو کہ جسنے اسکے ساتھ
احسان کیا ہے احسان کرے اور اگر مثل اسکے احسان نہ کر سکے تو لازم ہے کہ مدح و شکر کرے

فصل ۲۰۸ - صدقہ دینے کے فضائل

امالی الصالحین میں مروی ہے اہلبیت طاہرین سے کہ خدا تعالی نے فرمایا کہ میں نے ہر چیز کو
واسطے آدمیوں کے مسخر کیا ہے سوائے صدقہ کے کہ صدقہ کو خود لیتا ہوں یہانتک کہ جو
کوئی ایک خرما یا نصف خرما صدقہ دے تو میں اسکو واسطے اس شخص کے تربیت کرتا ہوں
اور زیادہ کرتا ہوں روز قیامت تک مثل کوہ احد کے اور ستر بلائیں بلاہائے دنیا
سے دفع کرتا ہوں بغیر اس بلا کے کہ جو آخرت میں مہیا ہے اور کوئی چیز شیطان پر گراں تر
صدقہ سے نہیں ہے بسبب اسکے کہ صدقہ پر اسکا قابو نہیں چلتا مروی ہے کہ جو
کوئی اول دن صدقہ دے اس دن کی نحوستیں اور شر اس سے دفع ہوں اور
اگر اول شب صدقہ دیوے تو نحوستیں اور شر اس شب کے دفع ہوں مروی ہے کہ
ایک دن ایک یہودی پشتہ خار لیے ہوئے حضور سے جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ و آلہ
وسلم کے گیا حضرت نے فرمایا کہ آج اسکے ہاتھ میں ایک مار سیاہ فلاں وقت کاٹے گا
پس وہ یہودی پشتہ خار لیے ہوئے لے گیا اور اس وقت کے پھر سامنے آیا حضرت
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اس یہودی کو بلایا وہ یہودی پشتہ خار علیحدہ رکھکر بخدمت
آنحضرت صلعم حاضر ہوا آنحضرت صلعم نے دیکھا کہ ایک مار سیاہ پشتہ خار پر لپٹا ہوا
تھا پوچھا کہ اے یہودی آج کے دن تو نے کیا کیا تھا عرض کیا کہ دو
روٹیاں میرے پاس تھیں ایک روٹی میں نے کھائی اور ایک روٹی میں نے تصدق
کی حضرت نے فرمایا کہ اس تصدق کی برکت سے یہ بلا تجھ سے دفع ہوئی اور مروی ہے

کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ درمیان میرے اور ایک منجم کے ایک
زمین تقسیم ہونے کو تھی وہ منجم چاہتا تھا کہ میں نیک ساعت میں گھر سے واسطے
تقسیم کے نکلوں اور مجھکو چاہتا تھا کہ ساعت نحس میں گھر سے نکلیں پس اُس منجم
ساعت نیک میں اور میں ساعت نحس میں گھر سے نکلا اور زمین تقسیم کی میرے حصہ میں
زمین اچھی اور منجم کے حصہ میں زمین خراب آئی منجم نے نہایت حیرت و حسرت سے کہا کہ یہ مجھکو
کسطرح برخلاف علم ہوا میں نے کہا میں تصدق کر کے گھر سے نکلا تھا اور بہتر ہے نجوم سے
منقول ہوا مروی ہے کہ بنی اسرائیل کے زمانہ میں کئی سال قحط عظیم ہوا ایک دن ایک عورت کو
کئی دن کے فاقہ میں ایک لقمہ روٹی کا ہاتھ آیا وہ عورت منہ میں لقمہ رکھتی تھی کہ ایک
سائل نے آکر سوال کیا اُس عورت نے وہ لقمہ اُسکو دیا اتفاقاً اُسی وقت اُسی عورت کے
طفل صغیر کو بھیڑیا جنگل کو لیکر بھاگا وہ طفل چلایا آواز سنکر وہ عورت اُسکے پیچھے بھاگی
فوراً جبرئیل نازل ہوئے اور اُس طفل کو بھیڑیے سے چھڑا کر اُس عورت کو دیدیا
اور فرمایا کہ بسبب تصدق کرنے اُس لقمہ کے تیرے طفل کی جان بچ گئی مروی ہے کہ
بنی اسرائیل میں سے ایک شخص کے ایک لڑکا تھا اُس شخص سے ایک اولیاء اللہ
نے کہا تھا کہ یہ لڑکا تیرا شب عروسی میں مر جائیگا جب شب عروسی آئی تو اُس لڑکے
نے ایک ضعیف عاجز کو دیکھکر اُسپر رحم کیا اور کھانا دیا اُس ضعیف نے کہا کہ مجھکو
اسوقت تو نے زندہ کر دیا خداے تعالیٰ تجھکو زندہ کرے پس خواب میں کسی نے اُس
شخص سے کہا کہ خداے تعالیٰ نے بسبب اُس تصدق کے تیرے لڑکے سے موت کو
دفع کیا مروی ہے کہ جسقدر ہو سکے روز تصدق کرے اگرچہ نصف خرما ہو مروی ہے کہ تمام زمین
قیامت کے دن آگ ہوگی خداے تعالیٰ فرمائیگا کہ تمہارے ساتھ میں نے انعام و احسان کیے
تھے اور میں نے تمکو مال و فرزند دیا تھا آج دیکھو کہ تمہارے ساتھ کچھ ہے پس چاروں طرف
نظر کرینگے کوئی ایسی چیز نہ دیکھینگے کہ جو آگ کو دفع کرے مگر مومن کے صدقات

واسطے اُسکے سایہ کئے ہونگے اور آتش کو اُس سے دفع کرینگے مروی ہے کہ جو کوئی صدقہ
واسطے محتاج کے لیجاوے اُس شخص کو خدا تعالیٰ ثواب مثل صدقہ دینے والے کے
عطا فرماوے اور مروی ہے کہ اسقدر صدقہ دو کہ لوگ کہیں کہ اسراف کیا ہے حالانکہ
اسراف نہیں ہے اور نیز مروی ہے کہ صدقہ دو اور پریشانی سے مت ڈرو کہ ہرگز کوئی
شخص صدقہ دینے سے پریشان نہیں ہوتا اور صدقہ مال کو زیادہ کرتا ہے اور قرض کو
ادا کرتا ہے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام موسیٰ کاظم سے عرض کیا کہ میں
پریشان بہت ہوں چاہتا ہوں کہ فلاں شخص نے مجھکو دو کپڑے بیچنے کو دیئے آنحضرت
نے فرمایا کہ جس قدر میسر ہو صدقہ دے تاکہ پریشانی تجھ سے دور ہو اور مروی ہے
کہ افضل صدقات وہ ہیں جو پوشیدہ دیے جاویں کہ صدقہ پنہان غضب خدا
کو دور کرتا ہے اور صدقہ رات کو دینا غضب الٰہی کو ساکن کرتا ہے اور گناہ عظیم
کو محو کرتا ہے اور حساب قیامت کو آسان کرتا ہے اور صدقہ دن کا مال و عمر کو زیادہ کرتا
ہے اور خطاہائے عظیم سے چھڑاتا ہے اور مروی ہے کہ صدقہ خطاہائے عظیم کو اس طرح
گلاتا ہے جس طرح پانی نمک کو مروی ہے کہ حضرت عیسیٰ ایک دن دریا سے آئے ایک
روٹی حضرت عیسیٰ کے پاس تھی وہی روٹی حضرت عیسیٰ نے واسطے کھانے جانوران
دریا کے دریا میں ڈالدی حواریوں نے کہا کہ یا روح اللہ یہ ہی روٹی آپکے پاس کھانے
کے لیے تھی فرمایا کہ جانوران دریا اسکو کھاینگے اسکا مجھکو بہت ثواب عظیم ہوگا
اور افضل صدقہ وہ ہے کہ وقت تنگی اور پریشانی کے دیا جاوے اور مروی ہے کہ
صدقہ اول اپنے اُن عزیز و اقارب کو کہ جو پریشان و محتاج ہوں دینا چاہیے
اور بعد عزیز و اقارب کے ہمسایگان محتاج کو اور بعد ہمسایگان محتاج کے جو
لوگ اُسی شہر یا قریہ میں محتاج ہوں اُنکو دینا چاہیے در صورت موجود ہونے ان لوگوں
کے اور جگہ کو صدقہ دینا لازم نہیں ہے اور مروی ہے کہ سائل کو رنجیدہ نہ کرے اگر

رنجیدہ کرکے صدقہ دیگا تو ثواب اُسکا باطل ہوگا۔ مروی ہی کہ صرف منع جواب سائل کو بہت نرمی اور ملائمت کے ساتھ دینا بہتر اُس سے ہی کہ سائل کو رنجیدہ کرکے صدقہ دیا جاوے۔ مروی ہی کہ افضل صدقہ وہ ہی کہ تنگدستی میں اور پوشیدہ دیوے اور ملائمت اور عذر خواہی کرے۔ مروی ہی کہ حضرت امیرؑ نے فرمایا کہ توقیر دو سائلین کی، غنیمت جانو تم کہ اگر یہ نہوتے تو صدقہ کسکو دیا جاتا اور فضائل اور ثواب صدقہ کے کسطرح پاتے اور بلائیں دفع کسطرح ہوتیں۔ مروی ہی کہ جو چیز خدا کے نام پر ہو اسواسطے صدقہ دینے کے علیحدہ کرے تو اُسکو پھر اپنے مال میں اور اپنے صرف میں نہ لاوے بلکہ جس سائل کے لیے وہ صدقہ نکالا اتفاقاً وہ سائل اُس صدقہ کو قبول نکرے یا وہ چلا جاوے تو چاہیے کہ وہ صدقہ دوسرے سائل کو دیوے اور مروی ہی کہ صدقہ ایک کو اپنے عزیز و اقارب میں سے دینا ثواب چوبیس ۲۴ درجہ کا رکھتا ہی اور صدقہ ایک کو ہمسایگان اور دوستوں میں سے دینا بیس درجہ ثواب رکھتا ہی اور غیر لوگوں میں سے ایک صدقہ دینا ثواب دس درجہ کا رکھتا ہی

فصل ۲۰۹ - مذمت سوال و رد سائل

جمال الصالحین میں اہلبیت طاہرینؑ سے مروی ہی کہ سائل کو رد نکرے اگرچہ گھوڑے پر سوار ہو۔ مروی ہی کہ اگر مقدور نہو تو ملائمت اور نرمی سے عذر خواہی کرے اس سبب سے کہ اکثر ملائکہ واسطے امتحان کے بصورت انسان آکر سوال کرتے ہیں۔ مروی ہی کہ سائل کو دیر تک کھڑا نرکھے فوراً جو کچھ مقدور ہو دیدے اگر دیر تک سائل کو کھڑا رکھ کر دیگا تو وہ اُسقدر دیر تک کھڑے رکھنے کی مزدوری میں شامل ہوگا۔ مروی ہی کہ جو کوئی صدقہ کو پوشیدہ رکھے ثواب اُسکو مثل عبادت کے ہو۔ مروی ہی کہ اگر آدمی جانیں کہ عطا کرنے میں کسقدر ثواب ہی ہرگز سائل کو رد نکریں اور نیز مروی ہی کہ سوال کرنے سے اجتناب کرے کہ ذلت ہو دنیا میں اور باعث طول حساب ہو قیامت میں

اور مروی ہے کہ جو کوئی قوت تین روز کا رکھتا ہے اور سوال کرے روز قیامت بیچ اسکے منہ پر گوشت نہ ہوگا ایک دن ایک جماعت نے خدمت حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے حاضر ہو کر عرض کیا کہ ہمارے لیے آپ ضامن واسطے بہشت کے ہو جائیے آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ ہاں میں ضامن بہشت کا ہوتا ہوں بشرطیکہ تم کسی سے سوال نہ کرو تم لیس اس جماعت نے سوال ترک کر دیا یہاں تک کہ وقت طعام کھانے کے اگر پانی ایک شخص کے قریب ہوتا تھا دوسرا شخص اس سے نہیں مانگتا تھا اور اگر سواری میں تازیانہ ہاتھ سے گر پڑتا تھا تو خود سواری سے اتر کر اٹھا لیتے تھے مگر کسی سے اٹھانے کے لیے سوال نہ کرتے تھے

فصل ۲۱۰ - قرض دینے کے فضائل

جمال الصالحین میں اہلبیت طاہرین سے مروی ہے کہ صدقہ کا ایک کو دینا دس درجہ ثواب رکھتا ہے اور قرض ایک کو دینا ثواب اٹھارہ درجہ کا رکھتا ہے مروی ہے کہ جو کوئی مومن کو قرض دے تاکہ مومن اس قرض کو ادا کرے تب تک وہ شخص نماز پڑھے گا تو گویا وہ نماز ملائکہ کے ساتھ بجا لایا اور جو کوئی مومن کو قرض ایک درہم دیوے تو مثل کوہ احد اور کوہ طور سینا و رضوی کے کہ یہ پہاڑ مدینہ میں ہیں حسنات واسطے اسکے خدا تعالیٰ ثبت فرماوے اور وقت مطالبہ کے مدارا اور ملائمت کرے بے حساب صراط سے گزرے اور مروی ہے کہ جو کوئی کسی عاجز شخص کو قرض دے اور مطالبہ میں مدارا کرے خدا تعالیٰ بالعوض ایک درہم کے ہزار قنطار ثواب عطا فرماوے مروی ہے کہ جو کوئی کسی مومن کو قرض دے اور اسکی حاجت کو روا کرے اور اسکو خوش کرے تو گویا اسنے حضرت پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کو خوش کیا خدا تعالیٰ جذام و برص و جنون کو اس سے دفع کرے اور اگر باوجود ہونے مقدور کے قرض دینے سے منع کرے ہرگز بوئے بہشت نہ سونگھے اور جو کوئی قرض دار

پریشان کو مہلت دے یا کچھ اپنے حق میں سے اسکو بخشدے وہ شخص سایۂ رحمت خدا میں
ہوگا جس دن کہ کسی کو سایہ و پناہ نہ ہوگا اور حرارت خشم جہنم سے امن میں ہوگا اور ایسا ہے
کہ ہر روز مثل اسکے تصدق کرے گا اور مروی ہے کہ جو کوئی کسی مسلمان کو ایک درہم
بخشدے تو بالعوض ایک درہم کے دس درہم کا ثواب پاوے گا اور فی زماننا قرض دینے
میں سود کا لینا بہت رائج ہے اگر قرض سودی دیگا تو بہشت چہ جائیکہ مستوجب دوزخ کا ہوگا
کیونکہ بہت حدیثیں سود لینے کے عذاب میں وارد ہیں چنانچہ رسالۂ ہذا میں بھی
دربارۂ بیان معاصی و نیز دیگر مواقع پر تحریر ہو چکی ہیں مکارم الاخلاق میں ہے
کہ حسین بن خالد سے منقول ہے کہ کہا کہ مجھ پر سات سو ہزار درہم قرض تھے اور کوئی
صورت ادا ہونے کی نہ تھی پس میں نے جناب امیر سے عرض کیا تھا پس امام نے
یہ دعا تاکید کر دی کہ ہر نماز کے بعد اسکو تین مرتبہ پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ
بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تَرْحَمَنِیْ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
اَنْ تَرْضٰی عَنِّیْ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ
بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ راوی نے کہا
کہ اسی میں نے مداومت کی ہنوز چار مہینے گذرے تھے کہ قرض میرا ادا ہوگیا اور
سو ہزار درہم فاضل آئے صاحب تفسیر صافی لکھتے ہیں کہ جو کوئی سورۂ
اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ تین سو ساٹھ مرتبہ واسطے ادائے قرض کے پڑھے مجرب ہے

فصل ۱۱-۲ بنائے مساجد و نیز دیگر کار خیر

واضح ہو کہ جملہ وجوہ خیر و سعادت سے بنائے مساجد ہے جمال الصالحین میں اہلبیت
طاہرین علیہم السلام سے مروی ہے کہ جو کوئی دنیا میں مسجد تیار کرا دے بالعوض ایک
بالشت کے بالعوض ایک گز کے خدائے تعالیٰ بہشت میں واسطے اسکے ایک شہر

تیار کرادے کہ چالیس ہزار سال کی راہ طلا و نقرہ و دُر و یاقوت و زمرد و زبرجد کی ہو اور
ہر شہر میں چالیس ہزار قصر ہوں اور ہر قصر میں چالیس ہزار سرائے ہوں اور ہر سرا میں
چالیس ہزار گھر ہوں اور ہر گھر میں چالیس ہزار تخت ہوں اور ہر تخت پر ایک حور ہو اور ہر گھر
میں چالیس ہزار خوان ہوں اور ہر خوان پر چالیس ہزار کاسہ ہوں اور ہر کاسہ میں چالیس ہزار
طرح کا کھانا ہو اور ہر چالیس چالیس ہزار طرح کی شراب ہو یہ وہ چیز ہے کہ جو کوئی اسنے سرائے یا مکان
واسطے ٹھہرنے مسافروں کے تیار کرائے پس وہ شخص قیامت کے دن ایک
گھوڑے پر سوار ہوگا اور نور اسکے چہرہ سے مثل خورشید کے تاباں ہوگا کہ
تمام اہل محشر اس سے تاباں ہونگے اور وہ شخص ساتھ ابراہیم خلیل اللہ کے
رفاقت کریگا اور اہل محشر اسکو دیکھ کر کہینگے کہ یہ فرشتہ ہے کہ مثل اسکے فرشتوں میں بھی
نہیں ہے اور چالیس ہزار آدمی اسکی شفاعت سے داخل بہشت ہونگے اور ازانجملہ
بندہ آزاد کرنا ہے مروی ہے اہلبیت اطہار علیہم السلام سے کہ جو کوئی بندہ مومن کو
آزاد کرے خدائے تعالی گھر بہشت میں واسطے اسکے تیار کرے اور ہر عضو بالعوض
ہر عضو بندہ آزاد کیے ہوئے کے آتش دوزخ سے آزاد ہو حتی فرج بفرج اور کافر و
مشرک کو آزاد کرنا نہیں چاہیے اور اگر طفل یا پیر عاجز کو آزاد کرے تو چاہیے کہ نفقہ بھی
اسکو دے اسوقت تک کہ خود انکو قدرت تحصیل معاش پیدا ہو

فصل ۲۱۲ فضائل رکھنے اسپ و آداب سواری و نگاہداشت اسپ

حضرت امام موسی کاظم سے منقول ہے کہ جو رکھے اپنے پاس ایسا گھوڑا کہ ماں اور باپ اسکے عربی ہوں
ہر روز نامہ عمل سے اسکے تین گناہ مٹائے جاوینگے اور بارہ حسنہ واسطے اسکے لکھے جاوینگے اور جو کہ ایسا
گھوڑا رکھے کہ ماں یا باپ اسکے عربی ہوں ہر روز دو گناہ اسکے نامہ عمل سے مٹائے جاوینگے اور سات حسنہ
واسطے اسکے لکھے جاوینگے اور جو ایک یابو زینت کو یا اجرائے جہاد کو یا دشمن کیواسطے رکھے ہر روز ایک گناہ اسکے
نامہ عمل سے مٹایا جاوے اور چھ حسنہ لکھے جاوینگے اور حضرت امام موسی کاظم فرماتے ہیں طلب عزت یعنی اچھا اسپ سواری رکھنا ہی ہے

تو کہا کہ الاغ پیر فرمایا کتنے کو خریدا کہا تیرہ اشرفی کو حضرت نے فرمایا کہ یہ اسراف ہی
(بچہ و خر ۱۲) کہ الاغ اس قیمت کا خریدے اور پالو نہ خریدے کہا خرچ پالو کا زیادہ ہی فرمایا جو خرچ
الاغ کا پہونچاتا ہی خرچ پالو کا بھی پہونچاتا ہی مگر نہیں جانتا ہی کہ جو گھوڑا رکھے اور
انتظار اہل بیتؑ کے خروج کا کرے اور ہمارے دشمنوں کو خشم میں لائے
اس گھوڑے کے رکھنے سے خدا روزی اسکی پہونچاوے اور سینہ اسکا کشادہ کرے
اور آرزوئیں برلاوے اور یاور اسکا ہو اسکی حاجتوں میں اور حضرت امام جعفر صادقؑ
سے منقول ہی کہ جو چارپایہ خریدے سواری واسطے اس شخص کے ہی اور روزی اس
چارپایہ کی خدا پر ہی اور حضرت امام موسی کاظمؑ سے منقول ہی کہ جو رکھے ایسا گھوڑا
سرخ بالون کا کہ جسکی پیشانی میں سفیدی بہت ہو یا کم ہو اور اگر سفیدی اسکے
پیشانی کی ناک تک آئی ہو اور چارون پاؤن اسکے سفید ہون بہتر ہی نزدیک
میرے بس جس گھر میں ایسا گھوڑا ہو فقر او پریشانی اس گھر میں نہیں ہوتی اور جبتک
وہ گھوڑا اس شخص کی ملک میں ہی ظلم اس گھر میں داخل نہیں ہوتا اور یہ بھی جاننا
چاہیئے کہ جس گھوڑے پر سنید وسائیس ہوا اور وہ ہی ہند وسائیس گھوڑے کو ملتا
اور ٹہلاتا ہو پس اپنی ٹہلانے کے جب گھوڑے کا بدن خشک ہو جاویگا تو خود بخود پاک
ہو جاویگا اسکے بعد اگر پسینہ گھوڑے کے بدن میں سے نکلیگا تو وہ پاک ہوگا اور
اگر کپڑے میں وہ پسینہ لگ جاویگا تو اس کپڑے سے نماز پڑھنا جائز ہی جمال الصالحین
میں مروی ہی کہ حضرت امیرؑ یمن سے تین گھوڑے خرید کرکے لیکر ہدیہ بخدمت
رسول خدا صلعم لائے آنحضرت صلعم نے پوچھا حضرت امیرؑ نے عرض کیا کہ ایک گھوڑا یہ رنگ
سرنگ ہی چارون پاؤن سفید ہین آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اسکو میرے لیے رکھو فرمایا
کہ دوسرا گھوڑا عرض کیا کہ دوسرا گھوڑا اپورنگ کمیت یعنی سرخ رنگ سیاہی مائل اور بال
یال و دم کے سیاہ اور چارون پاؤن سفید ہین آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اسکو واسطے

حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ کے رکھو ایکبار فرمایا کہ تیسرا گھوڑا عرض کیا کہ تیسرا گھوڑا برنگ کبود
یعنی نشان یعنی نیلگون ہے آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اُسکو واسطے نفقہ عیال کے فروخت کرو
بعد ازاں آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ وہ گھوڑا بابرکت اور باسعادت ہے کہ جسکے گھوڑے
ہیں دو رنگتیں یعنی دو رنگ ہوں اور یہ مروی ہے کہ جو گھوڑا ایک رنگ سرنگ ہو اور اُسکی
پیشانی پر سفیدی ہو اور اگر پیشانی کی سفیدی تھوتھنی تک کھنچی ہو تو بہتر ہے اور چاروں پاؤں
سفید ہوں ایسے جو کوئی ایسے گھوڑے کو اپنے پاس رکھے جس گھر میں ایسا گھوڑا ہو تو اُس گھر
میں فقر و فلاکت راہ نہیں پاتا اور حضرت امام موسیٰ کاظمؑ سے منقول ہے کہ ہر چوپایہ کی ناک میں
ایک شیطان ہے جب چاہو کہ اُسکو لگام کرو بسم اللہ کہو اور حدیث صحیح میں حضرت
امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو چوپایہ سرکشی کرے وقت لگام کرنے کے یا اور کسی وقت
پایا جائے اُسکے سیدھے کان میں پڑھے ورنہ اُس پر پڑھے اس آیہ کو أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ
يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا
وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ۝ اور حضرت رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ جو کوئی چوپایہ پر سوار ہو اور
بسم اللہ کہے ایک فرشتہ ہمراہ اُسکے سوار ہوتا ہے اور اُسکی حفاظت کرتا ہے اور فرمایا
کہ جو وقت سوار ہو یہ کہے بِسْمِ اللَّهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ وَالْحَمْدُ
لِلَّهِ الَّذِي هَدَانَا لِهَٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللَّهُ
سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ البتہ محفوظ رہیگا وہ اور
چوپایہ اُسکا جبتک کہ اُترے منقول ہے کہ اگر وقت سوار ہونے کے و وقت اُترنے کے بھی
آیۃ الکرسی پڑھے اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو سوار چوپایہ پر ہو اُسکو
سیر لوٹ کر انکو ضرور پہنچا چوپایہ [illegible] اور فرمایا کہ ایک دفعہ حضرت سوار ہوئے
ایک جماعت پیدل حضرت کے ساتھ چلنے لگی فرمایا کہ آیا کوئی کام رکھتے ہو کہا نہیں لیکن چاہتے
ہیں ہم کہ آپکی رکاب میں چلیں فرمایا کہ پھر جاؤ کہ پیدل کا ساتھ سوار کے باعث غرور کا سوار ۱۶

سکے ہو اور موجب بدل کی خواری کا ہو اور منقول ہو کہ حضرت رسولخدا صلعم ایک الاغ رکھتے
تھے کہ اُسکا یعفور نام تھا جب اُسپر سوار ہوتے تھے وہ الاغ خوشی سے رفتار
مین شوخی کرتا تھا کہ دوش مبارک آنحضرت کے حرکت مین لاتا تھا وہ حضرت
اپنے تئین پیش زین سے چسپیدہ کرتے تھے اور فرماتے تھے اللّٰھُمَّ لَیْسَ مِنِّی
وَلٰکِنْ ذَا مِنْ عُفَیْر یعنی خداوندا یہ میری طرف سے نہین ہی لیکن یہ
چال تکبر اس حیوان کی ہی جناب اخوند مجلسی علیہ الرحمہ اس مقام مین فرماتے ہین
کہ اے عزیزو فکر کرو کہ وہ حضرت رفتار متکبرانہ سے الاغ کی اندیشہ رکھتے تھے
اور درگاہ خدا مین عذر کرتے تھے پس جو لوگ کہ اسپہاے خوش رفتار پر نخوت
اور غرور و کرشمہ و ناز کے ساتھ سوار ہوتے ہین اور آسمان و زمین پر اپنی رفتار سے
احسان رکھتے ہین اور سواے اپنے کسی کو موجود نہین جانتے کیونکر درگاہ احدیت
مین عذرخواہی کرینگے - اور حدیث مین حضرت رسولخدا صلعم سے منقول ہی کہ فرمایا کہ
جسکے پاس عصا ہو اور راہ چلے تو اضع اور شکستگی سے سفر اور حضر مین ہر قدم پر واسطے
اُسکے ہزار حسنہ لکھے جائین اور ہزار گناہ اُسکے محو ہون اور ہزار درجے واسطے
اُسکے بلند ہون اور فرمایا عصا پاس رکھنا فقر و پریشانی کو دور کرتا ہی اور شیطان
اُسکے پاس نہین آتا

فصل ۲۱۳ - اوقات شکار

جاننا چاہیے کہ شکار کرنا واجب اُسوقت مین ہی کہ نفقہ شکار کرنے والے کا اور اُسکے عیال کا
اُسی پر موقوف ہو کہ اگر شکار نکریگا تو وہ خود اور عیال اُسکے بھوکے رہینگے اور
سنت اُسوقت مین ہی کہ شکار کرنے والا نفقہ پر قادر ہو لیکن اُسکے نفقہ مین
اُسی وسعت نہو سکے کہ خود اور عیال اُسکے سیر ہو جاوین تو شکار کرے بہ نیت
وسعت معاش یہ سنت ہی اور احتمال حرمت کا شکار مین اُسوقت ہی کہ جب

محض بطور لہو و لعب کے کرے اور احادیث سے بھی بطور لہو و لعب شکار کرنا ممنوع ہے
چنانچہ اس بارہ میں میں نے جناب مولانا و مقتدانا جناب میرزا آغا صاحب مجتہد العصر ظلہ
سے دریافت کیا کہ وہ عبارت حسب ذیل ہے سوال محض از روئے لہو و لعب شکار
کرنا حرام ہے یا نہیں یعنی فعل شکار حرام ہے یا نہیں جواب شکار لہو و لعب محتمل الحرمت
ہے لیکن مراد اس سے یہ ہوگی کہ شکار کرنے میں کسی طرح کی مصلحت اور کسی طرح کا
فائدہ اپنا یا غیر کا منظور نہ ہو حررہ میرزا آغا عفی عنہ اور شب میں شکار کرنا اور بچہ جانوروں کا
آشیانہ سے نکالنا اور اس جانور کا شکار کرنا کہ جو حرم مکہ کی طرف جاتا ہو مکروہ ہے اور
جمعہ کے دن مچھلی کا شکار کرنا بھی مکروہ ہے اور شکار کرنے والا مسلمان یا حکم میں مسلمان
کے ہو مانند طفل صاحب تمیز کے خواہ وہ مرد ہو یا عورت اور کافر و دشمن اہلبیت اور
مجنون اور اس طفل کا جو تمیز دار نہ ہو شکار کیا ہوا حکم میتہ کا رکھتا ہے اور اسی طرح جو شخص
احرام باندھے ہوئے ہو وہ شخص شکار کرے یا ایسے شخص کا بھی شکار کیا ہوا حکم مردہ
کا رکھتا ہے اور حرم مکہ معظمہ اور حرم مدینہ منورہ میں بھی شکار کرنا حرام ہے اور اسی طرح
ممنوع ہے شکار کرنا دوسرے کے گھر میں بغیر اجازت صاحب خانہ کے اور حرام ہے اس چیز
سے بھی شکار کرنا جو چیز غصبی ہو یعنی بظلم و زبردستی سے لی گئی ہو خواہ وہ تیر ہو یا
نیزہ یا سگ شکاری ہو یا شبکہ یعنی جال ہو یا شمشیر وغیرہ ہو مگر شکار کیا ہوا ان چیزوں
کا حرام نہیں ہوتا ہے صرف فعل شکار حرام ہے

فصل ۱۴۲ - جانوران حلال

جاننا چاہیے کہ اول شتر دوسرے بیل و گائے اہلی ہو یا جنگلی تیسرے بیل گائے اہلی ہو
یا جنگلی چوتھے بھینس یا بھینسا پانچویں بکری چھٹے دنبہ ساتویں بز اہلی ہو یا جنگلی آٹھویں
آہو اہلی ہو یا جنگلی نویں گورخر دسویں مچھلی جو فلس دار ہو گیارہویں وہ پرند جانور
جو [illegible]

ہو جیسے مرغ و تیتر وغیرہ ہوتا ہے اور اسی طرح دف یعنی پر کا مارنا صف پر غالب ہو مثلاً وہ ہے کہ دونوں بازو پھیلائے ہوئے اڑتا ہے اور جس طرح چیل اڑتی ہے کہ صف چیل کا دف پر غالب ہے ویسا ہی ایسا نہ ہو بلکہ دف صف پر غالب ہو یعنی پر کا مارنا پس مرغ خانگی ہو یا صحرائی اور تیتر اور بٹیر اور کبوتر اور قمری و کبک و تیہو و لوا و گنجشک و تلیر و ممولا و ملالہ و در و ہدہد و زاغ و تیل و کلنگ و چہا و مرغابی و گرپاؤں و سرخاب اور جو جانور مثل انکے ہو وہ حلال ہے اور جو مچھلی پانی سے زندہ نکالی جاوے وہ حلال ہے اگر پانی میں مر جاوے تو حرام ہے اگر مچھلی کو کوئی کافر پانی سے زندہ نکالے اور زندہ مچھلی کافر سے لی جاوے وہ بھی حلال ہے اور کھانا جائز ہے مگر مردہ مچھلی کافر سے لینا جائز نہیں ہاں اگر کسی مسلمان نے کافر کو پانی میں سے مچھلی زندہ نکالتے وقت دیکھا ہو اور پھر وہ مچھلی مر جاوے تو جس مسلمان نے نکالتے ہوئے دیکھا ہے پس اسی کو مچھلی کا کھانا جائز ہے اور ٹڈی بھی حلال ہے ٹڈی کے پکڑتے وقت اور نیز مچھلی کے پکڑتے وقت بسم اللہ کا کہنا ضروری نہیں ہے اور نہ یہ ضرور ہے کہ مسلمان ہی پکڑے مچھلی اور ٹڈی کا ذبح کرنا نہیں چاہئے مچھلی کا ذبح کرنا یہی ہے کہ پانی میں سے زندہ پکڑی جاوے اور اسی طرح ٹڈی کا بھی ذبح کرنا یہی ہے کہ زندہ پکڑی جاوے

فصل ۲۱۵ شناخت بیضہ جانوران حلال و حرام

واضح ہو کہ اگر بیضہ کسی جانور کا کسی جگہ ملے اور یہ معلوم نہ ہو کہ کس جانور کا یہ بیضہ ہے یعنی جانور حلال کا ہے یا حرام کا تو اسکی پہچان یہ ہے کہ دونوں طرف جس بیضہ کے ایک طرح کے ہوں یعنی یہ کہ دونوں طرف میں سے کسی طرف موٹی یا پتلی نہ ہوں یکساں ہوں وہ حرام ہے اور جس بیضہ کے دونوں طرف مختلف ہوں یعنی ایک طرف موٹی اور دوسری طرف پتلی ہو تو وہ حلال ہے

فصل ۲۱۶ جانوران مکروہ

واضح ہو کہ گھوڑی کا اور گدھے کا [illegible] وغیرہ

اور قُوام کہ یہ بھی ایک مرغ ہے کہ رنگ اسکا گرد آلود اور گردن دراز ہوتی ہے اور خرما کے درخت پر رہتا ہے اور پرستوک یعنی ابابیل اور قبرہ یعنی چنڈول اور شقرک یہ جانور پرندہ ہے سر اسکا بڑا ہوتا ہے اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے اور ہندی مین اسکو لٹورا کہتے ہین

فصل ۲۱۷ - جانوران حرام

جاننا چاہیئے کہ جو جانور اہلی ہو یا صحرائی اور کتا دریائی ہو یا خشکی کا اور خوک یعنی سور دریائی ہو یا خشکی کا اور بلی اہلی ہو یا جنگلی کو اسپاہ رنگ اسکا ہے یا خاکستری و ناکہ و گھڑیال و جھینگا وغیرہ اور وہ مچھلی کہ جسپر فلس نہو و سنجاب[۱] و سمور اور جو جانور پنجہ گیر ہون مثل چیل و کوا و باز و جرہ و شکرہ و باشہ و شاہین وغیرہ کے سب حرام ہین اور اسی طرح سب جانور درندہ کہ ہین مثل شیر و بھیڑیا و لومڑی و شغال یعنی گیدڑ وغیرہ سب حرام ہین اور نیز جو جانور کہ مسخ ہوئے ہین بسبب نافرمانی اپنے پیغمبرون کے کہ پہلے انسان تھے اور پھر بصورت جانور کردئیے گئے حرام ہین بنابر ایک روایت کے فیل اور گرگ یعنی بھیڑیا اور بندر اور خوک اور بچھوا اور خرس یعنی ریچھ اور خرگوش اور سوسمار اور روبیغ مینڈک اور زنبور اور بعض روایات مین سگ بھی مسوخ سے ہین اور طاؤس بھی مسوخ سے ہے اور جری اور زمیر کہ از قسم مچھلی ہین مسوخ سے ہین اور بعض روایات مین قنفذ یعنی سیاہی و عنکبوت و قمل یعنی جوان و بچھو و بھڑ وغیرہ بعض جانوران دیگر بھی وارد ہین اور جملہ حشرات الارض بھی حرام ہین یعنی جو جانور کہ زمین مین سے پیدا ہوتے ہین مثل خراطین وغیرہ کے اور نیز جس جانور حلال مین کہ فضلہ انسان کے کھانے کی عادت ہو وہ بھی حرام ہے جب تک اسکا استبراء یعنی ایک مدت تک قید نکرین حلال نہوگا پس اس جانور کو فضلہ انسان کے سے باز رکھین اور گھاس وغیرہ نہ کھلاوین تب حلال ہوگا پس اگر شتر ہو تو چالیس دن اسکو بند کرین اور گھاس وغیرہ دین اور گاے ہو تو بنابر مشہور بیس دن

[۱] سنجاب جانور ہے کہ پوست اسکا خاکستری رنگ ہوتا ہے جسکا پوستین بنتا ہے ۱۲ سمور بھی ایک جانور ہے کہ بڑا ہوتا ہے اور پوست اسکا سیاہی مائل ہوتا ہے اسکا پوستین بنتا ہے ۱۲

اور بعض نے تیس یوم اور بعض نے چالیس یوم فرمایا ہے اور گوسفند کو بنا بر مشہور دس دن اور بعض نے چودہ دن اور بعض نے ایک ہفتہ اور مرغ خانگی کو تین دن اور بط و مرغابی کو پانچ دن بنا بر مشہور اور بعض نے چھ دن اور بعض نے تین دن اور مچھلی کو بنا بر مشہور ایک دن اور یا ایک شب اور سوائے جانوران مذکورہ کے اور جانوروں کو اسقدر بند کریں اور گھاس کھلاویں کہ نام نجاست خواری کا اس سے جاتا رہے اور جس جانور حلال کے ساتھ آدمی نے جماع کیا ہو وہ حیوان اور جو اسکی نسل سے پیدا ہو حرام ہے بلکہ جلانا اسکا بعد ذبح کے واجب ہے اور جو جانور حلال دودھ سور کا اسقدر پیے کہ ہڈیاں سخت ہو جاویں حرام ہو جاتا ہے اور جو بچہ کہ اس سے پیدا ہو وہ بھی حرام ہے اور اگر ایک دن یا دو دن پیا ہو تو استبرا ایسے جانور کا سات دن کا ہے اور جو مچھلی پانی میں مر جاوے وہ حرام ہے اور جو جانور شراب پیوے تو شراب پینے سے حرام نہیں ہوتا بلکہ گوشت اسکا دھو ڈالنے کے بعد کھا سکتا ہے اور البتہ بنا بر احوط جو کچھ اسکے جوف کے اندر ہے اسکو نہ کھاوے

فصل ۲۱۹ — وہ چیز جس سے شکار کرنا جائز اور حرام و مکروہ ہے

جاننا چاہئے کہ شکار کرنا سگ شکاری تعلیم یافتہ و تیر و نیزہ و شمشیر سے جائز ہے لیکن اسطرح پر کہ شکاری کتے کو یا تیر کو کمان سے چھوڑتے وقت و نیزہ یا شمشیر کو مارتے وقت بسم اللہ کہے یا سبحان اللہ یا اللہ اکبر یا جو کچھ مثل اسکے ہے کہے اور وہ جانور اس زخم سے مر جاوے نہیں احتیاج ذبح کا نہیں بغیر ذبح کیے ہوئے حلال ہے اور کھانا اسکا جائز ہے مگر شکاری کتے میں شرط ہے کہ اسکو تعلیم کیا ہو اسطرح پر کہ جب اسکو شکار پر چھوڑیں چلا جاوے اور جس وقت منع کریں ٹھہر جاوے اور شکار کو بھی نہ کھاتا ہو پس اگر تعلیم نہ پائی ہو اور شکار کو پکڑے اور شکار اس زخم سے مر جاوے تو گوشت اسکا حرام ہے ہاں اگر ایسا کتا شکار کو پکڑے اور شکار حیات مستقرہ رکھتا ہو تو

بعد ذبح کے حلال ہے اور اسی طرح جو کتا تعلیم یافتہ شکار کو کھا وے تو شکار اسکا بھی حلال
نہیں البتہ بعد ذبح کے حلال ہوگا اور اگر سگ تعلیم یافتہ شکار کو نہ کھاتا ہو مگر کبھی اٹھا کا
کھا لے تو مضائقہ نہیں اور جس کتے کو مجوسی نے تعلیم کیا ہو اس کتے سے شکار کرنا مکروہ ہے
اور اسی طرح مکروہ ہے سگ سیاہ سے شکار کرنا ہاں البتہ یہ کتے شکار کو پکڑیں اور شکار
حیات مستقرہ رکھتا ہو تو بعد ذبح کے حلال ہوگا اور واجب ہے کہ جس جگہ شکار کو
کتا دانت سے پکڑے اس جگہ کو پانی سے دھو لے اور یہ بھی شرط ہے کہ جو
شخص کتا یا تیر کو چھوڑے یا نیزہ یا شمشیر کو مارے تو وہی شخص اسوقت بسم اللہ
کہے اور وہ شکار اسی زخم سے مر جاوے تو حلال ہوگا اور اگر وہ شخص اسوقت بسم
اللہ نہ کہے کوئی دوسرا شخص بسم اللہ کہے اور وہ شکار اس زخم سے مر جاوے
تو حلال نہوگا البتہ اگر شکار حیات مستقرہ رکھتا ہوا اور پھر ذبح کیا جاوے تو حلال
ہوگا اور یہ بھی شرط ہے کہ شکار اسی تیر و نیزہ و شمشیر کے زخم سے مرے
تب حلال ہوگا اور اگر اس زخم سے نہ مرے بلکہ زیادتی مشقت سے یا پہاڑ سے یا
کسی درخت پر سے گر پڑنے کے صدمہ سے یا پانی میں ڈوبنے سے مر جاوے یا کتا شکار کا
گلا پکڑ لے اور زخم نہ پہونچے بلکہ دہشت سے مر جاوے یا بعد زخمی کرنے کتے کے کوئی
دوسرا حیوان اسی شکار کو مارے تو ان سب صورتوں میں شکار حلال نہوگا اور شکار میں
نیزہ و تیر و شمشیر و کتے کے یہ لازم نہیں ہے کہ موضع ذبح کا زخمی ہو بلکہ کوئی عضو زخمی
ہو جاوے اور اسی زخم کے صدمہ سے مر جاوے تو حلال ہے اور اگر سگ تعلیم یافتہ
کو یا تیر کو بسم اللہ کہکر شکار پر چھوڑا یا نیزہ یا شمشیر بسم اللہ کہکر شکار پر
لگایا اور وہ شکار اسی زخم سے فوراً نہ مرا بلکہ حیات رہا اور شکار کرنے والے نے
اسکو پھر پایا تھا کہ اگر چاہتا تو بھی نہ پاتا ہو ذبح کرنے کا تو وہ شکار حلال نہیں ہے ہاں
البتہ اگر ذبح کر لیا جاوے در صورتیکہ حیات مستقرہ رکھے تو حلال ہوگا لیں سبب شکار کرنیوالا

شکار کو پالے اور شکار حیات مستقرہ رکھتا ہو تو ذبح کرنا اسکا لازم ہے اور یہ بھی شرط ہے کہ بقصد شکار کتا یا تیر چھوڑیں اور نیزہ یا شمشیر لگاویں اگر بغیر قصد شکار کے کتا دوڑ کر شکار کو پکڑ لے یا تیر کمان سے نکل جاوے اور شکار کو مارے تو حلال نہیں ہے ہاں اگر شکار نہ مرے اور شکار میں حیات مستقرہ ہو تو بعد ذبح کے حلال ہوگا اور یہ بھی شرط ہے کہ جس شکار کا قصد کرکے کتا یا تیر چھوڑے یا نیزہ یا شمشیر لگانے وقت کوئی حیوان سامنے نہ تھا کہ اسکا قصد کیا جاتا اور کوئی شکار مارا جاوے تو بھی حلال نہیں ہے اگر شکار حیات مستقرہ رکھتا ہو تو بعد ذبح کے حلال ہوگا اور یہ شرط نہیں ہے کہ تیر چھوڑنے والا اور نیزہ یا شمشیر مارنے والا اکیلا ہو بلکہ اگر کئی آدمی ملکر ایک شکار کو تیر یا نیزہ یا شمشیر سے بسم اللہ کہکر ماریں جائز ہے اور وہ شکار حلال ہے اور یہ بھی شرط ہے کہ شکار انکی نظر سے غائب نہووے پس اگر شکار نظر سے غائب ہو جاوے اور بعد اسکے اس شکار کو مردہ پاویں تو وہ حلال نہیں ہے اگرچہ کتا اس شکار کے پاس موجود ہو یا نہو ایسی صورت میں کہ شکار نظر سے غائب ہو جاوے شکار حیات مستقرہ رکھتا ہو تو بعد ذبح کے حلال ہوگا اور اگر شکار کو بندوق سے یا غلیل وغیرہ سے یا پتھر یا اینٹ وغیرہ سے مارتے وقت یا شکاری باز یا شکرا یا پلنگ یا مثل انکے اور جانوروں کے چھوڑتے وقت بسم اللہ کہی ہو یا نہ کہی ہو اور شکار انکے زخم سے مرجاوے پس شکار حلال نہوگا اگر شکار حیات مستقرہ رکھتا ہو اور بعد کو اس شکار کو ذبح کیا جاوے تو حلال ہے مگر بغیر ذبح کیے ہوئے حلال نہوگا پس سگ تعلیم یافتہ یا تیر یا نیزہ یا شمشیر سے جیسا کہ اوپر مذکور ہوا یا اور کسی آلہ سے جو مثل انکے ہو کہ تیزی اور باڑھ رکھتا ہو شکار کرنا چاہیے

فصل ۲۱۹ احکام ذبح

پس جاننا چاہیے کہ ذبح کرے ہتھیار آہنی سے مثل چھری یا چاقو یا شمشیر یا نیزہ وغیرہ
کے جو تیز ہو اور یا آہن دھار رکھتا ہو اور چاہیے کہ تیز ہتھیار سے ذبح کرے کہ مستحب ہے کہ آہنی نہ ہو
سے بسبب مجبوری مثل اسکے کہ ذرکوٹا ہوا ہو ذبح کریں یا یہ کہ اس جانور سے ہیبت پیدا
ہو مثل اسکے کہ بیل یا اور بھینس کو یا قوت سے ذبح کریں مکروہ ہے اور واجب ہے کہ ذبح
کرنے والا تمیز رکھتا ہو پس ذبیحہ لڑکے بے تمیز کا حلال نہیں ہے اور واجب ہے کہ
ذبح کرنے والا دیوانہ و مست و بیہوش نہ ہو بلکہ ہوش رکھتا ہو اور قصد اسکا
کرے کہ اسکو ذبح کرتا ہوں میں اور یہ شرط ہے کہ ذبح کرنے والا عاقل ہو پس جو صاحب عقل
ہو پس جسکی عقل میں فتور ہو یا دیوانہ ہو اسکا ذبح کیا ہوا درست نہیں اور یہ بھی ہے کہ
ذبح کرنے والا مسلمان ہو یا حکم میں مسلمان کے ہو مثل طفل صاحب تمیز کے اور
وقت ذبح کے قصد ذبح کا کرنا اور بسم اللہ کہنا ضروری ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ
وقت ذبح کے رو بقبلہ ہو اس طرح سے کہ منہ اور گردن اور سینہ اسکا قبلہ کی طرف ہو
اور بعض مجتہدین نے فرمایا ہے کہ مثل ذبح قبلہ کی طرف ہو پس اگر عمداً رو بقبلہ
نہ کریگا تو حرام ہے یہی قول جناب شیخ صاحب رحمہ اللہ کا ہے مگر جب سمت قبلہ معلوم نہ ہو
اور بسبب گرسنگی ذبح کرنا ضرور ہو تو قبلہ ساقط ہے اور اگر کوئی مسلمان بکری اور
گائے وغیرہ کو ذبح کرے اور بعد اسکے دوسرے مسلمان سے کوئی کافر
اسکی کھال کو کھینچے یا گوشت بنا دے تو بھی اس گوشت کا کھانا بعد تطہیر
کے کر لینے کے جائز ہے اور اسی طرح اگر کوئی مسلمان ذبح کرے اور کوئی ہندو وقت
ذبح اس جانور کو پکڑے رہے تو بھی کھانا اس گوشت کا جائز ہے اور یہ بھی ضرور
ہے کہ وقت ذبح کے چار رگیں گردن کی کاٹی جائیں یعنی حلقوم اور مری اور دو رگیں کہ جو
دونوں طرف حلقوم کے ہیں ... اور ایک رگ ... حلقوم کے ...

ضرور ہے ذبح کرنے میں کہ خون معتاد یعنی موافق عادت اُس سے نکلے اور یا جانور بعد ذبح
کے حرکت کرے پس اگر حرکت نکرے اور خون معتاد نہ نکلے تو حلال نہیں ہے بنا بر قول
مشہور کے اور یہ بھی ضرور ہے کہ مرنا جانور کا ذبح سے ہو پس اگر ایسا ہو کہ درمیان
ذبح کرنے کے کوئی اور شخص اُس جانور کے پیٹ کو پھاڑ ڈالے تو بھی حلال ہوگا
اور ذبح کرنا اُس بچہ کا جو شکم میں جانور حلال کے ہو پس ذبح کرنا اُسکا اُسکی ماں کا
ذبح کرنا ہے یعنی اُسکی ماں کا ذبح کافی ہے حلال ہونے میں بچہ کے پھر ذبح اُس بچہ کا
درکار نہیں لیکن شرط یہ ہے کہ خلقت بچہ کی تمام ہوئی ہو یعنے بال اُسکے جمے ہوں
خواہ روح اُسکے قالب میں آئی ہو یا نہیں اور اگر خلقت تمام نہوئی ہو تو حرام ہے
لیکن پیٹ سے جیتا نکلے تو اسوقت میں ذبح کرنا لازم ہے اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ
اگر پرند جانور کو ذبح کرے تو وقت ذبح کرنے کے اُسکا چھوڑ دینا سنت ہے بنا بر قول
مشہور کے اور اگر گوسپند ہو تو اُسکے دونوں ہاتھ اور ایک پاؤں کا باندھنا چاہیے
وقت ذبح کرنے کے بنا بر قول مشہور کے اور اگر گائے اور بیل ہو تو سنت ہے
دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں وقت ذبح کرنے کے باندھ دیویں اور دم کو آزاد
یعنی کھلی رکھیں اور اگر شتر ہو تو شتر کو چاہیے کہ نحر کریں یعنے نیزہ یا چھری
مقام نحر میں یعنے گردن کے نیچے کے گڑھے میں ماریں کہ تا مقام نحر میں
داخل ہو جاوے پس اگر شتر کو ذبح کریں تو حلال نہیں ہے اور ذبح کرنا حیوان کا
جمعہ کے دن قبل زوال کے مکروہ ہے اور اسی طرح مکروہ ہے اُس حالت میں ذبح
کرنا کہ دوسرا حیوان دیکھتا ہو اور اسی طرح وقت ذبح کے پھیرنا چھری کا کہ نیچے
سے اوپر کو کاٹے اور وقت ذبح کے سر کا جدا کر دینا عمدًا مکروہ ہے اور جناب شیخ
صاحب مدظلہ اس فعل کو حرام جانتے ہیں نہ کہ گوشت کو اُسکے بلکہ گوشت اُسکا
حلال ہے اور اگر کوئی چیز مثل چھری یا چاقو وغیرہ کے حالت اضطرار میں نہ ملے تو

جس چیز سے ممکن ہو ذبح کر سکتا ہی خواہ پتھر نوکدار ہو یا اور کوئی چیز ہو مگر حالت اختیار میں جائز نہیں ہی اور جو جانور قابل ذبح کے نہوں مثل سگ و خوک کے وہ ذبح کرنے سے پاک نہیں ہو سکتے اور حیوان درندہ کہ گوشت اسکا نہ کھائیں ذبح کرنے سے پوست اسکا پاک ہوتا ہی مثل شیر کے لیکن بعض مجتہدین العصر نے کہا ہی کہ پوست اسکا
جب تک دباغت نہ پاوے پاک نہیں ہوتا ہی

فصل ۲۲۰ - وہ چیزیں جو جانوران حلال میں حرام و مکروہ ہیں

جاننا چاہیے کہ جو جانور حلال ذبح نہ کیا جائیگا تو گوشت اسکا کھانا حرام ہی اور چند چیزیں ہیں کہ جانوران حلال میں کھانا انکا حرام اور مکروہ ہی یعنی ذکر اور فرج خواہ ظاہر اسکا ہو یا باطن اور خصیہ اور تلی اور پتہ اور مثانہ یعنی جس جگہ پیشاب رہتا ہی بنا بر قول احوط کے اور بچہ دان بنا بر قول احوط کے اور وہ مغز سفید کہ جو پشت کی ہڈی میں ہوتا ہی اور اسکو حرام مغز کہتے ہیں اور غدہ بنا بر قول بعض علماء کے اور غدہ اسکو کہتے ہیں کہ جو گرہیں گوشت میں رہتی ہیں اور دو پٹھے زرد کہ جو سر کے نیچے سے دم تک ہوتے ہیں اور وہ جز ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کی کہ جو پٹھے سے متصل ہوتی ہی اور خرزہ دماغ یعنی وہ مغز کہ جو برابر نخود کے سر میں ہوتا ہی اور آنکھوں کی سیاہی کہ جسکو پتلی کہتے ہیں بنا بر قول احوط کے اور بول یعنی پیشاب مگر بول شتر مستثنی ہی کہ اسکو بقصد شفا بیماری میں پی سکتے ہیں اور سرگین اور آب بینی اور ناک کا پانی اور منی اور بلغم کہ ان سب چیزوں کا کھانا حرام ہی اور اسی طرح حرام ہی اس خون کا کھانا جو دل کے اندر رہتا ہی اور جو ٹکڑا گوشت کا زندہ جانور کے جسم سے جدا کیا جاوے اسکا بھی کھانا حرام ہی اور اگر جانور پرندہ مردہ کے شکم میں سے بیضہ نکلے پس اگر اس بیضہ کے اوپر کا چھلکا سخت ہو تو وہ پاک ہی اور جو رگیں گوشت میں ہوں اور گردہ کا کھانا مکروہ ہی

فصل ۲۲ ۔ فضائل زکوٰۃ و عقاب زکوٰۃ وغیرہ

حق سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ يَوْمَ يُحْمَىٰ عَلَيْهَا نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوَىٰ بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوبُهُمْ وَظُهُورُهُمْ هَٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ فَذُوقُوا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُونَ ۝

یعنی جو لوگ کہ جمع کرتے ہیں طلا و نقرہ کو اور نہیں صرف کرتے راہ خدا میں پس بشارت دو اُنکو ساتھ عذاب دردناک کے اُس روز میں کہ گرم کیے جائینگے وہی طلا و نقرہ آتش جہنم میں اور داغ کرینگے پیشانیوں اور پہلوؤں اور پیٹھوں کو اور کہا جائیگا اُنسے کہ یہ اموال تمہارے ہیں کہ انکو جمع کیا تھا تمنے پس چکھو تم عذاب اُسکا ۔ اور احادیث میں ائمہ معصومین علیہم السلام سے وارد ہوا ہے کہ حق تعالیٰ نے مقرر کیا ہے واسطے فقرا و مساکین کے ایک مقدار کو بیچ اموال اغنیا کے کہ وہ کافی ہے مساکین کے واسطے اگر خداوند عالم جانتا کہ یہ مقدار کافی نہوگی تو زیادہ مقرر فرماتا اور یہ جو تکلیف و ضرر کہ فقرا کو پہنچتا ہے اسی وجہ سے ہے کہ اغنیا حق فقرا کا نہیں دیتے اگر دیتے تو سب براحت و آسائی گذر کرتے اور مال اغنیا میں بھی ترقی ہوتی ۔ اور بھی خداے تعالیٰ فرماتا ہے کہ مَثَلُ الَّذِينَ يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ أَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِي كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِائَةُ حَبَّةٍ وَاللَّهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ يَشَاءُ ۝ یعنے مثال اُن لوگوں کی جو صرف کرتے ہیں مال اپنا بیچ راہ خدا کے خمس و زکوٰۃ و حج وغیرہ میں یہ مثل اُس دانہ کے ہے جو بویا گیا ہو اور اُسمیں سات خوشے نکلیں اور ہر خوشہ میں سو دانے ہوں کہ مجموع سات سو دانے ہوتے ہیں اور اللہ زیادہ کرتا ہے واسطے جسکے کہ چاہتا ہے خلاصہ کلام الٰہی یہ ہے کہ جسطرح ایک دانہ میں سات سو دانے خداوند تعالیٰ عطا فرماتا ہے

اسی طرح جو شخص کہ اسکی راہ میں صرف کیے ایک سکے عوض میں سات سو کا ثواب عطا کریگا
بلکہ یہ اقل مرتبہ ثواب ہے جسکو چاہے اس سے زیادہ ثواب عطا کرے اور جمال الصالحین
میں اہل بیت اطہار علیہم السلام سے مروی ہے کہ جو شخص اپنے مال کی زکوٰۃ رضا و رغبت
سے دیوے خداے تعالی اسکے واسطے پیدا کرتا ہے ایک قصر طلا اور ایک قصر نقرہ اور ایک
موتی کا اور ایک زبرجد اور ایک یاقوت سرخ اور ایک نور سے اسکو بہشت میں عطا فرمائیگا
اور کوئی شخص زکوٰۃ مال کی نہ دیگا مگر یہ کہ اسکا مال زیادہ ہوگا حدیث میں وارد
ہوا ہے کہ کوئی طائر شکار نہیں ہوتا ہے مگر یہ کہ ذکر اور تسبیح میں اپنی کوتاہی کرے
اور کوئی مال تلف نہیں ہوتا مگر وہ کہ اسکی زکوٰۃ میں کوتاہی کیجاوے اور ملعون
ہے وہ مال کہ جسکی زکوٰۃ نہ دیجاوے خداے تعالی نے زکوٰۃ کے فرض کو نماز
کے فرض کے پاس ذکر فرمایا ہے پس جو شخص زکوٰۃ نہ دیوے نماز اسکی قبول نہیں
ہوتی ہے اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو نہ دیوے کوئی
قیراط زکوٰۃ میں کہ بیسواں حصہ دینار کا ہے تو وہ نہ مومن ہے نہ مسلمان اور مرتے وقت
اسکے استدعا نہ کریگا کہ مجھکو واپس کریں دنیا کی جانب تا زکوٰۃ دوں جیسا کہ حق تعالی نے
فرمایا ہے حَتّٰی اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ لَعَلِّیْۤ
اَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَكْتُ یعنی جبکہ آتی انمیں سے کسیکو موت کہیگا وہ کہ
پروردگارا پھیر دے مجھکو دنیا کی طرف تاکہ عمل نیک کروں اس مال میں کہ جو چھوڑتا
ہوں اور صاحب جمال الصالحین نے اہلبیت اطہار سے روایت کی ہے کہ جو
شخص کہ ایک قیراط زکوٰۃ سے منع کرے وہ شخص نہ مسلمان ہے نہ مومن اور جب
مریگا تو یہودی یا نصرانی ہوگا اور قیامت میں ایک اژدہا سے آتش کا طوق اسکی
گردن میں ڈالا جائیگا اور جب تک کہ حساب سے فارغ ہوگا اسپر عذاب کیا جائیگا
اور جو شخص زکوٰۃ نہ دیوے اور جانور کی نہ دیوے خداے تعالی روز قیامت میں اسکو قید

کریگا اور ایک بڑا سانپ کہ جسکے سر کے بال بسبب کثرت زہر کے گر گئے ہوں اُس پر مسلط
ہوگا جب وہ بھاگیگا نجات نہ پائیگا ناچار ہاتھ اُسکو دیگا تا کہ وہ اُسکو دانتوں سے
پارہ پارہ کردیگا پھر گردن میں اُسکے لپٹے گا اور اُسکو عذاب کریگا آپ نے فرمایا یہی ہے معنی
قول حق تعالیٰ کے ہیں سَیُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ یعنی
قریب ہے کہ طوق گردانے جائینگے گردنوں میں اُنکے بروز قیامت کہ جن لوگوں سے
بخل کیا تھا دنیا میں اور راہ خدا میں صرف نہ کیا تھا اور جو شخص کہ زکوٰۃ گوسفند وغیرہ
حیوانات کا مانع ہوگا وہ ایک بیابان میں قید کیا جائیگا جو حیوانات کہ ممنوع الزکوٰۃ
سم دار ہیں اُسکو پامال کرینگے اور جو حیوانات دندان دار دانتوں سے پارہ پارہ کرینگے
اور جو مانع زکوٰۃ طلا و نقرہ کا اور اُسکی مثل کا ہوگا زمین اُسکی ملکیت کی سات طبقہ زمین تک
اُسکی گردن کا طوق ہوگی مروی ہے کہ قیامت میں ایک جماعت قبروں سے باہر آئیگی
بیہوش ہوگی کہ ہاتھ اُنکے گردنوں پر بندھے ہونگے اور چند ملائکہ اُنپر موکل ہونگے
ملامت کناں اور کہتے ہوئے کہ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے خدا کا حق نہیں دیا ہزار در
ہزار قلیل کے سبب سے خیر کثیر سے محروم ہوئے ہیں اور جو لوگ اپنے مالوں سے زکوٰۃ کو
منع کرتے ہیں حکم خدا سے زمین اپنی برکات اور خیرات کو منع کرتی ہے اور جو سبب قحط اور
تنگی کا ہوتا ہے اور ادائے زکوٰۃ و دیگر فرائض و واجبات کا علانیہ ہونا چاہیئے
اور صدقات اور تمام مستحبات کا پوشیدہ بجالانا افضل ہے اور ثواب مستحبات پوشیدہ کا
افضل ہے اور برابر ہے ستر ثواب علانیہ کے اور کتب میں سے چند مسائل در بارۂ زکوٰۃ
جناب قبلہ و کعبہ سید سید مصطفیٰ صاحب مجتہد العصر والزمان دام ظلہم سے دریافت کیے
چنانچہ ان قبلہ و کعبہ نے رسالہ تزکیۃ الاموال میرے پاس بھیجا چونکہ وہ رسالہ
حاوی جمیع مسائل زکوٰۃ و خمس پر تھا میری پسند آیا مگر بسبب فارسی ہونے کے یہ
خیال ہوا کہ بعض بعض شخص بسبب کمی استعداد کے اچھی طرح سے اُسکو سمجھ نہیں سکتے لہٰذا

ترجمہ اسکا بجنسہ ذیل مین لکھا جاتا ہے

فصل ۲۲۲ - شرائط وجوب زکوٰۃ

اول - مالک ہونا نصاب کا - دوم - بالغ ہونا - سوم - عقل - چہارم - آزادی
پنجم - قادر ہونا تصرف پر مال کے پس جس شخص مین یہ باتین نہ ہونگی اسپر زکوٰۃ واجب نہین ہے

فصل ۲۲۳ - زکوٰۃ جنپر واجب ہے وہ چیزین

واضح ہو کہ جنپر زکوٰۃ واجب ہے وہ نو چیزین ہین موافق مشہور مسلک کے - اول - سونا
دوسری - چاندی - تیسری - بکری - چوتھی - اونٹ - پانچوین گائے
چھٹی - گیہون - ساتوین جو - آٹھوین منقے - نوین خرما - اور شرط ہے زکوٰۃ کے واجب
ہونے مین ان اشیاء کا نصاب کے موافق ہونا جیسے کہ تفصیل آئندہ ہوگی اور نصاب اس
مقدار کا نام ہے جسپر شارع نے زکوٰۃ واجب فرمائی اور سونا اور چاندی اور بکری اور اونٹ
اور گائے مین سال کا گذر جانا شرط ہے اور سال کے گذرنے سے یہ مراد ہے کہ گیارہ
ماہ تک نصاب کے مقدار کے موافق جس شخص کی ملک مین رہے اسپر زکوٰۃ واجب ہے
اور سونے اور چاندی مین سکہ دار ہونا اسکا شرط ہے گیارہ مہینے تک ساتھ سکہ
معاملہ کے سکہ اسلام ہو یا نہین رائج ہو یا نہ ہو اگر سکہ دار زیور یا سکہ دار کو
پسماکر کے اس گیارہ ماہ کی مدت مین مثل اسکے کہ روپیہ یا اشرفی کا زیور یا برتن بنا
دے زکوٰۃ ساقط ہے اور اونٹ اور گائے اور بکری مین شرط ہے کہ تمام سال جنگلی رہی ہون
جنگل کی گھاس کو مالک کا مال نہ کھایا ہو اگر ایسا ہوا کہ کبھی جنگل کی گھاس کھائی اور
کبھی مالک کا مال تو ایسے مواشی مین زکوٰۃ واجب نہین مگر اسوقت کہ جنگلی گھاس مالک
کے مال کے مقابلہ مین زیادہ کھائی ہو تو زکوٰۃ اسکی ضرور ہے اور اونٹ اور گائے
مین یہ بھی شرط ہے کہ سال بھر اسنے کام کھیتی یا سواری کا نہ لیا جاوے اور مدار اسکا
عرف پر ہے یعنی لوگ کہتے ہین کہ اس جانور سے سال بھر تک کوئی کام نہین لیا جاتا

اور گیہوں اور جوار ... اور جو بار سے میں یہ شرط ہے کہ زکوٰۃ واجب ہونے کے
وقت سے پہلے مالک اسکا ہو گیا ہو مثلاً زمین کو اجارہ پر لے تو زکوٰۃ اسکی ذمہ
مستاجر ہوگی نہ ذمہ مالک ... ہاں اگر ایک مستاجر دونوں کھیتوں ...
ہوں ... دونوں ... شرط ... نصاب کو پہونچ گیا ہو اور
مالک ہو ... [illegible]
سمجھا جائیگا ... اگر ... [illegible] ... قول ...
اور ... [illegible]
نکالنے کے بعد زکوٰۃ ... [illegible]
کہ محصول و اخراجات کے ... [illegible]
یا ... محصول نکالنے کے بعد زکوٰۃ واجب ہوتی ہے یہ کل اخراجات نکالنے
کے بعد اور ایسا ہی اختلاف ہے کہ اعتبار مقدار نصاب کا بعد وضع اخراجات
زراعت کے کیا جائیگا یا قبل وضع اخراجات کے پس ایک جماعت علما کا فتوی ہے کہ
بعد وضع تمام اخراجات کے اور ایک جماعت کا مذہب یہ ہے کہ قبل وضع کرنے اخراجات
کے دیکھے کہ پیداوار بقدر نصاب کے ہے یا نہیں اگر قبل وضع کرنے اخراجات کے بقدر
نصاب کے ہو تو اول اخراج ... کرے ... پھر ... سے زکوٰۃ دے گو بعد
وضع اخراجات کم نصاب سے رہ گیا ہو ایسا ہی اس امر میں اختلاف ہے کہ آیا
اعتبار نصاب کا کیا جاتا ہے بعد وضع تمام اخراجات کے وہ اخراجات زمانہ قبل تعلق
وجوب ... گیہوں مثل تخم اور زمین کی گوڑائی اور مزدوروں کی اجرت کے بعد
... یا یہ کہ وجوب زکوٰۃ کے قبل جو اخراجات کیے ہوں انکو وضع کر کے
... نصاب دیکھی جائیگی اور اخراجات ما بعد وضع نہیں کیے جائینگے مثل خرچ نگہبانی
زراعت گیہوں اور جو کے ... اور انکو ... خشک ہونے تک پس ان ...

بتفقون مین احوط یہ ہو کہ ان سب خرچون کو وضع کرنے کے بعد کو ملاحظہ کرے کہ بقدر نصاب ہی یا نہین اگر قبل وضع اخراجات کے بقدر نصاب ہو تو بعد نکالنے محصول بادشاہی کے زکوٰۃ دے نہ تمام اخراجات زراعت کے بعد

فصل ۲۲۴ - اوقات وجوب زکوٰۃ

پس واجب ہونا زکوٰۃ کا سونے اور چاندی اور بکری اور اونٹ اور گاے سے اس وقت متعلق ہوتا ہی کہ گیارہ مہینے مقدار نصاب پر گذر جائین بارھوین مہینے کے داخل ہوتے ہی زکوٰۃ واجب ہو جائیگی اور گیہون اور جو مین جب دانہ پڑ جائے گا زکوٰۃ واجب ہو جائیگی انگور جب پک جائینگے زکوٰۃ واجب ہو جائیگی خشک ہونا انگور کا شرط وجوب کی نہین ہی اگرچہ بعض علما شرط گردانتے ہین اور زکوٰۃ نکالنے مین تاخیر جائز ہی گیہون اور جو کے صاف ہونے اور انگور و خرما کے خشک ہونے تک بدون ذمہ داری کے اور وقت مذکور اگر بے عذر کے گذر جاے اور مال تلف ہو جائے تو ضامن ہی اگرچہ کوئی کمی نہ کی ہو بلکہ گنہگار بھی ہی اسوجہ سے کہ جس امر کا کرنا فوراً واجب تھا اسمین خلل ڈالا اور واجب ہونے کے وقت سے پہلے زکوٰۃ جائز نہین مگر قرض کے طور پر اور بعض علما جائز جانتے ہین اور اسکو زکوٰۃ معجلہ کہتے ہین اور اول قول اشہر ہی مشہور یہ ہی کہ خرما مین زکوٰۃ واجب ہوتی ہی جب کہ وہ سرخ یا زرد ہو جاوے لیکن تاخیر خشک ہونے تک جائز ہی جس طرح گیہون اور جو کی زکوٰۃ مین تاخیر دانہ کی صفائی تک جائز ہی

فصل ۲۲۵ - وزن و تعداد نصاب زکوٰۃ

واضح ہو کہ احکام نصاب جو طلا اور نقرہ اور گوسفند و بز اور شتر اور گاے اور بھینس اور مویز اور خرما جسقدر بحساب شرع معتبر ہین علحدہ علحدہ لکھے ہوے درج ہین خلاصہ کیفیت سے ظاہر ہوتا ہی

[illegible]	[illegible]	مقدار جنس کہ جسپر نصاب واجب ہو			[illegible]	کیفیت
		[illegible]	[illegible]	[illegible]		
۱	اول نصاب طلا کی بحساب مثقال صیرفی	پندرہ مثقال	فی مثقال سوا ماشہ کی	پانچ تولہ ۷۰ ماشہ	ڈیڑھ ماشہ ڈیڑھ رتی	پس جس شخص کے پاس پانچ تولہ اور ساڑھے سات ماشہ سونا سال بھر تک جمع رہے اس میں سے ایک حصہ مجملہ چالیس کے یعنی چالیسواں حصہ ڈیڑھ ماشہ اور ڈیڑھ رتی زکوٰۃ دینا چاہیے اور اس سے کم ہو تو اس میں زکوٰۃ واجب نہیں ہے پس اگر اس مقدار پر پھر ایک تولہ اور ڈیڑھ ماشہ کہ نصاب دوم ہے زیادہ ہو جاوے اس زیادتی میں بھی بوزن ڈھائی رتی اور پانچواں
	بحساب مثقال شرعی	بیس مثقال	فی مثقال سوا ماشہ سو رتی	بحساب اشرفی سکہ انگریزی کہ وزن اسکا ۱۰۰ ماشہ کا روپیہ انگریزی کے ہونے ہیں پانچ اشرفی دو ماشہ ہوئے	ایضاً	حصہ رتی کا دینا واجب ہے اور سیطرح اگر اس کل مقدار یعنی ۵ تولہ ۷ ماشہ پر پھر ایک تولہ اور ڈیڑھ ماشہ سکہ دار سونا زیادہ ہو جاوے پھر اس زیادتی کی مقدار میں ڈھائی رتی اور پانچواں حصہ رتی کا علاوہ دو ماشہ اور پانچویں حصہ رتی کے زکوٰۃ واجب ہو گی اور اس سے کم میں کچھ نہیں یعنی اگر پانچ تولہ اور سات ماشہ کہ نصاب اول ہے پھر چار ماشہ یا پانچ ماشہ یا ایک تولہ زیادہ ہو جاوے اس زیادتی میں کچھ واجب نہ ہو گا یا جبتک ایک تولہ ڈیڑھ ماشہ زیادہ نہ ہو جاوے پس ہر ایک تولہ ڈیڑھ ماشہ سکہ دار سونے کی زیادتی میں ڈھائی رتی اور پانچواں حصہ رتی کا زکوٰۃ واجب ہو گی اس سے کم ہو تو کچھ نہیں
				ایضاً		خلاصہ یہ کہ سکہ دار سونے میں زکوٰۃ واجب ہے پر سکہ کا ہی کچھ نہیں اگر جنس کی سیر ہو اور جسکی زکوٰۃ طلا وا ایک بار دی گئی ہو اور پھر وہی سکہ دار سونا جسکی زکوٰۃ دیچکے ہیں سال آئندہ میں حد نصاب کو پہنچ جاوے اور تمام سال گذر جاوے دوسری مرتبہ پھر زکوٰۃ واجب ہو گی اسیطرح سے جبتک اصل مال باقی رہے ہر سال دینا چاہیے جبتک کہ نصاب اول سے کم نہ ہو
۲	نصاب دوم طلا کی بحساب مثقال صیرفی	تین مثقال	فی مثقال سوا ماشہ	ایک تولہ و ڈیڑھ ماشہ	ڈھائی رتی اور پانچواں حصہ رتی کا	

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱	نصاب اول چاندی کی	دو سو درہم	قریب پیسہ ایک رتی [illegible] سکہ [illegible]	۹ تولہ [illegible] ماشہ بحساب سکہ انگریزی کہ وزن جسکا ۱۱ ماشہ کا ہوتا ہے [illegible] روپیہ	[illegible] ماشہ انگریزی ایک روپیہ ڈھائی رتی	[illegible] زکوٰۃ [illegible] روپیہ [illegible] ڈھائی ماشہ [illegible] ایک رتی [illegible] زکوٰۃ واجب ہوگی [illegible]
۲	نصاب دوم نقرہ کی	چالیس درہم	ایضاً	۷ تولہ ۳۰ ماشہ اور چہرہ دار روپیہ کے حساب سے [illegible] اور ڈھائی ماشہ	سوا دو ماشہ اور قریب ایک رتی کے	[illegible] واجب ہوگا [illegible] ڈھائی ماشہ [illegible] روپیہ ڈھائی ماشہ پر زکوٰۃ واجب ہوگی۔

خاتمہ

احکام زکوٰۃ نقرہ [illegible] سکہ دار [illegible] سکہ دار میں زکوٰۃ واجب ہوگی اور غیر سکہ دار میں اگرچہ [illegible] اور اگر زکوٰۃ نقرہ کی زکوٰۃ ایک مرتبہ دی گئی ہو اور پھر وہی چاندی [illegible] سال [illegible] نصاب کو پہونچ جاوے [illegible] سال گذر جاوے [illegible] دوسری مرتبہ [illegible] زکوٰۃ دینی ہوگی [illegible] اصل مال باقی رہے ہر سال زکوٰۃ دینا واجب ہے یہانتک کہ نصاب اول سے کم نہ ہو۔

نمبر شمار	نصاب	تعداد جانوران	مقدار زکوٰۃ	کیفیت
۱	نصاب اول گوسفند و بز	۴۰ راس	ایک راس	جب چالیس بکریاں ہوں تو ایک بکری زکوٰۃ میں دینا چاہیے اور اس سے کم میں کچھ نہیں ۔
۲	نصاب دوم	۱۲۱ راس ایک سو اکیس	۲ راس	اور جب ایک سو اکیس راسیں ہو جاویں تو نصاب دوم پورا ہو گیا تو دو راسیں زکوٰۃ میں نکالی جاوینگی اور اس سے جو کچھ زیادہ ہووے اس میں زکوٰۃ نہیں جب تک نصاب پوری نہ ہو جاوے ۔
۳	نصاب سوم	۲۰۱ راس دو سو ایک	سہ راس	پس جب دو سو ایک راس ہو جاویں تو تین راسیں زکوٰۃ میں دیجاوینگی ۔
۴	نصاب چہارم	۴۰۰ راس	چہار راس	اور جبکہ نصاب چہارم یعنی تین سو ایک راس کا شمار پورا ہو جاوے تو چار راسیں زکوٰۃ میں دیجاوینگی اور اس سے جو کچھ زیادہ ہوں اس میں زکوٰۃ نہیں جب تک کہ نصاب پنجم یعنی چار سو راس کا شمار پورا نہ ہو پس ہر صد کے پورے ہونے پر ایک راس زکوٰۃ میں پہنچتی جاویگی اس حساب سے چار سو راس پر چار اور پانچ سو پر پانچ اور چھ سو پر چھ راسیں زکوٰۃ میں دیجاوینگی ۔

خاتمہ

جو گوسفند کہ زکوٰۃ میں دیجاوے اگر وہ بز ہو تو پورے سال بھر کا ہو گیا ہو اور اگر میش ہو تو چھ مہینے کا ہو ... اور جو جانور زکوٰۃ میں دیا جاوے بیمار اور [illegible] اور عیب دار اور سینگ ٹوٹا اور کان کٹا اور لنگڑا نہ ہو اور [illegible] ہو [illegible] زکوٰۃ میں دینا چاہیے اور اگر [illegible] زکوٰۃ نکالی گئی ہو اور ... سال میں وہ ... مال ... کی مقدار نصاب سے پہنچ جاوے اور سال پر گذر جاوے تو ... زکوٰۃ واجب ہو گی [illegible] ... [illegible]

[illegible]

مسئلہ زکوٰۃ متعلق بعین نصاب ہے [illegible] جانوروں کی زکوٰۃ میں [illegible] ۱۲۶

کیفیت	حصۂ زکوٰۃ	تعداد نصاب	نام نصاب	نمبر شمار
	ایک گوسفند	پانچ شتر	نصاب اول	۱
	دو گوسفند	۱۰ شتر	نصاب دوم	۲
	تین گوسفند	۱۵ شتر	نصاب تیسرا	۳
	چار گوسفند	۲۰ شتر	نصاب چوتھا	۴
	پانچ گوسفند	۲۵ شتر	نصاب پانچواں	۵
	ایک اونٹنی ایک سالہ جو سال دوم میں داخل ہو گئی ہو۔	۲۶ شتر	نصاب چھٹا	۶
	ایک اونٹنی جو تیسرے سال میں داخل ہو گئی ہو۔	۳۶ شتر	نصاب ساتواں	۷
	ایک اونٹنی جو سال چہارم میں داخل ہو گئی ہو۔	۴۶ شتر	نصاب آٹھواں	۸
	ایک اونٹنی جو سال پنجم میں داخل ہوئی ہو۔	۶۱ شتر	نصاب نواں	۹
	دو اونٹنیاں جو تیسرے سال میں داخل ہوئی ہوں۔	۷۶ شتر	نصاب دسواں	۱۰
	دو اونٹنیاں جو سال چہارم میں داخل ہوئی ہوں۔	۹۱ شتر	نصاب گیارھواں	۱۱
	تین اونٹنیاں جو تیسرے سال میں داخل ہوئی ہوں۔	۱۲۱ شتر	نصاب بارھواں	۱۲

کیفیت: پس نصاب اول کہ پانچ اونٹ ہیں اُن پر ایک گوسفند زکوٰۃ میں دیجاویگی اور پانچ سے کم میں کچھ نہیں ہے پانچ اونٹ کے عوض میں ایک گوسفند زکوٰۃ میں نکالنا واجب ہوگا اور پانچ کے درمیان میں جو اعداد واقع ہوں اُن میں کچھ نہیں ہے [illegible] جبکہ چھبیس ۲۶ اونٹ ہو جاویں کہ یہ نصاب ششم ہے تو ایک اونٹنی زکوٰۃ میں نکالی جاوے کہ جو پورے ایک سال کی ہو اور دوسرے سال میں داخل ہو گئی ہو اور ساتویں نصاب کے چھتیس ۳۶ شتر ہیں انکی زکوٰۃ میں ایک اونٹنی پورے دو برس کی دینا چاہیے جو تیسرے سال میں داخل ہو گئی ہو اور چھبیس ۲۶ اور چھتیس ۳۶ کے درمیان میں جو اعداد ہیں اُن پر زکوٰۃ نہ ہوگی اور ایسے ہی نصاب ہشتم کہ چھیالیس شتر ہیں ایک اونٹنی پورے تین برس کی جو چوتھے سال میں داخل ہو گئی ہو دینا ہوگی اور نویں نصاب کے اکسٹھ اونٹ ہیں اور انکی زکوٰۃ پورے چار برس کی ایک اونٹنی ہے جو پانچویں سال میں داخل ہو گئی ہو اور دسویں نصاب کے چھہتر اونٹ ہیں اور انکی زکوٰۃ دو اونٹنیاں پورے دو دو برس کی جو تیسرے سال میں داخل ہو گئی ہوں اور گیارھویں نصاب کے اکیانوے اونٹ ہیں اور اسکی زکوٰۃ دو اونٹنیاں پورے تین تین برس کی جو چوتھے سال میں داخل ہو گئی ہوں نکالی جاویگی اور بارھویں نصاب کے ایکسو اکیس اونٹ ہیں انکی زکوٰۃ چالیس اونٹ پیچھے ایک اونٹ پورے دو برس کا جو تیسرے سال میں داخل ہوا ہو نکالا جاویگا اور پچاس اونٹ پیچھے پورے تین برس کا ایک اونٹ جو چوتھے سال میں داخل ہوا ہو زکوٰۃ میں دیا جاویگا اور کلیہ یہ ہے [illegible] اونٹوں کی زکوٰۃ نہیں ہے جب تک کہ نصاب پوری نہ ہو جاوے [illegible] پس جو گوسفند زکوٰۃ میں دیا جاوے [illegible] اونٹوں کی زکوٰۃ میں بھی [illegible] اگر [illegible]

نمبر شمار	نام نصاب	مقدار نصاب	حصہ زکوٰة	کیفیت
۱	نصاب اول گاے	۳۰ راس	گاے جو دوسرے سال مین داخل ہوگئی ہو نر ہو یا مادہ	تیس راس گاے سے مین ایک راس گاے سال بھرکی نر ہو یا مادہ مگر دوسرے سال مین داخل ہوگئی ہو زکوٰة مین دینا واجب ہے اور تیس سے کم مین کچھ زکوٰة نہین ہے اور ایسے ہی جو زیادہ ہوتی جاوین انکی زکوٰة کچھ واجب نہوگی جبتک کہ دوسری نصاب پوری نہو جاوے کہ اسکی
۲	نصاب دوم	۴۰ راس	ایک گاے پوری دو برس کی جو تیسرے سال مین داخل ہوئی ہو	مقدار چالیس گاے ہے اور اسکی زکوٰة ایک گاے پوری دو برس کی ہے جو تیسرے سال مین داخل ہو اور نصاب ثانی کے پورا ہونے کے بعد جسقدر زیادہ ہوون مالک کو اختیار ہے کہ چالیس راس تک پیچھے ایک راس دو برس کی جو تیسرے سال مین داخل ہوگئی ہو زکوٰة مین نکالے یا تیس راس پیچھے ایک راس پورے سال بھرکی نکالے نر ہو یا مادہ جبکہ اعتبار دونون نصاب کا ممکن ہو مثل ایکسو بیس کے جسمین نصاب تیس اور چالیس دونون کا ممکن ہے اور اگر اعتبار دونون کا ممکن نہو مثل ساٹھ اور اسّی کے یعنی اگر ساٹھ ہون تو چالیس کا نصاب دوم ممکن ہے اگر اسّی ہون تو تیس کا نصاب اول غیر ممکن ہے پس اول مین بحساب تیس کے اور ثانی مین بحساب چالیس کے اخراج نصاب واجب ہے۔

خاتمه

گاے اور بھینس کا ایک حکم ہے یعنی بھینس کی راسون کی زکوٰة بھی تیس راس پیچھے پورے سال بھرکی ایک گاے جو دوسرے سال مین داخل ہوئی ہو اور ہر چالیس راس پیچھے ایک گاے جو پورے دو برس کی ہو اور ایکبار زکوٰة نکالیجاوے اور پھر سال آئندہ مین بھینس کی راسین مقدار نصاب کو پہونچ جاوین تو پھر دوسری مرتبہ زکوٰة واجب ہوگی ایسے ہی جبتک کہ اصل مقدار نصاب باقی ہے ہر سال مین زکوٰة مثل سونے چاندی اور گوسفند اور اونٹ کے واجب ہے اور گاے اور بھینس کے بچے جبتک کہ دودھ پیتے ہون مشہور ہے کہ شمار مین نہ آوینگے اگرچہ جو طریقہ ہے کہ روز ولادت سے حساب کرین۔

نمبر	نصاب	مقدار [illegible]			وزن	کیفیت
		[illegible]	[illegible]	[illegible]		
۱	نصاب اول [illegible]	پانچ وسق	پی وسق [illegible]	۲ [illegible]	[illegible] ۱۰ تولہ [illegible]	[illegible] انگریزی چالیس سیر کا اور فی سیر [illegible] روپیہ بھر اور [illegible] ساٹھ تولہ [illegible] زکوٰۃ یعنی دسواں [illegible] تولہ [illegible] ماشہ [illegible] اگر وہ زراعت بارانی [illegible]
۲	نصاب دوم	پانچ وسق	ایضاً	ایضاً	[illegible] ۵ تولہ ۲ ماشہ	اگر وہ زراعت پانی لینے میں محتاج [illegible] کی ہو [illegible] اس زراعت کے جسکو کنوئیں یا نہر سے بذریعہ [illegible] وغیرہ پانی دیا جاتا ہے اسکی زکوٰۃ میں [illegible]
۳	نصاب سوم [illegible] بارانی و [illegible]	ایضاً	[illegible] ایضاً	ایضاً	[illegible] تولہ [illegible]	اگر [illegible] بارانی [illegible] پانی [illegible]
۴	نصاب چہارم [illegible] بارانی [illegible]	ایضاً	ایضاً	ایضاً	[illegible] تولہ [illegible]	اگر وہ کھیت [illegible] بارانی یا بارانی [illegible] اور اگر چاہی زیادہ ہو [illegible]
۵	نصاب پنجم [illegible] زکوٰۃ [illegible] چاہی	ایضاً	ایضاً	ایضاً	[illegible]	اس [illegible] بیسواں [illegible]
			[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible] خاص [illegible] زکوٰۃ [illegible]

فصل ۲۲۶ — وہ چیزیں جن میں زکوٰۃ مستحب ہے

پس وہ کئی چیزیں ہیں اول جو چیزیں زمین سے پیدا ہوں اور انکا وزن کیا جاوے جیسے یعنی دانوں کی قسم سے مثل جوار اور چاول اور تخم اور ماش اور مسور وغیرہ علاوہ چار غلات مذکورہ کے - دوسری دوکان و حمام و کاروان سرائے کا حاصل جبکہ نصاب کو پہونچا ہو اور سال بھر اس پر گزرا ہو اور ایک جماعت علماء نے فرمایا ہے کہ اگر محصول مذکور بقدر نصاب طلا یا نقرہ کی جنس کے ہو پہونچے اور سال بھر اس پر گذر جاوے تو چالیسواں حصہ زکوٰۃ میں دینا واجب ہے لیکن احوط اول ہے سوم اسپ مادیان یعنی گھوڑیاں اس شرط پر کہ تمام سال جنگل کی گھاس وہ چرتی رہی ہوں مال مالک نہ کھایا ہو تو سنت ہے کہ ہر سال میں بعوض ہر گھوڑی کے دو مثقال شرعی سونا نکالے اگر دونوں جانب سے اصیل ہوں اور جو مطلق اصیل نہ ہوں یا ایک جانب سے اصیل ہوں تو ایک مثقال شرعی سونا ہر ایک گھوڑی کے عوض بعد تمام سال زکوٰۃ دیوے - چہارم وہ مال ہے جسکے مالک نے سال کے اندر کوئی ایسا امر کیا ہو جس سے زکوٰۃ ساقط ہو جاتی ہے مثل سکے کو کسی کو قرض دیا ہو یا سکہ دار کے برتن یا زیور بنوا لیا ہو یا نوٹ لے لیے ہوں ہاں اگر سکہ دار کا نوٹ لے لیا ہو بقصد تجارت یا کسی اور نفع کے لیے تو انمیں بعد وضع کرنے خرچ سال کے خمس واجب ہوگا ہاں اگر زکوٰۃ بچانے کے لیے سکہ دار کو غیر مسکوک یعنی غیر سکہ دار کیا ہو تو انمیں زکوٰۃ احوط ہے اور بعض علماء واجب جانتے ہیں اگرچہ قبل سال کے ہو اور زکوٰۃ مال تجارت میں بعضوں [illegible] مستحب ہے مگر احتیاط یہ ہے کہ مال تجارت میں بھی زکوٰۃ نکالے کہ بعض علماء واجب جانتے ہیں

فصل ۲۲۷ — اشخاص مستحقین زکوٰۃ

واضح ہو کہ جو لوگ لائق مستحق لینے زکوٰۃ کے ہیں پس وہ آٹھ قسم کے آدمی ہیں اول

دوم فقرا و مساکین یعنی جو لوگ اپنا اور اپنے عیال کا سال بھر کا خرچ نہ کر سکتے ہوں اور کوئی پیشہ اور کام نہ کر سکتے ہوں کہ جس سے اوقات بسری ہو یہی جو لوگ کہ کوئی کام اور پیشہ جانتے ہوں اور اپنا اور اپنے عیال کا سال بھر کا خرچ کر سکتے ہوں وہ فقیر اور مسکین نہیں ہیں اور فرق فقیر و مسکین میں یہ ہے کہ مسکین بہ نسبت فقیر کے زیادہ پریشان ہوتا ہے تیسرے وہ لوگ ہیں کہ متعین ہوں امام علیہ السلام یا مجتہد کی جانب سے زکواۃ لینے یا جمع کرنے یا مقرر کرنے کے واسطے اگرچہ وہ لوگ مالدار ہوں چوتھے وہ گروہ کفار زکواۃ کا مستحق ہے کہ نصرت اہل اسلام کے لیے انکی تالیف قلوب کی گئی ہو لیکن اس حصہ کا باقی ہونا زمانہ غیبت امام میں محل خلاف ہے پانچویں جو غلام کہ اپنے آقا کی خدمت میں سختی و شدت سہتا ہو اسکو خرید کر لینا اور آزاد کرنا مال زکواۃ سے ہو سکتا ہے چھٹے جو لوگ کہ مقروض ہوں اور ادا سے قرض سے عاجز ہوں بشرطیکہ گناہ میں وہ قرض نہ ہوا ہو ساتویں فی سبیل اللہ یعنی مطلق خیرات مثل پل اور مسجد بنانے کے یا مدرسہ علوم دین کا مقرر کرنا مال زکواۃ سے ہو سکتا ہے آٹھویں ابن السبیل مستحق زکواۃ ہیں یعنی جو لوگ مسافر اپنے گھر کے مالدار ہوں مگر غربت میں یعنی حالت مسافرت میں گرفتار ہو گئے ہوں اور خرچ اپنے مکان تک جانے کا نہ رکھتے ہوں بشرطیکہ سفر انکا غیر مشروع نہ ہو اور انکو قرض بھی نہ مل سکتا ہو اور کوئی چیز بھی انکے پاس نہ ہو جسکو بیچ سکتے ہوں ـ جان لینا چاہیے کہ سوائے مولفۃ القلوب کے تمام مستحقین میں یہ شرط ہے کہ اثنا عشری ہوں اور سید نہ ہوں مگر ان سب کی زکواۃ سید لے سکتا ہے اور مراد سید سے وہ لوگ ہیں جو حضرت ہاشم جد رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منسوب ہوں باپ کی جانب سے نہ ماں کی طرف سے اور نیز شرط یہ ہے کہ وہ لوگ واجب النفقہ زکواۃ دینے والے کے نہ ہوں مثل ماں اور باپ اور اولاد اور زن منکوحہ وغیرہ کے

فصل ۲۲۸ ۔ خمس

واجب ہونا خمس کا نص قرآن اور متواتر حدیثوں سے ثابت ہے اور سات چیزوں مین سے خمس نکالنا واجب ہے اوّل غنیمت یعنی جو مال کفار حربی سے ہاتھ آئے جس طور پر ہو مثل چوری و حیلہ وغیرہ کے جسقدر ہو بشرطیکہ وہ مال غصبی کسی مسلمان یا معاہد کا نہو معاہد اُسکو کہتے ہین جو کافر ہم قسم مسلمان کا ہو دوم معادن مثل سونا اور چاندی اور فیروزہ و زبرجد اور زمرد اور نمک اور گندھک وغیرہ کے خواہ قیمت اُسکی بعد وضع کرنے خرچ کھدوائی اور صفائی کے بیس دینار رہے یا کم اگرچہ بعض علماء قائل ہوئے ہین اگر ایسی صورت مین بیس دینار کی مالیت باقی رہے تو خمس واجب ہوگا اور کم رہے تو نہین اور بعض علما نے مثلاً ابو الصلاح رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر بعد وضع خرچ کے ایک دینار کے بقدر بھی باقی رہے اُسمین بھی خمس واجب ہوگا لیکن مشہور مسئلہ معادن کے باب مین یہ ہے کہ نصاب کچھ نہین جسقدر باقی رہجاوے اُسکا خمس دے ہر چند کہ کمتر دینار سے ہو۔ تیسرے خزانہ یعنی وہ مال جو زمین مین چھپایا ہو خزانہ کے طور پر اور وہ کسی شخص کو ملجاوے تو اُس پانے والے پر خمس کا نکالنا واجب ہے بعد وضع خرچ اخراج کے اور مقدار نصاب تک پہونچنے کے بعد کہ طلا مین مقدار بیس دینار اور نقرہ مین دو سو درہم ہے اور اگر چاندی سونے کی کان نہ نکلی ہو بلکہ فیروزہ وغیرہ کی ہو تو دیکھا جائیگا کہ قیمت اُسکی نصاب طلا و نقرہ تک پہونچتی ہے بشرطیکہ بلاد کفار حربی مین وہ مال بہم پہونچے اور اثر اسلام کا اُسپر نہو اور اگر اثر اسلام اُسپر ہوگا تو حکم لقطہ کا ہے بنا بر مشہور اور لقطہ اُسکو کہتے ہین کہ کوئی چیز پڑی ہوئی پاوے چنانچہ حکم اسکا آئندہ تحریر ہوگا اور مراد اثر اسلام سے یہ ہے کہ سکہ یا نشان اسلام کا اُسپر ہو یا کوئی ایسی علامت ہو کہ جس سے اثر اسلام کا سمجھا جاوے اور جناب ملا محمد باقر مجلسی علیہ الرحمہ نے آخر زاد المعاد مین فرمایا ہے کہ ظاہر حدیثون کا یہ ہے

اور اگر زمین کے اوپر کوئی چیز پڑی ہوئی پاوے تو لقطہ ہے اور زمین کے نیچے ہو تو گنج ہے خواہ اثر اسلام کا اس پر ہو یا نہیں اور ایک گروہ علما اس امر کا قائل ہے اور یہ قول خالی قوت سے نہیں ہے جب یہ جان لیا تو اب سمجھنا چاہیے کہ قیمت لقطہ کی اگر درہم سے کم ہو تو اسکو بغیر کہے سنے لے لینا اور تصرف جائز ہے اور بقدر درہم یا اس سے زیادہ ہو تو سال بھر تک تعریف یعنی شناخت کرانا اسکا لازم ہے اس طرح سے کہ ہر روز مجمع مردم میں مثل مسجد و بازار کے دو دفعہ جا کر آواز بلند کہے کہ یہ چیز کسکی ہے برابر ایک ہفتہ تک اور بعد ایک ہفتہ کے ہر ہفتہ پیچھے ایک ایک بار مہینہ بھر تک اور بعد ایک مہینے کے ہر مہینے پیچھے ایک ایک بار سال بھر تک پس اگر اس مدت میں مالک پیدا ہو تو اسکو دیدے والا تین امور میں مخیر ہے یا یہ کہ خود مالک ہو جاوے لیکن ضامن ہے جب مالک پیدا ہو یا مالک کی طرف سے تصدق کر دے مگر جبکہ مالک حاضر ہو اور تصدق پر راضی نہ ہو تو تصدق کر دینے والا ضامن ہے یا اپنے پاس امانت رکھے مالک کے واسطے — مسئلہ خمس ایک دفعہ واجب ہے نہ ہر سال پس اگر کوئی منافع تجارت یا زراعت یا صناعت میں اتنا مال پاوے کہ اسکو سال بھر کے خرچ سے فاضل ہو تو سال اول میں اسکا خمس دے اور اگر وہ مال سال دوم تک رہے تو اسمیں خمس واجب نہیں ہوتا برخلاف زکوٰۃ کے کہ ہر بارھویں مہینے واجب ہے اور تنخواہ جو خدمت گزاری اور کارکنی سے حاصل ہو وہ منافع حاصل صناعت میں داخل ہے پس وجوب خمس کا اسمیں بھی اقوی ہے ہاں بغیر کار خدمت کے جو تنخواہیں ملتی ہیں وہ ہدایا میں داخل ہیں انمیں خمس واجب نہیں مگر حدیث میں آیا ہے کہ اگر کسی کو کوئی بھاری عطیہ یا ایسی میراث ملے جسکا گمان نہ رکھتا ہو یا دشمنان دین سے کوئی مال پہونچے اسکا خمس دے اور ابو الصلاح رحمہ اللہ نے اسکو واجب جانا ہے اور دیگر علما نے مستحب اور روا سمجھا ہے جو عرف میں عطیہ نہیں کہلاتے وہ اقسام مذکورہ حدیث میں داخل نہیں — چوتھے خمس واجب ہے ان چیزوں میں جو دریا میں سے

غوطہ لگا کر نکالی ہون مثل مونگے اور موتی اور عنبر کے بعد وضع کرنے خرچ کے اگر بقدر نصاب
پہونچے کہ وہ ایک دینار ہی اور بعض اکابر نے مثل شیخ مفید اعلی اللہ مقامہ کے بیس
دینار فرمائے ہین اور اول احوط ہی بلکہ احوط بعد اسکے دینا خمس کا ہی اگرچہ قیمت
اسکی کمتر دینار سے ہو پانچوین شے مال حلال حرام مین ملگیا ہو اور مالک اسکا معلوم نہو
اور مقدار حرام کی بھی معلوم نہو پس واجب ہی کہ اس مال مین سے خمس نکالے
اور جو مالک اور مقدار دونون معلوم ہون تو واجب ہی کہ وہ مقدار مالک کو پھیر دے
اور اگر مالک معلوم ہو مگر مقدار حرام معلوم نہو تو مالک سے مصالحہ کرے اور اگر مقدار
معلوم ہو مگر مالک معلوم نہو تو کوشش کرے مالک کے پہچاننے مین پس اگر مالک
بہم نہ پہونچے اور نا امید ہو جاوے تو مالک کی طرف سے تصدق کردے چھٹے وہ
زمین ہی کہ کافر ذمی اہل اسلام سے خرید کرین پس واجب ہی کہ خمس اس زمین کا
یا خمس اسکی قیمت کا دین ساتوین فوائد جو تجارت یا کھیتی یا صنعت سے یعنی
پیشون سے حاصل ہون اور سال بھر کے خرچ سے زائد ہون پس اس زیادتی مین
خمس واجب ہوگا مثلاً کوئی شخص گیہون کی کھیتی کرے اور اسکے فوائد پچیس وسق
گیہون حاصل ہون اور اسمین سے بعد کل اخراجات ایک سال کے کچھ بچ رہے
تو اسمین بچی ہوئی جنس مین خمس لازم ہوگا پس اگر پانچ وسق بچ رہین تو ایک
وسق خمس دینا چاہیے اور جو دس وسق زیادہ بچ رہین تو دو وسق دینا چاہیے اور
اخراجات سال مین میانہ روی حسب حال اس شخص کے معتبر ہی نہ یہ کہ اسراف کیا ہو یا
بہت تنگی سے اٹھایا ہو پس اگر اسراف کیا ہو یا تنگی تو یہ دونون امر ملحوظ رکھے جاوینگے

فصل ۲۲۹ — بیان تقسیم خمس

جاننا چاہیے کہ مال خمس چھ حصون مین تقسیم ہوتا ہی نصف مین سے ایک حصہ خدا کا
اور ایک رسول کا اور ایک امام کا اور اس زمانہ مین یہ تینون حصے حضرت امام صاحب العصر

علیہ السلام سے متعلق ہیں اور وہ بوجہ غیبت مجتہد جامع الشرائط کے حضور میں پہنچانا چاہیئے تاکہ مجتہد مستحقین کو بانٹ دیں تو دوسرے نصف کے تین حصے خاص یتیم و مسکین وابناء السبیل اثنا عشری سادات کے ہیں اور تفصیل ابناء السبیل و غیرہ کی اصل ہو چکی ہے پس ان تینوں حصوں کو مالک خود تقسیم کر سکتا ہے لیکن احوط ہے کہ یہ بھی مجتہد کی خدمت میں بھیجے کہ وہ تقسیم کریں اور اگر اپنے شہر میں مستحق خمس و زکواۃ ہوں تو دوسرے شہر کو مال خمس و زکواۃ بھیجنا جائز نہیں اور اگر خمس کا حصہ سادات کے سالانہ خرچ کو کافی نہو تو امام کے تینوں حصوں میں سے انکو دیں اور اگر تا ہم کافی نہو تو مال زکواۃ غیر سے تکمیل خرچ سادات کریں

فصل ۲۳۰ - معاصی

کتاب جمال الصالحین میں اہلبیت طاہرین صلوات اللہ علیہم اجمعین سے مروی ہے کہ جو کوئی حکم خدا کو خفیف جانے یا حکم خدا سے بے اعتنائی کرے خدائے تعالیٰ قیامت میں اس سے بے اعتنائی اور استخفاف کریگا اور خدا نے ہر دل میں ایک نور پیدا کیا ہے جب کوئی گناہ کرتا ہے تو ایک تاریکی اسکے دل میں پیدا ہوتی ہے اگر توبہ کرے تو وہ تاریکی زائل ہو جاتی ہے اور وہی تو پھر عود کرتا ہے اور اگر ایسی ہی معصیت کرتا رہے تو وہ تاریکی زیادہ ہوتی جاتی ہے یہانتک کہ اس نور کو چھپا لیتی ہے اور تمام دل سیاہ و ظلمانی ہو جاتا ہے اور جبکہ نعوذ باللہ ایسا ہو تو وہ شخص ہرگز اصلاح قبول نہیں کرتا اور نجات نہیں پاتا اور جو کوئی ترک فریضہ یا ارتکاب گناہ کبیرہ کرے تو گویا اسنے اطاعت شیطان کی کی پس شیطان کے ساتھ جہنم میں رہیگا اور جو کوئی حکم حلال و حرام قرآن جانے اور واسطے محبت و خواہش دنیا کے مخالفت اسکی کرے پس وہ شخص مستوجب قہر و غضب الٰہی کا ہوگا اور یہود و نصاریٰ کے درجہ میں رہیگا اور وہ گھر کہ جسمیں معصیت خدا کریں لازم ہے خدائے تعالیٰ پر کہ اس گھر کو خراب کرے اور معاصی مورث فقر و حاجت و محرومی رزق

وزوال نعمت وکوتاہی عمر ونزول بلا وزلزلہ وطاعون وقحط وانقطاع باران وناپیدگی ہوا
وغیرہ ہوتے ہیں اور موجب امراض وسقم وحسرت وندامت کے ہوتے ہیں اور دشمنوں
کا مسلط ہونا اور ندی اور چشموں کا سوکھ جانا اور کھیتوں اور باغوں پر آفات اور
نقصان اور معاملات میں نقصان کا ہونا گناہوں سے ہوتا ہی اور گناہوں کا کرنا دعا
کو رد کرتا ہی یعنی باعث عدم استجابت دعا ہی مگر یہ کہ خدائے تعالی نے تقدیر اجابت
اسکی کی ہو بس خدائے تعالی فرماتا ہی کہ دیکھو بندہ میرا متعرض ہوا میرے غضب کا ہو کر مستوجب
حرمان ہوا تحریم اسکو کرو اور قضائے حاجت اسکی نہ کرو تم اور جو بلا اور مصیبت اور
کدورت پہونچتی ہی گناہوں کی مکافات میں پہونچتی ہی یہانتک کہ اگر کانٹا پانوں میں چبھ جاوے
یا کوئی رگ بدن میں اچھلے اور بسبب پہونچنے عقوبت وبلا کے اکثر گناہ فضل وکرم
الہی سے عفو ہوتے ہیں اور اولیاء اللہ پر جو بلائیں نازل ہوتی ہیں وہ واسطے زیادتی
ثواب اور درجات کے نازل ہوتی ہیں اور جبکہ خدائے تعالی بندے کے ساتھ ارادۂ خیر
ورحمت کا رکھتا ہو بس جو گناہ کہ وہ بندہ کرے اسکے ساتھ ہی اسکو ساتھ عقوبت وبلا
کے خبردار فرماتا ہی تاکہ توبہ واستغفار کرے اور گناہ اسکے بخشے اور جو بندہ کے ساتھ
قصد غضب وعذاب کا رکھتا ہو استدراج فرماوے یعنی نعمتہائے پے در پے کے ساتھ
نوازش کرے تا درجہ بدرجہ گناہ اسکے زیادہ ہوتے جائیں اور مغرور ہو جاوے اور
استغفار وتوبہ کو بھول جاوے کسی شخص نے حضرت امام جعفر صادق سے عرض کیا کہ کئی بار
میں نے خدائے تعالی سے دعا کی اور ہمیشہ دعا میری قبول ہوتی ہی ڈرتا ہوں میں کہ استدراج
نہو اور جبکہ خدائے تعالی بندہ پر نظر رحمت رکھتا ہی تو دنیا میں عقوبت گناہوں کی اور سکرات
موت میں یا قبر وعالم برزخ میں موافق تفاوت گناہان کے کرتا ہی تاکہ روز قیامت کو
گناہوں سے پاک ہو یہانتک کہ غم وہم وکدورت وابتدا جو کچھ اسکو پہونچے یا کوئی خواب دیکھے
کہ اس سے غمگین ہو گناہ اسکے خدائے تعالی بخشتا ہی اور جو کسی پر خدائے تعالی نظر غضب

رکھتا ہے جو حسنات عظیم رکھتے ہوں دنیا میں ساتھ نقصانوں کے تاکہ اُنکے گناہوں کا کفارہ ہو اور آخرت
حسنات کی فرماتا ہے اور عفو بہت گناہوں کی قیامت میں کر دیتا ہے اور یہ اکثر ہیں ان آدمیوں کیلئے کوئی
مومن گناہ عظیم کرے کہ مستوجب عقوبت دنیا و آخرت کا ہو پس اُسکو دنیا میں بلا میں مبتلا
عقوبت آخرت بھی دنیا میں کرتا ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ دنیا میں تقصیر ہے مبتلا نہیں فرماتا ہے
مگر بلکہ کثرت عبادت و طاعت دیکھتا ہے تو نعم فرماتا ہے اور بہ مناسب اُن کے جو عقوبت مقدر
ہوتی ہوں انکو رفع کر دیتا ہے اور بلاؤں سے کہ ثواب کو ذخیرہ روز قیامت کرتا ہے اور گناہ کو
کو سہل نہ سمجھنا چاہیے مثل اسکے کہ گناہ کرتا ہے پھر استغفار کر لونگا بلکہ گناہ
صغیرہ پر اصرار کرے پس ہر گناہ صغیرہ جب اصرار کیا گیا کبیرہ ہوتا ہے اور خدا تعالی
نے ہر بندہ پر چالیس پردے رحمت کے ڈھانکے ہیں تاکہ کوئی شخص اسکے گناہوں اور
عیوب پر اطلاع نہ پاوے مگر جب بندہ چالیس گناہ کبیرہ کرتا ہے وہ پردے اٹھا دیے
جاتے ہیں پس خدا تعالی ملائکہ سے فرماتا ہے کہ اسکو اپنے پروں سے چھپا لو اور اگر
وہ بھی معاصی کرتا رہے یہانتک کہ فعل قبیح کرے اور اسکو نیک سمجھے اور توقع مدح کی
رکھے پس خدا تعالی فرماتا ہے کہ ملائکہ اپنے پر اٹھا لیں اور پھر وہ شخص بغض عداوت بھی
اہلبیت علیہم السلام سے شروع کرتا ہے اور مخفی نہ رہے کہ گناہ تین قسم پر ہیں ایک وہ
جو نہ بخشے جاتے ہیں اور دوسرے وہ گناہ ہیں کہ خدا تعالی نے دنیا میں عقوبت اسکی
کی ہے اور اس سے بعید ہے کہ ایک گناہ پر دو بار عقوبت کرے پس آخرت میں اسکو بخش دیگا
اور تیسرے ظالم ہے اور ایسی کوئی شخص کسی شخص پر ظلم کرے یا یہ کہ پرایا مال کسی کا [illegible]
مارے یا کوئی حیوان شکار کرے کسی حیوان کے [illegible] مارے تو خدا تعالی [illegible]
اُس سے بدلا لیگا [illegible] وہ گناہ کہ کوئی شخص کرے اور اس سے توبہ کرے اور [illegible]
اور [illegible] عفو و مغفرت رکھتا ہے اور حضرت امام علیہ السلام نے فرمایا کہ اہل معاصی کے
ساتھ مجلس میں [illegible] دفع نہ ہو تو سمجھنا چاہیے کہ بلا و غضب و عذاب نازل ہو

نازل

اور اسکو بھی گھیرے حضرت رسولخدا نے ایک شخص سے اپنے اصحاب میں سے فرمایا کہ تجھکو
فلان شخص کے پاس میں نے دیکھا وہان تو کیا کرتا ہی اسنے کہا کہ وہ میرا خالو ہی فرمایا کہ
وہ معصیت خدا کرتا ہی چاہیے کہ تو اسکو ترک کرے اور اسکے پاس جاوے یا یہ کہ اسکو
ترک کرے اور ہمارے پاس آئے اسنے عرض کیا جبکہ میں وہ کام نہیں کرتا ہوں جو
وہ کرتا ہی تو مجھکو اسکی صحبت سے کیا ضرر ہی فرمایا نہیں ڈرتا تو کہ اسپر غضب نازل ہو
اور تجھکو بھی پکڑ لے نہیں جانتا تو کہ ایک مرد اصحاب موسیٰ سے کہ باپ اسکا قوم فرعون
سے تھا جب فرعونیان موسیٰ کے تعاقب میں گئے وہ مرد بھی گیا کہ اپنے باپ کو نصیحت
کرکے موسیٰ کے پاس لائے جب دریا تک پہونچا پانی نے سب کو پکڑ لیا اور ڈوب گئے اور
وہ بھی ڈوب گیا اور یہ بھی مروی ہی کہ جس شخص کو دنیا و آخرت دونون میسر ہوویں اور
اختیار آخرت کرے تو خداے تعالی اس سے راضی ہوتا ہی اور اسکے اعمال بد کو بخشتا ہی
جو اختیار دنیا کرے تو کوئی نیکی اسکے واسطے نہیں ہوتی کہ آگ سے اسکا حجاب قرار
دیا جاوے اور وہ چیزین جو سبب محبت دنیا ہین وہ چھ چیزین ہین حب دنیا و
حب ریاست حب طعام حب خواب حب راحت حب نسا جان لو کہ گرگ درندہ
اتنا ضرر نہیں پہونچاتا جسقدر کہ محبت دنیا و حب جاہ و شرف و بزرگی دین مومن کو
ملعون ہی وہ شخص جو ریاست چاہا کرے اور جو کوئی ارادہ بھی کرے اور جسکو دل مین گذرے
حضرت عیسیٰ ایک قریہ پر گذرے کہ سب اہل قریہ اور دنیا اور ہلاک ہو گئے تھے اور مدفون
نہوئے تھے حضرت عیسیٰ نے بلند آواز سے پکارا کہ اے اہل قریہ ایک نے انمین سے
جواب دیا حضرت عیسیٰ نے فرمایا کہ تمہارے احوال کیا تھے کہ ایسی بلا مین مبتلا ہوئے کہا
کہ اطاعت اہل معاصی اور حب دنیا اور خوف قلیل و غفلت نہایت اور اشتغال لہو و لعب
فرمایا کہ تمہاری محبت دنیا کیونکر تھی کہا کہ مثل محبت و ناقصیت مین سخے کی تا کہ جب آتی
ہاویہ مین دیکھا فرمایا ہاویہ کیا ہی کہا کہ یہاں آگ کے پہاڑ ہین اور روشن کر دیکھے اور ہم

ہر چند تضرع کرتے ہیں کہ ایکبار ہمکو پھر دنیا میں بھیجا جاوے تاکہ زہد اختیار کریں اور
عبادت کریں جواب میں آواز آتی ہے کہ جھوٹ کہتے ہو فرمایا حضرت عیسیٰ نے کہ سواے
پتھر کے کسی دوسرے شخص نے کیوں جواب نہ دیا کہا کہ ان سب کو آگ کی لگامیں دی ہیں
کہ بول نہیں سکتے اور میں درمیان میں اُنکے تھا مگر اُنہیں سے نہ تھا جیسا ایک بال ہے کنار
جہنم پر لٹکایا ہے نہیں معلوم کہ گر پڑونگا یا نجات پاؤنگا۔ اور جو کوئی کہ مال حرام کسب کرے
یا لقمہ حرام کھاوے یا جامہ حرام پہنے کوئی طاعت اُسکی قبول نہیں ہوتی نہ فرض نہ نافلہ اور
جبتک کہ اُس مال سے ایک حبہ اُسکے پاس باقی رہے وہ فرشتہ جہنم اُسکا ہوتا ہے اور جو شخص پروا نہ کرے
کہ مال کو کہاں سے تحصیل کرتا ہے خدا بھی پروا نہیں کرتا جس جگہ سے کہ وہ جہنم میں جاوے
اور جو کوئی قدرت رکھتا ہو اور خوف خدا سے ہاتھ حرام سے اٹھاوے خداے تعالیٰ اُسکو
دوست رکھتا ہے اور اپنی رحمت کو شامل حال اُسکے کرتا ہے اور اہل بہشت سے اُسکو
گردانتا ہے اور ترک ایک لقمہ حرام کا دو ہزار رکعت نماز سے بہتر ہے اور رد ایک دانگ
مال حرام کا پیچھے حج مقبول کے برابر ہے اور مروی ہے کہ خداے تعالیٰ نے لعنت کی ہے
اُسپر جو سود دیوے اور لیوے اور جو کوئی کہ اُسکو لکھے اور جو کوئی کہ گواہ اُسپر ہو اور ربا
یعنی سود کے ستر جزو ہیں اور سب میں زیادہ سہل مثل اُسکے ہے کہ کوئی شخص خانہ کعبہ
میں اپنی ماں سے زنا کرے اور ایک درہم سود کا عظیم تر ہے ستر زنا سے کہ سب ساتھ
محرمات مثل پھوپھی اور خالہ کے کیا ہو اور کوئی عبادت فضیلت لیکن وہ حج سے افضل
نہیں ہے کہ حرام سے بچاوے اور مروی ہے کہ جو کوئی مال یتیم میں سے کچھ کھاوے خداے تعالیٰ
اُسکو دو عذابوں میں معذب کرتا ہے ایک دنیا میں کہ خداے تعالیٰ کسی ظالم کو اُسکی اولاد
پر مسلط کرے دوسرے آخرت میں ساتھ آتش جہنم کے اور مروی ہے کہ کسی گھر میں
شبہا شب چوری یا زنا یا شراب پینا راہ نہیں پاتا مگر یہ کہ برکت اُس گھر سے زائل ہو جاتی
ہے اور جو کوئی ایک گھونٹ نشہ کا پیوے چالیس دن نماز اُسکی مقبول نہیں ہوتی اور جوان کا

ف ۱ بیان مال حرام و لقمہ حرام کھانا ۱۲

ف ۲ بیان سود لینے کا ۱۲

ف ۳ [illegible] ۱۲

میں نماز نہ پڑھے تو عذاب اسکا واجب ہوتا ہے اور توبہ اسکی مقبول نہیں ہوتی اور جو مرجاوے
تو کافر ہو اور جو ایکبار پیوے تو خداے تعالی وہ چرک و ریم جو زانیوں کے فرج سے
نکلتا ہے اسکو پلاویگا اور اگر مداومت اسپر کرے تو مثل بت پرست کے ہے اور شراب خوار
قیامت کے دن کالا منہ کر کے آنکھوں کا نیلا کیے لعاب دہن رواں پیشانی پا نون کی
انگلیاں [illegible] محشر میں آویگا اس روایت سے کہ اہل محشر اس سے [illegible] اور
حضرت پیغمبر خدا صلعم نے دس آدمیوں کو شراب کے بارہ میں لعنت کی ہے وہ شخص کہ انگور اسکا
[illegible] اور وہ شخص کہ [illegible] اور وہ شخص کہ اسکو نچوڑے اور وہ شخص کہ اسکا
پیوے اور [illegible] کہ جو اسکو پلاوے اور وہ شخص کہ جو اسکو کسی کے لیے [illegible] اور وہ شخص
کہ اسکو [illegible] اور وہ شخص کہ جو اسکو [illegible] اور وہ شخص کہ جو اسکو خرید [illegible]
[illegible] اسکی [illegible] اور [illegible] اسکو [illegible]
[illegible] اور [illegible] اسکی [illegible] اور جنازہ پر اسکے حاضر [illegible]
حضرت امام جعفر صادق [illegible] پوچھا کہ [illegible] شراب پینا [illegible]
اگر [illegible] تو نماز اسپر [illegible] اور جس شخص کی کسی رگ میں شراب [illegible] اور کوئی چیز [illegible]
ہو خداے تعالی اس رگ کو تین سو ساٹھ طرح کا عذاب کریگا اور جو کوئی ایک قطرہ [illegible]
یا کوئی اور نشہ کرنے والی چیز کسی بچہ کو [illegible] خداے تعالی اسکو [illegible] پلاویگا اور [illegible]
وہ پانی ہے کہ [illegible]
[illegible] اور جو کوئی [illegible] شراب [illegible]
قیامت کے دن [illegible] اسکی [illegible] اور جو کوئی ترک شراب [illegible]
[illegible]
پلاتا ہے کہ وہ ایک شراب خاص ہے [illegible] بہشت سے کہ خداے تعالی نے [illegible]
کی مہر لگائی ہے اور [illegible] خاص بندوں کے لیے مقرر فرمائی ہے اور حضرت امام جعفر صادق

فصل ۱ شطرنج کھیلنا

سے مروی ہے کہ جب سر مبارک حضرت امام حسین علیہ السلام شام میں لے گئے تو یزید علیہ اللعنۃ والعذاب
نے کہا کہ سر مبارک ایک طشت میں رکھ کر روپوش کر دیں اور اس روپوش پر شطرنج
کھیلتا تھا اور بوزہ پیتا تھا اور تلچھٹ اسکی طشت کے قریب زمین پر ڈالتا تھا پس جو شخص
کہ ہمارا شیعہ ہو چاہیے کہ بوزہ اور شطرنج سے اجتناب کرے اور جس شخص کی نظر بوزہ و شطرنج
پر پڑے چاہیے کہ یزید و آل یزید پر لعنت کرے گناہ اسکے بخشے جائیں اگرچہ مثل ستاروں کے
آسمان کے ہوں اور یہ بھی مروی ہے کہ ہر شب ماہ مبارک رمضان میں خداے تعالی بہت سے
لوگوں کو آزاد کرتا ہے مگر اس شخص کو کہ جو افطار کرے نشہ کرنے والی چیز سے یا صاحب شطرنج اور
صاحب بربط ہو اور جس چیز سے قمار بازی یعنے جوا کھیلا جاوے مثل اسی کے ہے
اور شیخ صدوق نے کتاب من لا یحضرہ الفقیہ میں فرمایا ہے کہ نرد شیر اور شطرنج سے اور
رکھنا شطرنج کا کفر ہے اور کھیلنا شرک ہے اور تعلیم اسکی گناہ کبیرہ ہلاک کرنے والا ہے اور
سلام کرنا کھیلنے والے پر معصیت ہے اور نظر آلات شطرنج پر کرنا مثل اس نظر کے ہے کہ
جیسی فرج مادر پر نظر کی ہو اور جس چیز سے جوا کھیلیں وہ بھی مثل اسی کے ہے حتی کہ بازی
انگشتر وغیرہ اور جو کوئی ستار بجاے شیطان اسکا رفیق ہوتا ہے اور ملائکہ اس سے
بھاگتے ہیں اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ جس وقت حضرت آدم نے
رحلت کی ابلیس و قابیل نے خوشی کر کے اسباب لہو و لعب ایجاد کیے اور مروی ہے کہ
جس گھر میں چالیس روز بربط بجائیں پس ایک شیطان قفندر نام اس پر مسلط ہوتا ہے کہ
ہر عضو کو اپنے اعضا پر رکھتا ہے پھر غیرت و حیا اس شخص سے زائل ہو جاتی ہے یہاں تک کہ
عورتیں اسکی زنا کریں اور پروا نہ کرے اور بجانا عود کا اور چنگ کا ہوتے ہیں نفاق کو دل میں
جماتا ہے جیسا کہ پانی گھاس کو اگاتا [illegible] ایک روایت اور وارد ہوئی ہے کہ نکاح [illegible] اور
ختنہ میں دف بجانا [illegible] اور سواے دف کے ڈھول وغیرہ بجانا حرام ہے مگر دف کی اجازت
بھی بکراہت ہے مگر اچھا ترک ہے اور سننا لہو و غنا کا بھی نفاق کو دل میں جماتا ہے جیسا کہ

پانی گلاس کو اور جس مجلس میں لہو و غنا ہو اس مجلس کے لوگ معصیت سے امن نہیں ہوتے اور دعا انکی مستجاب نہیں ہوتی اور غنا ان چیزوں میں سے ہے کہ خدائے تعالی نے فرمایا کہ اسکے واسطے عذاب مہین مہیا ہے اور بہشت میں ایک درخت ہے کہ جسوقت بحکم خدا ہوا اسکو جنبش دیتی ہے ساتھ ایسے نغمہ کے کہ کسی کان نے نہ سنا ہو وہ درخت متنعم ہوتا ہے واسطے اس جماعت کے کہ دنیا میں غنا سے پاک ہوں اور انھوں نے غنا سے پرہیز کیا ہو اور اسکے سننے سے محروم ہوں اور نیز مروی ہے کہ کنیزکان مغنیہ ملعونہ ہیں اور جو شخص کہ انکے کسب سے کھائے وہ بھی ملعون ہے اور فروخت کرنا انکا اور خریدنا انکا حرام ہے اور تعلیم انکی کفر ہے اور حسن بن عبد الرزاق نے کہ علمائے شیعہ سے ہیں جو عبارت در بارہ غنا تحریر کی ہے اس عبارت پر میرا اطمینان نہوا کیونکہ مجتہدین لکھنؤ و جناب شیخ صاحب مدظلہ العالی نے غنا کو قطعاً حرام لکھا ہے اور حسن بن عبد الرزاق لکھتے ہیں کہ نغمہ بر دو قسم است یک مذموم و حرام و آن غنا است دوم ممدوح و حلال کہ مدائح و منقبت و اشتیاق آن آمدہ آنچہ این حقیر از احادیث و قرآن استنباط نمودہ این است کہ ہر نغمہ و صوت و تصنع و تصرفی کہ سبب آن دوری و غفلت از خدا و رغبت بدنیا و ہیجان شہوات و لذات دنیوی و آرزوہاے باطل و خیالہاے فاسد و مجملاً سبب باطلی باشد مذموم و حرام است و ہر چہ باعث رقت قلب و اشک چشم و دل سردی از شہوات و شوق بآخرت و باقیات صالحات سبب حقی باشد ممدوح و حلال است) چنانچہ میں نے اس عبارت کو دیکھکر مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ جناب سید ابو الحسن صاحب مجتہد العصر والزمان مدظلہ العالی سے دریافت کیا استاذ ان قبلہ و کعبہ مدظلہ نے جواب حسب ذیل زیب رقم فرمایا الجواب بعون اللہ الملہم للصواب و مخفی ہو کہ یہ عبارت مخدوش ہے اور حرمت غنا قطعاً باجماع علما و اخبار ائمہ اطہار صلوات اللہ علیہم ما تتابع اللیل والنہار ظاہر و آشکار ہے اور ترخیص غنا عرائس میں مشہور ظاہر

ساتھ دو شرطوں کے ایک یہ کہ مشتمل باطل پر نہ ہو دوسرے یہ کہ تند داخل ہو مرد اور ترجیع
مفید طرب میں اور دلیلی اور حلّی مطلقاً حرام جانتے ہیں اور ظاہر یہ کہ دلیلی اسی پر دال ہے کہ
جس میں یہ شرطیں [illegible] اسی حال میں [illegible] ہوتی ہے اور [illegible] مطلقاً حرام
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] باطل [illegible]
[illegible]
قرآن [illegible] کو خوب [illegible] آواز اور کوئی
[illegible] علیہ السلام [illegible] خوش آواز [illegible]
[illegible] قرآن [illegible] حضرت
کی خوش آوازی سے [illegible] آجاتے تھے اور دوسری حدیث میں [illegible] مشتمل اسکے یہ ہے
کہ قرآن ساتھ حزن کے نازل ہوا ہے پس حزن کے ساتھ تلاوت کرو اور تلاوت قرآن میں
ترجیع آواز کرو کہ خدائے تعالی دوست رکھتا ہے [illegible] کہ ترجیع کرے [illegible] اور حضرت
پیغمبر [illegible] نے فرمایا کہ قرآن کو [illegible] عرب [illegible] تلاوت کرو اور [illegible]
اہل فسق [illegible] اور فرمایا کہ [illegible] ایک جماعت ہوگی کہ قرآن کو ترجیع
نوحہ و غنا [illegible] جماعت کے [illegible] دوست [illegible]
اور جاننا چاہیے کہ آواز در اصل حلال ہے لیکن بالعرض حرام ہو جاتی ہے مثل اسکے

ف
بیان زنا ۱۲

کہ ساز وغیرہ سے مقرون ہو اور ذلیل اسکی طعام حرام کی ہے کہ اصل اسکی حلال تھا اور
حرمت اسکے عارض ہونے سے حرام ہو گیا مروی ہے کہ جبکہ زنا شایع ہوتا ہے تو پھر گرانی
ناگہانی اور بیماریان نئی کہ قبل اس سے وہ بیان نہ تھے ہو وین شایع ہو جاتے ہیں
اور زانی کو حق تعالی ہرگز عفو نہیں کرتا ہے تین دنیا میں اول یہ کہ نور اسکے چہرہ کا جاتا
رہتا ہے دوسرے اجل اسکی نزدیک ہوتی ہے تیسرے فقر اسپر مسلط ہوتا ہے
اور تین آخرت میں اول غضب خداے تعالی دوسرے سختی حساب تیسرے ہمیشہ آگ میں
رہیں اور یہ بھی مروی ہے کہ تین لاکھ دروازے جہنم کے آگ کی تہ میں کھولے جاتے ہیں اور تیسرے
آگ کے اور بچھو اور سانپ دوزخ سے آتے ہیں اور اسکو ایسے ہی [illegible]
تک اور پھر اسکو دوزخ میں لیجاتے ہیں اور جبکہ قیامت میں زانی لوگ محشور ہونگے
ایک تختہ [illegible] انکی شرمگاہ سے آگ بہتی کہ بو سے تمام اہل محشر ایذا پاوینگے اور
کوئی شخص نہ ہوگا مگر یہ کہ انکو لعنت کریگا اور جو شخص زن نامحرم سے باتین کرے
بعوض ہر کلمہ کے ہزار برس دوزخ میں قید ہوگا اور اگر عورت اپنے شوہر سے
اطاعت کرے گناہ اسکا مثل گناہ مرد کے ہے اور اگر عورت نامحرم پر نگاہ کرے [illegible]
ذمہ لکھا جاتا ہے اور جو کوئی اپنی آنکھ کو حرام نگاہ سے پر کرے خداے تعالی روز آخر انکو
آگ سے بھرے گا اور جو کوئی زن نامحرم سے اختلاط کرے [illegible] ساتھ آگ کی زنجیروں
باندھی جاتیں اور پھر آگ میں ڈالدیا جاوے حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
فرمایا کہ فلان گروہ کے ساتھ تزویج کرو کہ مرد انکے صاحب غیرت ہیں اور عورتیں بھی
انکی صاحب عفت ہیں اور فلان گروہ سے تزویج نہ کرو کہ مرد انکے صاحب غیرت
نہیں اور عورتیں بھی انکی ایسی ہی ہیں اور جسکی نظر زن نامحرم پر پڑے اور نظر کو
اس سے پھیر لے ہنوز آنکھیں بند نہ کر چکا ہو کہ خداے تعالی اسکو ایمان عطا کرے
کہ لذت اسکی پاوے اور حور العین کو اسکے واسطے تزویج کرے اور جو کوئی اختلاط کرے عورت سے

یا مروت کوئی فریضہ و نافلہ اُسکا قبول نہیں ہوتا اور جب محشر میں آئیگا تو اُسکی بدبو سے
اہل محشر ایذا پاوینگے اور وہ شخص کافر ہی اور استبرق و حریر بہشت پر نہ بیٹھیگا اور فاعل
و مفعول دونوں کا یہی حکم ہی - مروی ہی کہ جو شخص مدد کسی جراحت کی کر سکتا ہی اور نکرے
تو ایسا ہی کہ اُسنے خود زخم لگایا - اور جو کوئی کسی شخص کو ناحق مار ڈالے ایسا ہی کہ تمام خلق
کو مار ڈالا ہوا اور جزا اُسکی جہنم ہی اور خدا تعالی مقتول کو تمام گناہوں سے پاک کرتا
ہی اور گناہ اُسکے قاتل کے ذمے لکھے جاتے ہیں اور سرکش ترین مردم خدا سے وہ شخص
ہی جو کسی کو ناحق قتل کرے یا مارے اور اگر اہل سموات و ارض کسی مسلمان کے
قتل میں شریک ہوں اور اسپر راضی ہوں خدا تعالی سب کو منہ کے بل جہنم میں
گرائیگا اور جو کوئی ایک کلمے سے اعانت قتل مومن میں کرے قیامت میں مقتول مطالبہ
اپنے خون کا اُس سے کریگا اور جو شخص کسی مومن کے ساتھ اُسکی حاجت برلانے میں
رفاقت کرے مگر اُسکی نیکی نہ چاہے تو ایسا ہی کہ خدا تعالی و رسول خدا صلعم
و ائمہ ہدی علیہم السلام سے خیانت کی اور خدا تعالی و رسول خدا صلعم و ائمہ ہدی
علیہم السلام اُسکے ساتھ مخاصمت کرینگے اور جو کوئی مومن کا کوئی کام کرے اور اُسکو
ضائع کرے تو خداوند عالم اُس شخص کو ضائع کریگا اور جو شخص والی و امیر ایک جماعت
کا ہو اور درمیان اُنکے عدل نکرے قیامت کے دن سر اور ہاتھ اور پاؤں بندھا ہوا محشر
میں آویگا اور جو حاکم رعایا کے دروازے سے منہ چھپاوے خدا تعالی قیامت میں اُس
اور اسکی حاجت سے اعراض کریگا اور اگر اُنکی کارسازی میں سستی کرے تو ایسا ہی
کہ خیانت کی اور اگر بابت ظلم کے درمیان اُنکے تقویت سلطین کی ہو اور وہ
شخص جہنم میں داخل ہوگا - اور بادشاہ دنیا کا ظالم ہی کہ جس نے رعیت کے ساتھ عدالت
نہ کی ہو اور وہ مالدار جو حق مال کا ادا نکرے اور وہ فقیر کہ فاجر ہو اور جو کسی پر ظلم کرے اللہ تعالی
اُسکو بعوض اُس ظلم کے اُسکی جان و مال و اولاد یا اولاد کی اولاد کے ساتھ مواخذہ کریگا

ف ۱ بیان قتل ۱۲

ف ۲ عدالت و ظلم کرنا والی ملک و امیر کا رعایا پر ۱۲

اور ظلم کرنا دنیا مین ایک ظلمات ہی دنیا و آخرت مین اور صراط پر ایک پل ہی کہ کوئی شخص
مظلمہ وار اسپر سے گذر نکریگا اور جو کوئی کسی مال کو ظلم و غصب سے لیوے اللہ تعالی
اُس سے روے رحمت پھیر لیتا ہی اور کوئی طاعت و حسنہ اُسکا قبول نہین فرماتا اور
وہ اُسکے نامہ عمل مین ثبت نہین کیا جاتا ہی جب تک کہ توبہ نکرے اور جو کوئی اعانت کسی ظالم
کی کرے ایسا ہی کہ اُسکے گناہ دیوان مین تحریر کیا ہوا اور اُسکے ساتھ محشور ہوگا یہانتک کہ وہ دوات
اُسکی دوات مین ڈالے یا کوئی تحریر اُسکی کرے اور جو شخص کہ ظالم پر راضی ہو وہ مثل ظالم
کے ہی خداے تعالی نے ایک بادشاہ جبار کے زمانہ مین ایک پیغمبر کو وحی بھیجی کہ اس بادشاہ
سے کہو کہ مین نے تجکو اسواسطے بادشاہ نہین کیا ہی کہ تو خون ناحق کرے اور مال لوگونکا لیوے
بلکہ ملک تجکو دیا مین نے اسواسطے کہ مظلومون کا انصاف کرے مین اُنکے مظلمہ سے درگذر
نکرونگا اگرچہ کافر ہوون اور جو کوئی کسی بادشاہ ظالم کو ظلم کی دلالت کرے یا
[illegible] ظالم کو ظلم پر آمادہ کرے پس وہ شخص دوزخ مین ہامان کے پاس ہوگا اور
جو کوئی [illegible] کسی ظالم کا قصد نکرتا ہو اُسکو [illegible] اُسکے گناہ بخشے جاتے
ہین اور جو کوئی نیکی کرے ظالمین کے پاس بیٹھے اور اُنکی دلائیں کرے خدا [illegible] ظالم
سے دور رہوا اور حقیقتا آتش دوزخ نزدیک تر ہو خدا سے دور رہوا اور خداے تعالی
پرہیزگاری کو اُسکے دل سے باہر نکال ہوئے اور حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا کہ
حق ہی خدا پر ظالم پر کہ [illegible] آخرت مین یا ایسے شخص کا رفیق کرے جسکے ساتھ سے
زندگانی بسر کی ہو اور [illegible] ظالمون کے مددگار قیامت مین [illegible]
مین ہونگے تا [illegible] خداے تعالی [illegible] کر حکم کرے اور جو کوئی کسی طمع سے
کسی صاحب سلطنت کی خدمت مین طمع کی رو سے کسی شخص کی مذمت کرے قیامت
مین اُسکا رفیق ہوا اور جو کوئی کسی صاحب سلطنت یا دولت یا کسی اور صاحب دین
کے آگے طمع کے واسطے تذلل و افتادگی کرے خداے تعالی اُسکو ذلیل گردانے اور

برکت اس میں سے اٹھالے اور اگر اس مال سے جو بطور ربا لیا ہو ہاتھ آیا ہو حج کو جائے
یا غلام خرید کر کے آزاد کرے یا کوئی اور امر خیر کرے تو اجر نہ پاوے گا اور ائمہ طاہرین علیہم السلام
سے منقول ہے کہ اگر [illegible] حلال [illegible]
[illegible]
[illegible] حلال ہوگا [illegible] امام جعفر صادق [illegible] مخالفت [illegible]
[illegible] مبتلا ہو کہ [illegible] اس کے [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] ان کی [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible]
[illegible] اللہ تعالیٰ [illegible]
[illegible] دل میں [illegible]
[illegible] اور [illegible] کھینچیں گے
اور [illegible] ہوں گے جب [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible]
[illegible] حرارت [illegible]
زیادہ ہو [illegible] خدا سے تعالیٰ [illegible]
[illegible] گیا [illegible]
[illegible] ہو اور [illegible] گناہ [illegible] بہتر ہے
[illegible] عبادت [illegible] اور اگر ایسا ہوتا ہرگز [illegible] گناہ [illegible]
[illegible] امام [illegible] نے فرمایا کہ ایک عابد اور ایک فاسق مسجد میں گئے
[illegible] تو عابد فاسق تھا اور فاسق عابد تھا سو [illegible] عابد
[illegible] مغرور ہو گیا اور فاسق اپنی معصیت سے ترساں اور پشیمان تھا

اور استغفار کرتا تھا مروی ہے کہ جو کوئی اپنی عبادت پر مغرور ہو کوئی عمل اسکا مقبول
نہیں ہوتا مروی ہے کہ ابلیس نے اپنے گروہ سے کہا کہ حسد درمیان آدمیوں کے
ڈالو کہ شراب کے برابر ہے یعنی یہ کہ حاسد برابر ہے شراب خوار کے اور کوئی شخص حسد کسی
چیز پر نہیں کرتا مگر یہ کہ خدا تعالیٰ اسکو ذلیل کرتا ہے اور حسد ایمان کو جلا دیتا ہے جسطرح
آگ لکڑی کو جلا دیتی ہے اور جسکے دل میں برابر دانہ رائی کے تعصب یعنی ہٹ دھرمی
ہو وہ کفار جاہلیت کے ساتھ محشور ہوگا اور بغض بھی اسی طرح ہے یعنی بغض بھی
ایمان کو دور کر دیتا ہے ایک دن کوئی شخص حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کے حضور
میں کہہ رہا تھا کہ میں فلان شخص ہوں عالی حسب ہوں اور درمیان اپنی قوم کے بزرگ
و عزیز ہوں فرمایا کیا تو افتخار حسب کا رکھتا ہے خدا تعالیٰ نے رتبہ بندوں کا بسبب
ایمان کے بلند کیا ہے اور کفار کو کفر میں ذلیل کیا ہے اور کسی کو کسی پر فضیلت نہیں ہے
مگر ساتھ تقویٰ و پرہیزگاری کے اور مروی ہے کہ نزدیک ترین صفات بکفر یہ ہے کہ
عیوب و خطا سے مومن کو یاد کرے اسواسطے کہ کسی دن اسکو آدمیوں پر ظاہر کرے
اور مکر بھی مثل اسی کے ہے اور مکار کی جگہ جہنم میں ہے اور مروی ہے کہ جو کوئی ڈھونڈے
عیوب مسلمین ہو خدا تعالیٰ اسکے عیوب کے درپے ہوتا ہے کہ اسکو رسوا کرے اور
مروی ہے کہ حضرت پیغمبر خدا صلعم نے فرمایا کہ ایک جماعت عیوب بسیار رکھتی تھی مگر چونکہ
عیوب مردم کے بیان کرنے سے وہ لوگ خاموش تھے پس خدا تعالیٰ نے لوگوں کو
انکے عیوب بیان کرنے سے خاموش کیا یہانتک کہ وہ لوگ دنیا سے گئے اور عیب انکا
لوگوں میں مذکور نہوا اور دوسری جماعت جسمیں کوئی عیب نہ تھا اس جماعت نے
عیب گوئی آدمیوں کی کی پس خدا تعالیٰ نے چند عیب انکے ظاہر فرمائے کہ آدمیوں
کی زبان پر آئے یہانتک کہ وہ دنیا سے گئے اور جو کوئی برائی و معصیت کسی کی افشا
کرے ایسا ہے کہ گویا خود اسکا ارتکاب کیا اور جو کوئی کسی مومن کو کوئی عیب لگا کے دنیا سے

نہ جائے جب تک کہ خود اس عیب میں مبتلا نہو اور خدائے تعالیٰ دنیا و آخرت میں اسکو رسوا
کرے اور مروی ہے کہ مومن نور عظمت و جلال خدا سے پیدا ہوا ہے جو کوئی مومن پر طعن کرے
گویا اس نے خدا پر طعن کیا اور وہ شخص شریک شیطان ہوا اور دوسری روایت میں ہے کہ جو
کوئی مومن پر طعن کرے وہ شخص بدترین بدبخت مرے اور جو کوئی مومن کی نسبت
ایسے امر کی روایت کرے کہ باعث خفت کا ہو اور مومنوں کی نگاہوں میں ہیں خدائے تعالیٰ
اس شخص کو اپنی ولایت سے باہر کرکے ولایت شیطان میں کریگا اور شیطان بھی
اسکو قبول نکریگا اور جو کوئی مومن کی غیبت کرے ایسا ہے کہ گوشت اسکی مردہ کا کھایا ہو
اور قیامت میں غیبت کرنے والوں کے منہ میں بدبو آئیگی ایسی کہ تمام اہل محشر ایذا پائینگے
اور غیبت کنندہ ان لوگوں میں سے ہے جنپر خدا نے لعنت کی ہے اور جو شخص چاہے کہ غیبت
درمیان مومنین کے شائع ہو وہ شخص عذاب الیم سے معذب ہوگا اور جو شخص کہ غیبت
مومنین کی سنے اور اسکی اعانت پر قادر ہو اور اعانت نکرے تو خدائے تعالیٰ اس
شخص کو دنیا و آخرت میں ذلیل کریگا اور گناہ اسکا غیبت کنندہ سے ستر درجہ زیادہ
ہے اور اگر غیبت کنندہ کی اعانت نہ کرے اور اسکو دفع کرے خدائے تعالیٰ ستر قسم
کی برائیاں دنیا و آخرت کی اس سے دفع کرے اور آگ سے اسکو آزاد کرے اور
مروی ہے کہ بہشت حرام ہے اسپر جو مومن کی غیبت کرے اور سخن چینی کرے تاکہ درمیان
مردم کے فتنہ برپا ہو مروی ہے کہ فرشتے چار شخصوں کو جہنم میں لیجائینگے اور جہنم میں لائینگے
اور اہل جہنم انکے نالہ و فغان سے زاری کرینگے اور کہینگے کہ یہ کون لوگ ہیں کہ ہم کو
باوجود اس عذاب کے تکلیف دیتے ہیں پس فرشتے کہینگے کہ یہ شخص جو تابوت آتش
میں ہے یہ وہ ہے کہ ادائے حق مردم اسکی گردن پر رہے ہیں ادا نہیں کیا اور ارادہ
ادا کرنے کا بھی نہیں رکھتا تھا اور یہ شخص [illegible] اور یہ شخص [illegible]
[illegible] ہے [illegible] کرتا تھا اور یہ [illegible] ان [illegible]

یہ وہ شخص ہے کہ لوگوں کی باتیں بیان کیا کرتا تھا اور یہ شخص کہ جو اپنا گوشت کھاتا ہے یہ
وہ شخص ہے کہ غیبت کرتا تھا اور غیبت یہ ہے کہ ایسی صفت کو جو کسی شخص میں ہو اور
وہ شخص اُس صفت کو پوشیدہ رکھتا ہو کہ سب لوگ نہ جانتے ہوں اور کوئی اُس صفت
کو دیکھ کر سب پر ظاہر کرے تاکہ سب لوگ جان لیں یہ غیبت ہے اور جو شخص ایسی صفت
کو ظاہر کرے کہ وہ صفت اُس شخص میں نہو تو وہ بہتان ہے اور جو شخص کسی مومن یا مومنہ پر
بہتان کرے وہ اہل جہنم سے ہے مروی ہے کہ جو کوئی کسی حاکم کو کسی مومن پر غصہ دلائے اگر
اور اُس حاکم سے اُس مومن کو ضرر نہو اور نہ اُس مومن کو ضرر پہونچے تو جزا اُسکی جہنم ہے
اور اگر اُس مومن کو اُس حاکم سے ضرر پہونچے تو وہ شخص فرعون و آل فرعون کے ساتھ
جہنم میں ہوگا اور جو کوئی تازیانہ مومن پر مارے خدائے تعالی تازیانہ آتش اُسپر ماریگا
اور اگر کوئی شخص مومن کے طمانچہ مارے روز قیامت جمیع اعضا جدا جدا ہو کر وہ شخص
زنجیر بگردن محشور ہوگا جب تک کہ جہنم میں جائیگا مگر یہ کہ توبہ کرے اور جو کوئی حق مومن
کا روکے اور بے عذر تاخیر کرے برکت رزق اُسپر حرام ہوتی ہے اور ہر ایک دن کی تاخیر ہو
مثل وزر عشار ظالم کے اُسپر گناہ لکھے جاتے ہیں اور اُسکو قیامت میں پانسو سال تک کھڑا
رکھیں گے کہ دریا اُسکے پسینہ کے جاری ہو جائینگے اور منادی ندا کریگا کہ یہ وہ ظالم
کہ حق مومن کو اُسنے روکا تھا چالیس روز تک اُسکو توبیخ کر کے پھر آتش جہنم میں اُسکو ڈالینگے
اور مروی ہے کہ جو کوئی ارادہ ادائے قرض کا نرکھتا ہو وہ شخص مثل چور اور لٹیرے کے ہے
اور ایسا ہی ہے وہ شخص جو ترک زکوٰۃ کرے اور جو مہر عورت کا نہ دے اور بعد مرنے کے
اپنے [illegible] لیجاوے اور مروی ہے کہ جو کوئی نیت ادائے قرض کی رکھتا ہو خدائے تعالی اُسپر
ایک فرشتہ موکل فرماتا ہے کہ محافظت اُسکی کرے اور اُسکی اعانت کرے اور اگر نیت اُسکی
ادائے دین میں کچھ کوتاہی کرتی ہے تو فرشتہ بھی بقدر اُسکے اعانت میں کوتاہی کرتا ہے اور
جیسے کوئی راہ خدا میں مارا جاوے اور ایک قطرہ خون اُسکا گرے بس تمام ہوا۔

اسکے بخشے جاتے ہیں اور کفارہ سب گناہوں کا ہوتا ہے مگر قرض کا کفارہ نہیں مگر یا ن
یا اسکو ادا کرے یا صاحب مال معاف کر دے یا وہ قرضہ کوئی شخص اپنے ذمہ لے لے
اور یا صاحب مال راضی ہو جاوے حدیث میں آیا ہے کہ جو صاحب مال قرضہ لینے پر
راضی ہو جاوے تو اس صاحب مال پر پانی اور مچھلیاں اور زمین اور دریا سب صلوات
بھیجتے ہیں اور مروی ہے کہ خدائے تعالی نے فرمایا ہے کہ جو کوئی قسم ہماری دروغ کھائے
وہ شخص میری رحمت سے بے نصیب ہے اور سوائے خدا کے اور قسم کھانا جائز نہیں
اور یہ بھی واسطے ہر مطلب سہل کے اگرچہ سچا ہو قسم کھانا نہ چاہیے کہ موجب استخفاف ہے
جناب باری تعالی کا اور مروی ہے کہ جو شخص اجیر یعنی مزدور کی اجرت کے دینے میں ظلم
کرے تو بہشت اس پر حرام ہوتی ہے اور جو کوئی مزدور کو نماز جمعہ پڑھنے نہ دے تو گناہ ترک
نماز جمعہ کا اس پر ہوتا ہے اور اگر مانع پڑھنے نماز جمعہ کا نہ ہو تو ثواب میں شریک ہوتا ہے اور
مزدور کی اجرت [illegible] کرنا چاہیے [illegible] کہ پسینا مزدور کا سوکھنے نہ پاوے
[illegible] پیشتر اجرت مزدوری کے
[illegible] اور اس باب میں تاکید بلیغ وارد ہوئی ہے اور مروی
ہے کہ جو کوئی ناحق گواہی دیوے وہ شخص منافقین کے ساتھ جہنم میں تمام درک اسفل میں
زبان سے لٹکایا جاویگا اور جو کوئی سچی گواہی کو چھپاوے خدائے تعالی درمیان اہل محشر
اسکا گوشت اسی کو کھلاوے گا اور زبان اپنی چباتا ہوا جہنم میں جاوے گا

فصل ۱۴۳ - فضائل حج و عمرہ

اہل بیت طاہرین علیہم السلام سے مروی ہے کہ جو شخص حج و عمرہ بجا لاوے گناہان گزشتہ
سے بری ہوا اور گناہوں سے پاک ہو وے جیسا کہ طفل ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے لیکن بشرط ایمان
اور یہ بھی مروی ہے کہ حج کا ثواب بہشت ہے اور کفارہ گناہوں کا ہے جو شخص کہ مشغول
تہیہ اسباب حج کا ہوتا ہے واسطے جس کام کے وہ اپنے قدم کو اٹھاتا ہے

اور رکھتا ہے ایک حسنہ واسطے اسکے لکھا جاتا ہے اور دس گناہ محو ہوتے ہیں اور دس
درجے بلند ہوتے ہیں جس وقت تک کہ تمام اسباب سے فارغ ہووے اور جب
سوار ہوتا ہے چوپایہ پر کہ ہر قدم جو اٹھاتا ہے اور رکھتا ہے اسی قدر حسنات واسطے اسکے
لکھے جاتے ہیں اور گناہ محو ہوتے ہیں اور جب طواف خانۂ کعبہ اور سعی صفا و مروہ
کرتا ہے گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے جیسا کہ اس دن ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے اور رمی جمار
وغیرہ روز قیامت کا ذخیرہ ہوگا اور ہر سنگریزہ قیامت تک بخشش کے ہر پتھر کے بدلے خدا تعالیٰ ایک
نور عطا فرمائیگا اور دوسری روایت میں آیا ہے کہ جب لبیک کہتا ہے ہر لبیک پر ایک
حسنہ لکھا جاتا ہے اور دس گناہ محو ہوتے ہیں اور جب سات مرتبہ طواف کرتا ہے تو
خداے تعالیٰ اسکو ذخیرہ اسکی آخرت کا کرتا ہے اور حکم کرتا ہے کہ بعد اسکے اسپر عذاب نہ
کرے اور جب مقام ابراہیم میں دو رکعت نماز بجا لاتا ہے دو ہزار حج واسطے اسکے
لکھے جاتے ہیں اور جب سعی صفا و مروہ کرتا ہے تو ایسا ہے کہ ستر بندہ مومن آزاد
کیے اور جب وقوف عرفات بجا لاتا ہے اسکے گناہ بخشے جاتے ہیں اور جب رمی جمرات
کرتا ہے تو ہر حجرہ پر ایک نیکی لکھی جاتی ہے اور جب قربانی کرتا ہے تو ہر قطرۂ خون پر ایک نیکی
لکھی جاتی ہے اور جب تمام مناسک سے فارغ ہوتا ہے تمام گناہوں سے پاک
ہو جاتا ہے اور چار مہینے تک اسکے گناہ اسپر نہیں لکھے جاتے مگر یہ کہ گناہ کبیرہ
کرے اور حاجی عمرہ گذار حجاج خدا ہیں اسکے مہمان رہتے ہیں اگر مر جائیں بہشت میں
جاتے ہیں اور اگر زندہ رہتے ہیں گناہ سے پاک ہوتے ہیں اور اگر دعا کرتے ہیں تو
خداے تعالیٰ دعا قبول فرماتا ہے اور جو سوال کرتا ہے عطا فرماتا ہے اور جو شفاعت کرتا
ہے قبول فرماتا ہے اور بالعموم ایک درہم کہ جو صرف کیا ہے ہزار درہم کا ثواب ہوتا
ہے اور دوسری روایت میں آیا ہے کہ اگر وقت جانے کے مر جائیں بخشے جاتے ہیں
اور اگر احرام باندھ کر مر جائیں لبیک کہتے ہوے محشور ہونگے اور ایسے ہی کے وقت

مرجائیں تمام گناہوں سے پاک ہو جاتے ہیں اور جو شخص جاتے ہیں یا آتے ہیں مرجاوے
وہشت عظیم سے روز قیامت بے خوف رہیگا اور یہ بھی مروی ہے کہ جو مومن ستر مرتبہ تلبیہ کہے
حق تعالیٰ ہزار فرشتوں کو گواہ کرتا ہے واسطے اسکے برأت نفاق و آتش جہنم سے اور جب حرم
میں پہونچتا ہے اور آخر کے غسل کرتا ہے اور کفش کو ہاتھ میں لیکر از روے تواضع کے
پا برہنہ داخل حرم ہوتا ہے تو حق تعالیٰ لاکھ نیکیاں واسطے اسکے ثبت فرماتا ہے اور
ہزار گناہ محو کرتا ہے اور لاکھ درجے بلند کرتا ہے اور لاکھ حاجتیں اسکی برلاتا ہے اور جب
خشوع و تسلیم کیساتھ داخل مکہ معظمہ ہوتا ہے اسکے گناہوں کو خدا سے تعالیٰ
بخش دیتا ہے اور جب داخل مسجد الحرام ہوتا ہے اور نظر اسکی کعبہ پر پڑتی ہے تو حق تعالیٰ
اسکے گناہوں کو عفو فرماتا ہے اور اسکی حاجتیں برلاتا ہے اور جب [illegible] کرتا ہے
تو ملائکہ اسکے لیے شفاعت کرتے ہیں اور [illegible] فرماتا ہے
اور یہ بھی مروی ہے کہ اہل حج تین قسم [illegible]
تمام بخشے جاتے ہیں [illegible]
وہ کہ اہل و مال انکا محفوظ رہتا ہے [illegible] حج
انکا مقبول نہیں ہوتا اور جو شخص عرفات میں حاضر ہوتا ہے دعا [illegible]
ہے خواہ مومن ہو خواہ مخالف لیکن مومن کی دنیا و آخرت [illegible] کی دنیا
میں [illegible] عرفات بجا لاتا ہے [illegible]
[illegible] سے تمام بخشے جاتے ہیں اور ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق
علیہ السلام سے پوچھا کہ گناہ کس کا عظیم تر ہے فرمایا کہ جو شخص [illegible] حج بجا لاوے
اور بعد اسکے ایسا جانے یا شک رکھتا ہو کہ گناہ اسکے بخشے نہیں گئے اور جب اہل حج اپنی
اپنی منازل میں نزول کرتے ہیں منادی ندا کرتا ہے کہ اگر جانو تم کس کا [illegible]
آئے ہو یقین کرو کہ جو کچھ اس سفر میں تمنے صرف کیا ہے بالعوض اسکے تمام گناہ

تمہارے بخشے اور یہ بھی مروی ہے کہ ایک درہم افضل ہے دو ہزار درہم سے کہ
غیر حج میں وجوہ خیر سے صرف کیا جاوے اور کسی شخص نے جناب رسالتمآب صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم سے عرض کیا کہ میں بہت مال رکھتا ہوں کوئی عمل مجھکو ایسا تعلیم فرمایئے
کہ اسکو بجالاؤں کہ اجر حج کا پاؤں فرمایا کہ اگر کوہ ابو قبیس تمام طلا کا ہو جاوے
اور سب راہ خدا میں صرف کر دے اجر حج کا نہ پائیگا اگر کوئی شخص بہ نیت خیر صالح و
نفقۂ مباح و پاکیزہ سے حج بجالاوے حق تعالی اسکے گناہوں کو بخشدیتا ہے اور خلق کو
اس سے راضی کرتا ہے اگر بہ نیت خالص اور نفقۂ مباح و پاکیزہ سے حج بجالاوے
اسکو افق اعلی میں گروہ انبیا اور صدیقین و شہدا و صالحین میں جگہ دیتا ہے اور یہ بھی
مروی ہے کہ اہل قبور خواہش کرتے ہیں کہ کاش عوض دنیا و مافیہا کے ہمکو ایک حج
ہو جاتا اور یہ بھی مروی ہے کہ جو شخص چار حج بجالاوے فشار قبر سے بے خوف ہوتا ہے
اور جب مر جاوے جو حج کہ بجالایا ہے بہتر صورتوں سے اسکی قبر میں داخل ہونگے
اور روز قیامت تک نماز پڑھینگے اور انکی نماز کا ثواب سب اسکے لیے ہوگا اور ایک
رکعت اس نماز کی برابر ہے مقابل میں ہزار رکعت نماز کے اور اگر پانچ حج بجالاوے
تو خدا تعالی ہرگز اسپر عذاب نہ کریگا اور جو شخص حج بہت بجالاوے عوض میں ہر
حج کے ایک شہر بہشت میں واسطے اسکے تیار ہوگا اور ہر شہر میں قصرہا و غرفہا کے
ایسا کہ انمیں حوریں ہونگی اور ہر ایک حور کی خدمت میں تین سو کنیزیں ہونگی کہ انکے
حسن و جمال کو کسی آنکھ نے نہ دیکھا ہوگا اور جو شخص جس وقت حج سے مراجعت کرتا ہے
اور ارادہ کرتا ہے کہ پھر دوسری مرتبہ حج کرونگا عمر اسکی زیادہ ہوتی ہے اور اگر اسکا
ارادہ ہو کہ پھر نہ آؤنگا موت اسکی نزدیک اور عذاب اسکے لیے مہیا ہوتا ہے اور
حضرت امام جعفر صادق نے ایک شخص سے پوچھا کہ کس لیے اس سال حج نہیں کرتا ہے
اسنے عرض کیا کہ شغل عیال مانع ہے حضرت نے فرمایا کہ جب تو مر جائیگا تو کون انکا

نصیب ہوگا تکلیف ذریت پر قناعت کرو اور ہر سال انکو واسطے حج کے لاؤ مروی ہی کہ
اگر حج سے کسی کو روکے دنیا میں آفت سے ایمن نہوگا یا کوئی عقوبت آخرت میں اسکے
لیے مہیا ہوگی اور مروی ہی کہ جو شخص مستطیع ہو اور پانچ سال میں ایک مرتبہ حج نکرے
بے نصیب ہوگا اور جو شخص بسبب کسی حاجت کے حوائج دنیا سے حج کو ترک کرے اہل حج
مناسک سے فارغ ہونگے اور ہنوز اسکی حاجت پوری نہوگی اور کوئی شخص حج سے
باز نہیں رہتا مگر بسبب اس گناہ کے کہ اسنے کیا ہی جس شخص نے حجۃ الاسلام نہیں کیا
بے ضرورت عظیم یا کسی مرض یا کسی بادشاہ کے روکنے سے پس جب مرجائیگا یہود یا
نصرانی محشور ہوگا اور ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق ع سے عرض کیا کہ ایک
مرد نے مجھ سے مشورہ حج کا کیا میں نے کہا کہ تو پریشان ہی اور تجھ پر دشوار ہی اور
اسکا مانع ہوا فرمایا کہ تو ایک سال کی بیماری کا منتظر رہ پس میں ایک سال بیمار رہا

فصل ۲۳۲ - فضائل نیابت حج و عمرہ و زیارات

اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے مروی ہی کہ جو شخص کسی دوسرے شخص کے لیے بطور حج
کرے تو دونوں حج کا ثواب پاتا ہی اور اگر اجرت لے تو ثواب نو حج کا اسکے لیے ہوتا ہی اور
ایک حج کا ثواب صاحب مال کو ہوتا ہی اور دوسری روایت میں آیا ہی کہ اسکا اور اسکے
والدین اور اسکی اولاد اور اسکے برادر اور خواہر اور عمو اور عمہ و خالہ کے سب گناہ بخشے جاتے
ہیں اور یہ بھی مروی ہی کہ اگر ہزار شخص کو اپنے ساتھ شریک کرے تو ہر ایک کو انمیں سے
ثواب حج کا ہوتا ہی بغیر اسکے کہ اسکے حج سے ثواب کم ہووے اور اسکو ان ثوابوں کا احسان
علیحدہ ہوگا اور ایسا ہی ہی اگر زیارت کو تبرعاً کرے یا کسی شخص کو شریک کرے اور بعد
فراغ حج یا زیارت کے کہے اَللّٰهُمَّ اَشْرِكْ فِي حَجَّتِي وَنُسُكِي وَصَلَوٰتِي
اور اگر زیارت آنحضرات علیہم السلام کی ہو تو کہے فِي زِيَارَتِي اَبِي وَاُمِّي وَفُلَانًا
یعنی بجای فلان جس شخص کا نام چاہیے لیوے اور کہے وَجَمِيعَ اَهْلِ بَلَدِي حُرِّهِمْ وَ

عَلَيْهِمْ وَابْصَرُهُمْ اَسْوَدَّ هُمْ وَتَجِيْءُ مُبَلِّغِيْهِمْ اور اگر نیابت حج یا طواف کرے کہے اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ حَجَّتِیْ یَا طَوَافِیْ وَصَلٰوتِیْ عَنْ فُلَانٍ وَفُلَانٍ

اس جگہ نام جس کسیکا چاہیے لیوے

فصل ۲۳۳ - فضائل زیارت جناب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

مروی ہے کہ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص زیارت کرے میری بروز قیامت میرے ہمسایہ میں رہیگا اور میری شفاعت اسپر واجب ہو گی اور جس شخص پر میری شفاعت واجب ہو گی اسپر بہشت واجب ہو گا اور جو شخص مکہ معظمہ یا مدینہ منورہ میں مرجائیگا وہ شخص حساب سے امین رہیگا اور جو شخص کہ بعد وفات کے میری زیارت کرے ایسا ہے کہ میرے ساتھ ہجرت کی - اگر میری زیارت کے لیے بعدم استطاعت نہ پہونچ سکے مجھ پر سلام بھیجے اور یہ بھی آں حضرت سے مروی ہے کہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امام حسینؑ سے فرمایا کہ اے فرزند جو شخص کہ ہماری یا تمہاری یا تمہارے باپ کی زیارت کرے مجھ پر لازم ہے کہ بروز قیامت اسکی زیارت کروں اور اسکو گناہوں سے پاک کروں اور بہشت اسکے لیے واجب ہو اور دوسری روایت میں فرمایا کہ اسکو اہوال و شدائد قیامت سے رہا کرونگا اور بہشت میں اپنا رفیق کرونگا اور یہ بھی مروی ہے کہ جو شخص آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کرے ایسا ہے کہ اس شخص نے عرش پر خدا کی زیارت کی

فصل ۲۳۴ - فضائل زیارت اہلبیت طاہرین علیہم السلام

مروی ہے کہ ہر امام کے لیے شیعوں کی گردن پر ایک عہد ہے منجملہ اسکے آں حضرات کی قبور کی زیارت کا عہد ہے پس جو شخص کسی معصوم کی جمیع اہلبیت علیہم السلام سے زیارت کریگا اور دو رکعت نماز اس روضہ میں بجالائیگا تو ایک حج مقبول کا ثواب پائے گا اور اگر چار رکعت نماز بجالائیگا تو ایک حج اور ایک عمرہ کا ثواب نامہ اعمال میں لکھا جائیگا

اور جناب رسالتمآب صلعم نے ولایت مآب علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے فرمایا کہ
اے علی خدا نے تعالی نے تمہاری قبر اور تمہاری اولاد کی قبور کو مقامات بہشت سے قرار دیا ہے
اور اپنے خاص بندوں کے دل کو انکی طرف مائل کیا ہے کہ انکی محبت میں مشقتیں اٹھاتے ہیں
اے علی وہ ایسے لوگ ہیں کہ میں انکی شفاعت کرونگا اور حوض کوثر سے سیراب کرونگا اور
وہ لوگ ہمسایہ میرے ہیں بہشت علیین میں اور جو شخص تمہارے قبور کی تعمیر کریگا ایسا
ہے کہ بنا اسنے بیت المقدس میں اعانت حضرت سلیمان کی کی اور جو شخص تمہارے قبور کی
زیارت کرے برابر ہے ستر حج کے کہ بعد حجۃ الاسلام کے کیے ہوں اور گناہوں سے پاک ہوگا
مثل اسکے کہ شکم مادر سے پیدا ہوا ہو اور نعمت بہشت واسطے تمہارے دوستوں کے مہیا ہے
کہ کسی آنکھ نے نہیں دیکھی اور کسی کان نے نہیں سنی اور کسی دل میں نہیں گذری اور جناب
فاطمہ علیہا السلام سے مروی ہے کہ فرمایا کہ جو شخص تین روز میرے پدر بزرگوار پر اور مجھ پر
سلام بھیجے ایام حیات میں یا بعد وفات کے لیے بہشت اسپر واجب ہے

فصل ۲۳۵ ۔ فضائل زیارت جناب ابو الائمۃ الطاہرین وصی جناب ختم المرسلین علی ابن ابیطالب

اہلبیت علیہم السلام سے مروی ہے کہ جو کوئی مومن جناب امیر علیہ السلام کی زیارت بجالاوے
خدا نے تعالی اسکے واسطے اجر شہید کا ثبت فرمائیگا اور گناہ گذشتہ و آئندہ اسکے
بخشیگا اور زمرۂ آمنین میں محشور ہوگا اور حساب اسپر آسان ہوگا اور جانے کے
وقت ملائکہ اسکا استقبال کرتے ہیں اور مراجعت کے وقت اسکی مشایعت کرتے ہیں
جبتک کہ اپنے گھر پہونچائیں اور اگر بیمار ہوتا ہے اسکی عیادت کرتے ہیں کسی نے خدمت حضرت
امام جعفر صادق میں عرض کی کہ میں کوفے سے آپکی خدمت میں حاضر ہوا ہوں اور جناب
امیر المومنین علیہ السلام کی زیارت کو نہیں گیا فرمایا کہ تو نے بہت برا کیا اگر تو میرے دوستوں
میں سے نہوتا تو میں تیری صورت نہ دیکھتا تو زیارت نہیں کرتا ہے ایسے شخص کی کہ خدا و انبیاء
و ملائکہ و مومنین جسکی زیارت کرتے ہیں مروی ہے کہ جو شخص پیادہ واسطے زیارت جناب

امیرؑ کے جاوے ہر قدم پر ایک حج اور ایک عمرہ کا ثواب نامۂ اعمال میں لکھا جاتا ہے اور دوسری روایت میں آیا ہے کہ جو شخص واسطے زیارت جناب امیرؑ کے جاوے تو ہر قدم پر ایک حج اور ایک عمرہ مقبول واسطے اسکے لکھا جاتا ہے اور خدائے تعالی آگ میں نہ لیجائیگا اُس قدم کو کہ جسپر اُن حضرت کی زیارت میں غبار پڑا ہو خواہ سوار ہو خواہ پیادہ

فصل ۲۳۶ - فضائل زیارت جناب امام حسین علیہ السلام

مروی ہے اہلبیت طاہرین صلوات اللہ علیہم اجمعین سے کہ جو شخص زیارت جناب امام حسینؑ کی کرے اور انکو امام مفترض الطاعۃ جانے کمتر اجر اسکا یہ ہے کہ گناہان گذشتہ اور آئندہ اسکے سب بخشے جاتے ہیں اور زیارت اُن حضرت کی فرض ہے ہر مسلم پر جناب امام جعفر صادقؑ نے کسی شخص سے پوچھا کہ تو نے کتنے حج کیے ہیں اُسنے عرض کیا کہ سترہ حج کیے حضرت نے فرمایا کہ اگر تو بیس حج کرے تو حضرت امام حسینؑ کی ایک زیارت کے برابر ہے اور دوسری روایت میں آیا ہے کہ زیارت اُن حضرتؑ کی برابر ہے بیس حج و عمرہ کے دوسری روایت میں آیا ہے کہ زیارت اُن حضرتؑ کی برابر ہے پچیس حج کے اور بھی مروی ہے کہ جناب امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ زیارت اُن حضرتؑ کی مثل حج و عمرہ کے ہے اور اضعاف و مضاعف اسکے راوی کہتا ہے کہ میں نے پوچھا کہ مثل حج و عمرہ کے ہے فرمایا کہ شمار نہیں کر سکتے ہیں میں نے کہا کہ ہزار حج و عمرہ کے برابر ہے فرمایا کہ زیادہ تر بعد اسکے فرمایا کہ نعمت خدا کو ہر چند کہ تو شمار کرے وہ تمام نہیں ہوتی ہے اور یہ بھی مروی ہے کہ زیارت اُن حضرت کی برابر ہے اسکے کہ ہزار بندے آزاد کرے تو اور ہزار گھوڑے مع زین و لجام راہ خدا میں واسطے جہاد کے بھیجے تو اور امان ہے مکان کے نیچے دبجانے اور ڈوبنے اور آگ میں جلجانے اور تمام آفات سے اور سبب درازی عمر اور زیادتی رزق کا ہے اور اُن حضرتؑ کی زیارت کے لیے جانے میں جو ایام گذرتے ہیں وہ عمر میں محسوب نہیں ہوتے اور اُن حضرت کی زیارت کا ترک کرنا سبب نقصان عمر و رزق کا ہے اور حضرت امام جعفر صادقؑ

نے فرمایا کہ جو شخص اُن حضرت کی زیارت کو ترک کرے اُسکی عمر میں تین سال کم ہو جاتے
ہیں اور اگر وہ شخص بہشت میں جائیگا تو آپکا مرتبہ مومنین سے پست تر ہوگا اور یہ بھی مروی ہے
کہ جو شخص اُن حضرت کی زیارت کو جاوے اور اُسکا مقصود نام و شہرت و فخر نہ ہو دنیا سے
تو گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے مثل پاک و صاف بچہ ہوئے کے جیسے کہ اور ہر قدم پر
کہ جو رکھا جاوے ایک حج کا اور ہر قدم پر کہ جو اُٹھایا جاوے ایک عمرہ کا ثواب اُسکے
نامۂ اعمال میں لکھا جاتا ہے اور اُسکی شفاعت پچاس گناہگاروں کے حق میں قبول ہوگی
اور کوئی چیز اُس روضہ میں خالی نہ جاویگا مگر یہ کہ خداے تعالیٰ عطا فرماویگا اور ایک
درہم جو شخص کہ اس راہ میں صرف کریگا دس ہزار درہم بہشت سے کہ اُسکے
عوض میں اور چار ہزار فرشتے خداے تعالیٰ عطا فرمائیگا اور دوسری روایت میں ہے ستر ہزار
فرشتے ژولیدہ مو غبار آلودہ کہ اُن حضرت کی قبر پر موکل ہیں گریان ہیں روز قیامت
تک جب کوئی شخص اُن جناب کی زیارت کو جاتا ہے تو وہ فرشتے اُسکی مشایعت کرتے
ہیں اور اگر بیمار ہوتا ہے تو اُس شخص کے لیے استغفار کرتے ہیں اور یہ بھی مروی ہے کہ جو شخص
اُن حضرت کی زیارت کے واسطے جاتا ہے ہزار فرشتے اُسکے داہنے اور بائیں جانب
رفیق ہوتے ہیں اور خداے تعالیٰ ہزار حج و ہزار عمرہ کا ثواب اُسکے نامۂ اعمال میں
ثبت فرماتا ہے کہ ساتھ پیغمبر یا وصی پیغمبر کے کیے ہوں اور یہ بھی مروی ہے کہ جو شخص اُن حضرت
کی زیارت کا قصد کرتا ہے اہل آسمان ایک دوسرے کو خوشخبری دیتے ہیں اور جب گھر سے
باہر آتا ہے خواہ پیادہ ہو خداے تعالیٰ چالیس ہزار فرشتوں کو موکل فرماتا ہے کہ اُسپر
صلوات بھیجیں جب تک کہ روضۂ مقدسہ میں پہونچے اور جب روضۂ مقدسہ میں
داخل ہووے اور کہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ آدَمَ صَفْوَةِ اللّٰهِ تا آخر
زیارت اور یہ زیارت اعمال ماہ شعبان میں مذکور ہو چکی ہے بعد اُسکے جانب قبر مقدس
روانہ ہووے تو جو قدم کہ رکھا جاوے اور اٹھایا جاوے ہر قدم پر یہ ثواب ہے کہ ۲۹

راہ خدا میں اپنے خون میں لوٹا ہو بعد اسکے ہاتھ قبر مطہر پر رکھکر کہے اَلسَّلَامُ
عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ تا آخر بعد اسکے ایک طرف جا کر نماز میں مشغول ہووے
تو خدا تعالیٰ اور ملائکہ اسپر صلوات بھیجتے ہیں جب تک کہ فارغ ہو اور جو ایک رکعت
نماز اس روضۂ مقدسہ میں پڑھے تو خدا تعالیٰ ہزار حج اور ہزار عمرہ اور ہزار بندہ آزاد
کرنے اور ہزار مرتبہ پیغمبر مرسل کے ساتھ جہاد کرنے کا ثواب عطا فرماویگا اور جب
اس جگہ سے اٹھیگا تو ایک فرشتہ ندا کریگا کہ اے بندۂ مومن تجھکو خوشخبری ہو کہ تیرے سب
گناہ گذشتہ بخشے گئے اور اگر اس سال میں مر جاوے تو خدا تعالیٰ خود اپنے
دست قدرت سے اسکی روح قبض کرے اور جب اپنے گھر کو واپس آویگا تو فرشتے
اسکی رفاقت کرینگے اور اسپر صلوات بھیجینگے یہانتک کہ اپنے گھر کو پہونچے پھر اسکے
در خانہ پر مقام کرکے تسبیح اور تہلیل اور تقدیس خدا کرتے رہینگے جب تک کہ اسکی اجل
پہونچے تو ثواب اس سب عبادت کا اس شخص کے لیے ہوگا بعد اسکے اسکے غسل و کفن
دینے اور نماز پڑھنے میں حاضر ہونگے اور بعد دفن اسکی قبر پر مقیم ہونگے اور
ذکر الٰہی اور تسبیح و تقدیس کرتے رہینگے روز قیامت تک اور ثواب اسکا اسی میت
زائر کے لیے لکھا جائیگا اور یہ بھی روایت ہے کہ نماز فریضہ ان حضرت کی قبر مقدس کے
سامنے برابر ہے ایک حج کے اور نماز نافلہ برابر ہے عمرہ کے اور حدیث میں ہے کہ جو مومن
نہر فرات میں غسل کرے اور زیارت ان حضرت کی کرے تو ہر قدم پر ایک حج اور ایک
عمرہ کا ثواب اسکے لیے لکھا جاتا ہے

فصل ۲۳۴ ۔ فضائل زیارت جناب امام رضا علیہ السلام

مروی ہے کہ کسی شخص نے حضرت امام محمد تقی سے پوچھا کہ زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام
افضل ہے یا زیارت حضرت امام رضا کی فرمایا کہ زیارت میرے پدر کی افضل ہے کہ حضرت امام حسین کی
سب شخص زیارت کرتے ہیں اور میرے پدر کی زیارت سوا دوستوں اور شیعوں کے نہیں

مخصوص ہے اور مروی ہے کہ جو شخص اُن حضرت کی زیارت کرے اور اُنکی امامت کا معترف ہو
اُسکے گناہان گذشتہ و آئندہ بخشے جاتے ہیں اگرچہ بعدد ستارہاے آسمان و قطرہاے
باران و برگہاے درختان کے ہوں اور روز قیامت بیچ جناب رسالتمآب صلے اللہ
علیہ و آلہ وسلم کے منبر کے مقابل میں ایک منبر اُسکے لیے نصب کرینگے جب تک کہ
خداے تعالی حساب خلائق سے فارغ ہووے اور خود اُن حضرت نے فرمایا ہے کہ جو شخص کہ
میری تربت کی زیارت کرے ثواب لاکھ شہید اور ثواب لاکھ صدیق اور ثواب لاکھ حج اور
ثواب لاکھ جہاد کا خداے تعالی اُسکو عطا فرماتا ہے اور جب محشور ہوگا بہشت کے درجات
عالیہ میں ہمارا رفیق ہوگا اور میں اور میرے آبا اُسکے شفیع ہونگے اور جس شخص کے کہ
ہم شفیع ہوں وہ نجات پائیگا اگرچہ گناہ تمام جن و انس کے برابر رکھتا ہو اور یہ بھی آنحضرت
نے فرمایا کہ جو شخص کہ میری زیارت کرے بروز قیامت تین وقت میں اُسکی دستگیری
کرونگا اور اہوال و شدائد سے اُسکو رہا کرونگا اول اُس وقت کہ نامہاے اعمال چپ و راست
میں متفرق ہونگے اور اُس وقت کہ اعمال خلق کو میزان میں وزن کرینگے اور اُس وقت کہ
گناہگاروں کے قدم صراط پر لغزش کرینگے اور یہ بھی فرمایا کہ میری زیارت برابر ہے
ہزار حج و ہزار عمرہ کے راوی کہتا ہے کہ حضرت امام محمد تقی علیہ السلام سے میں نے از روے تعجب
کے پوچھا کہ ایسی حدیث کو آپکے پدر بزرگوار کی طرف سے روایت کریں فرمایا ہاں ہزار حج
کے برابر ہے واسطے اُس شخص کے کہ حق اُن حضرت کا پہچانے اور جانے کہ امام مفترض الطاعۃ
ہیں اور یہ بھی مروی ہے کہ جو شخص اُن حضرت کی زیارت ایک شب اُس روضہ میں کرے
ایسا ہے کہ خدا کی عرش پر زیارت کی اور یہ بھی مروی ہے کہ ائمہ طاہرین صلوات اللہ علیہم اجمعین
کے زائروں میں جو بہشت میں اُن بزرگواروں سے نزدیک ہیں وہ ہم صحبت ہونگے اور حضرت
امام رضاؑ کے زائرین ہیں [illegible] اور یہ بھی کہ جو شخص کہ اُن حضرت کے روضہ
مقدسہ میں [illegible] افضل ہوتا ہے [illegible] ہوگا اور جناب رسالتمآب

صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ ایک فرزند میرا خراسان میں مدفون ہوگا کوئی مومن اسکی زیارت نہ کریگا مگر یہ کہ خدا ئے تعالی اسکے جسم پر آتش جہنم کو حرام کریگا اور بہشت اسکے لیے واجب کریگا اور کوئی محزون آن حضرت کی زیارت نہیں کرتا ہی مگر یہ کہ خدا ئے تعالی اسکی تکلیف کو راحت سے بدل دیتا ہی اور کوئی گنہگار آن حضرت کی زیارت نہیں کرتا ہی مگر یہ کہ گناہ اسکے بخشے جاتے ہیں اور جناب امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ فرزند میرا طوس میں شہید ہوگا جو شخص اسکی زیارت کریگا میں روز قیامت میں اسکا ہاتھ پکڑ کر داخل بہشت کرونگا اگرچہ اہل کبائر سے ہو اور جو شخص کوئی حاجت رکھتا ہو غسل کر کے آن حضرت کی زیارت کرے اور بالائے سر مبارک قبر مطہر دو رکعت نماز حاجت پڑھے اور قنوت میں اپنی حاجت کو طلب کرے تو دعا مستجاب ہوتی ہی اگرچہ اسنے معصیت قطع رحم کی ہو

فصل ۲۳۸ ۔ آداب و کیفیت زیارت اہلبیت طاہرین علیہم السلام

واضح ہو کہ اہلبیت علیہم السلام میں سے ہر ایک معصوم کی زیارت کے واسطے غسل کرنا مستحب ہی اور وقت غسل کرنے کے یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِي وَطَهِّرْ قَلْبِي وَاشْرَحْ صَدْرِي وَاَجْرِ عَلٰی قَلْبِي مَحَبَّتَكَ وَعَلٰی لِسَانِي مِدْحَتَكَ وَالثَّنَاءَ عَلَيْكَ فَاِنَّهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ وَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّ قُوَّةَ دِيْنِي التَّسْلِيْمُ لِاَمْرِكَ وَالِاتِّبَاعُ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ وَالشَّهَادَةُ عَلٰی جَمِيْعِ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لِي طَهُوْرًا وَشِفَاءً وَنُوْرًا اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ اور جامہ پاک پہننا اور عطر لگانا اور وقار و سکینہ کے ساتھ ذکر الٰہی و تسبیح و صلوات پڑھتا ہوا روضات مقدسات کی طرف متوجہ ہونا مستحب ہی لیکن جناب امام حسینؑ کی زیارت میں عطر نہ لگانا اور بند ہاے جامہ کھول دینا اور رلانے اور سر پیٹنے سے

اجتناب کرنا اور مصیبت زدوں کی ہیئت میں متوجہ ہونا سنت ہے اور جب وہ زیارت
مقدسات کے ابواب مطہرات پر پہونچے اول اس دعا سے اذن طلب کرے
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ قَدْ وَقَفْتُ عَلٰی بَابٍ مِّنْ اَبْوَابِ بُیُوْتِ نَبِیِّكَ

فصل ۲۳۹ - فضائل اماکن مقدسہ

اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے مروی ہے کہ جو شخص نظر کعبہ پر کرتا ہے اور ہمارے
حق کو پہچانتا ہے اسکے گناہ بخشے جاتے ہیں اور مہمات دنیا و آخرت خدائے تعالی
پورے کرتا ہے جبتک کہ نظر اسکی کعبہ پر رہتی ہے حسنہ واسطے اسکے لکھا جاتا ہے اور
گناہ محو ہوتا ہے اور خدائے تعالی کی حوالی کعبہ میں ایک سو بیس رحمتیں ہیں ساٹھ رحمتیں
طواف کرنے والوں کے لیے اور چالیس نماز گذاروں کے لیے اور بیس نگاہ کرنیوالوں
کے لیے اور جو کوئی شخص ایک حج میں مر جائے خدائے تعالی حساب اس سے نہ لیگا
اور اگر حرم کعبہ میں مر جائے فزع اکبر سے بے خوف رہیگا اور ایک مرتبہ سبحان اللہ
مکہ معظمہ میں کہنا افضل ہے عراق کے تمام خراج سے کہ راہ خدا میں صرف کریں اور
جو شخص مکہ معظمہ میں قرآن مجید ختم کرے دنیا سے نہ جائیگا جبتک کہ اپنی جگہ بہشت میں
نہ دیکھ لیگا اور مکہ معظمہ میں کسی چیز کا کھانا مثل اس روزہ کے ہے کہ جو روزہ دوسری جگہ
رکھا ہو اور ایک روز کا روزہ مکہ معظمہ کا مثل ایک سال کے روزوں کے ہے کہ جو
دوسری جگہ رکھے ہوں اور جو شخص ایک سال تک مکہ معظمہ کا ہو رہے اسکی اور
اسکے اہلبیت کی اور اس شخص کی کہ جس شخص نے اسکے لیے استغفار کیا ہو اور قبیلہ
اور ہمسایہ کے گناہ بخشے جاتے ہیں اور جو شخص مکہ معظمہ میں بیمار ہو کر مرے
ایسا ہے کہ راہ خدا میں اپنے خون میں لوٹا ہو اور ایک نماز مکہ معظمہ میں برابر ہزار نماز کے
اور ایک درہم صدقہ کا برابر لاکھ درہم کے اور جو شخص کہ ایک نماز مکہ معظمہ میں ادا
کرے اسکی نمازہائے گذشتہ و آئندہ وقت اجل تک سب مقبول ہو جاتی ہیں اور

جیسا کہ خانہ کعبہ سے نزدیک تر ہے افضل ہے [illegible] اور پیغمبروں
روایت میں ہزار انبیاء نے نماز ادا کی ہے جو شخص کہ وہاں دو رکعت نماز پڑھے برابر ہزار سال
کی عبادت کے اور سو مرتبہ سبحان اللہ کہنا برابر ہے وہاں ایک بندہ آزاد کرنے کے
اور سو مرتبہ اللہ اکبر کہنا اور سو مرتبہ الحمد للہ کہنا برابر ہے عراق عجم و عراق عرب کے کہ
راہ خدا میں صدقہ دیویں اور ایک نماز مسجد جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ مدینہ منورہ میں
برابر ہے دس ہزار نماز کے اور ایک درہم صدقہ کا برابر ہے دس ہزار درہم کے اور
دو رکعت مسجد قبا میں برابر ہے ایک عمرہ کے اور مسجد کوفہ میں ہزار انبیاء اور ہزار اوصیاء
نے نماز ادا کی ہے ایک نماز فریضہ اس جگہ برابر ہے ہزار نماز اور ایک حج کے اور ایک
نماز نافلہ اس جگہ برابر ہے پانسو نماز اور ایک عمرہ کے اور اس جگہ بیٹھنا بے ذکر
و تلاوت کے عبادت ہے اور مسجد سہلہ میں پیغمبر اور وصی نے نماز ادا کی ہے اور خانہ
حضرت ابراہیم اور خضر و ادریس اسی مسجد میں ہے اور ایک پتھر ہے کہ تمام انبیاء علیہم السلام
کی خاک اسی جگہ سے اٹھائی ہے جو شخص کہ اس مسجد میں دو رکعت نماز ادا کرے اور دعا
کرے خدا سے تو البتہ اس کا غم [illegible] ہو جائے

فصل ۲۷۰ - فضائل زیارت قبور مطہرین و صلحاء مومنین

جمال الصالحین میں [illegible] امام حسن عسکری علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص امام زادہ
عبد العظیم کی مقام ری میں زیارت کرے [illegible] امام حسین کی زیارت کی
اور [illegible] زیارت کرے [illegible]
[illegible]
صلحاء [illegible] کی زیارت کرے [illegible] زیارت کا ثواب [illegible]

فصل ۲۷۱ - بیان فضائل مرثیہ

[illegible] صاحب [illegible] رحمۃ اللہ [illegible]

اور اسپر صبر کرنے کا ثواب بہت ہے منقول ہے اہلبیت عصمت علیہم السلام سے کہ جب خدا تعالی
بندہ پر مہربان ہوتا ہے تین چیزوں میں سے ایک چیز اسکو تحفہ بھیجتا ہے یا درد سر یا تپ یا درد
چشم اور ایک شب کے درد سر میں گناہ صغیرہ و کبیرہ زائل ہو جاتے ہیں بلکہ حدیث میں
وارد ہے کہ جب تک مرد مومن بیمار رہتا ہے بائیں ہاتھ کا فرشتہ گناہ اسکے نہیں
لکھتا اور سیدھے ہاتھ کا فرشتہ وہ سب اعمال خیر لکھتا ہے جو حالت صحت میں کیے
ہوں اگرچہ مرض میں بجا نہ لایا ہو منقول ہے کہ تپ ایک شب کی ستر برس کی عبادت کے
برابر ہے راوی نے عرض کیا اگر اس سن کو آدمی نہ پہونچا ہو فرمایا اسکے والدین کے لیے
ثواب لکھا جاتا ہے عرض کیا اگر شمول والدین بھی ستر برس کو نہ پہونچے ہوں فرمایا کہ
اقربا کو شامل کرکے اتنا ثواب لکھا جاتا ہے عرض کیا اگر شمول بھی [illegible] سے
نہ ہوتے ہوں فرمایا کہ ہمسایوں کے لیے لکھا جاتا ہے اور گویا حاصل سوال یہ ہے کہ ثواب
عبادت البتہ کفارہ گناہوں کا ہے اور ممکن ہے کہ عمر انسان کی ستر برس سے کم ہو پس گناہ
ہیں کہاں جو محو ہونگے امام علیہ السلام نے صراحت فرمائی کہ اشخاص مذکورہ کو ثواب کا
شمول اس حد کی تکمیل تک گناہوں کی بخشش کے لیے کیا جائیگا منقول ہے کہ بندہ
کے لیے ایک رتبہ خدا کے نزدیک ہے کہ اس رتبہ تک نہیں پہونچ سکتا مگر دو سبب سے
یا تلف ہونے مال کے یا بدن کے کسی عارضہ کے ہونے سے منقول ہے کہ اگر کسی کو ایک
شب تپ [illegible] کسی [illegible] ساٹھ برس کی عبادت کا ثواب
اسکے لیے لکھا جاتا ہے [illegible] میں مبتلا ہوں کہ کوئی نہ ہوگا اور یہ
[illegible] میں گرفتار رہا [illegible] نہیں ہے بلکہ بعض احادیث میں وارد ہوا ہے
[illegible] شکوہ [illegible] کہ [illegible] شکوہ ہے اور غیر مومن سے شکوہ کرنا خدا کی
شکایت [illegible] مومن سے شکوہ مرض کرنا برا نہیں خصوصاً جبکہ التماس دعا مقصود ہو
پھر زن مسلمہ مردہ کی بابت بھی یہی حکم فرمایا کہ اگر محرم مرد مسلمان اور زنان مسلمہ ہمراہ نہوں
تو نصرانیہ عورتیں اول خود نہائیں پھر میت کو غسل دیں اور خدمت سید عالم صلعم میں
کچھ لوگوں نے آکر عرض کیا کہ ایک عورت مسلمان مر گئی اور اسکے ساتھ کوئی محرم نہ تھا
فرمایا پھر تمنے کسی زن کتابیہ یعنی یہودیہ اور نصرانیہ کو نہیں ڈھونڈھا عرض کیا
نہیں فرمایا پھر تمنے اسکو تیمم کیوں نہیں دیا اور عمل اس پر مشہور ہے جبکہ بعض علماء نے
اس حدیث پر عمل نہیں کیا جناب شیخ صاحب فرماتے ہیں کہ اگر عمل اسپر کریں تو ضرر
نہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ اگر موجود نہو تو مسلمان میت غسل کی کرے اور کافر یا کافرہ کرے الت انثری ہیں

یا کافر نہ لگانے دے اور پھر ممکن ہو غسل مسلمان تو غسل کا اعادہ کریں اور جو میت اثنا عشری
ہو اور غسل اسکے کہ سنی موجود ہوں یعنی بحالت مرنے زن شیعہ کے زنان شیعہ
یا بحالت مرنے مرد شیعہ کے مردان سنی تو میت اثنا عشری کو غسل دے سکتے ہیں
اور حاجت اعادہ غسل کی نہیں اور رائس غاسل کا اول نہانا بھی شرط نہیں ہے اور اگر
میت جلکر مرا ہو یا اسکے بدن پر چھالے ہوں یا گوشت و پوست کے کھٹ جانیکا اندیشہ
ہو تو بسبب اشکال غسل ساقط ہے اور تین تیمم دیں بدلے تین غسلوں کے بلکہ بعد ان تینوں
تیمموں کے ایک تیمم اور بھی بالعوض مجموع تینوں غسلوں کے دیں اور جسکا مارڈالنا
بسبب قصاص کے یا سنگسار کرنا بسبب حد زنا کے ضرور ہے تو غسل میت بعد موت کے ساقط
ہے بسبب اسکے کہ واجب ہے کہ اسکو غسل میت قبل از مرگ کے دیں بایں طور کہ باذن امام
یا نائب خاص و عام اول آب سدر سے پھر آب کافور سے پھر آب خالص سے
غسل کرے اور قبل اغسال کے وضو کرے اور حنوط کرے مثل میت کے یعنی
کافور ملے ساتوں اعضائے سجدہ پر اور مراد ساتوں اعضائے سجدہ سے پیشانی اور
دونوں ہتھیلیاں ہاتھوں کی اور دونوں زانو اور دونوں انگوٹھے پاؤں کے ہیں
پھر پہنیں پارچہ کفن کے جیسے مثل میت کے پھر اسپر حد جاری کریں اور اگر قصاص
کرنا ہو تو لواحقہ کو ... بلکہ بعد قصاص کے دیتا [illegible] یا لواحقہ کو دیتا دیویں اور
بوضع قصاص کو باقی رکھیں پھر [illegible] غسل میت [illegible] جانے کے حاجت
غسل نہیں بلکہ پھر غسل میت [illegible] انکا بسبب موت کے نجس
نہیں ہوتا اسی سبب سے انکی [illegible] کبھی غسل مس میت ساقط
ہے اور [illegible] اعادہ غسل
لازم نہیں بلکہ اگر غسل جنابت و حیض وغیرہ بھی اسپر لازم ہوں تو کوئی اور غسل بعد
[illegible] کرے گا علی الاقوی جیسا کہ میت کے [illegible] غسل میت کافی ہے گو

غسل جنابت کی بھی ضرورت قبل مرگ کے رکھتا ہو لیکن احوط یہ ہے کہ غسل جنابت کو قبل
یا بعد غسل میت کے بجا لائے مگر احکام مذکورہ مشروط چند شروط سے ہیں اول یہ کہ غسل
بجالایا ہو پس اگر عمداً یا سہواً یا جہلاً ترک کرے تو بعد اس کے غسل میت دیا جاویگا
دوسرے یہ کہ اجرا یعنی غسل اس کا اور قبل اجرا اس حد کے اپنی موت سے مر گیا ہو بلکہ
بسبب اس حد یا قصاص کے مارا جاوے تیسرے یہ کہ کسی سبب سے مارا جاوے جس کے لیے
غسل کیا ہو نہ مطلقاً پس جبکہ غسل کیا بسبب قصاص دو نفر مقتول کے اور بعد غسل کے
ایک کے وارثوں نے بخش دیا اور دوسرے نے نہ بخشا بلکہ قصاص لیا تو وہ غسل کافی ہوگا خصوصاً
جبکہ دو سبب مختلف ہوں مثلاً یہ کہ غسل کیا قصاص میں مارے جانے کے واسطے اور
نہ مارا بلکہ حد سنگسار میں مارا گیا چوتھے یہ کہ اس غسل کو دوسرے کے حکم سے بجالایا ہو نہ
بطور خود جیسا کہ اوپر بیان ہوا پانچویں یہ کہ مارا جانا بسبب قصاص یا سنگسار کے
ہو نہ مطلق حد مثل حد لواطہ وغیرہ کے ہر چند کہ جناب شیخ صاحب منتظم کے نزدیک اقوی
عدم اشتراط دو شرط اخیر کا ہے مسائل کمی آب سدر و کافور واسطے غسل
میت کے پس جاننا چاہیے کہ جب ایک ہی غسل کے لائق پانی ہو تو میت کو غسل سدر دیں
اور غسل کافور اور غسل آب خالص کے بدلے دو تیمم دیں اور اگر دو غسل کے لائق پانی ہو تو
اول غسل سدر اور پھر غسل کافور دیں اور غسل آب خالص کے بدلے تیمم دیں بلکہ احتیاطاً
تین تیمم دیں بالعوض ہر سہ غسل کے ہر چند کہ بعضوں نے کہا ہے کہ ایک تیمم کافی ہے اور اگر سدر
یعنی بیری کی پتی ملنا ممکن نہ ہو اور کافور ہو اور پانی بھی سب غسلوں کے لائق ہو بلکہ ایک غسل کے
لائق پانی ہو تو بھی اسی پانی سے اول غسل عوض غسل سدر دیں اور بالعوض غسل کافور اور
آب خالص کے دو تیمم دیں بلکہ بعد ازاں دونوں تیمموں کے ایک تیمم اور دیں بالعوض ہر سہ
غسل کے احتیاطاً اور اگر سدر اور کافور کچھ نہ ہو اور پانی تینوں غسلوں کے لائق ہو تو اول
غسل آب [illegible] سدر کے بدلے [illegible] تیسرا غسل آب کافور کے بدلے اور پھر تیسرا غسل آب خالص کے

قلت کی آب سدر و کافور واسطے غسل میت کے ۱۲

پہلے دیوے اور اگر پانی بقدر دو غسل کے ہو اور برگ سدر اور کافور نہوں تو اول ایک
غسل بعوض غسل سدر کے اور دوسرا غسل بالعوض آب کافور کے دیویں اور بالعوض آب
خالص کے تیمم دیں اور جو پورے ایک غسل کے لائق پانی ہو اور کسی قدر دوسرے غسل میں
صرف کرنے کے لائق پانی ہو نہ تمام غسل کے لائق تو اول غسل سدر دیکر بعد کو بالعوض غسل
کافور و آب خالص کے دو تیمم دیں کیونکہ ظاہر یہ ہے کہ استعمال اس تھوڑے پانی کا بعض غسل
میں واجب نہیں ہے بلکہ تیمم دیویں ہر چند کہ اُس آب باقی ماندہ کو بعض غسل میں صرف کریں
یا اُسکے عوض میں تیمم دیں تاہم مضائقہ نہیں ہے اور اگر پانی بالکل کسی غسل کے لائق نہو تو
تینوں غسلوں کے بدلے تین تیمم دیں اول تیمم بالعوض آب سدر اور دوسرا تیمم بالعوض آب
کافور اور تیسرا تیمم بالعوض آب خالص کے بلکہ احتیاطاً بعد ان تینوں تیمموں کے ایک
تیمم اور دیں بالعوض ہر سہ غسل کے اور جو پانی ایک ہی غسل کے لائق ہو اور برگ سدر اور
کافور نہو مگر بقدر ایک غسل کے پانی ہو تو شاید بنا بر تحلیل کو اول غسل میں صرف کریں اور
پھر بالعوض غسل کافور اور آب خالص کے تیمم دیں اور اگر قبل دفن کے پانی اور سدر اور
کافور ملجاویں تو اعادہ غسل احوط ہے اور اگر نماز پڑھ چکے ہوں تو اسکا بھی اعادہ کریں اور بعد
دفن کے اگر پانی ملے تو اعادہ لازم نہیں ہاں اگر اتفاقاً میت بعد دفن کے قبر سے
ظاہر ہو جاوے تو اعادہ غسل چاہیے اگرچہ اقوی عدم لزوم ہے اور اگر غسل دینے والا
تینوں اغسال میں سے کسی غسل کو بھول گیا ہو اور بعد دفن کے یاد آئے اور میت
کے منہدم ہو جانیکا گمان نہو اور اسکی صورت کے باقی ہونے کا گمان ہو تو
جناب شیخ صاحب مدظلہ کے نزدیک نبش قبر کا جواز اقوی ہے خصوصاً اگر بالسہو غسل
آب خالص میں اور سدر اور کافور بہت کم ہوں یہانتک کہ انکے ملانے سے تمیز نہو کہ
غسل آب سدر کا دیا ہے یا کافور کا جب بھی انکو داخل آب کرکے غسل دیں اور سدر و کافور کا
پانی میں اسقدر مخلوط کر لینا واجب ہے کہ اسکو آب سدر و کافور کہہ سکیں یعنی کہہ سکیں کہ

ف۔ بعض غسل کا سکتا ہو اور بعض غسل ناقص یعنی آب لائق ہو بعض اغسال کا بعض غسلوں کے لائق نہیں بلکہ بالعوض بعض اغسال کے غسل کے ہی ۱۲

فصل مکروہات غسل میت ۱۲

پانی ہو سدر و کافور کا ملا ہوا اور سدر کی تازگی اور اسکی بو کا باقی ہونا شرط نہیں ہے اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ غسل میت میں اگر مزدوری لینے کی غرض شامل ہو تو غسل باطل ہوگا ہاں اگر مزدوری کا دینا متعارف ہو تو اسکو غسل کی خاص مزدوری قرار نہ دے بلکہ جو امور غسل میں دخل نہ رکھتے ہوں انکی مزدوری قرار دے تو مضائقہ نہیں ہے جیسے کہ مزدوری کے سبب سے غسل باطل ہوتا ہے اسی طرح اگر بہ نیت ریا و سمعہ یعنی دکھلاوے وغیرہ کی نیت سے غسل وغیرہ دیا جاوے تو وہ بھی غسل باطل ہے اور جو کسی نے میت کو آب پاکیزہ جانکر غسل دیا اور زمین قبر کو مباح جانکر دفن کیا مگر اوروں کو علم ہو کہ پانی نجس اور زمین مغصوب تھی تو انپر تجدید غسل و دفن واجب ہوگی

فصل ۲۵۰ - مکروہات غسل میت

جناب شیخ صاحب مد ظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ مکروہات غسل چند ہیں اول حالت غسل میں میت کا اٹھلا دینا دوسرا میت کو اپنے پاؤں میں پکڑ لینا تیسرے سر منڈانا یا اسکا یا مونچھ یا زیر بغل کے بال لینا پانچویں اسکے شارب لینا یا کاٹنا یا تراشنا اسکے کسی جگہ کے بالوں کا چھٹے ناخن کاٹنا اگرچہ بہت بڑھ گئے ہوں اور جو ناخن اور بال میت سے جدا ہو جاویں تو کفن میں رکھ کر دفن کریں چنانچہ حدیث میں ہے کہ دانت حضرت امام محمد باقر کا جدا ہوا ان حضرت علیہ السلام نے اسکو ہاتھ میں لیکر فرمایا کہ الحمد للہ اور حضرت امام جعفر صادق ع کو دیا اور فرمایا کہ میرے ساتھ اس دانت کو بھی دفن کرنا ساتویں شانہ کرنا میت کے بالوں میں آٹھویں اسکے ناخن کا میل نکالنا بلکہ بہتر ہے کہ نرم لکڑی کو روئی لپیٹ کر میل ناخن کا نکالیں نویں گرم پانی سے نہلانا مگر یہ کہ سرما ہوا اور آب سرد غاسل کو اذیت دے بلکہ گرم پانی سے غسل مکروہ ہے اگرچہ دھوپ سے گرم ہوا ہو اسواسطے کہ بدن میت سست ہوتا ہے اور جو چیز کہ بدن میت کے سخت ہونیکا باعث ہو وہ سست کرنیوالی سے بہتر ہے دسویں پاؤں رکھنا میت پر حالت غسل وغیرہ میں گیارہویں غسل کے پانی کو پاخانہ یا چہ بچہ

میں ہو کر جانے دینا خصوصاً جبکہ بچہ یا مجنون ہو یا عورتیں شکم میت پر ہاتھ ملنا زور سے
بھی اگر میت حاملہ ہو کیونکہ یہ سب مکروہات غسل ہیں

فصل ۲۵۱ — محرمات غسل میت

واضح ہو کہ کئی امر حرام ہیں اول میت [illegible] کا ختنہ کرنا دوسرے غسل کافور کا دینا
اس میت کو کہ جو احرام حج و عمرہ باندھے ہو [illegible] کا کافور سے بھی میت
مذکور کا حرام ہے

فصل ۲۵۲ — بیان حنوط

مستحبات و مکروہات حنوط [illegible]
[illegible] اغسال کے کافور سے حنوط کریں [illegible]
کافور [illegible] حنوط جائز نہیں اور حنوط کرنے والا اگر [illegible]
[illegible] اگر اول [illegible]
کہ کافور [illegible] لازم ہے کہ میت کا فور کی اول [illegible] کافور [illegible]
تو حنوط ساقط ہوگا اور چاہیے کہ میت [illegible] کافور کا [illegible]
کافور خرید ہو سکے یا کوئی [illegible] احسان [illegible]
اور حنوط کرنے میں نیت قربت شرط نہیں جس طرح [illegible]
نہیں کہ حنوط کرنے والا بالغ بھی ہو اور چاہیے کہ کافور حنوط میت [illegible]
اور چاہیے کہ کافور کو ہاتھوں سے نہ ملیں نرم نہ کریں کہ ہاتھوں سے [illegible] مکروہ ہے بلکہ
مستحب ہے کہ ہتھیلی پر کافور کو نرم کر لیں اور بہتر یہ ہے کہ کافور واسطے حنوط کرنے کے
علاوہ کافور غسل کے کم از وزن مثقال شرعی سے نہ ہو اور وزن مثقال شرعی [illegible]
اور [illegible] بلکہ اکمل اور افضل یہ ہے کہ حنوط کرنے کے لیے کافور بوزن تیرہ درہم
موافق حنوط جناب آنحضرت صلعم کے ہو کہ تخمیناً بوزن ہفت مثقال [illegible] ہوتا ہے

(ف) ساتوں اعضائے سجدہ پیشانی اور دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں اور دونوں زانو اور دونوں پاؤں کے انگوٹھے ہیں

اور مثقال صرافی ساڑھے چار ماشہ کا ہوتا ہے تو اس حساب سے ہفت مثقال صرافی
کا وزن دو تولہ اور سات ماشہ اور چار رتی ہوا اور بحساب روپیہ انگریزی سکے کہ
روپیہ انگریزی ساڑھے گیارہ ماشہ کا ہوتا ہے وزن مذکور ڈھائی روپیہ اور چار رتی
کچھ ہوا اور حنوط کرنے سے مراد ساتوں اعضائے سجدہ پر کافور ملنا ہے۔ پس
ترکیب حنوط کرنے کی یہ ہے کہ کافور بوزن ڈھائی روپیہ اور چار رتی کے لیکر
ہتھیلی پر اول میت کی پیشانی پر ملے اور پھر دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر اور پھر
دونوں زانوؤں پر اور پھر دونوں پاؤں کے انگوٹھوں پر ملے اور زبدۃ جناب شیخ صاحب مد ظلہ
کے ناک اور سینہ اور سر اور گردن اور کندھے اور ڈاڑھی اور دونوں پاؤں کے تلووں پر
اور بدن کے سب جوڑوں میں اور کہنیوں یعنی پلنڈی پشت پاؤں کے ٹخنے تک کافور ملنا
مستحب ہے اور جہاں پر بوئے بد نکلا کرتی ہو اور بغلوں پر کافور کو چھڑکنا یا ملنا چاہیئے
[illegible] کافور باقی رہ جاوے اسکو سینہ پر ڈالیں اور مستحب ہے کہ کافور میں خاک پاک
[illegible] ملا دیں مگر اسکو ایسی جگہ نہ لگائیں کہ جس سے خلاف احترام لازم آئے یعنی خاک
پاک کے ملے ہوئے کافور کو نشیب بدن سے اور پیشانی وغیرہ پر ملیں نہ پاؤں
وغیرہ پر میں ملنا چاہیئے۔ باقی مسائل حنوط پس کافور نجس کا استعمال نہ چاہیئے
بلکہ اگر محل حنوط پر بہ سبب خون یا نجاست میت کے اس محل سے نجس ہو جاوے
تو مضائقہ نہیں اور چاہیئے کہ کافور خوشبو اور پسا ہوا ہو اور اگر بغیر پسے ہوئے
سے مثلاً حنوط کریں تو کافور کو اعضا سے یعنی ساتوں اعضا کے سجدہ پر رکھدیں
پس اگر پسا ہوا نہ ہو جاوے اور پھر اعضا پر لگ جاوے تو ضرر نہیں والا کافی نہ ہوگا اور
اگر کافور تھوڑا ہو کہ غسل یا حنوط دونوں میں سے ایک کو کفایت کرے تو غسل کو
مقدم رکھیں اور حنوط ساقط ہے اور جو حنوط میں ساتوں اعضائے سجدہ کے لیے کافور کافی
نہ ہو تو جس عضو کا حنوط ہو سکے وہ کافی ہے مگر پیشانی کو مقدم رکھیں پھر باقی اعضا کی

(ف) محل حنوط ... ساتوں اعضا ... [illegible]

نقشہ ہم قلم خیر مین اختیار ہی اور جو عبا کو بھی حنوط لگایئے تو بہتر ہی مگر قبل کفن کے حنوط کرنا
بہتر ہی اور کافور کو تابوت پر رکھنا مکروہ ہی اور مشک و عنبر بھی کافور حنوط مین لگانا مکروہ ہی

فصل ۲۵۳ بیان جریدتین

پس جب میت کو حنوط کر چکین تو جریدتین میت کے پاس رکھنا سنت ہی یا پیراہن و کفن
پہنا کر دو جریدہ رکھین اس ترکیب سے کہ ایک جریدہ سیدھے ہاتھ کی بغل مین پوست
سے ملا کر اور پیراہن کی لپیٹ کر رکھدین اور سر جریدہ کا ہنسلی کی طرف رہے اور دوسرا جریدہ
اسی طرح بائین ہاتھ کی طرف رکھین اور مستحب ہی کہ جریدہ پر شہادتین و اسمائے ائمہ لکھین
کہ جس طرح آئندہ بیان ہوگا۔ اور جریدتین سے مراد دو لکڑیاں ہین وہ دونون لکڑیان
ایک ایک ہاتھ لمبی ہون اور موٹی بقدر اوسط ہون اور سوکھی لکڑی سے جریدے
نہونا چاہیے اگرچہ وہ لکڑی مشابہ تشدید سر کی ہو مگر چونکہ انمین امید ثواب زیادہ ہی
اور چاہیے کہ وہ جریدے درخت خرما یا بیر یا بید کے ہون کیونکہ درخت خرما اور
درخت بیر اور درخت بید کے جریدے افضل ہین اگر ان درختون مین کسی کے جریدے
میسر نہ ہوں تو جس درخت کے میسر ہون بنا لیوین مگر سبز اور تر ہون اسلیے کہ حدیث مین
وارد ہی کہ جب تک جریدتین خشک نہون حق تعالی عذاب کو میت سے تخفیف کرتا ہی
چنانچہ ایک حدیث جناب شیخ صاحب نے کتاب ذخیرۃ المعاد مین تحریر فرمائی ہی
وہ یہ ہی کہ جناب رسول خدا صلعم کا ایک قبر پر گذر ہوا کہ اس میت کو عذاب کیا جاتا تھا
پس حضرت نے ایک شاخ درخت کی منگوائی اور اسکو دو ٹکڑے کر کے ایک سرہانے
قبر کے اور دوسرا نصف ٹکڑا پائینتی قبر کے دفن کر دیا اور فرمایا کہ جب تک یہ سبز ہی
عذاب مین تخفیف ہوگی اور دوسری حدیث مین ہی کہ جب تک تر رہینگی اور خشک
نہونگی میت پر عذاب و حساب نہوگا۔ اور جناب شیخ صاحب مد ظلہ کتاب
ذخیرۃ المعاد مین تحریر فرماتے ہین کہ مستحب ہی کہ جریدتین پر تربت مبارک جناب

سید الشہداء سے اقرار شہادتین و امامت ائمہؑ تفصیلاً نام بنام یا اجمالاً امتثال و انبیاء اللہ و خلفاء رسول اللہ لکھنا چاہیے اور نام میت کا چونکہ بزبان عربی اور اقرار شہادتین وغیرہ جناب شیخ صاحب مدظلہ نے تحریر فرمایا الغرض میں نے جناب قبلہ و کعبہ جناب سید مصطفےٰ صاحب مجتہد العصر مدظلہ سے دریافت کیا کہ اقرار شہادتین و امامت مجملاً کس طرح جریدتین پر لکھے ہیں آنقبلہ و کعبہ مدظلہ نے یہ رقم فرمایا کہ جریدہ پر اول نام میت اور اوسکے باپ کا لکھے اور بعد اسکے یَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَاَنَّ الْاَئِمَّةَ الْاِثْنٰى عَشَرَ اَوَّلُهُمْ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ وَّاٰخِرُهُمْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمَهْدِيُّ اَوْصِيَاءُ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَاَئِمَّةُ النَّاسِ حَقًّا وَصِدْقًا وَحُجَجُ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ اَجْمَعِيْنَ تمام شد اور اگر نام بنام لکھے تو بعد اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ کے یہ لکھے وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَعَلِيُّ ابْنُ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ وَجَعْفَرُ ابْنُ مُحَمَّدٍ وَمُوْسٰى ابْنُ جَعْفَرٍ وَعَلِيُّ ابْنُ مُوْسٰى وَمُحَمَّدُ ابْنُ عَلِيٍّ وَعَلِيُّ ابْنُ مُحَمَّدٍ وَالْحَسَنُ ابْنُ عَلِيٍّ وَالْقَائِمُ الْحُجَّةُ اَوْصِيَاءُ رَسُوْلِ اللّٰهِ پس باقی عبارت مذکور آخر تک لکھے اور مستحب ہے کہ جریدہ پر روئی یا اور کوئی چیز لپیٹ دیں کہ تازگی باقی رہے اور سب اموات نیک و بد اور خورد و بزرگ و دختر و کلاں سب کے لیے جریدتین مستحب ہیں بلکہ ایسے شخص کی بھی قبر میں رکھ دینا چاہیے جسکی نسبت خطرہ عذاب قبر کا ہو اور یہ جب حدیث شریف جریدہ مومن و کافر اور نیک و بد سب کو نفع بخشتا ہے اور حدیث میں ہے کہ جب حضرت آدمؑ بہشت سے دنیا میں آئے تو بہت گھبرائے تھے خدا سے دعا کی کہ کسی درخت کے ساتھ اشجار بہشت سے مجھکو مانوس کر تاکہ وحشت دفع ہو اللہ تعالیٰ نے درخت خرما کو مقرر فرمایا کہ وحشت

وفات تک وہ انکا انیس رہا اور وصیت کی کہ وہ جریدہ میرے کفن میں رکھدیں تاکہ آخرت
میں اس سے مانوس ہوں اور سب انبیاء علیہم السلام یہ عمل کرتے تھے تا آنکہ عہد جاہلیت
میں یہ امر ترک ہوگیا اور جناب سید عالم صلعم نے اس سنت کو زندہ کیا اور لازم ہے کہ جریدے
ہاتھ بھر سے نہ بہت چھوٹے ہوں نہ بہت بڑے ہوں ایک ایک ہاتھ لمبے ہوں بعض نے کہا ہے کہ چار انگشت
کے ہاتھ سے اس امر میں میت کے ہاتھ کا لحاظ نہ کیا جاویگا اگرچہ وہ مستوی الخلقت ہو
اور ہاتھ بھر کا جریدہ نہ مل سکے تو جتنا مل سکے اور موٹا اور کلفت جتنا ہو بہتر ہے کہ
اسمیں تری زیادہ رہیگی اور جو ایک شاخ خرما کی ہو تو اسکو چیر کر دو جریدے بنا لینا ممنوع
نہیں ہر چند بہتر یہ ہے کہ ایسا نہ کریں اور جناب شیخ صاحب دام ظلہم فرماتے ہیں کہ
ایک جریدہ کفن میں پوست میت سے لگا کر رکھنا اور دوسرے جریدہ کا بائیں طرف درمیان
لفافہ یعنی چادر سرتاسری اور پیراہن کے رکھنا چاہیے اور دونوں جریدوں کا جنبہ گردن سے
ملا ہوا ہو اور جریدوں کے استحباب میں اسطرح رکھنا شرط نہیں جسطرح ممکن ہو رکھدیں
مگر بہتر یہی طریق ہے اور جو ایک ہی جریدہ میسر آوے تو اسکو سیدھی طرف رکھدے
اور سہو اور تقیہ کی حالت میں جسطرح ممکن ہو رکھدیں ہر چند کہ درمیان قبر کے
ہوں یا پائنتی قبر کی طرف

فصل ۲۵۷ - بیان کفن

واضح ہو کہ جب جریدہ رکھ چکیں تو میت کو کفن پہنائیں کہ کفن پہنانا اور جب بعد غسل کے
اور کفن پہنانے کے لیے بھی اذن ولی جائز ہے اور چاہیے کہ کفن غصبی نہو اگر غصبی کفن ہو
تو میت کو برہنہ دفن کرنا لازم ہے اور چاہیے کہ کفن طلا بافت نہو میت زن ہو یا مرد ہو اور
چاہیے کہ کفن پاک ہو بلکہ تیار رکھنا کفن کا ہر مومن کو مستحب ہے اور یہ حدیث میں آیا ہے کہ
جسکے گھر میں کفن ہوتا ہے اسکو غافلین سے نہیں لکھتے اور یہ زمانہ میں جو کفن پہننے کے
لکھا جاتا ہے اور مستحب ہے کہ کفن سوتی ہو یعنی سوت کا بنا ہوا ہو اور مستحب ہے کہ کفن سفید ہو

رنگین نہو مگر ہاں حبرہ اگر سرخ ہو تو نزدیک جناب شیخ صاحب مدظلہ کے بہتر ہے بعض
احادیث میں ہے کہ حضرت رسول خدا صلعم کو حبرہ سرخ سے کفن کیا تھا اور حبرہ ایک قسم کی
برد یمانی یعنی چادر یمنی ہے کہ کبھی سوت سے اور کبھی کتان سے بنی جاتی ہے اور اسمیں خطوط
بھی ہوتے ہیں اور مستحب ہے کہ کفن کے سینے کے لیے ڈورا کفن ہی میں سے نکالا جاوے
اور کفن کو لوہے یا فولاد سے کاٹنا مکروہ ہے اور لازم ہے کہ کفن وجہ حلال سے ہو حرام
کے روپیہ سے نہ خریدا جاوے اور مستحب ہے کہ کفن اچھا دینا چاہیے کہ بموجب حدیث
شریف کے قیامت میں اموات کفن خوب سے فخر کرینگے اور اُسی کو پہنے ہوئے محشور
ہونگے اور حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام کو ڈھائی ہزار اشرفی کا کفن دیا گیا اور
اُسپر سب قرآن لکھا تھا اور چاہیے کہ کفن خریدنے میں خست نہ کرے اور کفن کو جسمیں دہرنے
سے پہلے اُسمیں تھوک لگانا مکروہ ہے اور مستحب ہے کہ کفن ضریح مقدسہ سے اور ایک متبرکہ سے
مس کیا ہوا ہو اور مستحب ہے کہ خاک پاک کربلائے معلی بلکہ اور ضرایح مقدسہ کی گرد اور دیگر
متبرکہ چیزیں کفن پر ڈالی جاویں اور مستحب ہے کہ آب پاک مبارک مثل آب زمزم و
آب فرات سے کفن دھویا گیا ہو اور مستحب ہے کہ کفن کو خاک کربلائے معلی سے لکھیں
اور نہ خاک مشاہد دیگر معصومین علیہم السلام سے اور جو یہ بھی نہ مل سکے تو کسی چیز بے رنگ
سے اور جو یہ بھی نہ مل سکے تو جس رنگ کی کوئی چیز ملے اُس سے لکھیں اور سیاہی سے
لکھنا مکروہ ہے اور مستحب ہے کہ اس طرح لکھیں کہ حرف کفن پر ظاہر ہو جاویں اور عدم امکان کی
حالت میں صرف انگلی یا قلم پھیر دینا کافی ہے گو حرف ظاہر نہوں ۔ اگر میت مرد کی ہو تو اسکے واسطے
ایک لنگ دوسری کفنی اور تیسری چادر واجب ہے اور چوتھا ران پیچ سنت ہے اور عمامہ مع
تحت الحنک کے ہے اور جو میت عورت کی ہو تو اسکے لیے ایک لنگ دوسری کفنی تیسری
چادر واجب ہے اور چوتھا ران پیچ اور پانچواں مقنعہ اور چھٹا سینہ بند اور ساتواں
اوڑھنی یا نمدہ انشاء اللہ ترکیب انکے پہنانے کی آئندہ بیان ہوگی اور

جناب شیخ صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ مستحب ہے کہ قمیص یا ردا یا سینہ و عمامہ کے حاشیہ پر نام
میت اور یہ عبارت لکھا جائے یعنی یہ کہ فلان بن فلان یَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ
لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اور اس کے بعد شہادت ولایت ائمہ طاہرین صلوات اللہ
علیہم اجمعین اور نام سب کا نام لکھا اور یہ کہ اَنَّ الْبَعْثَ وَالثَّوَابَ وَالْعِقَابَ
حَقٌّ چونکہ جناب شیخ صاحب مذکور نے شہادت ولایت ائمہ طاہرین علیہم السلام و نام ہائے
ائمہ زبان عربی میں نہیں لکھے اور ان سے بذریعہ تحریر سوال [illegible] جناب سید [illegible] صاحب
قبلہ و کعبہ [illegible] دام ظلہ سے دریافت کیا کہ کفن کے قمیص یا ردا یا سینہ و عمامہ
وغیرہ پر جو عبارت شہادت توحید و رسالت کے شہادت ولایت [illegible] مبارکہ
ائمہ طاہرین علیہم السلام کس طرح پر لکھیں آن قبلہ و کعبہ دام ظلہ اللہ تعالیٰ نے یہ مرقوم
فرمایا کہ مسطورہ [illegible] کفن واجب [illegible] لکھیں کہ اول نام میت اور نام اس کے
باپ کا لکھے اور پھر یہ عبارت يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
قَادِرًا عَالِمًا [illegible] عَادِلٌ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ
رَسُوْلُهٗ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَاَنَّ عَلِيَّ ابْنَ اَبِيْ طَالِبٍ وَّصِيُّهٗ حَقًّا وَ
خَلِيْفَتُهٗ بِلَا فَصْلٍ ثُمَّ الْحَسَنُ ثُمَّ الْحُسَيْنُ ثُمَّ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ ثُمَّ
مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْبَاقِرُ ثُمَّ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّادِقُ ثُمَّ مُوْسَى بْنُ جَعْفَرٍ
ثُمَّ عَلِيُّ بْنُ مُوْسَى الرِّضَا ثُمَّ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ التَّقِيُّ ثُمَّ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّقِيُّ ثُمَّ الْحَسَنُ الْعَسْكَرِيُّ
ثُمَّ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَائِمُ الْمَهْدِيُّ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَئِمَّتِيْ وَ
سَادَتِيْ وَشُفَعَائِيْ وَحُجَجُ اللّٰهِ عَلَى الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ [illegible] صَلَوَاتُ
اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَتَوَلّٰى مَنْ تَوَلَّاهُمْ [illegible] اَتَبَرَّأُ فِي الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ وَاَنَّ الْبَعْثَ وَالْحَشْرَ وَالثَّوَابَ وَالْعِقَابَ حَقٌّ
وَّ [illegible] مَا جَاءَ بِهٖ مُحَمَّدٌ [illegible] الَّذِيْ لَا [illegible]

بلکہ مستحب ہے لکھنا تمجید قرآن کو یا تھوڑا قرآن لکھے یا کوئی سورۂ قرآن کا لکھے اور حضرت
امام موسیٰ کاظم کے کفن پر تمام قرآن لکھا تھا اور جناب شیخ صاحب مدظلہ بحر فرائد میں کہ صاحب
کشف الغمہ نے بعض بزرگان شام سے روایت کی ہے کہ جناب امام رضا نے جو حدیث
اہل نیشاپور سے بسند متصل بہ پروردگار فرمائی تھی انھوں نے اس حدیث کو آب طلا سے
لکھوایا اور وصیت کی کہ ہمارے ساتھ اس حدیث کو بھی دفن کرنا چنانچہ بعد وفات
انکو خواب میں دیکھا کہ خدا نے برکت تلفظ بکلمہ لا الہ الا اللہ و تصدیق رسالت
محمد اور اس حدیث کے بہ تعظیم و احترام لکھنے سے انکو بخش دیا پس اس حدیث کا مع اسناد
لکھنا مناسب ہے پس اس طرح سے لکھیں حدثنا محمد بن موسی بن المتوکل قال
حدثنا علی بن ابراهیم عن ابیه یوسف بن عقیل عن اسحق
بن راهویه قال لما وافی ابو الحسن الرضا علیه السلام نیسابور
و اراد ان یرحل الی المامون فاجتمع الیه اصحاب الحدیث
فقالوا یا ابن رسول الله ترحل عنا و لا تحدثنا بحدیث فنستفیده
منک و قد کان قعد فی العماریة فاطلع راسه فقال سمعت
ابی موسی بن جعفر علیهما السلام یقول سمعت ابی جعفر بن محمد
علیهما السلام یقول سمعت ابی محمد بن علی علیهما السلام یقول
سمعت ابی علی بن الحسین علیهما السلام یقول سمعت ابی الحسین بن علی
علیهما السلام یقول سمعت ابی امیر المؤمنین علی بن ابی طالب
علیه السلام یقول سمعت محمدا رسول الله صلی الله علیه
و آله یقول سمعت جبرئیل یقول سمعت الله عز و جل یقول لا اله
الا الله حصنی فمن دخل حصنی امن من عذابی فلما مرت الراحلة
نادی اما بشروطها و انا من شروطها اور دوسری سند سے بھی اس حدیث کو

لکھو بالیقین اول حدیث مذکور کو لکھو اسطرح پر لکھو حدثنا محمد بن الحسن القطان
قال حدثنا عبد الکریم بن محمد الحسینی قال حدثنا محمد بن
ابراهیم الرازی قال حدثنا عبد الله بن یحیی الاهوازی
قال حدثنی ابو الحسن علی بن عمرو قال حدثنا الحسن بن محمد
بن جمهور قال حدثنی علی بن بلال عن علی بن موسی الرضا
علیه السلام عن موسی بن جعفر علیه السلام عن جعفر بن محمد
عن محمد بن علی عن علی بن الحسین علیهم السلام عن الحسین
بن علی علیهما السلام عن علی بن ابی طالب علیه السلام عن
محمد رسول الله صلی الله علیه و آله عن جبرئیل عن
میکائیل عن اسرافیل عن اللوح و القلم قال یقول الله
عز و جل ولایة علی بن ابی طالب حصنی فمن دخل فی
حصنی امن من ناری اور مستحب ہے کہ جوشن کبیر کو کفن پر لکھے اور حدیث میں
وارد ہے کہ جو کوئی لکھے جوشن کبیر کو ایک جام پر کافور سے اور دھو کر اس پانی کو کفن پر
چھڑک دے تو خدائے تعالی ہزار نور قبر میں نازل فرمائے اور ہول منکر نکیر سے
ایمن کرے اور عذاب قبر کو رفع کرے اور ہر روز ستر ہزار ملک قبر میں داخل ہوں
اور بشارت بہشت کی اسکو دیں اور بقدر مد نگاہ قبر میں وسعت ہو اور دوسری
حدیث میں ہے کہ اللہ تعالی اسکی قبر میں ستر ہزار ملک بھیجتا ہے اور ہر ایک کے ساتھ
طبق نور ہوتے ہیں اور وہ میت پر نثار کیے جاتے ہیں اور بہشت میں اسکو لیجاتے
ہیں اور وہاں وہ تکیہ لگا کر بیٹھتا ہے اور آرام لیتا ہے جسطرح دلہن حجلۂ عروسی میں آرام
کرتی ہے اس دعا کی حرمت کے سبب سے اور اللہ تعالی فرماتا ہے کہ جسکے کفن پر دعا
جوشن کبیر لکھی جاتی ہے میں اسکے عذاب کرنے سے شرم کرتا ہوں تا اینکہ حضرت امام حسین نے

فرمایا کہ حضرت امیر علیہ السلام نے وصیت بزرگ کی کہ اے فرزند میرے کفن پر
دعاے جوشن کبیر لکھنا اور حضرت امام حسینؑ فرماتے ہیں کہ میں نے وصیت پر عمل کیا
اور یہ کہ جس چیز سے امید رحمت ہو وہ بھی لکھنا چاہیے اور یہ دو شعر جناب امیرؑ
نے سلمان فارسیؓ کے کفن پر لکھے تھے بس چاہیے کہ کفن پر یہ دو شعر بھی لکھیں ع وفدت
على الكريم بغير زاد * من الحسنات والقلب السليم * فحمل
الزاد اقبح كل شئ * اذا كان الوفود على الكريم * اور
اسی طرح جو دعائیں بزرگ ہیں انھیں سے بھی بعض دعائیں لکھیں اور مستحب ہے کہ
اس شہادت نامہ کو ایک کپڑے پر لکھ کر سیدھی طرف میت کے جبڑے کے ساتھ
رکھدیں یا میت پر رکھدیں مگر اس شہادت نامہ کو جناب شیخ صاحب رحمہ اللہ نے نہیں لکھا ہے
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ شَهِدَ الشُّهُوْدُ الْمُسَمَّوْنَ فِيْ
هٰذَا الْكِتَابِ اَنَّ اَخَاهُمْ فِي اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اس جگہ نام میت کا
اور میت کے باپ کا لکھیں کہیں یہ لکھیں اَشْهَدَهُمْ وَاسْتَوْدَعَهُمْ وَ
اَقَرَّ عِنْدَهُمْ اَنَّهٗ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ
لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاَنَّهٗ مُقِرٌّ
بِجَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالرُّسُلِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَاَنَّ عَلِيًّا وَلِيُّ اللّٰهِ
وَاِمَامُهٗ وَاَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُّلْدِهٖ اَئِمَّتُهٗ وَاَنَّ اَوَّلَهُمُ
الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَعَلِيُّ ابْنُ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدُ ابْنُ عَلِيٍّ وَجَعْفَرُ
ابْنُ مُحَمَّدٍ وَمُوْسَى ابْنُ جَعْفَرٍ وَعَلِيُّ ابْنُ مُوْسٰى وَمُحَمَّدُ ابْنُ عَلِيٍّ
وَعَلِيُّ ابْنُ مُحَمَّدٍ وَالْحَسَنُ ابْنُ عَلِيٍّ وَالْقَائِمُ الْحُجَّةُ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ
وَاَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ وَالنَّارَ حَقٌّ وَاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّ
اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

رَسُولُهُ جَاءَ بِالْحَقِّ وَأَنَّ عَلِيًّا وَلِيُّ اللهِ وَالْخَلِيفَةُ مِنْ بَعْدِ
رَسُولِ اللهِ وَمُسْتَخْلَفُهُ فِي أُمَّتِهِ مُؤَدِّيًا لِأَمْرِ رَبِّهِ تَبَارَكَ
وَتَعَالَى وَأَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتُ مُحَمَّدٍ وَابْنَيْهَا الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ ابْنَا
رَسُولِ اللهِ وَسِبْطَاهُ إِمَامَا الْهُدَى وَقَائِدَا الرَّحْمَةِ وَأَنَّ
عَلِيًّا وَمُحَمَّدًا وَجَعْفَرًا وَمُوسَى وَعَلِيًّا وَمُحَمَّدًا وَعَلِيًّا وَحَسَنًا وَالْحُجَّةَ
عَلَيْهِمُ السَّلَامُ أَئِمَّةٌ وَقَادَةٌ وَدُعَاةٌ إِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَحُجَجٌ
عَلَى عِبَادِهِ پس چالیس مومنین اپنے نام بطور گواہی اسطرح پر لکھیں اَللّٰهُمَّ لَا نَعْلَمُ
مِنْهُ إِلَّا خَيْرًا وَأَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنَّا فلان اگر عورت میت کی ہو تو بجائے
منہ کے منھا اور بجائے بہ کے بہا لکھیں ترتیب پہنانے کفن میت
مرد کی چونکہ کفن کے پارچے بھی یکے بعد دیگرے ترتیب سے پہنانا چاہئے لہذا میں نے
مولانا و مقتدانا قبلہ و کعبہ جناب سید ابو الحسن صاحب مجتہد العصر والزمان مدظلہ العالی سے
دریافت کیا کہ پارچہ ہائے کفن یکے بعد دیگرے کس ترتیب سے پہنانا چاہئے آن قبلہ و کعبہ
مدظلہ نے ارقام فرمایا کہ کفن اس ترتیب سے پہنانا بہتر ہے کہ جب غسل دے چکیں پہلے
چادر یعنی ناسری کو میت کے نیچے بچھا دیں بعد اسکے ران پیچ یا تہبند بچھا دیں اگر اول مستحب ہے کہ
عورتین پر روئی زیادہ رکھدیں اور ران پیچ طول میں ساڑھے تین ہاتھ کا اور عرض ڈیڑھ بالشت
کا ہونا چاہئے پس روئی عورتین پر زیادہ رکھکر ران پیچ کو اس ترکیب سے پہنا دیں کہ
ران پیچ کا ایک سرا لیکر اسکو عرض سے چاک کرکے پیچھے سے پشت کے لاکر کمر پر باندھ دیں
پھر بعد کو وہی سرا جو پیچھے چھوڑ دیا تھا اس دوسرے سرے کو لیکر پیچھے سے دونوں ٹانگوں کے
درمیان سے نکالیں اسطرح سے کہ عورتین مع روئی کے ڈھک جائیں پھر اس دوسرے
سرے کو جو دونوں ٹانگوں کے درمیان سے عورتین پر ہو کر نکالا گیا ہے ازار بند کے نیچے
سے نکالیں کہ جو کمر پر بندھی ہے کیونکہ مقصود [illegible] باقی رہے دونوں پر [illegible]

لنگ باندھیں لنگ کا عرض اسقدر ہونا چاہیے کہ ناف سے زانو تک پہونچ جاوے بعد اسکے (یعنی لنگی ۱۲)
پیراہن پہناویں اور پیراہن شانہ سے نصف ساق یعنی نصف پنڈلی تک ہونا چاہیے
اور اسکے عمامہ اسکے سر پر باندھیں مگر عمامہ کے لیے کوئی حد مقرر نہیں ہے بلکہ جسقدر ایسی کہ عمامہ
بندھ سکے اور تحت الحنک نکل سکے وہ کافی ہے اور عمامہ کو سر پر اس ترکیب سے باندھیں
کہ دونوں طرف سے تھوڑا سا کپڑا چھوڑ دیں کہ وہ تحت الحنک ہے اور یہ دونوں سرے ان کو
نیچے ٹھوڑی کے لاکر داہنے سرے کو بائیں طرف اور بائیں طرف کے سرے کو داہنی
طرف لاکر جسقدر بچے اسکو سینہ میت پر ڈالدیں پھر چادر سرتاسری کو لپیٹ دیں
اور چادر سرتاسری اتنی بڑی ہو کہ تمام بدن میت کو کافی ہو اور بند ہو سکے اور عرض
اسکا اسقدر ہو کہ نیچے اور اوپر تمام میت کو گھیر لے — ترکیب میت پہنانے کفن
کفن میت عورت کی میت عورت کی نیچے بھی اول چادر سرتاسری کو بچھا کر پھر
عورتیں پیر پر روئی زیادہ رکھکر ران بیچ باندھیں جناب شیخ صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ واسطے
فرج عورت کے روئی بقدر ایک رطل کے ہو بعضوں نے فرمایا ہے کہ ڈیڑھ رطل روئی
ہونا چاہیے اور رطل کا وزن [illegible] پھر ہوتا ہے پس میت عورت پر روئی رکھکر ران بیچ
اسی ترکیب سے باندھیں کہ جس ترکیب سے میت مرد کے باندھنا چاہیے اور میت عورت کا بھی
ران بیچ عرض و طول میں مثل ران بیچ میت مرد کے ہونا چاہیے بعد باندھنے ران بیچ کے لنگ کو
باندھیں اور اس لنگ کو بھی اسقدر ہونا چاہیے کہ ناف سے زانو تک پہونچ جاوے پھر
پستان بند باندھیں اور پستان بند ایک پارچہ ہوتا ہے جس سے سینہ عورت کا باندھا جاتا ہے
مگر اسکی کوئی حد معین نہیں ہے پس جسقدر ہو کہ سینہ بند ہو جائے پستان بند کے لیے
کافی ہوگا پھر پیراہن پہناویں اور یہ پیراہن بھی شانہ سے نصف پنڈلی تک ہونا
چاہیے پھر مقنعہ باندھیں اور مقنعہ ایک پارچہ ہوتا ہے کہ بجائے عمامہ کے عورت کے
سر پر باندھا جاتا ہے اسکی بھی کوئی حد معین نہیں پس جسقدر میں سر بندھ جاوے مقنعہ

(حاشیہ: ترکیب پہنانے کفن میت عورت)

اسکے لیے کافی ہوگا پھر چادر سر تا سری کو لپیٹ دیں یہ چادر بھی اتنی قدر بڑی ہوگی کہ جس میں
تمام میت آجاوے اور بند ہو سکے۔ اور جناب شیخ صاحب مد ظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ
مستحب ہے کہ زیر کفن پیچیدہ رکھیں کہ حقیقت اسکی معلوم نہیں کہ وہ کیا ہے مگر بعض کہتے
ہیں کہ طیب ہے جو نرم کی ہوئی ہو۔ اور بعض کہتے ہیں کہ بو ہائے خوش سے مرکب ہوتا ہے یعنی
بنایا جاتا ہے معلوم نہیں کہ کونسا ہے۔ اور مستحب ہے کہ چادر یمنی بعد پہنانے جملہ کفن کے
میت کے جنازہ پر ڈالیں بلکہ کوئی اور کپڑا علیحدہ و زرنگار جنازہ پر نہ ڈالیں۔ اور جو کوئی
میت کو چھووے اسپر غسل مس میت واجب ہوتا ہے پس لازم ہے کہ غسل کرے

فصل ۲۵۵ - بعض مسائل ضروری غسل مس میت

غسل مس میت واجب ہے اس شخص پر جو بعد قبض روح اور سرد ہونے جسم کے غسل سے
میت کو چھووے اور اختیار اور عدم اختیار و قصد و عدم قصد کو دخل نہیں وجوب غسل
مس میت میں نہیں۔ اور اگر بچہ مردہ پیدا ہوتا ہے اسکی ماں پر واجب ہے اور اس بچہ کے
چھونے والے پر بھی واجب ہے۔ اور کپڑا اور پسینہ اور خون اور ریش اور بال جو مانع
مس بدن میت کا ہو اسکے چھونے سے غسل مس واجب نہیں ہوتا۔ اور بچہ غیر تام الخلقت
یعنی چار ماہ سے کم کا ساقط ہو تو اسکے چھونے سے غسل واجب نہیں ہوتا ہے جیسا اولیٰ یہ ہے
کہ غسل کرے اور مس استخوان بے گوشت اور گوشت بے استخوان سے خواہ مردہ کا ہو
یا زندہ کا غسل واجب نہیں ہوتا لیکن بہتر یہ ہے کہ مس استخوان میں خواہ بے گوشت ہو یا
با گوشت ہو غسل کرلیں خصوصاً اس میت کی ہڈی ہو جسکو جانتے ہوں کہ غسل نہیں
دیا گیا اور یا تخصیص ایکسال اسپر نہیں گذرا اور دانت کے چھونے سے غسل واجب
نہیں ہوتا خواہ اسمیں گوشت ہو یا نہو اور مردہ کا ہو یا زندہ کا ہو اور بے گوشت استخوان
کے چھونے سے غسل واجب ہوتا ہے خواہ وہ مردہ کا ہو یا بحالت زندگی جدا ہوا ہو۔
اور جو کوئی جزو میت سرد ہو گیا ہو اور کوئی سرد نہوا ہو تو جزو سرد شدہ کے چھونے

سے غسل واجب ہوگا کیونکہ تمام بدن کا مس ہونا وجوب غسل میں شرط ہے اور جبکہ میت
کے ایک عضو کو تینون غسل دیئے گئے ہون یا ایک یا دو غسل میت کے باقی ہون ان دونون
حالتون میں چھونے سے غسل واجب ہے اگر بسبب نہونے سدر و کافور کے تینون غسل
آب خالص سے دیئے ہون تو غسل مس واجب نہین ہوتا اور پانی نہونے کی
حالت مین اگر ایک یا دو غسل دیئے ہون بلکہ بضرورت غسل اضطراری مین غسل مس میت
احوط ہے خصوصاً جبکہ تیمم دیا ہو بدلے غسل متعذر کے اور اگر میت کو عوض اغسال ثلثہ کے
تیمم دینا بسبب نہونے پانی کے یا بسبب خوف استعمال آب مثل اسکے میت کے
بدن پر آبلہ ہون یا میت جل گئی ہو کہ استعمال آب سے احتمال جدا ہوجانے جسم کا ہو
تو بعد اس تیمم کے بھی چھونے سے غسل واجب ہوتا ہے اور اگر حال اضطرار مین
میت کو کافر مثل یہودی وغیرہ نے بطور مذہب شیعہ غسل دیا ہو یا کسی اہل سنت نے
حال اضطرار مین میت کو بطور شیعہ ہون کے بھی غسل دیا ہو تو ایسی میت کے چھونے
سے بھی غسل مس میت واجب ہوتا ہے اور اگر میت اہل سنت کی ہو اور اسکو غسل
اہل سنت نے اپنے طور پر یا بطور شیعہ دیا ہو تو اسکے چھونے سے بھی غسل واجب
ہوتا ہے اور اگر میت کی زبان کو چھوے یا منہ کے اندر انگلی ڈالے تو بھی غسل مس
واجب ہوتا ہے بلکہ اقوی اللزوم غسل مس ہے جس وقت کہ مس کرے ایسے جزو کو بھی کہ
حیات نے اسمین حلول نکیا ہو برخلاف کہ کوئی جزو ہو کہ وہ بھی صاحب حیات تھا خصوص
مثل ناخن کے نہ بال وغیرہ کے اگر کوئی شخص شک کرے اصل مس میت مین یعنی
میت کو مس کرکے یہ گمان کرے کہ درحقیقت اسکو مس کیا ہے یا نہیں اور یا کوئی
دوسرا شخص مس سے کہے کہ مس میت وقوع مین آگیا ہے اور یہ گمان بھی اسکو ہوجاوے
تو بھی غسل مس میت لازم نہیں ہے اگرچہ وہ شخص معتمد اور عادل بھی ہو مگر جبکہ دو شخص عادل
کہین کہ درحقیقت مس میت ہوگیا ہے تو غسل واجب ہوتا ہے مگر نزدیک جناب

شیخ صاحب مدظلہ کے احوط لزوم غسل ہے تیمم صورت مذکورہ میں، اور جس وقت کہ مس میت
کرے اور شک کرے کہ یہ مس موجب غسل ہے یا نہیں بسبب اشتباہ کے کہ میت شہید کی ہے یا غیر شہید
کی یا یہ کہ مردہ ہے یا زندہ یا یہ کہ جسم میت کو مس کیا ہے یا غیر کو تو اس صورت میں غسل مس لازم
نہیں ہے چنانچہ لازم نہیں ہے غسل اس وقت میں بھی کہ شک ہو کہ تمام بدن میت سرد ہوا ہے یا نہیں اور اگر کسی
نے بحالت بیہوشی یا دیوانگی اور یا صغر سنی یا بحالت نابالغی کے مس کیا ہو تو وقت
حاصل ہونے ہوش اور عقل اور یا بلوغ کے غسل مس میت واجب ہوگا اور جو بچہ کہ مردہ
سے پیدا ہو تو اس بچے پر بھی بعد بلوغ کے غسل مس میت خالی قوت سے نہیں ہے چنانچہ
کہ احوط وجوب غسل مس میت ہے بعد بلوغ کے۔ اور کسی شخص نے محتضر پر یعنی اُس
شخص پر کہ جو حالت نزع میں ہو ہاتھ رکھا اور ابھی ہاتھ نہ اٹھانے پایا کہ وہ مرگیا تو بھی
غسل مس میت لازم ہے۔ اور جو کوئی بغسل میت کے بسبب حد قصاص کے مارا جاوے
تو اُس کی میت کے چھونے میں اقوی عدم لزوم غسل ہے ہرچند احوط ہے کہ غسل کرے اور
اگر حالت خشکی میں میت کو چھوئے تو ہاتھ کا دھونا واجب نہیں ہے ہرچند کہ دھونا
ہاتھ کا احوط ہے اور مس میت ناقض وضو ہے یعنی مس میت سے وضو ٹوٹ
جاتا ہے علی الاقوی اور اگر نماز پڑھنے کی حالت میں مس میت ہو جاوے تو نماز
باطل ہوا و غسل واجب ہے اور اگر ایک میت کو چند بار یا چند میت کو مس کرے
تاہم ایک ہی غسل واجب ہوگا اور اگر اثناء غسل مس میت میں پھر مس میت ہو جاوے
تو وہ غسل باطل ہے اور لازم ہے کہ اعادہ غسل مس میت کا کرے اور اگر پہلے وضو
بھی کر چکا ہو تو اعادہ وضو بھی لازم ہے۔ فلسفہ وجوب غسل
مس میت کی بابت شیخ صاحب دام ظلہ فرماتے ہیں کہ سبب
وہ قول کا علم صاحب شریعت علیہ السلام کو ہے اگرچہ [illegible] سبب وجوب غسل میت و
مس میت کے جناب [illegible] کہ وجہ وجوب غسل اور مس میت [illegible]

کی یہ ہے کہ جب روح انسان کے بدن سے نکلجاتی ہے تو بہت آفات جسم میت میں رہجاتے
ہیں اسواسطے غسل دیتے ہیں کہ میت بسبب دینے غسل کے اُن آفات سے پاک
ہو جاوے اور غسل مس میت اسواسطے کرتے ہیں کہ مس کرنیوالا اُن آفات سے
محفوظ رہے گویا مراد امام علیہ السلام کی یہ ہے کہ بسبب مفارقت روح جسم میت میں
سمیت اور زہر پیدا ہوجاتا ہے اسکا دفعیہ غسل سے ہوتا ہے اور کتاب علل الشرائع میں ایک
حدیث جناب امام رضا سے مروی ہے کہ فرمایا امام علیہ السلام نے کہ جانور و طیور و
بہائم و سباع کے جسم پر پر و بال اور رونگٹے ہوتے ہیں اس سبب سے انکے چھونے
سے غسل مس لازم نہیں آتا اور یہ سب پاک ہوتے ہیں مردہ ہوں یا زندہ پھر
جناب شیخ صاحب مدظلہ فرماتے ہیں کہ اگر اس علت کو ہم بھی برخلاف قرار دیں تو چاہیے
کہ نجاست کو سبب غسل ٹھہرائیں تو یہ دلیل پوری ہوگی اس سبب سے کہ جسد سائر
حیوانات کا بھی نجس ہے مگر اسکے چھونے سے غسل واجب نہیں ہے اور بدن معصوم
طاہر ہے اور غسل واجب ہے واللہ اعلم چند مسائل ضروریہ
بموجب فتاوی جناب شیخ صاحب مدظلہ کے یہ لکھے جاتے ہیں پہلا مسئلہ جب ایک ہی کفن کے
کپڑے کے لائق پارچہ ہو تو چاہیے کہ بہتر ہو اگرچہ لنگ کا مقدم ہونا قوت سے خالی نہیں یا
جب کفن میں فقط صرف اتنا کپڑا ہو کہ دونوں عورتین سے ایک ہی کا ستر ہو تو قبل کا ستر
لازم ہے اور سہ پارچہ کفن واجبی کا کپڑا باریک ہو تو موٹا ہو اور چار پارچہ ہو تو دو تہ یا تین تہ
کر کے کفن دیں کہ جسم سے ستر ہو جاوے اور جو موٹا کپڑا کفن کے لیے موجود ہو تا ہم
باریک کپڑے کو چند تہ کر کے کفن دینا خالی قوت سے نہیں اور چاہیے کہ کفن غیر جنس کا
نہو یعنی خالص ابریشم کا ہر چند کہ اور کپڑا نہ مل سکے اگرچہ میت زن ہو ہاں
سنجاف حریر کی جائز ہے جو چار انگل سے کم چوڑی ہو اور کفن پاک ہونا چاہیے
حالت اختیار میں اور حالت اضطرار یعنی ناچاری وغیرہ میں پاک ہونا ضرور نہیں ہے

اور چاہیے کہ بحالت اختیار غیر ماکول اللحم جانور کے رونگٹوں کا بنا ہوا یا اسکے پوست کا
کفن نہ ہو بلکہ بہتر یہ ہے کہ کسی پوست کا کفن نہ ہو یہانتک کہ پوست گوسفند اور جانور کہ جو مثل
گوسفند کے ماکول اللحم ہوں اور پاک اور ذبح بھی کیا ہوا ہو اور چاہیے کہ کفن مثل نباتات
کے ہو یعنی نباتات کا بنا ہوا ہو مثل روئی اور کتان کے مگر بحالت ضرورت میں
جبکہ کفن میسر نہ آسکے اور چاہیے کہ ماکول اللحم کے بھی رونگٹوں کا بنا ہوا کفن نہ ہو بنابر
احوط کے پس بحالت اختیار مثل شال وغیرہ جو پشمینہ ہو اوس میں کفن نہ دینا چاہیے
ہر چند کہ قول بجواز ماکول اللحم اقوی ہے اور اگر جانور ذبح ہوا ہو تحقیق اختیار ہے [illegible] یا مردہ یا
بغیر اوسکے مرے ہوئے ہوں تو اونکا بھی یہی حکم ہے [illegible] اور بحالت اضطرار
یعنی ناچاری وغیرہ میں اور کوئی کفن میسر نہ ہو تو جائز ہے کہ کفن پوست ماکول اللحم کا
بشرطیکہ میتہ یعنی مردہ کا نہ ہو [illegible] پوست حیوان ماکول اللحم کا مقدم ہے
غیر ماکول اللحم کے بالوں اور رونگٹوں [illegible] طلا باف سے
کفن پر بھی پوست حیوان ماکول اللحم کا کفن مقدم ہے اور [illegible] طلاباف مقدم ہے
کفن پوست غیر ماکول اللحم پر اور اگر بحالت ضرورت میں اور کفن میسر نہ آوے بلکہ کفن
متنجس یعنی ناپاک [illegible] سے کفن [illegible] جیسا [illegible]
[illegible] اور ایسی ہی حالت [illegible] میں کفن حریر [illegible] بھی دے سکتے ہیں [illegible]
[illegible] عورت کو [illegible] ایک کپڑا نجس ہو اور پاک کپڑا میسر نہ آوے بلکہ حریر اور
طلاباف موجود ہو تو حریر و طلاباف کا کفن نہ دیں بلکہ نجس کا کفن دینا چاہیے اور
واجب ہے کہ کفن اصل مال میت سے لیا جاوے نہ کہ ثلث [illegible]
بلکہ کفن دینا مقدم ہے وصیت و دین و حق رہن و حق جنایت پر اگر کوئی ترکہ میت کا
سوائے کفن یا قیمت کفن کے اور باقی نہ ہو اور وہ بھی رہن ہو یا دین یا حق جنایت
میں ماخوذ ہو تب بھی میت کو کفن دینا چاہیے ہر چند کہ حق رہن یا دین یا جنایت ادا نہ ہوا

البتہ اُن مواخذہ داروں کا راضی کرنا اولی ہوگا جیسا کہ کفن میں قیمت واجب سے زیادہ قیمت صرف کرنے میں رضامندی ورثہ کی شرط ہے خصوصاً اس وقت میں کہ جبکہ اتنا ہی ترکہ چھوڑا ہو یا اسمیں یا دین کو کافی ہو اور جبکہ ورثہ قیمتی کپڑے کے کفن دینے میں رضامند ہوں تو احتیاط یہ ہے کہ کم قیمتی کپڑا کفن میں صرف کریں بشرطیکہ میت کی ذلت نہو اور اقویٰ یہ ہے کہ شان میت کے موافق کفن دیں بیشک اگر وہ دولتمند ہو تو ایسا کفن نہ دیں جو اسکے لائق نہو گو وارث نارضامند یا نابالغ یا غائب ہوں اور اگر حیثیت سے زیادہ قیمتی کفن کی وصیت کی ہو تو اسکے ثلث مخصوص میں سے کفن دیں یا باجازت ورثہ حاضرین کے کفن دیں کہ وہ وارث نابالغ یا غیر حاضر یا احمق نہوں اور قیمت سدر اور کافور و آب وغیرہ میں وغیرہ جو اشیا سے متعلقہ غسل و کفن و دفن اصل مال میت سے لیجاویگی نہ کہ ثلث سے پس اگر زمین وقف نہ اور مباح نہو اور خریدنا پڑے یا محصول دینا پڑے تو یہ قیمت اور محصول بھی اصل مال میت میں سے دیا جاویگا اور اگر کوئی ظالم اور جابر منع کرے دفن سے یا کفن یا غسل یا سدر یا کافور یا آب غسل سے مگر کچھ مال یا درہم لیکر اور سواے مال ترکہ کے اور کہیں سے دینا ممکن نہو تو اقوی یہ ہی ہے کہ جو مال ظالم کو دیا جاوے وہ اصل ترکہ میت میں سے دیا جاویگا نہ کہ ثلث سے اور جو زمین ایسی موجود ہو کہ جسکی بابت ظالم کو قیمت یا محصول نہ دینا پڑے اور اولیاے میت میں چاہیں کہ جس زمین میں کہ ظالم منع کرتا ہے دفن کریں تو یہ قیمت اصل ترکہ سے نہ دیجاویگی بلکہ ثلث سے اور اگر ایک زمین زیادہ قیمت یا محصول میں آتی ہے اور دوسری زمین کم قیمت یا کم محصول میں آتی ہے اور زیادہ قیمت یا محصول والی زمین میں دفن کریں تو وہ زیادتی ثلث میں سے ادا کیجاویگی نہ کہ تمام قیمت مگر آنکہ وہ زمین محتاج زیادہ قیمت کی ہے مناسب حال میت کے ہو اور وہ زمین کہ محتاج کم قیمت کی ہے نامناسب حال میت کے نہیں بسبب اسکے کہ اگر اسمیں میت دفن کیا جاوے تو موجب ذلت

اور جو اُجرت میت کا ہوتا ہے یعنی اُس وقت میں اگر زمین مناسب حال میت کے بیچ میت دفن کیجاوے
تو قیمت اصل مال سے دیجاویگی بلکہ دفن کرنا میت کا زمین مناسب حال میں لازم نہیں ہے
اور زیادتی اسکی اصل ترکہ سے محسوب ہوگی نہ ہوے اور اگر ایسا شخص مرا کہ اسکے پاس کفن یا قیمت
کفن بھی نہ نکلے تو کفن اسکا کسی پر واجب نہیں ہاں مستحب ہے اور ثواب رکھتا ہے جیسے حضرت امام
محمد باقر نے فرمایا کہ جو کوئی میت کو کفن دیوے ایسا ہے کہ گویا قیامت تک لباس میت کا
ضامن ہوا اور جناب شیخ صاحب رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ شاید یہی ثواب کفن دینے والے کو بھی
ہو جیسا کہ کفن دینے والے کو ہوتا ہے اور بیت المال اور سہم سبیل اللہ اور سب اموال میں
سے جو راہ خدا میں صرف کیے جاتے ہیں کفن دینا ضرور نہیں رکھتا اور جو زکوٰۃ سے سہم بھی
حصہ فقراء میں سے ہو تو بہتر یہ ہے کہ وارث میت فقیر کو حصہ کیے دیں کہ کفن کرے میت
کے نام سے تو دیں کہ وارثان میت کے لیے باعث عار کہ ہو بہتر یہ ہے کہ باذن حاکم
شرع یا عدول مومنین صرف واسطے میت کے کیا جاوے اور عورت کے غسل و کفن
و دفن وغیرہ کے کفالہ وارث شوہر کے ذمہ ہیں اگرچہ وہ عورت خود مالدار ہو اور ہر چند کہ
شوہر صغیر یا مجنون یا غائب یا سفیہ ہو کہ اس وقت میں بھی لازم ہے کہ ولی اسکے مال سے
صرف کفن و دفن وغیرہ عورت کا کرے اور فرق نہیں ہے کہ وجوب کفن شوہر پر درمیان اسکے
ازن صغیرہ ہو یا کبیرہ ہو یا مدخولہ ہو یا مستقلہ یا مطلقہ یا ناشزہ ہو یا آزاد یا کنیز ہو یا [illegible]
بلکہ اگر زن مطلقہ رجعیہ ہو تو کفن اسکا بھی شوہر پر ہے اور وجوب کفن [illegible] اوپر شوہر کے
منسوب ہے [illegible] اول یہ کہ زن [illegible] اگر کافر ہو تو کفن اسکا شوہر پر واجب
نہیں بلکہ سائر خرچ غسل و دفن وغیرہ کے بھی دوسرے یہ کہ اپنا اور اپنے عیال
واجب النفقہ کی قوت یا ایک شبانہ روز سے زیادہ رکھتا ہو اور [illegible] استطاعت
سواے [illegible] خانہ و خادم لائق حال کے اور سائر ضروریات کے رکھتا ہو اگرچہ وجہ
[illegible] سے اپنا [illegible] استطاعت [illegible] ہو تو اس وقت میں بھی کفن

شوہر پر لازم نہیں بلکہ عورت کے ترکہ میں سے کفن دیا جائیگا ہاں تمام کفن زوجہ بے ترکہ
ہو تو جسقدر اس سے ہوسکے اتنا واجب ہے باقی ترکہ زوجہ سے لیا جاویگا انیسویں ضرورت
شوہر کو قبل کفن دینے سے ہووے اگر بعد دفن و کفن کے مستطیع ہوجاوے تو ساقط
ہو گیا بیسویں یہ ہے کہ اگر کفن از روے شرع پہنا دیں یا زوجہ کے مال سے یا اسکے ذمہ قرض
کرکے لیا گیا ہو لیکن اسوقت میں اگر وسعت نقد کی رکھتا ہو تو نقد قیمت بشرط مقدور ادا
کرسکا ور اگر وسعت نقد کی نہ رکھتا ہو تو اسکو اپنا دین جانے قصد ادا کا رکھے عند القدرۃ
بلکہ بہتر یہی ہے کہ زوج بمقدوری کی حالت میں قبل تکفین بھی کفن کو قرضہ لیکر ادا کرے
چونکہ شوہر کے ذمہ کوئی حق زوجیت یا حق حضانت یا حق دیانت میں ہو کہ حاکم شرع نے اسکو
تصرف سے اسکے مال کے باز رکھا ہو یا قرضخواہوں کا حصہ حاکم شرع نے اسکے
مال میں معین کر دیا ہو البتہ قبل ممانعت حاکم شرع کے قرضہ شوہر مانع وجوب کفن نہیں
اور بیسویں اگر پیش از کیبی تبادلہ روز حق نفقہ یا غلام یا پدر و مادر فقیر یا زوجہ جب اسقدر
شوہر کے ذمہ ہو تاہم وجوب کفن ساقط نہوگا پچیسویں یہ کہ عورت قبل شوہر کے مری ہو
اور جب دونوں ساتھ مرے ہونگے تو واجب نہیں چھبیسویں یہ کہ عورت نے کفن کے
باب میں وصیت نہ کی ہو اور کوئی جگہ اسکی نہ بتلادی ہو کہ وہاں سے کفن دیا جاوے
اور شوہر نے وصیت قبول کرلی ہو لیکن شوہر پر کفن واجب نہیں ولیکن اس صورت
میں زوجہ کے ثلث مال سے کفن دیا جائیگا نہ کل مال سے ستائیسویں شوہر عورت کے
مرگ کے بعد زندہ ہو لیکن اگر شوہر مرجاوے اور ہنوز عورت کو کفن نہ دیا ہو تو
حق کفن زن مال شوہر سے متعلق نہوگا بجہت اسکے کہ معلوم نہیں کہ کفن قسم دین
سے ہو لیکن اگر ترکہ میت میں ایک کفن سے زیادہ نہو وارث تقدیم سے پہنائینگے
شوہر کو ہر چند کہ عورت قبل شوہر کے مری ہو اور جو ایک کفن سے زائد ہو اور
حق کفن مال میت سے متعلق ہوچکا ہو مگر بعد اسکے مال تلف ہوجاوے اور صرف ایک

بحالت مجبوری سیاہی سے لکھیں ساتویں کفن کو خوشبو لگانا آٹھویں میلا کفن دینا اور
پاکیزہ نہ دینا نویں کفن کے پارچوں کا سینا بلکہ مستحب ہے کہ ایک پارچہ ہو دسویں ابریشم یا ابریشم
مخلوط کا کفن دینا گیارھویں تعداد پارچہ کفن کی مقدار مستحب سے زیادہ کرنا بلکہ اگر
بقصد منصوص ہے تو ثواب زیادہ کرنے کی بہ نیت ورود فعل حرام ہے اور اگر کفن بسبب آلودگی
نجاست کے تبدیل کے لائق ہو تو ایسے وقت میں دوسرا کفن پہنانا مکروہ نہیں بارھویں
قیمت کفن میں سختی کرنا اور بازاروں ڈھونڈھنا تیرھویں عمامہ میت میں تحت الحنک
رکھنا کہ صورت اعرابی وشیطان کی ہو بسبب ترک تحت الحنک

فصل ۲۵۷ ۔ آداب وثواب مشایعت یعنی ہمراہ چلنے جنازہ کے

واضح ہو کہ جب میت کو بطور مذکور کفن کر چکیں تو جنازہ میت کو اٹھاویں چاہیے کہ
جس وقت نظر جنازہ پر پڑے کہے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ
هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ
زِدْنَا اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ تَعَزَّزَ بِالْقُدْرَةِ وَ
قَهَرَ الْعِبَادَ بِالْمَوْتِ کہ حدیث میں ہے جناب رسول خدا صلعم سے کہ جو کوئی دیکھے
جنازہ اور استقبال کرے اور یہ دعا پڑھے تو کوئی فرشتہ آسمان میں نہیں رہتا مگر یہ کہ
روئے دعا پڑھنے والے پر اور روئے رحمت کے اور حضرت امام محمد باقرؑ جب جنازہ کو
دیکھتے تھے تو یہ دعا پڑھتے تھے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَجْعَلْنِيْ مِنَ السَّوَادِ
الْمُخْتَرَمِ اور چاہیے کہ جنازہ اٹھاتے وقت کہے بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اور مستحب ہے
کہ جنازہ کا دست بدست اٹھانا حدیث میں ہے کہ جنازہ کا پایہ اٹھانے والے کے پچیس گناہ
خداوند عالم بخشتا ہے اور مستحب ہے کہ جنازہ کو چار آدمی کاندھے پر اٹھاویں نہ کہ کمتر چار نفر
سے اور مستحب ہے کہ بترتیب جنازہ کے چاروں پایوں کو کندھے پر اٹھاوے کہ چالیس

[illegible] ہو جاتا ہے اگرچہ ہے مال کے پیشتر سے پیدا
[illegible] شیخ صاحب [illegible] پر پڑھا گئے ہیں کہ جنازہ
[illegible] اول حاشیہ [illegible] پیش
[illegible] کا [illegible] بیت کا اور
[illegible] کہ جنازہ کو [illegible]
[illegible] امام [illegible]
[illegible] ہیں [illegible] بیماری
[illegible] جنازہ کو کیا [illegible] ہمراہ جاتے [illegible] واسطے اسکے لیے
[illegible] آئے [illegible] حضرت سلام
[illegible] فرمایا [illegible] ہیں کہ [illegible] خدا [illegible] نیری
[illegible] طلب رحمت کی آنکھ [illegible] قبول
فرمائی [illegible] قول ہے کہ [illegible] ایک [illegible] اور متابعت [illegible]
ہوا اور حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا کہ جو کوئی متابعت جنازہ مومن کرے [illegible]
ایک لاکھ حسنات اسکے [illegible] لکھے ہیں اور ایک لاکھ گناہ مٹاتے ہیں اور ایک لاکھ
درجے بلند کرتے ہیں اور جبکہ متابعت کرنے والے نماز جنازہ پڑھتے ہیں تو اللہ تعالی
ایک لاکھ فرشتے مقرر فرماتا ہے کہ اسکے جنازوں کی متابعت کریں اور استغفار کریں
اسکے واسطے اگر دفن تک متابعت کرنے والے ٹھہریں تو ایک لاکھ ملک خدا تعالی
اور مقرر فرماتا ہے کہ اسکے واسطے قبر سے اٹھنے کے وقت تک طلب آمرزش
کریں اور جو نماز میت میں شریک ہو اسکے جنازہ پر جبرئیل ستر ہزار ملک ساتھ لیکر نماز پڑھیں
اور سب گناہ گذشتہ اسکے بخشے جاتے ہیں اور اگر دفن تک ٹھہریں اور خاک قبر پر
ڈالیں تو ہر قدم پر [illegible] ایک قیراط اجر [illegible] کوہ احد [illegible] تولا جاوے

ایک قیراط مثل کوہ احد کے ہوا تو جناب امیر نے فرمایا کہ جو کوئی متابعت جنازه کرے اسکے واسطے چار قیراط ثواب ہین ایک قیراط واسطے متابعت کرنے کے اور ایک واسطے دوسرا نماز جنازه پڑھنے واسطے اور ایک سبب تیسرا دفن تک انتظار کرنے واسطے اور چوتھا تعزیت کے واسطے جب تک قبر مین دفن ہو مسائل ضروری بموجب فتاوی جناب شیخ صاحب مدظلہ یہ ہین لازم ہے کہ جنازه کو متابعت کرنیوالے اٹھائین کسی حیوان پر نرکھین مگر جبکہ مسافت بعیده یا مشقت شدید ہو تو سواری پر لیجائین اور چاہیے کہ متابعت کرنیوالا پیاده ہو سواری مین نہ جاوے مگر حالت عذر مین یا واپسی کے وقت کیونکہ مروی ہے کہ ایک مرد انصار سے فوت ہوا حضرت رسول خدا صلعم اسکے جنازے کے ہمراه جانے لگے تو بعض نے حضرت سے عرض کیا کہ آنحضرت صلعم سوار ہو جاوین فرمایا کہ کراہت رکھتا ہون سوار ہونے مین حالانکہ ملائکہ راه چلتے ہین اور حضرت علی سے مروی ہے کہ مکروه ہے کہ سوار ہو مرد جنازه مین مگر حالت عذر مین یا واپسی مین اور جب تقیہ کی حالت مین جنازه اٹھاوے تو اول جانب دست راست کا پایہ اٹھاوے بعد ازان جانب پاے راست کا لیکن جنازه کی پشت و سر کی طرف سے نہ گذرے بلکہ جنازه ہو بعد ازان جانب دست چپ اور بعد ازان جانب پاے چپ کے جنازه کو اٹھاوے اور گرد نہ پھرے جیسا کہ غیر موضع تقیہ مین دور کا حکم ہے مثل گردش آسیا کے اور اگر تشییع جنازه اور ولیمہ عروسی ایک ہی وقت مین واقع ہون کہ دونون مین جانا ہو تو اول تشییع جنازه مین جاوین بعد کو ولیمہ عروسی مین شریک ہون اور لازم ہے کہ متابعت کننده ہمراه جنازه کے با خشوع و با فکر جاوین بلکہ اپنے آپ کو بمنزلہ میت سمجھین اور گمان و خیال کرین کہ ہمکو دنیا مین پھیرا ہے واسطے تدارک و تلافی کے اور لازم ہے کہ جنازه کے پیچھے یا سیدھی بائین جانب راه چلین اگرچہ صاحب عزا جنھون آگے جنازه کے چلنا مکروه ہے مثل مخالفین کے کہ وه عمل مجوس ہے اور ملائکہ نماب اسکا استقبال کرتے ہین ساتھ انواع عذاب کے

قال النبی صلعم ... جو شخص ... جنازه ... واسطے ... [illegible]

اور لازم ہے کہ میت کے جنازہ پر کوئی کپڑا عمدہ منقش رنگا رنگ نہ ڈالیں اور لازم ہے کہ صاحب
میت پا برہنہ یا بے ردا ہوکے ہمراہ جنازہ کے جاوے کہ اسکو لوگ پہچان لیں یا اور
لباس میں یا وضع میں فرق کرے کہ جس سے پہچانا جاوے اور لازم ہے کہ بے ضرورت
عادیہ مانع کسی اسکے نزدیک راستہ جنازہ لیجائیں - اور لازم ہے کہ میت کو بہت
تیز نہ لیجاویں آہستہ لیجائیں مگر جبکہ خوف اسکے بگڑ جانے کا ہو - اور لازم ہے کہ انگیٹھی یا چراغ
یا آگ ہمراہ جنازہ کے نہ جلائیں مگر بضرورت مثل تاریکی شب کے کہ محتاج روشنی
کی ہو اور لازم ہے کہ سواے دعا و درود و استغفار کے کچھ اور باتیں نہ کریں
یہانتک کہ بموجب حدیث شریف کے سلام بھی ترک کریں متابعت کنندہ اور لازم
ہے کہ جبتک میت کو قبر میں نہ پہونچالیں متابعت کرنے والے نہ بیٹھیں اور لازم ہے کہ
عورت پیر یا جوان ہمراہ جنازہ زن یا مرد کے متابعت کو نہ جاوے اور لازم ہے کہ متابعت
کے حال میں ہنسی یا کھیل اور کود نہ کریں اور لازم ہے کہ اگر بیٹھا ہو تو وقت نکلنے جنازہ کے
اٹھکے نہ کھڑا ہو کہ مکروہ ہے مگر جنازہ یہودی میں جبکہ سر پر سے جنازہ نکلے کہ اسوقت
میں کھڑا ہو جاوے کہ جنازہ یہودی کا سر پر سے نہ نکلے اور لازم ہے کہ کافر و منافق
و فاسق کو متابعت جنازہ سے منع کرے

ف مراد خاص متابعت سے اس مقام پر کندھا دینا ہے اور ساتھ جانا ہے مطلق ساتھ چلنا ۱۲

فصل ۲۵۸ - ثواب و احکام نماز میت

واضح ہو کہ ثواب نماز پڑھنے میت کے بہت ہیں از آنجملہ پیغمبر خدا صلعم سے مروی ہے کہ جو کوئی میت
مومن پر نماز پڑھے اسپر ستر ہزار ملک نماز پڑھینگے اور سب گناہ اسکے بخشے جاینگے اور جناب امیر
علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کوئی نماز پڑھے ایک قیراط ثواب اسکے لیے لکھا جاتا ہے
اور ایک قیراط مثل کوہ احد کے ہو اور جو کوئی بعد نماز کے دفن تک ٹھہرا رہے
اسکے لیے ہر قدم پر مثل کوہ احد کے ثواب لکھیں بلکہ آن حضرت صلعم سے
وارد ہے کہ جو کوئی نماز جنازہ پڑھے خداے تعالی بہشت اسپر واجب فرماتا ہے مگر یہ کہ منافق

یا عاق والدین ہو یا [illegible] ہو یا
کی ہو یا [illegible] کی یا مخنثوں کی ہو یا [illegible] کی یا [illegible] کی
یا مدیون کی ہو یا مشغول حق الناس کی [illegible]
اسکی کہ جسکی عمر چھ برس کی یا چھ برس [illegible]
پیدا ہوا ہو اور ایسے ہی اس طفل کی نماز کہ جسکو دار الاسلام [illegible]
بکثرت رہتے ہوں اور اسکے ماں باپ کا حال [illegible]
گمان قوی ہو کہ یہ طفل زن یا مرد مسلم سے ہوگا اور ایسے ہی [illegible] طفل [illegible]
اور دادی دادا اسکے کافر ہوں لیکن مسلمان نے اسکو اسیر کیا [illegible]
لایا ہو اسکے ماں باپ دادی دادا [illegible] اگرچہ [illegible] طفل کی نماز [illegible]
یہ ہی کہ بہ نیت قربت پڑھے اور قصد وجوب یا استحباب کا [illegible] اور طفل کی عمر
چھ برس سے کم ہو اسپر نماز واجب نہیں بلکہ مستحب ہے اور ایسے ہی اس طفل کی نماز کہ جو زندہ
پیدا ہو کر مر گیا مستحب ہے اور جو طفل کہ مردہ پیدا ہوا اسپر نماز مستحب بھی نہیں ہے بلکہ نماز ساقط ہے اگر
بقصد مشروعیت و مطلوبیت پڑھے تو بدعت و حرام ہے اور ایسے ہی اگر حمل تمام [illegible]
یعنی چار ماہ کا حمل کا ساقط ہوا ہو تو اسپر بھی نماز ساقط ہے صرف غسل و کفن دیکر دفن کر دیں
اور شرط وجوب نماز میں اسلام و ایمان کا معلوم ہونا ہے لیکن اگر کوئی میت بلاد کفر میں ملے
اور ایمان و اسلام اسکا معلوم نہ ہو اور یا اس شخص کی میت ہو کہ جو بلاد اسلام میں
زندہ رہا ہو مگر اظہار شہادتین یعنی لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ظاہر نہ کیا تو نماز اسپر لازم نہیں اور مسلم مرتد یعنے جو مسلمان کافر ہو گیا ہو اور
[illegible] کی اور نماز اسکی کہ جو منکر ضروریات دین میں سے خارجی و ناصبی و صوفی
وغیرہ کی کہ نماز انپر پڑھنا واجب نہیں اور ایسے ہی نماز یہود و نصاریٰ کی بھی واجب
نہیں اور اگر کوئی لاش انسان کی پائی جاوے [illegible] کہ جو [illegible]

مسلمان ہوتے ہوں اور بعد بالغ ہونے کے مذہب کا معلوم نہ ہو تب بھی نماز پڑھنی چاہیے
بہ رعایت احتیاط کہ شاید مسلمان ہو مگر یہ نیت اتنا ضرور کی نماز پڑھے اور نماز تمام بدن میت پر
پڑھنا چاہیے اگر [illegible] میت کا اولیٰ [illegible] موجب غسل ہو تو اسی [illegible]
[illegible] تمام میت کا [illegible] اگر [illegible]
[illegible] نماز [illegible] جناب شیخ صاحب [illegible] اور
[illegible] کا پایا جانا [illegible]
[illegible] نماز قبل از دفن واجب ہے اگر بغیر نماز دفن کر دیا ہو تو قبر پر نماز [illegible]
[illegible] میت [illegible] ایک
[illegible] قائم کرنا نزدیک جناب شیخ صاحب مدظلہ [illegible]
پر نماز میت [illegible] غسل یا تیمم و کفن و حنوط کے [illegible]
[illegible] نماز [illegible] تکلیفی میت کے ہی اگر
[illegible] غسل یا تیمم میت کے قبر میں اتار کر [illegible]
کو [illegible] نماز پڑھیں اور اگر قبل [illegible]
[illegible] نماز [illegible] قبر میں رکھیں اور اگر
دفن میت کا ممکن نہ ہو لیکن کفن کر کے نماز پڑھیں بسبب نہ کرنے دفن کے نماز ساقط نہیں
ہوا اور وضو نہ ہو تو نماز میت کے لیے باوجود ملنے پانی کے بھی تیمم کرنا جائز ہے اور جنب
ہو تو یا حائض غسل کی جگہ تیمم کر سکتے ہیں لیکن نزدیک جناب شیخ صاحب مدظلہ کے بہتر یہی ہے
کہ اگر خوف فوت نماز میت کا ہو اور استعمال آب ممکن ہو تو تیمم نہ کریں اور لازم نہیں ہے اس
